خانقاہ امدادیہ اشرفیہ : گلشن اقبال کراچی

احادیثِ مبارکہ کے علوم و معارف کا مجموعہ

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ
حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

حسبِ ہدایت و ارشاد

حلیم الامت حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد مظہر صاحب دامت برکاتہم

بہ فیضِ صحبتِ ابرار یہ دردِ محبت ہے
محبت تیرا صدقہ ہے ثمر ہیں تیرے نازوں کے
بہ اُمیدِ نصیحت دوستو اسکی اشاعت ہے
یہ میں جو نشر کرتا ہوں خزانے تیرے رازوں کے

انتساب

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کے ارشاد کے مطابق حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی جملہ تصانیف و تالیفات

محی السنہ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اور

حضرت اقدس مولانا شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ

اور

حضرت مولانا شاہ محمد احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی

صحبتوں کے فیوض و برکات کا مجموعہ ہیں

ضروری تفصیل

نام کتاب : خزائن الحدیث (احادیثِ مبارکہ کے علوم ومعارف کا مجموعہ)

نام مؤلف : شیخ العرب والعجم عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جامع ومرتب : جناب عامر نذیر صاحب دامت برکاتہم

تاریخ اشاعت : ۴جمادی الثانی ۱۴۳۷ھ مطابق ۱۴مارچ ۲۰۱۶ء بروز پیر

زیرِ اہتمام : شعبہ نشرواشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، بلاک ۲، کراچی

پوسٹ بکس:11182 رابطہ:92.21.34972080+ اور 92.316.7771051

ای میل:khanqah.ashrafia@gmail.com

ناشر : کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، بلاک ۲، کراچی، پاکستان

قارئین ومحبین سے گزارش

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کراچی اپنی زیرِ نگرانی شیخ العرب والعجم عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی شایع کردہ تمام کتابوں کی ان کی طرف منسوب ہونے کی ضمانت دیتا ہے۔ خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کی تحریری اجازت کے بغیر شایع ہونے والی کسی بھی تحریر کے مستند اور حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہونے کی ذمہ داری خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کی نہیں۔

اس بات کی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدد زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہ کی کتابوں کی طباعت اور پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ! اس کام کی نگرانی کے لیے خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کے شعبۂ نشرواشاعت میں مختلف علماء اور ماہرین دینی جذبے اور لگن کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے باوجود کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرمائیں تاکہ آیندہ اشاعت میں درست ہو کر آپ کے لیے صدقۂ جاریہ ہو سکے۔

(مولانا) محمد اسماعیل

نبیرہ و خلیفہ مُجاز بیعت حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ

ناظم شعبۂ نشرواشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ

خزائن الحدیث

احادیث مبارکہ میں موجود علوم و معارف کے وہ خزائن جنہیں شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدد زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے ملفوظات میں امت کے سامنے پیش فرماتے رہے ان کی اجمالی فہرست درج ذیل ہے۔ ادارہ

حدیث نمبر۱: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

حدیث نمبر۲: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَكَ وَ ذِکْرَكَ

حدیث نمبر۳: وَجَبَتْ مَحَبَّتِیْ لِلْمُتَحَابِّیْنَ فِیَّ وَالْمُتَجَالِسِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَزَاوِرِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَبَاذِلِیْنَ فِیَّ

حدیث نمبر۴: اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

حدیث نمبر۵ : لَعَنَ اللّٰہُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُوْرَ اِلَیْہِ

حدیث نمبر۶: سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

حدیث نمبر۷: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَیْسَ لَھَا حِجَابٌ دُوْنَ اللّٰہِ

حدیث نمبر۸ : اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ

حدیث نمبر۹: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّكَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّهٗ یَرَاكَ

حدیث نمبر۱۰: اَللّٰھُمَّ اَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا

حدیث نمبر۱۱: سَبْعَةٌ یُّظِلُّھُمُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ ظِلِّہٖ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ اِمَامٌ عَادِلٌ وَّ رَجُلٌ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ بِالْمَسَاجِدِ وَشَابٌّ نَشَأَ فِیْ عِبَادَةِ رَبِّہٖ ...الخ

حدیث نمبر۱۲: فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّکْرُ

حدیث نمبر۱۳: اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَکُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ

حدیث نمبر۱۴: اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ

حدیث نمبر۱۵: اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ فَتَعَرَّضُوْا لَهٗ لَعَلَّهٗ اَنْ یُّصِیْبَکُمْ نَفْحَةٌ مِّنْھَا فَلَا تَشْقَوْنَ بَعْدَھَا اَبَدًا

حدیث نمبر۱۶: اِنِّیْ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

حدیث نمبر ۱۷: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ

حدیث نمبر ۱۸: سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ ھَلْ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُوْنَ؟ قَالَ نَعَمْ وَالْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِھِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ

حدیث نمبر ۱۹: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ

حدیث نمبر ۲۰: اَلرَّجُلُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِہٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَّنْ يُّخَالِلُ

حدیث نمبر ۲۱: لَاَنِيْنُ الْمُذْنِبِيْنَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِيْنَ

حدیث نمبر ۲۲: كُلُّ ابْنِ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ

حدیث نمبر ۲۳: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

حدیث نمبر ۲۴: اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا

حدیث نمبر ۲۵: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ

حدیث نمبر ۲۶: وَلِلّٰہِ اِنِّیْ لَاَعْلَمُكُمْ بِاللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَاَنَا اَخْشٰكُمْ لَہٗ

حدیث نمبر ۲۷: اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ ھَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّ الْاَضْرَاسُ جَمْرًا

حدیث نمبر ۲۸: اَنْ نَّقْتَرِفَ سُوْءً عَلٰى اَنْفُسِنَا اَوْ نَجُرَّہٗ اِلٰى مُسْلِمٍ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُہٗ

حدیث نمبر ۲۹: اَكْثِرُوْا ذِكْرَ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ يَعْنِی الْمَوْتَ

حدیث نمبر ۳۰: مَنْ نَّامَ عَنْ حِزْبِہٖ اَوْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْہُ فَقَرَأَہٗ فِيْمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلٰوةِ الظُّھْرِ كُتِبَ لَہٗ كَاَنَّمَا قَرَأَہٗ مِنَ اللَّيْلِ

حدیث نمبر ۳۱: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

حدیث نمبر ۳۲: اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ ارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّ ارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ

حدیث نمبر ۳۳: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ قَالَ رَجُلٌ: اِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ اَنْ يَّكُوْنَ ثَوْبُہٗ حَسَنًا وَّنَعْلُہٗ حَسَنًا قَالَ اِنَّ اللّٰہَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ اَلْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ

حدیث نمبر ۳۴: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الْعَافِیَۃَ وَدَوَامَ الْعَافِیَۃِ وَالشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَۃِ

حدیث نمبر ۳۵: مَنْ خَرَجَ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ کَانَ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ حَتّٰی یَرْجِعَ

حدیث نمبر ۳۶: ثَلٰثٌ مَّنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ بِھِنَّ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ

حدیث نمبر ۳۷: اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

حدیث نمبر ۳۸: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ

حدیث نمبر ۳۹: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ رِضَاکَ وَالْجَنَّۃَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّارِ

حدیث نمبر ۴۰: اَللّٰھُمَّ وَاقِیَۃً کَوَاقِیَۃِ الْوَلِیْدِ

حدیث نمبر ۴۱: اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

حدیث نمبر ۴۲: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ

حدیث نمبر ۴۳: اِنَّ اللہَ عَزَّوَجَلَّ یَبْسُطُ یَدَہٗ بِاللَّیْلِ لِیَتُوْبَ مُسِیْءُ النَّھَارِ وَیَبْسُطُ یَدَہٗ بِالنَّھَارِ لِیَتُوْبَ مُسِیْءُ اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِھَا

حدیث نمبر ۴۴: مَنْ لَّمْ یَسْاَلِ اللہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ

حدیث نمبر ۴۵: مَا مِنْ عَبْدٍ مُّؤْمِنٍ یَّخْرُجُ مِنْ عَیْنَیْہِ دُمُوْعٌ وَّاِنْ کَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْیَۃِ اللہِ ثُمَّ تُصِیْبُ شَیْئًا مِّنْ حُرِّ وَجْھِہٖ اِلَّا حَرَّمَہُ اللہُ عَلَی النَّارِ

حدیث نمبر ۴۶: اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّکَ عَلَیَّ قَادِرٌ

حدیث نمبر ۴۷: اِنَّ الدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْھَا اِلَّا ذِکْرُ اللہِ وَمَا وَالَاہُ وَعَالِمٌ اَوْمُتَعَلِّمٌ

حدیث نمبر ۴۸: اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ

حدیث نمبر ۴۹: اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ

حدیث نمبر ۵۰: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ رَفَعَہُ اللہُ فَھُوَ فِیْ نَفْسِہٖ صَغِیْرٌ وَّ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ عَظِیْمٌ وَّمَنْ تَکَبَّرَ وَضَعَہُ اللہُ فَھُوَ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ صَغِیْرٌ وَّ فِیْ نَفْسِہٖ کَبِیْرٌ حَتّٰی لَھُوَ اَھْوَنُ عَلَیْھِمْ مِّنْ کَلْبٍ اَوْ خِنْزِیْرٍ

حدیث نمبر ۵۱: اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَلَہٗ مَا اَعْطٰی وَکُلٌّ عِنْدَہٗ بِأَجَلٍ مُّسَمًّی

حدیث نمبر ۵۲: اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ

حدیث نمبر ۵۳: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ

حدیث نمبر ۵۴: لَیْسَ شَیْءٌ اَحَبَّ اِلَی اللہِ مِنْ قَطْرَتَیْنِ وَ اَثَرَیْنِ قَطْرَۃِ دُمُوْعٍ مِّنْ خَشْیَۃِ اللہِ وَقَطْرَۃِ دَمٍ تُھْرَاقُ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ ...الخ

حدیث نمبر ۵۵: وَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ: ظُنُّوْا بِالْمُؤْمِنِیْنَ خَیْرًا

حدیث نمبر ۵۶: سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا: وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللہِ ؟ قَالَ الذَّاکِرُوْنَ اللہَ کَثِیْرًا وَّالذَّاکِرَاتُ

حدیث نمبر ۵۷: مَا اَسْفَلَ مِنَ الْکَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِی النَّارِ

حدیث نمبر ۵۸: لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَّذْکُرُوْنَ اللہَ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْھُمُ الْمَلٰئِکَۃُ وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ وَنَزَلَتْ عَلَیْھِمُ السَّکِیْنَۃُ وَذَکَرَھُمُ اللہُ فِیْ مَنْ عِنْدَہٗ

حدیث نمبر ۵۹: مَنْ لَّزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللہُ لَہٗ مِنْ کُلِّ ضَیْقٍ مَّخْرَجًا وَّمِنْ کُلِّ ھَمٍّ فَرَجًا وَّرَزَقَہٗ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ: کُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ التَّوَّابُوْنَ

حدیث نمبر ۶۰: یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ

حدیث نمبر ۶۱: اَشْرَافُ اُمَّتِیْ حَمَلَۃُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّیْلِ

حدیث نمبر ۶۲: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوَدِدْتُّ اَنِّیْ اُقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلُ

حدیث نمبر ۶۳: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ حُبَّکَ وَ حُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَ الْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ

حدیث نمبر ۶۴: اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ اَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ احْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

حدیث نمبر ۶۵: اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

حدیث نمبر ۶۶: اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَ اَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

حدیث نمبر ۶۷: اِبْكُوْا فَاِنْ لَّمْ تَبْكُوْا فَتَبَاكَوْا

حدیث نمبر ۶۸: حَسْبِیَ اللهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

حدیث نمبر ۶۹: اَلَا وَ اِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ أَلَا وَهِیَ الْقَلْبُ

حدیث نمبر ۷۰: مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یَّدْعُوْ بِدَعْوَةٍ لَّیْسَ فِیْهَا اِثْمٌ وَّلَا قَطِیْعَةُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاهُ اللهُ بِهَا اِحْدٰی ثَلٰثٍ اِمَّا اَنْ یُّعَجِّلَ لَهٗ دَعْوَتَهٗ وَ اِمَّا اَنْ یَّدَّخِرَهَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ وَاِمَّا اَنْ یَّصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا قَالُوْا: اِذًا نُّكْثِرُ قَالَ: اَللهُ اَكْثَرُ

حدیث نمبر ۷۱: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهَا وَارْزُقْنَا جَنَاهَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَهْلِهَا اِلَیْنَا

حدیث نمبر ۷۲: اِنَّ الْغِنَاءَ رُقْیَةُ الزِّنَا

حدیث نمبر ۷۳: عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللهِ! اَوْصِنِیْ قَالَ: اُوْصِیْكَ بِتَقْوَی اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَاِنَّهٗ اَزْیَنُ لِاَمْرِكَ كُلِّهٖ قُلْتُ: زِدْنِیْ قَالَ: عَلَیْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ فَاِنَّهٗ ذِكْرٌ لَّكَ فِی السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَّكَ فِی الْاَرْضِ قُلْتُ: زِدْنِیْ قَالَ: عَلَیْكَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِّلشَّیْطٰنِ وَعَوْنٌ لَّكَ عَلٰی اَمْرِ دِیْنِكَ قُلْتُ: زِدْنِیْ قَالَ: اِیَّاكَ وَ كَثْرَةَ الضِّحْكِ فَاِنَّهٗ یُمِیْتُ الْقَلْبَ وَیَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ قُلْتُ: زِدْنِیْ قَالَ: قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا قُلْتُ: زِدْنِیْ قَالَ: لَا تَخَفْ فِی اللهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ: زِدْنِیْ قَالَ لِیَحْجِزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِكَ

حدیث نمبر ۷۴: بِصَلَاتِهِنَّ وَصِیَامِهِنَّ وَ عِبَادَتِهِنَّ اَلْبَسَ اللهُ وُجُوْهَهُنَّ النُّوْرَ

حدیث نمبر ۷۵: اِنَّ اَعْظَمَ النِّكَاحِ بَرَكَةً اَیْسَرُهٗ مُؤْنَةً

حدیث نمبر ۷۶: ثُمَّ حُبِّبَ اِلَیْهِ الْخَلَاءُ

حدیث نمبر ۷۷: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ وَالْعَیْشَ بَعْدَ الْمَوْتِ

حدیث نمبر ۷۸: خَیْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ

حدیث نمبر ۷۹: اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللهِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللهِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِیَالِهٖ

حدیث نمبر ۸۰: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْهَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

حدیث نمبر ۸۱: دُعَاءُ الْمَرِیْضِ کَدُعَاءِ الْمَلٰٓئِکَةِ

حدیث نمبر ۸۲: لَا یَکُوْنُ لِاَحَدِکُمْ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ فَیُحْسِنُ اِلَیْهِنَّ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حدیث نمبر ۸۳: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا

حدیث نمبر ۸۴: مَنْ کَظَمَ غَیْظًا وَّ هُوَ یَقْدِرُ عَلٰی اِنْفَاذِهٖ مَلَأَ اللهُ تَعَالٰی قَلْبَهٗ اَمْنًا وَّ اِیْمَانًا

حدیث نمبر ۸۵: اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَّ خِیَارُکُمْ خِیَارُکُمْ لِنِسَائِهِمْ

حدیث نمبر ۸۶: مَنْ عَشِقَ وَکَتَمَ وَعَفَّ ثُمَّ مَاتَ فَهُوَ شَهِیْدٌ

حدیث نمبر ۸۷: مَنْ طَوَّلَ شَارِبَهٗ عُوْقِبَ بِأَرْبَعَةِ اَشْیَاءَ لَا یَجِدُ شَفَاعَتِیْ وَلَا یَشْرَبُ مِنْ حَوْضِیْ وَیُعَذَّبُ فِیْ قَبْرِهٖ وَیَبْعَثُ اللهُ اِلَیْهِ الْمُنْکَرَ وَالنَّکِیْرَ فِیْ غَضَبٍ

حدیث نمبر ۸۸: اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

حدیث نمبر ۸۹: اَلتَّوَدُّدُ اِلَی النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ

حدیث نمبر ۹۰: اِذَا رُأُوْا ذُکِرَ اللهُ

حدیث نمبر ۹۱: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ شَوْقًا اِلٰی لِقَآئِكَ مِنْ غَیْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

حدیث نمبر ۹۲: اَلْمَرْأَةُ کَالضِّلَعِ اِنْ اَقَمْتَهَا کَسَرْتَهَا وَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَفِیْهَا عِوَجٌ

حدیث نمبر ۹۳: اَلتَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِنَابَةُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ

حدیث نمبر ۹۴: یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ فَاغْفِرْلِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ وَهَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ

حدیث نمبر ۹۵: اِذَا مُدِحَ الْمُؤْمِنُ فِیْ وَجْهِهٖ رَبَا الْاِیْمَانُ فِیْ قَلْبِهٖ

حدیث نمبر ۹۶: اَلْاِثْمُ مَا حَاكَ فِیْ صَدْرِكَ وَکَرِهْتَ اَنْ یَّطَّلِعَ عَلَیْهِ النَّاسُ

حدیث نمبر ۹۷: کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ، خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ، ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ، سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِیْمِ

حدیث نمبر ۹۸: کَانَ یُحَدِّثُنَا وَکُنَّا نُحَدِّثُهٗ وَاِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ کَاَنَّهٗ لَمْ یَعْرِفْنَا وَلَمْ نَعْرِفْهُ

فہرست

پیشِ لفظ

محبی و محبوبی شیخ العرب و العجم عارف باللہ حضرتِ اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب **ادام اللہُ بقاءَھُم** سے تعلق رکھنے والے اکثر اکابر علماء کا عرصہ سے اصرار تھا کہ حضرت والا نے اپنی تقاریر و تصانیف میں جہاں جہاں قرآن وحدیث کی تفسیر و تشریح کی ہے اور جہاں جہاں الہامی مضامین از قبیل وارداتِ غیبیہ بیان ہوئے ہیں وہ اپنی مثال آپ ہیں، ان کو حضرت کی تصانیف سے منتخب کرکے الگ شایع کر دیا جائے تو یہ سینوں میں محبت کی آگ لگانے والا ایک بے مثال علمی خزانہ ہو گا۔ حضرت مولانا یونس پٹیل صاحب نے ساؤتھ افریقہ میں کئی مواقع پر فرمایا کہ کاش! حضرت والا کے ان علوم کا مجموعہ الگ شایع ہو جائے، تو قیامت تک اُمتِ مسلمہ کی ہدایت و اصلاح اور اللہ تعالیٰ کی اشد محبت کے حصول کا بے مثل ذخیرہ ہو گا اور یہ الہامی علوم ایسے ہیں جو کتابوں میں نہیں ملتے۔ اس سلسلہ میں کئی علماء حضرات نے کوششیں بھی کیں لیکن تکمیل کو نہ پہنچ سکیں، لیکن یہ سعادت لاہور کے جناب عامر نذیر صاحب زید مجدھم کی قسمت میں تھی، جنہوں نے بڑی محنت و جاں فشانی سے اس کام کو انجام دیا اور حضرت والا کی جملہ تصنیفات سے قرآن و حدیث کے علوم جمع کیے اور کمپیوٹر سے ٹائپ کراکے لاہور سے کراچی بھیجے جو ''خزائن القرآن'' اور ''خزائن الحدیث'' کے نام سے تاحال شایع ہوتے رہے، لیکن ان کی تصحیح اور حوالہ جات کی تکمیل کی شدت سے ضرورت محسوس کی گئی۔

بحمد اللہ تعالیٰ حضرت والا دامت برکاتہم وفیوضہم کی ذکر کردہ احادیثِ مبارکہ کی الہامی تشریحات نے تمام قارئین کے دلوں کو جِلا بخشی اور خاص طور پر علمائے کرام کے لیے یہ خزائنِ علوم ان کے بیانات، خطبات، تقاریر اور درسِ قرآن وحدیث کے لیے خصوصیت کے ساتھ ممد و معاون ثابت ہوئے۔ اس کتاب کو مزید مفید سے مفید تر بنانے کے لیے اس ایڈیشن میں جملہ احادیث کے ذیل میں حواشی کا اضافہ کیا جارہا ہے جس میں مندرجہ ذیل امور کو خصوصیت کے ساتھ ملحوظ رکھا گیا ہے۔ ۱۔ بطورِ عنوان ذکر کردہ حدیث کی تکمیل کر دی گئی ہے، تاکہ تشریح شدہ جزءِ حدیث کو سیاق وسباق سے سمجھنا آسان ہو۔ ۲۔ احادیث کی مکمل تخریج کر دی گئی ہے، تاکہ مراجعت میں سہولت رہے۔ ۳۔ تخریج میں صحاحِ ستہ کو بنیاد بنایا گیا ہے نیز عربی عبارت کو واضح اور غلطیوں سے پاک رکھنے کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ قارئین سے درخواست ہے کہ اگر اس میں کسی قسم کی کوئی غلطی یا حوالے کی عدم درستگی ملاحظہ کریں تو ادارہ کو تحریری طور پر مطلع فرما کر اس کارِ خیر میں حصہ دار بنیں۔

العارض

احقر سید عشرت جمیل میرؔ عفا اللہ تعالیٰ عنہ

خادمِ خاص حضرت والا دامت برکاتہم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

کلمہ طیبہ کے معانی

آج لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ کی تفسیر کرنا چاہتا ہوں۔ لَآ اِلٰهَ کے معنٰی ہیں غیر اللہ سے دل کو نہیں لگانا۔ جتنے باطل خدا ہیں خواہ وہ جاہ کے ہوں خواہ باہ کے ہوں یا حسن کے ہوں، ان باطل خداؤں سے قلب کو پاک کرلو تب اِلَّا اللّٰهُ ملے گا۔ ایک فوج کے افسر نے مجھ سے پوچھا کہ اِلَّا اللّٰهُ کیسے مضبوط ہوتا ہے؟ میں نے کہا: جتنا لَآ اِلٰهَ مضبوط ہوگا اتنا ہی اِلَّا اللّٰهُ مضبوط ہوتا ہے۔ اگر باطل خداؤں سے قلب پاک نہیں ہے، تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی گندم لگائے، لیکن وہیں دوسرے گھاس پودے پیدا ہو جائیں، تو گندم کی کھاد اور پانی کو دوسری گھاس اور پودے لے لیں گے اور گندم کمزور رہ جائے گا۔ غیر اللہ دل میں ہوگا تو اِلَّا اللّٰهُ کی صحیح کیفیت محسوس بھی نہ ہوگی۔ دس ہزار روپے والا عطرِ عود ایک شخص نے لگایا، مگر بلی کا پاخانہ بھی لگالیا اور ایک مہینہ سے غسل بھی نہیں کیا تھا، پسینہ کی بدبو آرہی ہے۔ بتائیے عطرِ عود کی خوشبو محسوس ہوگی؟ اس لیے اللہ تعالیٰ نے لَآ اِلٰهَ سے گویا قلب وروح کو دنیا کی بدبو اور پسینہ اور غیر اللہ کی آلائش سے پاک فرمایا پھر اِلَّا اللّٰهُ کا عطر عطا فرمایا۔ غیر اللہ کی نفی کو مقدم کیا۔ کلمہ کا یہ پہلا جز ہے، لیکن غیر اللہ سے کٹنا اور اللہ سے جُڑنا کس طرح سے ہوگا؟ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طریقۂ سنت سے اللہ ملے گا اور طریقۂ سنت پر چلنے والے کون ہیں؟ اللہ والے متبعینِ سنت عارفین ہیں، ان سے ہی سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ پوچھنا پڑے گا:

اَلرَّحۡمٰنُ فَسۡـَٔلۡ بِهٖ خَبِیۡرًا[1]

[1] الفرقان:۵۹

رحمٰن کی شان کو باخبر لوگوں سے یعنی اللہ والوں سے پوچھو۔ علامہ آلوسی السید محمود بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''خبیرا'' سے مراد ''عارفین'' ہیں۔ دنیا میں مختلف لوگوں کو مختلف چیزوں سے محبت ہوتی ہے کسی کو مال سے بہت زیادہ محبت ہوتی ہے۔

بعض لوگوں کو رزق اور عمدہ عمدہ غذاؤں کا شوق ہے۔ یہ لَآ اِلٰہ کی تفسیر ہو رہی ہے۔ مال کی نفی ہو چکی، اب نمبر آرہا ہے اچھی اچھی غذاؤں کا۔ مولانا فرماتے ہیں کہ بعض لوگ کھانے کے اتنے حریص ہیں کہ دعوت اگر مل جائے تو جماعت کی نماز چھوڑ دیتے ہیں۔ افطار کا وقت ہے، دہی بڑے ٹھونستے چلے جارہے ہیں۔ جب سجدہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں: اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اللہ بڑا ہے، مگر دہی بڑا کہتا ہے کہ میں بڑا ہوں، میں پہلے نکلوں گا حلق سے۔ کیوں کہ تم نے یہاں تک ٹھونسا ہوا ہے۔ اوّل تو جماعت کی نماز چھوڑنا جرم، پھر اتنا ٹھونسنا کہ حلق سے غذا باہر آنے لگے یہ بھی جائز نہیں، صحت کے لیے مضر ہے، اتنا کھانا کیسے جائز ہو گا؟ مولانا رومی فرماتے ہیں کہ جن کو اچھے اچھے کھانے کا شوق ہے، تو بے شک رزق اچھا مل جائے تو کوئی حرج نہیں، مگر رزّاق کی محبت پر رزق غالب نہ آئے، نعمت کی محبت جب نعمت دینے والے کی محبت پر غالب ہو جائے تو سمجھ لو کہ یہ شخص ناشکرا ہے، اس لیے علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذکر کو مقدم فرمایا شکر پر فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ[۲] تم یاد کرو مجھے اطاعت سے۔ یہ تفسیر بیان القرآن میں ہے کہ تم یاد کرو مجھے اطاعت سے، میں تمہیں یاد کروں گا اپنی عنایت سے وَاشْکُرُوْا لِیْ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شکر کو اللہ تعالیٰ نے مؤخر بیان کیا اور ذکر کو مقدم فرمایا، اس میں کیا حکمت ہے؟ فرماتے ہیں کہ اِنَّ حَاصِلَ الذِّکْرِ الْاِشْتِغَالُ بِالْمُنْعِمِ ذکر کرنے والا نعمت دینے والے کے ساتھ مشغول ہے وَاِنَّ حَاصِلَ الشُّکْرِ الْاِشْتِغَالُ بِالنِّعْمَۃِ جو شکر کر رہا ہے وہ نعمت میں مشغول ہے۔ فَالْاِشْتِغَالُ بِالْمُنْعِمِ اَفْضَلُ مِنَ الْاِشْتِغَالِ بِالنِّعْمَۃِ[۳] ایک نعمت میں غرق ہے اور ایک نعمت دینے والے میں ڈوبا ہوا ہے یعنی اللہ کی یاد میں غرق ہے۔ ظاہر ہے کہ جو اللہ کی یاد میں مشغول ہے اس کا درجہ بڑا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی یاد کو مقدم فرمایا کہ اگر تم نے ہماری یاد نہ کی تو نعمتیں تم پر غالب ہو جائیں گی، تم رزق کے غلام بن جاؤ گے، عبد الرزّاق کے بجائے عبد الرزق ہو جاؤ گے۔ نعمتوں کے پیچھے اتنا لگو گے کہ نعمت دینے والے کو فراموش

۲؎ البقرۃ:۱۵۲

۳؎ روح المعانی:۱۹/۲، البقرۃ(۱۵۲) داراحیاء التراث، بیروت / ذکرہ بلفظ لأن فی الذکر اشتغالا بذاتہ تعالٰی وفی الشکر اشتغالا بنعمتہٖ والاشتغال بذاتہ تعالٰی

کر دوگے، لہٰذا ہماری یاد میں زیادہ لگو تاکہ نعمتوں پر ہماری محبت غالب رہے اور ان نعمتوں کا انجام بھی تو سوچو کہ کیا ہے۔ رات کو بریانی کھاتے ہو، لیکن صبح کو بیت الخلاء میں کیا نکالتے ہو؟ امپورٹ کیسی اور ایکسپورٹ کیسا، لہٰذا نعمت پر شکر تو کرو لیکن دل نہ لگاؤ۔ یہ ہو گیا دوسرا اِلٰہ۔ پہلا اِلٰہ مال تھا اور دوسرا خدا ہم نے کیا بنایا ہوا ہے؟ رزق اور عمدہ غذائیں! اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ[۱]

اے محمد! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بعض لوگوں نے اپنے نفس کی خواہش کو اپنا خدا بنایا ہوا ہے۔ لہٰذا لَا اِلٰہَ کی نفی اور توحید کامل اس شخص کو حاصل نہیں ہے جو جاہ کا اور مال کا اور حسن کا غلام بنا ہوا ہے۔ زبان سے کتنا ہی ''توحید'' ''توحید'' کہتا رہے، لیکن توحیدِ عملی یہ ہے کہ جاہ کی نفی کرو، باہ کی نفی کرو اور مال کی نفی کرو۔ یعنی ماسوا اللہ پر اللہ کی محبت کو غالب رکھو۔ اسی طرح رزق کے معاملہ میں پلاؤ، بریانی، کباب بے شک حلال اور جائز ہے، لیکن اتنا نہ ہو کہ جس کی محبت میں ہم لوگ اللہ تعالیٰ کو بھول جائیں۔ دو چیزوں کی نفی ہو گئی: مال کی اور رزق کی۔

تیسرا اِلٰہِ باطل حُبِّ جاہ ہے

نمبر تین ہے حُبِّ جاہ۔ ایک انسان کو اگر سارا لاہور سلام کرے اور کہے کہ جناب! آپ بہت معزز آدمی ہیں، تو اس کی عزت میں ایک اعشاریہ اضافہ نہیں ہو گا۔ ہاں اس بندے سے جس کو سارا لاہور سلام کر رہا ہے اگر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن خوش ہو جائیں تب سمجھ لو کہ اب اس کی قیمت ہے۔ غلام کی قیمت مالک لگاتا ہے، غلاموں کی قیمت غلام اگر لگاتے ہیں تو میزان میں کیا آئے گا؟ غلام مثبت ایک لاکھ غلام بھی ہو تو میزان اور ٹوٹل غلام ہی تو ہو گا اور اگر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن راضی ہو جائیں تب سمجھو کہ اب ہماری قیمت ہے۔ علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کو خدا اجزائے عظیم دے۔ اس حقیقت پر کیا عمدہ شعر فرمایا ہے کہ اے دنیا والو! اپنی قیمت پہلے سے مت لگاؤ، اپنے کو فنا کر کے رہو، مٹ کر رہو، نہ نماز پر ناز کرو نہ روزہ پر، نہ حج پر نہ زکوٰۃ پر۔ بس کرتے رہو اور ڈرتے رہو۔ یہ سوچو کہ قیامت کے دن نہ معلوم ہماری کیا قیمت لگے گی۔ اس لیے حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے کبر سے بچاتا ہے، کیوں کہ ہمیشہ ایک عظیم غم

---

[۱] الجاثیۃ:۲۳

میرے سامنے ہے کہ قیامت کے دن نہ جانے ’’اشرف علی‘‘ کا کیا حال ہو گا۔ اُولٰٓئِكَ اٰبَائِیْ فَجِئْنِیْ بِمِثْلِهِمْ۔
علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جاہ کے علاج کے لیے ایک شعر کافی ہے ؎

ہم ایسے رہے یا کہ ویسے رہے
وہاں دیکھنا ہے کہ کیسے رہے

دوستو! سوچو کہ اس میں کوئی لغت فارسی، عربی نہیں ہے، مگر یہ شعر کبر کے علاج کے لیے عجیب و غریب ہے۔ فرماتے ہیں کہ اتنے بڑے علامہ ہو گئے، اتنے بڑے تاجر ہو گئے، تمام دنیا تعریف کر رہی ہے، لیکن دیکھنا یہ ہے کہ قیامت کے دن ہماری کیا قیمت لگتی ہے۔ اگر اس دن اللہ ہم سے راضی ہو گیا تب ہماری قیمت ہے، ورنہ دنیا کی جاہ و عزت و تعریف کسی کام کی نہیں۔

لٰہذا حکیم الامت فرماتے ہیں کہ مرنے سے پہلے اپنی قیمت نہ لگاؤ۔ اگر دنیا میں اپنی قیمت لگاؤ گے تو یہ انٹر نیشنل، بین الاقوامی حماقت ہو گی۔ میرے شیخ فرماتے تھے کہ کبر کا مرض ہمیشہ بے وقوفوں میں ہوتا ہے۔ آپ خود سوچیے کہ نتیجہ یعنی رزلٹ نکلنے سے پہلے کوئی طالب علم ناز و نخرے کرے تو بے وقوف ہے یا نہیں؟ لٰہذا حُبِّ جاہ کا علاج ہو گیا۔

سب سے بڑا اِلٰہِ باطل ’’حُسنِ مجازی‘‘ ہے

اب آیئے! ایک مرض اور شدید ہے۔ وہ ہے حسن پرستی، اس موضوع پر میری ایک کتاب ہے، ’’روح کی بیماریاں اور ان کا علاج‘‘ شاید یہاں بھی مل جائے گی۔ اگر آپ اپنے نوجوان بچوں اور طلبائے کرام کو پڑھا دیں، تو ان شاء اللہ تعالیٰ حسن کے ڈاکوؤں سے ان کی جوانی محفوظ رہے گی۔ میرے شیخ حضرت مولانا ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم نے اس کتاب کی زبردست قدر فرمائی اور ایک صاحب کو خط میں لکھا کہ جس کا دل غیر اللہ سے لگ گیا ہو تو اختر کی کتاب ’’روح کی بیماریاں اور ان کا علاج‘‘ اس کو سناؤ۔

تقاضائے گناہ، گناہ نہیں ہے، تقاضے پر عمل کرنے سے گناہ ہوتا ہے۔ جیسے روزہ میں سو دفعہ دل چاہے کہ ٹھنڈا پانی پی لو، لیکن جو شخص مجاہدہ کرتا ہے اور پانی نہیں پیتا تو اس کا اجر زیادہ ہے، لٰہذا اگر تقاضائے گناہ کو برداشت کرتا ہے، گناہ نہیں کرتا تو یہ شخص بہت بڑا ولی اللہ ہو گا ان شاء اللہ تعالیٰ، کیوں کہ اس کا مجاہدہ شدید ہے تو اس کا مشاہدہ بھی شدید ہو گا، جتنا زیادہ مجاہدہ ہو گا اتنا ہی زیادہ مشاہدہ ہو گا۔

نورِ تقویٰ لَآ اِلٰهَ کے منفی اور اِلَّا اللّٰهُ کے مثبت تار سے پیدا ہوتا ہے

یہ تقاضے گناہ کے ہمیں اللہ تک پہنچانے کا ذریعہ ہیں، تقویٰ کی بنیاد اسی پر ہے کہ تقاضا ہو پھر ہم اس پر عمل نہ کریں۔ مثبت و منفی دو تار ہیں۔ گناہ کا تقاضا ہونا منفی تار ہے۔ ہم نے اللہ کے خوف سے اپنے آپ کو بچا یا یہ مثبت تار ہے۔ آج سائنس دانوں کی تحقیق ہے کہ دو تاروں سے دنیا کی روشنی ہوتی ہے۔ اللہ نے دونوں تار ہمیں دے دیے۔ لَآ اِلٰهَ کا منفی تار اور اِلَّا اللّٰهُ کا مثبت تار، دونوں تاروں سے ایمان اور تقویٰ کا نور اور ولایت کا نور ملتا ہے، لہٰذا آپ تقاضوں سے گھبرائیں نہیں، جتنا زیادہ شدید تقاضا ہو سمجھ لو کہ ہمیں خدائے تعالیٰ اپنا بہت بڑا ولی بنانا چاہتے ہیں (بہ شرط توفیقِ تقویٰ)، لیکن یہ توفیق اور ہمت ملتی ہے اہلِ ہمت کی صحبت سے۔ حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تین کام کرلو تو تقویٰ والے بن جاؤ گے:

۱)... خود ہمت کرو۔

۲)...ہمت کی خدا سے دعا کرو۔

۳)...اہلِ ہمت کی صحبت میں رہو اور ان سے عطائے ہمت اور استعمالِ ہمت کی دعا کراؤ۔

اگر ہم نے ان پر عمل کرلیا، تو ان شاء اللہ تعالیٰ میں اپنے بزرگوں کی تعلیمات کی روشنی میں عرض کرتا ہوں کہ سو فیصد ہم سب ولی اللہ ہو جائیں گے:

۱)... کسی اللہ والے سے جس سے مناسبت ہو تعلق قائم کرنا یعنی صحبت اہل اللہ کا اہتمام۔

۲)... اس سے پوچھ کر ذکر کا دوام۔ اب تیسری چیز رہ گئی گناہوں سے بچنے کا التزام اور گناہ سے بچنا موقوف ہے اہل اللہ کی صحبت پر۔ کتنا ہی انسان پڑھ لے، پڑھالے، امامت کرلے، چلّے لگالے، مگر تقویٰ جب ہی ملے گا جب اہلِ تقویٰ کی صحبت نصیب ہو گی، جس پر آیت كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ دلالت کرتی ہے یعنی كُوْنُوْا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ اور صادق اور متقی ایک ہی چیز ہے جس کی دلیل یہ آیت ہے:

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ [۵]

---

۵ البقرة: ۱۷۷

حدیث نمبر ۱

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ[۱]

ترجمہ: تمام اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

ارشاد فرمایا کہ بخاری شریف کی پہلی حدیث ہے: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ میرے شیخ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ نیت نواۃ سے ہے جس کے معنیٰ ہیں گٹھلی۔ کہتے ہیں (اَکَلْتُ التَّمْرَۃَ وَلَفَظْتُ النَّوَاۃَ) میں نے کھجور کو کھالیا اور گٹھلی پھینک دی۔ فرماتے تھے کہ جیسی گٹھلی ہوگی ویسا ہی درخت ہوگا، اگر گٹھلی اچھی ہے تو درخت بھی اچھا ہوگا اور اگر گٹھلی خراب ہوگی تو درخت بھی خراب ہوگا، پس جیسی نیت ہوگی ویسے ہی اس کا ثمرہ ہوگا، اچھی نیت ہوگی تو ثمرہ بھی اچھا ہوگا۔ اب کوئی نیم لگا کر امید رکھے کہ اس میں آم آجائیں تو یہ بے وقوفی ہے۔

حضرت فرماتے تھے کہ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی حدیث کے راوی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لیا اور آخری حدیث کے راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لیا۔ اس میں راز یہ ہے کہ صحابہ میں سب سے پہلے جس کو امیر المؤمنین کا لقب دیا گیا وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ امیر المؤمنین فی الحدیث ہیں لیکن ہر طالبِ علم خلیفہ نہیں ہو سکتا لہٰذا آخری حدیث کے راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو لیا تاکہ طلباء پڑھنے پڑھانے کا ذوق رکھیں اور ان کے مزاج میں درویشی غالب رہے۔

حدیث نمبر ۲

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَکَ وَذِکْرَکَ[۲]

ترجمہ: اے اللہ! میرے دل کے وساوس کو اپنی خشیت اور ذکر سے تبدیل فرمادیجیے۔

---

[۱] هذا مختصر من حديث عمر رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال: إِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ. أخرجه البخارى فى صحيحه (۱/۲) برقم (۱) فى باب كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ و مسلم فى صحيحه (۲/۱۴۰) برقم (۵۰۳۶) فى باب قَوْلِهِ صلى الله عليه وسلم إِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَأَنَّهُ يَدْخُلُ فِيهِ الْغَزْوُ وَغَيْرُهُ مِنَ الْاَعْمَالِ-

[۲] هذا مختصر من حديث اللهم اجعل وساوس قلبى خشيتك وذكرك واجعل همى وهواى فى ما تحب وترضى اللهم وما ابتلتنى به رخاء وشدة فمكنى سنة الحق وشريعة الإسلام، أخرجه الديلمى فى الفردوس بمأثور الخطاب (۱/۴۷۴) برقم (۱۹۳۰) المعاصر

ذکر پر خشیت کی تقدیم کا راز

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَکَ وَ ذِکْرَکَ میں خشیت کو پہلے کیوں بیان فرمایا؟ تاکہ خشیت غالب رہے، کیوں کہ محبت جب خوف پر غالب ہو جاتی ہے تو بدعت ہو جاتی ہے۔ خشیت محبت کو حدودِ شریعت کا پابند رکھتی ہے۔ میرے شیخ شاہ عبدالغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ وَ اَمَّا مَنْ جَآءَکَ یَسْعٰی میں صحابی کا دوڑ کر آنا بوجہ محبت کے تھا وَھُوَ یَخْشٰی [۸] اور وہ ڈر بھی رہے تھے، یہ حال ہے اور حال ذوالحال کے لیے قید ہوتا ہے یعنی ان کی محبت خشیت کی پابند تھی۔ معلوم ہوا کہ جب محبت خشیت کی حدود کو توڑتی ہے تو بدعت ہو جاتی ہے۔

اور خشیت کا تضاد تو محبت تھی، لیکن حدیثِ پاک میں محبت کے بجائے ذکر کیوں فرمایا؟ اس لیے کہ ذکر سببِ محبت اور حاصلِ محبت ہے۔ جو ذکر کرے گا اس سے معلوم ہو گا کہ اس کو محبت حاصل ہے، ورنہ جو محبت، محبت تو کر رہا ہے لیکن اللہ کا ذکر نہیں کرتا وہ محبت میں صادق نہیں، لہٰذا یہاں ذکر کی قید سے منافقین نکل گئے۔ جو صَادِقٌ فِی الْمَحَبَّۃِ نہیں وہ ذاکر نہیں ہو سکتا۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب وسوسوں اور خیالات کا ہجوم ہو تو کہو، واہ! کیا شان ہے اے اللہ! آپ کی، کہ ڈیڑھ چھٹانک کے دل میں آپ نے خیالات کا سمندر بھر دیا، کیماڑی کا سمندر بھی بھرا ہوا ہے، کلفٹن بھی ہے اور کشمیر کی پہاڑیاں بھی گھسی ہوئی ہیں، سارا عالم ایک ذرا سے دل میں سمایا ہوا ہے، ایک چھوٹی سی چیز میں خیالات کا سمندر چلا آرہا ہے۔ تو فرمایا کہ یہ خیالات کا ہجوم جو شیطان نے ڈالا تھا اللہ سے دور کرنے کو، اس شخص نے بزرگوں کی تعلیمات کی برکت سے اس کو ذریعۂ معرفت اور ذریعۂ قرب بنا لیا، تو پھر شیطان ہاتھ مَلتا ہے اور افسوس کرتا ہوا بھاگتا ہے کہ اس نے تو میرے وساوس کو بھی ذریعۂ معرفت بنا لیا۔ اس طرح وسوسوں کو ذریعۂ معرفت بنا لیجیے اور یہ بات حدیث سے ثابت ہے۔ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَکَ وَذِکْرَکَ اے اللہ! میرے دل کے خیالات کو اپنا خوف اور اپنی یاد بنا دے۔ اور دوسری ایک حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے، مشکوٰۃ کی روایت ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

۸۔ عبس:۸-۹

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَدَّ أَمْرَہٗ إِلَی الْوَسْوَسَۃِ[۹]

شکر ہے اس اللہ کا جس نے شیطان کے معاملہ کو اور اس کے مکر و کید کو صرف وسوسہ تک محدود کر دیا، اس سے زیادہ اس کو طاقت نہیں دی، ورنہ مان لیجیے! یہاں جو لوگ بیٹھے ہوئے دین کی بات سن رہے ہیں، اگر شیطان آتا اور سب کو اُٹھا اُٹھا کر سینما ہاؤس میں لے جا کر بٹھا دیتا تو بڑی مشکل میں جان پھنس جاتی، لوگ کہتے کہ بھائی! ہم تو گئے تھے خانقاہ میں اللہ کی بات سننے، مگر وہاں شیاطین کا ایک لشکر آیا اور سب کو اُٹھا اُٹھا کر وی سی آر اور سینما ہاؤس میں بٹھا دیا۔ شیطان کو اگر یہ طاقت ہوتی تو بتایئے ہم کتنی مشکل میں پھنس جاتے، اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شکر ادا کرو کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَدَّ أَمْرَہٗ إِلَی الْوَسْوَسَۃِ۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ مبارک ہیں۔ عربی میں یاد رہے تو سبحان اللہ ورنہ اردو ہی میں کہہ لیجیے کہ شکر ہے اس اللہ کا جس نے شیطان کے کید کو، اس کی طاقت کو صرف خیالات اور وسوسہ ڈالنے تک محدود کر دیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شکر سکھایا اور شکر سے اللہ کا قرب ملتا ہے، پس وسوسہ کو ذریعۂ قرب و معرفت بنا دیا کہ شکر ہے کہ شیطان صرف خیالات اور وسوسہ ڈال سکتا ہے، تم کو عمل پر مجبور نہیں کر سکتا۔ گندا تقاضا دل میں پیدا ہوا آپ اس پر عمل نہ کیجیے بالکل آپ کا تقویٰ قائم ہے، اس کی مثال ایسی ہے کہ کسی کا روزہ ہے، جون کا مہینہ ہے، شدید پیاس لگ رہی ہے بار بار دل چاہتا ہے کہ پانی پی لوں مگر پیتا نہیں، بتایئے روزہ اس کا ہے یا نہیں؟ کیا پانی پینے کے وسوسوں سے اس کا روزہ ٹوٹ گیا؟ پانی پینے کے لاکھ تقاضے ہوتے رہیں جب تک پیے گا نہیں، روزہ اس کا قائم ہے۔ بلکہ اس کو ڈبل اجر مل رہا ہے تقاضا کی وجہ سے، پیاس کی وجہ سے۔ اسی طرح گناہ کے لاکھ وسوسے آئیں، جب تک یہ شخص گناہ نہیں کرے گا، بالکل متقی ہے، وسوسہ سے تقویٰ میں ہرگز کوئی نقصان نہیں آئے گا۔ سبحان اللہ! یہ ہمارے باپ داداؤں کے علوم ہیں اُولٰٓئِکَ اٰبَآئِیْ فَجِئْنِیْ بِمِثْلِہِمْ لٰہذا گناہوں کے تقاضوں پر آپ بس عمل نہ کریں لاکھ تقاضے پیدا ہوں، پھر بھی آپ کا تقویٰ بالکل ٹھیک ہے۔ دیکھیے! اس وقت بھی سب کے پیٹ میں کچھ نہ کچھ پاخانہ ہو گا۔ ابھی ایکسرے کرا لیجیے! تو نظر بھی آجائے گا لیکن جب تک گندگی باہر نہ نکلے، آپ کا وضو ہے، اسی طرح دل میں گندے خیالات آئیں، اس میں مشغولی نہ ہو، اس پر عمل نہ ہو بس آپ کا تقویٰ قائم ہے۔ دین کتنا آسان ہے۔

---

۹ ھذا مختصر من حدیث ابن عباس رضی اللہ عنھما أنہ قَالَ: قِیلَ: یَا رَسُولَ اللہ! أَحَدُنَا یجِدُ الشَّیْءَ لأَنْ یکُونَ حُمَمَۃً أَحَبُّ إِلَیہِ مِنْ أَنْ یتَکَلَّمَ بِہِ قَالَ أَحَدُھُمَا: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی لَمْ یقْدِرْ مِنْکُمْ إِلَّا عَلَی الْوَسْوَسَۃ وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی رَدَّ أَمْرَہٗ إِلَی الْوَسْوَسَۃ. أخرجہ أبوداؤد فی سننہ (۲/۲۴۰) برقم (۵۱۱۴) فی باب فی رَدِّ الْوَسْوَسَۃ. وأحمد فی مسندہ: ۵/۲۴۸ برقم (۳۱۶۱) مؤسسۃ الرسالۃ

جو آسان کرلو تو ہے عشق آساں
جو دشوار کرلو تو دشواریاں ہیں

دین تو بہت آسان ہے، ہم خود اس کو دشوار کرتے ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جس شخص نے بھی شیطان کے وسوسوں کا جواب دیا، پاگل ہو گیا، ایک وسوسہ کا جواب دیا اس نے دوسرا پیش کر دیا، اب رات بھر بیٹھے ہوئے وسوسوں کا جواب دے رہے ہیں۔ بتایئے! کیا دماغ خراب ہو گا یا نہیں؟ آسان طریقہ یہ ہے کہ اس کو جواب ہی مت دیجیے! بس یہی کہیے کہ اللہ! تیرا شکر ہے کہ تو نے اس کا اختیار وسوسہ ڈالنے تک ہی رکھا اور بزرگوں کے پاس آیئے جایئے، ان کی صحبتوں کی برکت سے اللہ تعالیٰ ابلیس کے تمام مکر و کید کو ختم کر دیتا ہے کیوں کہ اہل اللہ اسم ''هَادِیْ'' کے مظہر ہیں، اسم ''هَادِیْ'' کی تجلی ان پر ہوتی ہے، اس لیے ان کے پاس بیٹھنے والوں پر بھی وہ تجلی پڑ جاتی ہے، جس سے ان کو ہدایت ہو جاتی ہے اور ابلیس اللہ تعالیٰ کے اسم ''مُضِلّ'' کا مظہر ہے گمراہ کرنے کی طاقت کا ظہور اس پر ہوتا ہے لہٰذا گمراہ لوگوں سے بھاگیے! اور اللہ کے خاص بندوں کی صحبت میں رہیے! جو بزرگانِ دین کے صحبت یافتہ ہیں، اسم ''مُضِلّ'' کے مقابلہ میں اسم ''هَادِیْ'' کے سائے میں آجایئے، جس شخص کو دیکھو کہ اس نے بزرگوں کی صحبت نہیں اٹھائی، چاہے مطالعہ اس کا بہت وسیع ہو، ہرگز اس کی صحبت میں نہ بیٹھیے۔ یہ بات میں نہایت اخلاص کے ساتھ کہتا ہوں، کسی تعصب سے نہیں۔

مثال کے طور پر جیسے مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر لکھی ہے ''معارف القرآن'' ایسے صحبت یافتہ بزرگوں کی تفسیر اور کتابیں دیکھیے! ورنہ اگر کسی غیر تربیت یافتہ خود ساختہ مفسر کی تفسیر یا تصنیف دیکھی تو بس پھر سمجھ لو کہ خطرہ میں پڑ جاؤ گے، ایمان ہی کے لالے پڑ جائیں گے، کبھی انبیاء علیہم السلام پر اس کا گستاخ قلم اُٹھ جائے گا اور کبھی صحابہ پر، اور ایسی نئی چیزیں نکال دے گا کہ قرآن کو اور دین کو جو میں نے سمجھا ہے کسی نے سمجھا ہی نہیں، بیک قلم سب کی تنقیص کر دے گا۔ ایسے صاحبِ قلم ''قابل سر قلم'' ہیں، اس لیے ہمارے بزرگوں نے یہ خاص نصیحت کی ہے کہ جب تک یہ معلوم نہ کرلو کہ یہ شخص کس شخص کا صحبت یافتہ ہے، ہرگز اس کی صحبت میں مت بیٹھو، نہ اس کی تصانیف پڑھو چاہے وہ بظاہر بیعت بھی کرتا ہو، اس سے پوچھو کہ اس نے بھی کسی سے بیعت کی ہے یا نہیں؟ مسلم شریف میں حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کا قول منقول ہے، فرماتے ہیں:

اِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَأْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ [1]

---

[1] هذا قول محمد بن سيرين رحمه الله تعالى. أخرجه مسلم في مقدمة صحيحه: ۱/۱۲، برقم (۲۶) في باب أَنَّ الإِسْنَادَ مِنَ الدِّيْنِ.

یہ علم دین ہے پس خوب دیکھ لو! تحقیق کرلو کہ تم کس شخص سے دین حاصل کررہے ہو۔ ہمارے بزرگوں نے ہمیشہ اس بات کا خیال رکھا ہے کہ جس سے دین سیکھ رہے ہیں اس نے کس سے سیکھا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: اَلْاِسْنَادُ مِنَ الدِّیْنِ اسناد کی دین میں خاص اہمیت ہے، میرے شیخ حضرت شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ میں نے مثنوی حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھی اور انہوں نے حضرت حاجی صاحب سے پڑھی اور الحمد للہ میں نے شاہ عبدالغنی صاحب سے پڑھی۔ دیکھیے سند دیکھنی پڑتی ہے یا نہیں، اس سے اعتماد پیدا ہوتا ہے کہ ان کے استاد فلاں، اُن کے استاد فلاں اور اگر کسی سے نہیں سیکھا، محض ذاتی مطالعہ سے حاصل کیا ہے تو پھر وہ ایسے ہی ترجمہ کرے گا جیسے کسی نے کتاب میں دیکھا کہ ’’ نماز ہلکے پڑھو‘‘ لہٰذا وہ پوری نماز میں ہل رہا تھا، حالاں کہ لکھا تھا کہ نماز ہلکی پڑھو، پہلے زمانہ میں ’’ی‘‘ کو لمبا کھینچ کر ’’ے‘‘ لکھ دیتے تھے تو اس نے ’’ ہلکی‘‘ کو پڑھا ’’ ہلکے‘‘ اب جناب نماز میں ہل رہے ہیں، کسی کو استاد بنایا نہیں تھا کہ پوچھ لیتا۔ کتاب دیکھ کر دین سیکھنے والوں اور دین سکھانے والوں کا یہی حال ہوتا ہے کہ خود بھی ہلیں گے آپ کو بھی ہلا دیں گے۔

حدیث نمبر ۳

وَجَبَتْ مَحَبَّتِیْ لِلْمُتَحَابِّیْنَ فِیَّ وَالْمُتَجَالِسِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَزَاوِرِیْنَ فِیَّ وَالْمُتَبَاذِلِیْنَ فِیَّ [۱۱]

ترجمہ: میری محبت ان لوگوں کے لیے واجب ہو جاتی ہے جو میری وجہ سے آپس میں محبت کرتے ہیں اور میری محبت میں آپس میں مل بیٹھتے ہیں اور میرے لیے آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں اور میری وجہ سے ایک دوسرے پر خرچ کرتے ہیں۔

---

[۱۱] هٰذَا حَدِيْثُ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ الذی روی عنہ أبو إدریس الخولانی وقال: دَخَلْتُ مَسْجِدَ دِمَشْقَ، فَإِذَا فَتًى شَابٌّ بَرَّاقُ الثَّنَايَا، وَإِذَا النَّاسُ مَعَهُ، إِذَا اخْتَلَفُوْا فِيْ شَيْءٍ أَسْنَدُوْا إِلَيْهِ وَصَدَرُوْا عَنْ قَوْلِهِ، فَسَأَلْتُ عَنْهُ، فَقِيْلَ: هٰذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ هَجَّرْتُ، فَوَجَدْتُهُ قَدْ سَبَقَنِيْ بِالتَّهْجِيْرِ، وَوَجَدْتُهُ يُصَلِّيْ، قَالَ: فَانْتَظَرْتُهُ حَتّٰى قَضٰى صَلَاتَهُ، ثُمَّ جِئْتُهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، ثُمَّ قُلْتُ: وَاللهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ لِلّٰهِ. فَقَالَ: آللهِ؟ فَقُلْتُ: آللهِ. فَقَالَ: آللهِ؟ فَقُلْتُ: آللهِ. فَقَالَ: آللهِ؟ فَقُلْتُ: آللهِ. قَالَ: فَأَخَذَ بِحُبْوَةِ رِدَائِيْ فَجَبَذَنِيْ إِلَيَّ وَقَالَ: أَبْشِرْ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ يَقُوْلُ: ’’قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: وَجَبَتْ مَحَبَّتِيْ لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ، وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ‘‘ اخرجه الامام مالك فی مؤطاه: ۲۳، باب ما جآء فی المتحابین فی الله وعلی المتقی فی کنز العمال: ۸/۹ (۲۴۶۷۰)، فی باب من کتاب الصحبة فی الترغیب فیها، مؤسسة الرسالة وأحمد فی مسنده (۱۶/۱۷۳) برقم (۲۱۹۲۹) دار الحدیث

یہ اللہ والی محبت اتنی بڑی نعمت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: وَجَبَتْ مَحَبَّتِیْ لِلْمُتَحَابِّیْنَ فِیَّ جو لوگ میری وجہ سے آپس میں محبت کرتے ہیں، میری محبت ان کے لیے واجب ہو جاتی ہے یعنی احساناً اپنے ذمہ واجب کرلیتا ہوں۔ میں ان سے محبت کرنے لگتا ہوں، جس کی برکت سے وہ مجھ سے محبت کرنے لگتے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں کہ مگر صرف قلبی محبت پر اکتفا نہ کرو، جسم کو بھی اللہ والوں کے پاس لے جاؤ کیوں کہ قلب از خود چل نہیں سکتا بلکہ قالب کے ذریعہ جائے گا لہٰذا فرمایا وَالْمُتَجَالِسِیْنَ فِیَّ اپنے قلب کو قالب کی سواری پر لے جاؤ اور اللہ والوں کے پاس جا کر بیٹھو۔ اس کے بعد وَالْمُتَزَاوِرِیْنَ فِیَّ فرمایا اور ایک دوسرے کی زیارت کرتے رہو، وہیں نہ رہ جاؤ کہ بال بچوں کو اور ذریعۂ معاش و تجارت کو چھوڑ دو اور اس کے بعد وَالْمُتَبَاذِلِیْنَ فِیَّ ہے کہ یہ بندے ایک دوسرے پر خرچ کرتے ہیں، یہ نہیں کہ جان لے لینا لیکن مال کی بات نہ کرنا ”گر جاں طلبی مضایقہ نیست ور زر طلبی سخن دریں ست“ لہٰذا ایک دوسرے پر خرچ بھی کرو۔ صوفیاء کو اللہ تعالیٰ نے یہ نعمت بھی عطا فرمائی ہے کہ ایک دوسرے پر خرچ بھی کرتے ہیں۔

صحبتِ اہل اللہ کے عبادت سے افضل ہونے کی وجہ

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ ایک شاعر نے جو کہا ہے کہ اہل اللہ کی صحبت سو سال کی اخلاص والی عبادت سے بہتر ہے یہ اس نے کم کہا ہے، بلکہ اللہ والوں کی صحبت ایک لاکھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ وجہ یہ ہے کہ اللہ والوں کی صحبت سے اللہ ملتا ہے اور کثرتِ عبادت سے ثواب ملتا ہے۔ اور اہل اللہ کی صحبت کے عبادت سے افضل ہونے کی دلیل بخاری شریف کی یہ حدیث ہے کہ:

مَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا یُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ[۱۲]

---

[۱۲] هذا مختصر من حديث أنس رضى الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ ''ثَلَاثٌ مَّنْ كُنَّ فيهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ مَنْ كَانَ اللهُ وَرَسُولُهٗ أَحَبَّ إِلَيهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَمَنْ أَحَبَّ عَبْدًا لَا يُحِبُّهٗ إِلَّا لِلّٰهِ، وَمَنْ يَكْرَهُ أَنْ يَعُودَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللهُ، كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ''. أخرجه البخارى فى صحيحه (۱/۷) برقم (۲۱) فى باب مَنْ كَرِهَ أَنْ يَّعُودَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُّلْقَى فِي النَّارِ مِنَ الْإِيمَانِ. و فى رواية عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله على وسلم: ''ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ طَعْمَ الْإِيمَانِ مَنْ كَانَ يُحِبُّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهٗ إِلَّا لِلّٰهِ وَمَنْ كَانَ اللهُ وَرَسُولُهٗ أَحَبَّ إِلَيهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَمَنْ كَانَ أَنْ يُّلْقَى فِي النَّارِ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَّرْجِعَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ أَنْ أَنْقَذَهُ اللهُ مِنْهُ. أخرجهُ مسلم فى صحيحه (۱/۴۹) برقم (۱۷۵) فى باب بَيَانِ خِصَالٍ مَنِ اتَّصَفَ بِهِنَّ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ، و فى رواية عن أبى هريرة رضى الله عنه عَنْ رَسُولِ الله صَلَّى اللهُ عليه وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَوْ مَنْ سَرَّهٗ أَنْ يَّجِدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ أَوْ طَعْمَ الْإِيمَانِ فَلْيُحِبَّ عَبْدًا لَا يُحِبُّهٗ إِلَّا لِلّٰهِ. أخرجه أحمد فى مسنده: ۳/۳۳۳، برقم (۱۳۸۸۱-۱۳۸۸۲) دار الكتب العلمية) و فى رواية عن عبد الله بن مسعود رضى الله عنه موقوفاً أَنَّهٗ قَالَ: ''إِنَّ مِنَ الْإِيمَانِ أَنْ يُّحِبَّ الرَّجُلُ أَخَاهُ لَا يُحِبُّهٗ إِلَّا لِلّٰهِ وَفِيهِ''. أخرجه الطبرانى فى معجمه الكبير: ۸/۸۸، برقم (۸۷۶۹).

کہ جو کسی سے صرف اللہ کے لیے محبت کرے تو اس کو اللہ تعالیٰ حلاوتِ ایمانی عطا فرمائیں گے اور حلاوتِ ایمانی جس کو نصیب ہو گی اس کا خاتمہ ایمان پر ہونے کی بشارت ہے۔ دیکھیے اس محبت للّٰہی پر کسی ثواب کا وعدہ نہیں فرمایا گیا بلکہ حلاوتِ ایمانی عطا فرمائی کہ ہم اسے مل جائیں گے۔

صحبتِ شیخ سے کیا ملتا ہے؟

بنگلہ دیش میں ایک عالم نے مجھ سے سوال کیا کہ ماں باپ کو رحمت کی نظر سے دیکھنے سے ایک حج مقبول کا ثواب ملتا ہے تو اپنے شیخ کو دیکھنے سے کیا ملتا ہے؟ میرے قلب کو فوراً اللہ تعالیٰ نے یہ جواب عطا فرمایا کہ ماں باپ کو دیکھنے سے کعبہ ملتا ہے اور مرشد کو دیکھنے سے کعبہ والا ملتا ہے، رب الکعبۃ ملتا ہے کیوں کہ حدیث شریف میں ہے: اِذَا رُأُوْا ذُکِرَ اللّٰہُ [۱۳] اللہ والوں کی پہچان یہی ہے کہ ان کو دیکھنے سے اللہ یاد آتا ہے۔ ان کی صحبت سے اصلاح ہوتی ہے۔ اصلاح کے لیے انسان چاہیے، اسی لیے پیغمبر بھیجے جاتے ہیں۔ اگر کعبہ شریف میں اصلاح کی شان ہوتی تو تین سو ساٹھ بت کعبہ کے اندر رکھے ہوئے نہ ہوتے۔ نبی اور پیغمبر اصلاح کرتا ہے، پھر کعبہ شریف کی تجلیات نظر آتی ہیں ورنہ کفر کے موتیا سے جس کے دل کی آنکھیں اندھی ہیں، وہ کعبہ کے انوار کو کیا دیکھے گا۔

حدیث نمبر ۴

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ [۱۴]

ترجمہ: اے اللہ! بے شک آپ بہت معاف کرنے والے ہیں، کریم ہیں،
معاف کرنے کو محبوب رکھتے ہیں، پس مجھ کو معاف فرما دیجیے۔

---

[۱۳] هذا مختصر من حديث أسماء بنت يزيد رضى الله عنها أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ؟ قَالُوا: بَلَى، يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: خِيَارُكُمُ الَّذِينَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ. أخرجه ابن ماجة فى سننه: ۳۰۳ برقم (۴۱۱۹) فِي بَابِ مَنْ لَا يُؤْبَهُ لَهُ. و أحمد فى مسنده: ۴۸۱/۲ برقم (۲۷۶۶۸) دار الكتب العلمية، وَ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قال: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَنْ أَوْلِيَاءُ اللهِ؟ قَالَ: أَلَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ. أخرجه البزار فى مسنده (۲۵۱/۱۱ ط: مكتبة العلوم والحكم) برقم (۵۰۳۴). وَ رُوِيَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ مَوْقُوْفًا قَالَ: ”إِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيحَ ذِكْرِ اللهِ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللهُ“، أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان (۲۹۷/۵ برقم (۶۷۰۸) دار الكتب العلمية.

[۱۴] هذا حديث عائشة رضى الله عنها أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ وَافَقْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا أَدْعُوا؟ قَالَ: تَقُولِينَ: اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي.

بعض کُتبِ احادیث میں عَفُوٌّ کے بعد کَرِیْمٌ کا اضافہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے اللہ! آپ بہت معافی دینے والے ہیں۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے عَفُوٌّ کی شرح کی ہے کَثِیْرُ الْعَفْوِ یعنی جو بہت زیادہ معاف کرنے والا ہو اور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارحم الراحمین کے دریائے رحمت میں جوش دِلانے کے لیے کَرِیْمٌ کا اضافہ فرمایا تاکہ میری امت کے نالائقوں، نااہلوں، گناہ گاروں اور خطاکاروں کی بھی معافی ہوجائے اور امت کا کوئی فرد ایسا نہ رہے جس کو معاف نہ کردیا جائے، کیوں کہ کَرِیْمٌ وہ ہے جو اپنے کرم سے نالائقوں کو بھی محروم نہ کرے اور ناقابلِ معافی کو معاف فرمادے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شبِ قدر میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی کہ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ[۱۵] آپ نے پہلے اللہ تعالیٰ کی ثناء وتعریف فرمائی کیوں کہ اَلثَّنَاءُ عَلَی الْکَرِیْمِ دُعَاءٌ کریم کی تعریف کرنا اس سے مانگنا ہے اور جو چیز کریم سے لینی ہوتی ہے اسی صفت کی تعریف کرتے ہیں۔ چوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمت کو معافی دلوانی تھی، اس لیے اللہ تعالیٰ کی صفتِ عفو کا واسطہ دیا اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ اَیْ اِنَّکَ اَنْتَ کَثِیْرُ الْعَفْوِ اے اللہ! آپ بہت معاف کرنے والے ہیں اور کریم کیوں فرمایا؟ تاکہ اُمت کے گناہ گار بندے بھی محروم نہ رہیں کیوں کہ کَرِیْمٌ کے معنیٰ ہیں اَلَّذِیْ یُعْطِیْ بِدُوْنِ الْاِسْتِحْقَاقِ وَالْمِنَّۃِ[۱۶] کریم وہ ہے جو نالائقوں پر بھی فضل فرمادے اگرچہ استحقاق نہ بنتا ہو۔ تو کریم فرما کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے گناہ گاروں کو مایوسی سے بچالیا کہ تم مانگو، تمہارا پالا کریم مالک سے ہے جو بدونِ استحقاق اپنے نالائقوں کو بھی عطا فرماتا ہے۔ تُحِبُّ الْعَفْوَ کی شرح ہے کہ اَنْتَ تُحِبُّ ظُھُوْرَ صِفَۃِ الْعَفْوِ عَلٰی عِبَادِکَ[۱۷] اپنے بندوں کو معاف کرنا یہ عمل آپ کو بہت محبوب ہے فَاعْفُ عَنِّیْ پس ہم کو معاف کردیجیے، اپنا محبوب عمل ہم گناہ گاروں پر جاری فرما کر ہمارا بیڑا پار کردیجیے۔

کعبہ شریف میں جا کر یہ دعا مانگنے کا بہترین موقع ہے کہ اے اللہ! ہم اپنے اپنے ملکوں سے آئے ہیں آپ کو کریم جان کر۔ ہر آدمی جب بادشاہ کے پاس جاتا ہے تو کوئی تحفہ لے کر جاتا ہے۔ اپنے اپنے ملکوں سے، آپ کے پاس ہم اپنے گناہوں پر ندامت اور توبہ و استغفار اور طلب معافی کی درخواست کا تحفہ لائے ہیں، تاکہ آپ ہم کو معاف کرکے اپنی صفتِ عفو کا ہم پر ظہور فرما کر اپنا محبوب عمل ہم پر جاری فرمادیں، کیوں کہ

---

۱۵ جامع الترمذی: ۲/۱۹۱، باب من ابواب الدعوات، ایچ ایم سعید

۱۶ مرقاۃ المفاتیح: ۳/۲۱۲، باب التطوع، المکتبۃ الامدادیۃ، ملتان

۱۷ مرقاۃ المفاتیح: ۴/۳۲۱، باب لیلۃ القدر، المکتبۃ الامدادیۃ، ملتان

ہم نالائقوں کے پاس آپ کے لائق اس سے بہتر کوئی تحفہ نہیں، مگر یہ تحفہ ہم نے آپ کے رسول سرورِ عالم سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھا جن سے زیادہ آپ کا کوئی مزاج شناس نہیں۔

کریم کے چار معانی

محدثین نے **کَرِیْمٌ** کے چار معانی بیان کیے ہیں:

۱) **اَلَّذِیْ یَتَفَضَّلُ عَلَیْنَا بِدُوْنِ الْاِسْتِحْقَاقِ وَ الْمِنَّۃ** کریم وہ ہے جو اپنے کرم سے نالائقوں کو بھی محروم نہ کرے، جس کا حق نہ بنتا ہو اس کو بھی عطا فرمادے جو ہم پر بغیر اہلیت کے اور باوجود ہماری نالائقی کے مہربانی کردے، جیسے ایک بادشاہ نے اپنے خادم سے کہا کہ رمضانی! مگساں می آیند۔ رمضانی! میرے پاس مکھیاں آرہی ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ حضور! ناکساں پیش کساں می آیند۔ حضور! نالائق، لائق کے پاس آرہی ہیں۔ پس کریمِ حقیقی تو ہمارا اللہ ہے کہ بُرے اعمال سے ہمارا ظاہر بھی گندا اور ہمارا باطن بھی گندا کہ اندر پیشاب پاخانہ بھرا ہوا ہے لیکن ہم جیسے نالائقوں کو بھی اپنے پاس آنے سے منع نہیں کرتے بلکہ حکم دے دیا کہ وضو کرلو اور میرے حضور میں آجاؤ۔ اسی طرح باوجود ہماری باطنی گندگی یعنی گناہوں میں ملوث ہونے کے ہر سانس اور ہر لمحہ ہم پر انعامات کی بارش ہورہی ہے۔

۲) **اَلَّذِیْ یَتَفَضَّلُ عَلَیْنَا فَوْقَ مَا نَتَمَنّٰی بِہٖ** یعنی ہماری تمناؤں سے زیادہ ہم پر رحم کرنے والا کہ ہم اگر ایک بوتل شہد مانگیں تو وہ ڈھائی من کا مشک دے دے، جو ہماری تمناؤں سے زیادہ دے دے، جیسے ایک کریم سے کسی نے ایک بوتل شہد مانگا اس نے ایک مشک دے دیا۔ کسی نے کہا کہ اس نے تو ایک بوتل مانگا تھا آپ نے پوری مشک کیوں دی؟ کہا کہ اس نے مانگا اپنے ظرف کے مطابق، میں نے دیا اپنے ظرف کے مطابق۔ جب دنیاوی کریموں کا یہ حال ہے جن کو کرم کی ایک ذرّہ بھیک مل گئی ہے، تو اس کریمِ حقیقی کے کرم کا کیا ٹھکانہ ہے۔

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیے ہیں دُر بے بہا دیے ہیں

۳) **اَلَّذِیْ لَا یَخَافُ نَفَادَ مَا عِنْدَہٗ** کریم وہ ہے جو ہمیں بے انتہا عطا فرمادے اور اپنے خزانوں کے ختم ہونے کا جسے اندیشہ نہ ہو، کیوں کہ غیر محدود خزانوں کا مالک ہے اور اپنے خزانوں سے بے نیاز ہے، ہمارے لیے ہی وہ خزانے ہیں۔

۴) اَلْمُتَفَضِّلُ عَلَيْنَا بِدُوْنِ مَسْئَلَةٍ وَّلَا سُؤَالٍ جو بغیر سوال اور بغیر مانگے ہوئے ہم پر مہربانی کر دے۔ بے شمار نعمتیں ایسی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے بغیر مانگے عطا فرمائی ہیں، جیسے ہمارا ایمان محض حق تعالیٰ کا کرم ہے، اس میں ہماری کسی محنت کا دخل نہیں، عالمِ ارواح میں ہم بے زبان تھے، ہم نے سوال نہیں کیا تھا کہ اے اللہ! ہمیں مسلمان کے گھر میں پیدا کیجیے، لیکن بدونِ طلب اور بدونِ سوال مسلمان کے گھر میں پیدا کر کے ایمان عطا فرما دیا اور مفت میں جنت کا ٹکٹ دے دیا۔ اسی طرح ہر لمحہ بے شمار افضال و عنایات بدونِ سوال عطا فرماتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے اللہ! آپ بہت معافی دینے والے ہیں اور کریم بھی ہیں کہ نالائقوں کو اور ناقابلِ معافی کو معاف فرما دیتے ہیں تُحِبُّ الْعَفْوَ اور صرف معاف ہی نہیں فرماتے، بلکہ اپنے بندوں کو معاف کرنا آپ کو نہایت محبوب ہے اَیْ اَنْتَ تُحِبُّ ظُهُوْرَ صِفَةِ الْعَفْوِ عَلٰی عِبَادِكَ۔ تُحِبُّ الْعَفْوَ کی یہ شرح ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا عمدہ فرمائی کہ اپنے بندوں پر اپنی مغفرت کی صفت ظاہر کرنا آپ کو نہایت محبوب ہے یعنی اپنے گناہ گار بندوں کو معاف کرنے کا عمل آپ کو نہایت پیارا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے مزاجِ الوہیت اور مزاجِ ربوبیت کو کون پہچان سکتا ہے، لہٰذا اپنی امت کو معافی دلانے کے لیے آپ کس کس عنوان سے حق تعالیٰ کی ثناء فرما رہے ہیں، کیوں کہ اَلثَّنَاءُ عَلَی الْكَرِيْمِ دُعَاءٌ کریم کی تعریف کرنا اس سے مانگنا ہے، جیسے کسی کریم سے کہا جائے کہ آپ کسی کو محروم نہیں کرتے تو اس کے معنی ہیں کہ ہمیں بھی عطا فرما دیں، کیوں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ سے اُمت کو معافی دلوانی تھی، اس لیے آپ نے حق تعالیٰ کی صفتِ عفو کا واسطہ دیا کہ اے اللہ! آپ بہت معاف کرنے والے ہیں اور معاف کرنے کے عمل کو آپ خود محبوب رکھتے ہیں، لہٰذا معاف کرنے کے عمل کو جاری کرنے کے لیے کوئی سبب اور کوئی تحفہ تو ہونا چاہیے، لوگ بادشاہوں کے پاس جاتے ہیں تو شاہوں کے مزاج کے موافق تحائف لے کر جاتے ہیں۔ آپ تو بادشاہوں کے بادشاہ ہیں اور سلطان السلاطین ہیں، ہم آپ کے مزاج کو کیسے پہچان سکتے تھے کہ ہم حادث اور آپ قدیم، ہم فانی اور آپ لافانی، یہ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا احسان ہے کہ ہم کو بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا محبوب عمل ہم پر جاری ہونے کا راستہ توبہ و ندامت ہے، لہٰذا ہم گناہ گار اپنے گناہوں پر ندامت اور توبہ کی گٹھڑی کا تحفہ لے کر آپ کے پاس حاضر ہوئے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سکھائی ہوئی درخواست کرتے ہیں کہ فَاعْفُ عَنِّيْ ہم گناہ گاروں کو معاف فرما کر اپنا محبوب عمل ہم پر جاری کر دیجیے۔ آپ کا محبوب عمل ہو جائے گا اور ہمارا بیڑا پار ہو جائے گا،

لہٰذا سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فاء تعقیبیہ لگا دی کہ اے اللہ! معاف کرنے میں دیر نہ کیجیے، جلد معاف کر دیجیے کیوں کہ معاف کرنا آپ کو خود محبوب ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! آپ بہت زیادہ معاف کرنے والے ہیں، کثیر العفو ہیں، نالائقوں کو اور نا قابلِ معافی مجرموں اور خطاکاروں کو آپ صرف معاف ہی نہیں فرماتے بلکہ آپ کی ایک صفت اور بھی ہے کہ **تُحِبُّ الْعَفْوَ** بندوں کو معاف کرنا آپ کو نہایت محبوب ہے **اَیْ اَنْتَ تُحِبُّ ظُهُوْرَ صِفَةِ الْعَفْوِ عَلٰى عِبَادِكَ** اپنے گناہ گار بندوں پر اپنی صفتِ عفو کا ظاہر کرنا آپ کو نہایت محبوب ہے یعنی اپنے گناہ گاروں کو بخشنے کے عمل سے خود آپ کو پیار ہے۔ ہم جب اپنے کسی ستانے والے کو معاف کرتے ہیں تو بوجہ بشریت کے ہم کو مزہ نہیں آتا لیکن اللہ تعالیٰ کی شانِ الوہیت اور شانِ ربوبیت اور اللہ تعالیٰ کے مزاجِ عظیم الشان کا عارف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی نہیں، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ محبوب اور مقرب ہیں کہ آپ کے صدقہ میں یہ کائنات پیدا کی گئی۔ جیسا کہ حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

لَوْلَاكَ مَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ[۱۸]

اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ کو میں پیدا نہ کرتا تو زمین و آسمان کو ہی پیدا نہ کرتا۔ صاحبِ قصیدہ بردہ کا کیا پیارا شعر ہے؎

فَكَيْفَ تَدْعُوْ اِلَى الدُّنْيَا ضَرُوْرَةُ مَنْ
لَوْ لَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْيَا مِنَ الْعَدَمِ

دنیوی ضرورت آپ کو دنیا کی طرف کیسے بلا سکتی ہے، جب کہ اگر آپ نہ ہوتے تو دنیا خود ہی عدم سے وجود میں نہ آتی۔ دنیا اپنے وجود میں آپ کی محتاج تھی، تو آپ کیسے دنیا کے محتاج ہو سکتے ہیں؟ لہٰذا اللہ تعالیٰ کے مزاجِ مبارک و عالیشان کے سب سے بڑے مزاج شناس سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اس لیے آپ امت کو آگاہ فرما رہے ہیں کہ تمہارے رب کا مزاجِ عظیم الشان یہ ہے کہ اپنے بندوں کو معاف کرنا ان کو بہت زیادہ محبوب ہے، لہٰذا کہو **فَاعْفُ عَنِّیْ** ہم کو معاف فرما دیجیے اور کیوں کہ معاف کرنا آپ کو محبوب ہے، لہٰذا

۱۸؎ اخرجه العجلونی فی کشف الخفاء: ۲/۱۶۴ (۲۱۲۳)، فی باب حرف اللام، مکتبة القدسی وذکر بعده "قال الصنعانی موضوع، واقول لکن معناه صحیح وان لم یکن حدیثا

آپ کے اس عمل کے لیے کوئی معمول، کوئی سبب، کوئی میدان، نزولِ رحمت کے لیے کوئی بہانا تو ہونا چاہیے، لٰہذا ہم نالائق اپنے گناہوں پر ندامت و استغفار اور توبہ کی گٹھڑی لے کر حاضر ہوگئے ہیں اور فَاعْفُ عَنِّیْ کی درخواست کر رہے ہیں کہ معاف کرنے کا محبوب عمل ہم پر جاری کر دیجیے اور لوگ جب دور دراز سے بادشاہوں کے پاس آتے ہیں تو ان کے مزاج کے موافق قیمتی ہدایا و تحائف لے کر آتے ہیں، لیکن ہم تو ایسے بے مایہ و تہی دامن ہیں کہ ندامت کے چند آنسوؤں کے سوا ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔

چند آنسو کے سوا کچھ مرے دامن میں نہیں
لوگ حیرت سے مرا زادِ سفر دیکھیں گے

لیکن آپ کے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مایوس نہیں ہونے دیا اور حدیثِ قدسی میں ہمیں خبر دے دی کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

لَاَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِیْنَ[19]

گناہ گاروں کی آہ و زاری مجھے تسبیح پڑھنے والوں کی بلند آوازوں سے زیادہ محبوب ہے اور یہی دلیل ہے کہ آپ ہمارے سچے اللہ ہیں۔ دنیوی بادشاہ تو اپنی تعریف کے محتاج ہیں، کیوں کہ تعریف سے ان کی عزت بڑھتی ہے، چناں چہ اگر ان کو استقبالیہ دیا جارہا ہو اور ان کی شان میں قصیدے پڑھے جارہے ہوں، اس وقت اگر کوئی مصیبت زدہ آکر رو رو کر فریاد کرنے لگے، تو اس کو بھگا دیتے ہیں کہ کہاں ہمارے رنگ میں بھنگ ڈال دیا، لیکن اے اللہ! آپ اپنی تعریف و تسبیح و تحمید سے بے نیاز ہیں، کیوں کہ اس سے آپ کی عزت میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا۔ اگر ساری دنیا کے بادشاہ ایمان لاکر سجدہ میں گر جائیں اور دنیا میں ایک فرد بھی کافر نہ رہے، تو آپ کی عظمت میں ایک ذرّہ اضافہ نہیں ہوگا اور ساری دنیا کافر اور آپ کی باغی ہو جائے تو آپ کی عظمت میں ایک ذرّہ کمی نہیں ہوگی۔ آپ مخلوق سے بے نیاز ہیں۔

پس اگر آپ کے نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ ہوتے تو اپنے گناہوں کی وجہ سے ہم مایوس ہو جاتے، لیکن مزاج شناسِ الوہیت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مایوسیوں کے اندھیروں میں آفتابِ امید طلوع فرمادیا کہ اگر تم سے گناہ ہوگئے، تو تمہارا رب معاف کرنے کو محبوب رکھتا ہے، لٰہذا اس سے معافی مانگ

---

[19] اخرجه العجلونی فی کشف الخفاء ومزیل الالباس:۲۹۸ (۸۰۵)، فی باب حرف الهمزة مع النون - والاٰلوسی فی روح المعانی:۱۹۶/۳۰، القدر (۴)، داراحیاء التراث، بیروت

لو اور کہو فَاعْفُ عَنِّیْ کہ معاف فرمانے کا محبوب عمل ہم پر جاری فرما دیجیے۔ آپ کا محبوب عمل ہو جائے گا اور ہمارا بیڑا پار ہو جائے گا اور فَاعْفُ عَنِّیْ میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فاء تعقیبیہ لگا دی کہ معاف کرنے میں دیر نہ کیجیے، جلد معاف فرما دیجیے، معاف کرنا جب آپ کو خود محبوب ہے تو جلد کرم فرمائیے۔ سبحان اللہ! جلبِ رحمتِ حق کے لیے کلامِ نبوت کیا بلیغ و جامع ہے۔

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

حدیث نمبر ۵

لَعَنَ اللّٰهُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُوْرَ اِلَیْهِ[۲۰]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے اس شخص پر جو بد نظری کرے یا بد نظری کے لیے خود کو پیش کرے۔

عبادات کے انوار کا تحفظ بھی سالک پر فرض ہے اور یہ فرض تب ادا ہو گا، جب حسن کے ڈاکوؤں سے نظر کو بچاؤ گے۔ آپ میں سے اکثر تو تاجر اور بزنس مین لوگ ہیں۔ بتائیے، جتنا مال کمانا ضروری ہے اتنا ہی مال بچانا ضروری ہے یا نہیں؟ ان عورتوں کو دیکھنا ایسا ہے جیسے کوئی مال دار ڈاکو سے کہے کہ میرا سب مال لے جاؤ۔ بد نظری کرنے والا گویا حسینوں سے کہہ رہا ہے کہ میرے تقویٰ کا نور تم لوگ لے لو۔ اس نے مرنے والوں پر اس حَیٌّ وَ قَیُّوْم کی عظمت اور تعلق و محبت کی دولت کو گویا ضایع کر دیا، لہٰذا نیک اعمال سے دل میں جو نور آرہا ہے اس کو نظر بچا کر اور گناہوں سے بچ کر محفوظ رکھنا ضروری ہے اور اگر شیطان کہے کہ دیکھنے میں بہت مزہ آتا ہے، تو اس وقت میرا شعر پڑھ دینا۔

ہم ایسی لذتوں کو قابلِ لعنت سمجھتے ہیں
کہ جن سے رب مرا اے دوستو ناراض ہوتا ہے

---

[۲۰] روی عن الحسن البصری أنه قَالَ: وَبَلَغَنِی أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: '' لَعَنَ اللهُ النَّاظِرَ والْمَنْظُورَ إِلَيْهِ '' أخرجه البیهقی فی سننه الکبرٰی (۷/۱۵۹) برقم (۱۳۵۶۶) فی باب مَا جَاءَ فِي الرَّجُلِ يَنْظُرُ إِلَى عَوْرَةِ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ تَنْظُرُ إِلَى عَوْرَةِ الْمَرْأَةِ أَوْ يُفْضِي كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا إِلَى صَاحِبِهِ.

اگر آپ نے اس عریانی کے ماحول میں آنکھوں کی حفاظت کرلی تو ایسا قوی نور دل میں پیدا ہوگا، جو اُڑا کر عرش والے مولیٰ تک ان شاء اللہ پہنچا دے گا۔ اور اگر حفاظت نہ کی تو جو نور حاصل ہے وہ بھی ختم ہو جائے گا۔ تو بتایئے! کیا فائدہ ہوا؟ وطن سے اتنی دور آئے، گھر بار چھوڑا، کاروبار چھوڑا، سفر کی مشقت اٹھائی اور اللہ تعالیٰ کی لعنت خرید لی، کیوں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے **لَعَنَ اللّٰہُ النَّاظِرَ وَ الْمَنْظُوْرَ اِلَیْہِ**[۲۱] یہ کوئی معمولی گناہ نہیں ہے، آنکھوں کا زنا ہے۔ بخاری شریف کی حدیث ہے: **زِنَا الْعَیْنِ النَّظَرُ**[۲۲] اور لعنت کے کیا معنیٰ ہیں؟ اللہ کی رحمت سے دوری۔ جو عورتیں ننگی پھر رہی ہیں اور اپنے کو دکھا رہی ہیں ان پر بھی لعنت برس رہی ہے اور جو ان کو دیکھ رہے ہیں ان پر بھی لعنت برس رہی ہے۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بد دعا سے بچو۔ پیروں کی بد دعا سے ڈرنے والو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جن کی غلامی کے صدقہ میں پیری ملتی ہے، ان کی بد دعا سے کتنا ڈرنا چاہیے۔ آپ نے بد دعا فرمائی ہے **لَعَنَ اللّٰہُ النَّاظِرَ وَ الْمَنْظُوْرَ اِلَیْہِ** اے اللہ! اپنی رحمت سے ان سب کو محروم کر دے جو آپ کو چھوڑ کر غیروں پر مر رہے ہیں، جو غیروں کو دیکھ رہے ہیں اور خود کو غیروں کو دکھا رہے ہیں۔ یہ بے وفا ہیں اور نالائق غلام ہیں جو آپ جیسے محسن اور پالنے والے کو چھوڑ کر عاجز اور بے وفا غلاموں کے غلام بنے ہوئے ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے:

اَلنِّسَاءُ حَبَائِلُ الشَّیْطٰنِ[۲۳]

عورتیں شیطان کا جال ہیں جن سے وہ گناہوں میں پھنسا دیتا ہے۔ اِس زمانہ میں شیطان نے عورتوں کو بے پردہ

---

۲۱ اخرجه علی المتقی فی کنز العمال: ۷/۳۳۸، (۱۹۱۶۲)، فی باب احکام الصلٰوۃ الخارجة، مؤسسة الرسالة

۲۲ اخرجه البخاری فی صحیحه: ۲/۹۲۲، ۹۲۳ (۶۲۷۵)، فی باب زنا الجوارح دون الفرج، المکتبة المظهرية

۲۳ هذا جزء حديث طويل روى عن عقبة بن عامر الجهني يقول خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فى غزوة تبوك فاسترقد رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما كان منها على ليلة فلم يستيقظ حتى كانت الشمس قيد رمح قال ألم أقل لك يا بلال إكلأ لنا الفجر فقال يا رسول الله ذهب بى النوم فذهب بى الذى ذهب بك فانتقل رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذلك المنزل غير بعيد ثم صلى ثم هدر بقية يومه وليلته فأصبح بتبوك فحمد الله تعالىٰ وأثنى عليه بما هو أهله ثم قال أيها الناس أما بعد فإن أصدق الحديث كتاب الله وأوثق العرى كلمة التقوى وخير الملل ملة إبراهيم وخير السنن سنة محمد وأشرف الحديث ذكر الله وأحسن القصص هذا القرآن وخير الأمور عوازمها وشر الأمور محدثاتها وأحسن الهدى هدى الأنبياء وأشرف الموت قتل الشهداء وأعمى العمى الضلالة بعد الهدى وخير الأعمال ما نفع وخير الهدى ما اتبع وشر العمى عمى القلب واليد العليا خير من اليد السفلى وما قل وكفى خير مما كثر وألهى وشر المعذرة حين يحضر الموت وشر الندامة يوم القيامة ومن الناس من لا يأتى الجمعة إلا دبرًا ومنهم من لا يذكر الله إلا هجرًا ومن أعظم الخطايا اللسان الكذاب وخير الغنى غنى النفس وخير الزاد التقوى ورأس الحكم مخافة الله عزوجل وخير ما وقر فى القلوب اليقين والإرتياب من الكفر والنياحة من عمل الجاهلية والغلول من حثاء جهنم والسكر كى من النار والشعر من إبليس والخمر جماع الإثم والنساء حبائل الشيطان والشباب شعبة من الجنون... الخ أخرجه البيهقى فى دلائل النبوة (۵/۲۴۲-۲۴۱، دار الكتب العلمية) فى باب ما روى فى خطبته صلى الله عليه وسلم بتبوك، وابن أبى شيبة عَنْ عَبْدِ الله (۱۹/۱۲۹، إدارة القرآن والعلوم الإسلامية) برقم (۳۵۶۹۴).

کر کے قدم قدم پر یہ جال بچھا دیے، اُن کے گال اور بال دکھا کر پھر وبال میں مبتلا کر دیتا ہے۔ منشا یہ ہے کہ جتنی باتیں بھی اللہ کو ناراض کرنے والی ہیں وہ سب شیطان کے دام و دانہ میں شامل ہیں خواہ وہ عورتیں ہوں خواہ حسین لڑکے ہوں خواہ حرام مال ہو وغیرہ۔ جس چیز سے بھی شہوتِ نفس سے مغلوب ہو کر گناہ میں مبتلا ہو جائے وہی شیطان کا جال ہے اور اس زمانے میں چوں کہ بے پردگی و عریانی عام ہے اس لیے شیطان کا سب سے بڑا جال حسین صورتیں ہیں۔

نامحرموں سے شرعی پردہ کی تاکید

اب رہ گیا یہ سوال کہ کیا اپنے بھائیوں کی بیویوں کے ساتھ ایک دسترخوان پر بیٹھ کر ڈش بھی نہ کھائیں، جیسا کہ آج کل بعض گھر والے اس بے چارے پر طعن کرتے ہیں جو داڑھی رکھ لیتا ہے اور گول ٹوپی پہن لیتا ہے، اللہ اللہ کرتا ہے اور اللہ کے حکم غضِّ بصر پر عمل کرتا ہے اور نامحرم یعنی اپنی بھابی، ممانی، چچی، چچا زاد، خالہ زاد بہنوں وغیرہ سے اپنی آنکھوں کی احتیاط کرتا ہے اور ان کے قریب بھی نہیں بیٹھتا کیوں کہ یہ حسن کا مرض ایسا ہے کہ اگر دس فٹ پر بھی بیٹھے رہو اور معلوم ہو جائے کہ یہاں ایک نامحرم عورت ہے تو اس کی گرمی وہاں تک پہنچتی ہے۔ انگیٹھی کی گرمی حدودِ انگیٹھی تک نہیں رہتی، حدودِ انگیٹھی سے تجاوز کر کے دور تک پہنچنے میں کوشاں اور رواں دواں ہوتی ہے، ورنہ دھواں تو دیتی ہی ہے اور اللہ والے دھویں سے بھی بچتے ہیں۔ بعض لوگ نادانی سے کہتے ہیں کہ ایک دسترخوان پر چار بھائی اور ان سب کی بیویاں بیٹھ جائیں۔ بھائی ایک طرف ہو جائیں اور بیویاں دوسری طرف ہو جائیں، لیکن ذرا اس پر عمل کر کے دیکھو، اگر دل کو نقصان نہ پہنچے تو کہنا۔ اللہ تعالیٰ نے کیوں فرمایا:

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا[۲۴]

قرآن پاک کی آیت ہے کہ گناہوں کی حدود سے بہت فاصلہ رکھو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی:

اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ[۲۵]

۲۴؎ البقرة:۱۸۷

۲۵؎ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قال : كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْكُتُ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَةِ إِسْكَاتَةً- قَالَ أَحْسِبُهُ قَالَ هُنَيَّةً - فَقُلْتُ بِأَبِي وَأُمِّي يا رَسُولَ الله إِسْكَاتُكَ بَينَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَة ما تَقُولُ قَالَ أَقُولُ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَينِي وَبَينَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَينَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا ينَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ

اے اللہ! میرے اور میری خطاؤں کے درمیان میں مشرق اور مغرب کا فاصلہ کر دے۔ کیا مطلب؟ تعلیق محال بالمحال ہے کہ نہ مشرق مغرب کبھی ملیں گے، نہ ہماری اُمت کے لوگ کبھی گناہوں سے منہ کالا کریں گے۔ یہ کیا وجہ ہے کہ کسی نے آپ کو غلط اور نامناسب جگہ مثلاً نامحرموں کے ساتھ بٹھادیا، تو آپ کیوں تسامح کے ساتھ آرام سے بیٹھے ہیں، آپ نے کیوں فاصلہ نہیں رکھا، کیوں اس وقت آپ کو بھاگنے کی توفیق نہیں ہوئی؟ یادرکھو! شریعت کے حکم میں ماں باپ کو بھی حق نہیں ہے کہ دخل اندازی کریں۔ بتاؤ! ماں باپ بڑے ہیں یا اللہ بڑا ہے؟ لہٰذا بیٹوں کو اپنے ماں باپ سے بہت ہی ادب کے ساتھ، بے ادبی سے نہیں، اکرام کے ساتھ میٹھی زبان میں کہہ دینا چاہیے کہ میری پیاری اماں! میرے پیارے ابا! ہمارے ربّا کا حکم یہ ہے اس لیے ہم مجبور ہیں، آپ کا پاخانہ پیشاب اُٹھانے کے لیے تیار ہوں، آپ پر جان، مال فدا کرنے کے لیے تیار ہوں مگر اے میرے ماں باپ! اللہ کی نافرمانی میں مجھے ڈال کر جہنم کے راستہ پر نہ لے جایئے۔ فتویٰ لے لو تمام علمائے دین سے۔ اب کوئی کہے کہ گھر چھوٹا ہے، الگ الگ کھانے کے لیے اتنے کمرے نہیں تو اوقات یعنی ٹائمنگ بدل دو، ایک وقت میں عورتیں کھالیں، اس کے بعد فوراً مرد کھالیں یا مرد پہلے کھالیں، عورتیں بعد میں کھالیں۔ ایک ہی وقت میں کھانا کیا ضروری ہے، کہیں جماعت سے کھانا واجب ہے؟ نماز جماعت سے واجب ہے یا کھانا بھی واجب ہے؟ خوب سن لو، خوب سن لو اور خوب سن لو۔

حدیث نمبر ۶

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ہٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ وَاِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ[۲۶]

خَطَايَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ. أخرجه البخاری فی صحیحه (۱۰۲/۱) برقم (۷۴۴) فی باب مَا یقْرَء بَعْدَ التَّكْبِيرِ. و مسلم فی صحیحه (۲۱۹/۱) برقم (۱۳۸۲) فی باب مَا يقَالُ بَينَ تَكْبِيرَةِ الإِحْرَامِ وَالْقِرَاءَةِ

[۲۶] هذا مختصر من حديث ابن عمر رضی الله عنهما أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَوَى عَلَى بَعِيرِهِ خَارِجًا إِلَى سَفَرٍ كَبَّرَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ ''سُبْحَانَ الَّذِی سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ'' اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِی سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِی الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْأَهْلِ.'' وَإِذَا رَجَعَ قَالَهُنَّ. وَزَادَ فِيهِنَّ ''آيِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ''. أخرجه مسلم فی صحیحه (۴۳۴/۱) برقم (۳۳۳۹) فی باب استحباب الذكر إذا ركب دابته متوجها لسفر حج أو غيره و بيان الأفضل من ذلك الذكر، و الترمذی فی سننه (۱۸۳/۲) برقم (۳۴۴۷) فی باب ما يقول إذا ركب الناقة. وقال هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه. وأبو داؤد فی سننه (۳۵۰/۱) برقم (۲۶۰۱) فی باب مَا يقُولُ الرَّجُلُ إِذَا سَافَرَ

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے لیے مسخر کر دیا اور ہماری طاقت نہیں تھی ان چیزوں کو مسخر کرنے کی اور بے شک ہم اپنے ربّ کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا پاک ہے وہ اللہ جس نے اس سواری کو ہمارے لیے مسخر فرما دیا، ہمارے قبضہ اور کنٹرول میں کر دیا۔ جب یہ دعا سکھائی گئی اُس زمانہ میں اونٹوں اور گھوڑوں کی سواری تھی اور اب کار اور ہوائی جہاز ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کمال ہے کہ جس نے اجزائے بے جان کو جانداروں کے لیے مسخر فرما دیا کہ لوہا، لکڑی، بھاپ وغیرہ بے جان چیزیں، جانداروں کو لیے بھاگی جارہی ہیں وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ اور ہماری طاقت نہیں تھی ان چیزوں کو مسخر کرنے کی، اگر آپ کا کرم نہ ہوتا تو ہم ان کو اپنے قبضہ اور کنٹرول میں نہیں لاسکتے تھے۔ جانور بھی طاقت میں ہم سے زیادہ ہیں، وہ ہم کو زمین پر پٹک سکتے تھے اور کار اور ہوائی جہاز کا لوہا، لکڑ پھٹ کر گر سکتا تھا لیکن اللہ کے کرم نے ان چیزوں کو ہمارے تابع کر دیا۔ لیکن عالیشان سواری پر بیٹھ کر شاندار گھوڑوں اور مرسیڈیز پر بیٹھ کر تکبر نہ کرنا، آخرت کو نہ بھول جانا، سواری کی قیمت سے کہیں اپنی قیمت نہ لگا لینا اور اپنے کو قیمتی نہ سمجھ لینا اس لیے کہو وَ اِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ[۲۷] ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، سو وہاں ہماری قیمت لگے گی، وہاں ہمارا حساب ہو گا، غلاموں کی قیمت مالک لگاتا ہے، وہاں معلوم ہو گا کہ قیمتی گھوڑوں اور شاندار مرسیڈیز پر بیٹھنے سے ہم قیمتی ہیں یا گناہوں کی وجہ سے سزا کے مستحق ہیں، جس سے مالک تعالیٰ شانہ راضی ہو گا وہی بندہ قیمتی ہو گا۔ گھوڑوں، مرسیڈیز اور بینک بیلنس سے ہماری کوئی قیمت نہیں۔

ہم ایسے رہے یا کہ ویسے رہے
وہاں دیکھنا ہے کہ کیسے رہے

وَ اِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ کا ربط اللہ تعالیٰ نے مجھ کو عطا فرمایا، میں نے یہ کسی کتاب میں نہیں دیکھا۔

۲۷؎ الزخرف: ۱۳-۱۴

حدیث نمبر ۷

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَیْسَ لَھَا حِجَابٌ دُوْنَ اللہِ[۲۸]

ترجمہ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہتے وقت یہ مراقبہ کریں کہ کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ ساتوں آسمان پار کرکے براہِ راست اللہ تعالیٰ سے ملاقات کر رہا ہے اور یہ کوئی جاہلانہ تصوف نہیں، مدلّل بالحدیث ہے۔ فرمانِ نبوت کے مطابق تصوف کو مدلّل پیش کرتا ہوں۔ جو تصوف قرآن و حدیث سے مدلّل نہ ہو وہ تصوف ہی نہیں۔ مشکوٰۃ شریف کی روایت ہے، سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَیْسَ لَھَا حِجَابٌ دُوْنَ اللہِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اور اللہ میں کوئی پردہ نہیں ہے یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ ساتوں آسمان پار کرکے عرشِ اعظم ہی تک نہیں پہنچتا بلکہ ربِ عرشِ اعظم سے ملتا ہے۔

سوچیں کہ لَا اِلٰہَ سے سارا عالم ختم ہو گیا بس ہم ہیں اور ہمارا اللہ ہے۔ آخر میں دعا کرلیں کہ ہم نے غیر اللہ کو دل سے نکالا لیکن اے اللہ! ہم سے کیا نکلے گا؟ ہم کمزور ہیں جس طرح کمزور بچہ ابا کو پکارتا ہے، بندہ کمزور ہے تو ربا کو پکارے کہ اے میرے ربا! آپ اپنی مدد بھیج دیجیے اور غیر اللہ کو ہمارے قلب سے نکال دیجیے۔

حدیثِ مبارکہ کی الہامی تشریح

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو روزانہ سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھے گا، اس کا چہرہ قیامت کے دن چودھویں تاریخ کے چاند کے مثل چمکے گا۔ اس پر اگر کوئی کہے کہ ۱۰۰ دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پر اتنی بڑی بشارت ہے تو کوئی صرف لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھتا رہے اور نماز روزہ نہ کرے اور گناہوں میں مبتلا رہے تو کیا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ سے پھر بھی اس کا چہرہ چمکے گا؟ اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے میرے قلب کو عطا فرمایا کہ جو سو دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی لاج رکھتے ہوئے اس کو منہ اُجالا کرنے والے اعمال کی توفیق اور منہ کالا کرنے والے اعمال سے بچنے کی توفیق عطا فرمائیں گے اور اس طرح قیامت کے دن اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کے مانند چمکے گا۔

---

۲۸ هذا حديث عبد الله بن عمرو أنه قال: قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلتَّسْبِیْحُ نِصْفُ الْمِیْزَانِ وَالْحَمْدُ یَمْلَأُہٗ وَلَا إِلٰہَ إِلَّا اللہُ لَیْسَ لَھَا دُوْنَ اللہِ حِجَابٌ حَتّٰی تَخْلُصَ إِلَیْہِ، أخرجه الترمذی فی سننه (۲/۲۱۹۱) برقم (۳۵۱۸) فی باب ما جاء فی عقد التسبيح باليد باب منه..

چہرہ ترجمانِ دل ہوتا ہے

چہرہ ترجمانِ دل ہوتا ہے۔ اگر دل میں اللہ اپنی تجلّیاتِ خاصہ سے متجلّی ہے تو چہرہ اللہ کا ترجمان ہوگا، اس کے چہرہ کو دیکھ کر اللہ کی یاد آئے گی جیسا کہ حدیث شریف میں ہے:

اِذَا رُأُوْا ذُکِرَ اللہُ

ترجمہ: اللہ والے وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ یاد آتا ہے۔

اسی طرح اگر کسی شخص کے دل میں غیر اللہ ہے تو چہرہ ترجمانِ غیر اللہ ہوگا، دل میں اگر کفر ہے تو چہرہ ترجمانِ کفر ہوگا، دل میں اگر نفاق ہے تو چہرہ ترجمانِ نفاق ہوگا، دل میں اگر اللہ کی محبت کا درد ہے تو چہرہ ترجمانِ دردِ دل ہوگا اور اگر دل تجلیاتِ الٰہیہ کا حامل ہے تو چہرہ ترجمانِ تجلیاتِ الٰہیہ ہوگا۔ جو دل میں ہوگا چہرہ وہی بتائے گا، اسی لیے سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک آدمی کو جو آپ کی مجلس میں بدنظری کر کے آیا تھا دیکھ کر فرمایا: مَا بَالُ اَقْوَامٍ یَّتَرَشَّحُ مِنْ اَعْیُنِہِمُ الزِّنَا[۲۹] کیا حال ہے ایسے لوگوں کا جن کی آنکھوں سے زِنا ٹپکتا ہے۔

اس لیے کلمہ کی بنیاد ہی میں اللہ تعالیٰ نے ہم کو حکم دیا کہ تم لَا اِلٰہَ سے غیر اللہ کو دل سے نکال دو پھر اِلَّا اللہُ سے تمہارا دل اللہ تعالیٰ کی تجلیاتِ خاصہ سے متجلّی ہوگا تو پھر سارے عالم میں تمہارا چہرہ اللہ تعالیٰ کا ترجمان ہوگا اور ہر مؤمن سارے عالم میں ایمان پھیلا دے گا۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کے چہرے کو دیکھ کر لوگ ایمان لاتے تھے۔ کلمہ کا یہ ترجمہ اللہ تعالیٰ نے پہلی بار عطا فرمایا۔ یہ میرے بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے عجیب عجیب نادر موتی دے رہا ہے۔

ذکر کا طریقہ

ذکر اللہ کا طریقہ عرض کرتا ہوں۔ حدیث شریف کا مضمون ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَیْسَ لَھَا حِجَابٌ دُوْنَ اللہِ کہ بندہ جب زمین پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کہتا ہے تو اس کی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ عرشِ اعظم پر جا کر بے حجاب اللہ سے ملتی ہے۔ کوئی پردہ نہیں ہوتا۔ یہ تصوف مدلّل بالحدیث ہے۔ یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کی رفتار اتنی تیز ہے کہ عرشِ اعظم تک اور اللہ تعالیٰ تک جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرتی ہے کیوں صاحبو! اور اللہ کا ذکر

---

۲۹ ذکرہ القرطبی فی تفسیرہ بلفظ مَا بَالُ قَوْمٍ وَفِیْ عَیْنَیْہِ اَثَرُ الزِّنَا: ۱۰/۴۴، الحجر (۷۵)، دار الکتب العربی، القاھرۃ

کرنے والے دوستو! کیا تصور میں یہ مزہ نہیں ہے کہ ہم تو نہیں پہنچے مگر ہمارا ذکر اللہ تک اور عرشِ اعظم تک پہنچ جائے ساتوں آسمان عبور کر کے۔

مولانا بدرِ عالم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ترجمان السُّنَّۃ میں لکھتے ہیں کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی رفتار اور کاٹ اتنی تیز ہے کہ ساتوں آسمان پار کر کے عرشِ اعظم پر اللہ سے ملتی ہے، اگر اللہ کو عرشِ اعظم پر نہ پاتی تو عرشِ اعظم سے بھی آگے بڑھ جاتی۔ اسی لیے شاعر کہتا ہے ؎

نظر وہ ہے جو اس کون و مکاں کے پار ہو جائے
مگر جب روئے تاباں پر پڑے بے کار ہو جائے

یہ لَآ اِلٰہَ کا ذکر ہو گیا اور اِلَّا اللّٰہُ میں یہ تصور ہو کہ اللہ تعالیٰ کے نور کا ستون ہمارے قلب میں لگا ہوا ہے اور عرشِ اعظم سے نور آرہا ہے اور اللہ اللہ میں دو ضربیں ایک لطیفۂ قلب پر اور ایک لطیفۂ روح پر ہو۔ آخر میں جو ایک اللہ کی تسبیح ہے اس میں یہ تصور ہو کہ میرے بال بال اللہ اللہ کہہ رہے ہیں۔ یہ طریقہ میرے شیخ شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں بتایا کہ مولانا عبد الغنی! اللہ اللہ اس طرح کہو کہ زبان سے اللہ نکلا اور دل سے بھی نکلا اور کھینچ کر کہو ''اللہ'' اور آہ بھی شامل کر لو اور یہ تصور کرو کہ میرے بال بال سے، ذرّہ ذرّہ سے، سمندر کے ہر قطرہ سے، درختوں کے ہر پتے سے اور عالم کے ایک ایک ذرّہ سے اور سورج اور چاند سب ہمارے ساتھ اللہ کہتے ہیں۔

ذکر کے بعد دعا

اور ذکر کے بعد اللہ تعالیٰ سے پھر یہ دعا کرے کہ یا اللہ! اس ذکر کی برکت سے ذاکر کو مذکور تک پہنچا دے یعنی اپنی ذات تک مجھے پہنچا دے۔ میرے شیخ فرماتے تھے کہ ذکر، ذاکر کو مذکور تک پہنچا دیتا ہے۔ ذال، کاف، را، ذاکر میں بھی ہے مذکور میں بھی ہے، یہ ذکر واسطہ اور رابطہ ہے بندہ اور اللہ کے درمیان۔

حدیث نمبر ۸

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ [۳۰]

ترجمہ: اے اللہ! مجھ پر ایسی رحمت نازل فرمادیجیے کہ جس سے تمام گناہ چھوٹ جائیں۔

رحمتِ حق اور محرومی از رحمتِ حق کے دلائلِ منصوصہ

گناہ بُری چیز ہے اور بُری چیز کو جلد چھوڑنا چاہیے۔ جیسے اگر کپڑے میں کہیں پاخانہ لگ جائے تو جلدی سے صاف کرتے ہو کہ نہیں؟ لیکن آج کل لوگوں سے ایک بد نظری ہوتی ہے تو جلد توبہ نہیں کرتے۔ شیطان کہتا ہے ابھی تو راستے میں بہت سی شکلیں نظر آئیں گی سب کو خوب دیکھ بھال لو، شام کو گھر جانا اور جب سورج غروب ہو جائے تو اندھیرے میں رو دھو کر خوب تلافی کر دینا۔ اُجالوں میں اندھیرے کام کرو اور اندھیرے میں اُجالے کام کرو۔ میں کہتا ہوں کہ اگر یہ شخص خوش نصیب ہے اور اس کے قلب پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے اور یہ محرومِ رحمتِ الٰہیہ نہیں ہے، تو ان شاء اللہ ایک سیکنڈ بھی برداشت نہیں کرے گا، صدورِ خطا کے بعد فوراً حق تعالیٰ سے استغفار و توبہ کرکے موردِ عطا ہو جائے گا۔ جو لوگ تسلسل کے ساتھ گناہوں میں مبتلا ہیں اور توبہ و استغفار کرکے اپنے کو صاف نہیں کرتے یہ حق تعالیٰ کی رحمتِ خاصّہ سے محروم ہیں۔ دلیل کیا ہے؟ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ [۳۱] اے اللہ! مجھے وہ رحمت عطا فرمایئے جس سے میں گناہ چھوڑ دوں۔ معلوم ہوا کہ گناہ چھوڑنا اللہ کی رحمت کی دلیل ہے اور نفس کے شر سے وہی بچ سکتا ہے جو اللہ کی رحمت کے سائے میں ہوگا۔ اس کی دلیل اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ہے۔ یہ استثنا اللہ تعالیٰ کا ہے، خالقِ نفس اَمّارہ کا استثنا ہے۔ نفسِ اَمّارہ کے معنیٰ ہیں کَثِیْرُ الْاَمْرِ بِالسُّوْءِ جس کا ہندی ترجمہ میں نے کیا ہے کہ مہادُشٹ یعنی زبردست

---

[۳۰] هذا مختصر من حديث ابن عباس رضى الله عنهما أنه قال: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ تَفَلَّتَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ مِنْ صَدْرِيْ فَمَا أَجِدُنِيْ أَقْدِرُ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ أَفَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللهُ بِهِنَّ، وَيَنْفَعُ بِهِنَّ مَنْ عَلَّمْتَهُ، وَيُثَبِّتُ مَا تَعَلَّمْتَ فِيْ صَدْرِكَ، قَالَ: أَجَلْ يَا رَسُولَ اللهِ فَعَلِّمْنِيْ قَالَ: إِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَقُوْمَ فِيْ ثُلُثِ اللَّيْلِ اللّٰاخِرِ فَإِنَّهَا سَاعَةٌ مَشْهُوْدَةٌ وَالدُّعَاءُ فِيْهَا مُسْتَجَابٌ أخرجه الترمذى فى سننه (۲/۱۹۷) برقم (۳۵۷۰) فى باب فى دعاء الحفظ و قال أبو عيسى هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث الوليد بن مسلم، و الحاكم فى المستدرك: ۱/۴۶۱ برقم (۱۱۹۰)، دار الكتب العلمية، و الطبرانى فى معجمه الكبير (۱۰/۶۱) برقم (۱۱۸۶۸).

[۳۱] جامع الترمذى: ۲/۱۹۷ (۳۵۷۰)، باب فى دعاء الحفظ، ایچ ایم سعید

خطرناک، انتہائی خراب۔ اور اَلسُّوْءِ میں الف لام اسمِ جنس کا ہے۔ جنس وہ کُلّی ہے جو انواعِ مختلف الحقائق پر مشتمل ہو یعنی زمانۂ نزولِ قرآن سے لے کر قیامت تک گناہ کے جتنے بھی انواع و اقسام ایجاد ہوں گے سب اس اَلسُّوْءِ میں شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی بلاغت تو دیکھیے کہ الف لام جنس کا داخل فرما کر قیامت تک ہونے والے تمام گناہ ٹی وی، وی سی آر، ڈش انٹینا کی بد معاشیاں، اَمارِد اور کتوں سے شادیاں وغیرہ وغیرہ سب اس میں شامل ہیں لیکن اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سائے میں رہے گا وہ نفس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ لہٰذا جس کو دیکھو کہ نفس کے شر سے محفوظ ہے اور گناہوں میں مبتلا نہیں تو سمجھ لو کہ یہ سایۂ رحمتِ الٰہیہ میں ہے اور اس سایہ میں آپ بھی بیٹھ جائیے۔

مطلب یہ ہے کہ اہل اللہ کی صحبت میں رہو، کیوں کہ وہ لوگ سایۂ رحمتِ الٰہیہ میں ہیں۔ دلیل وہی ہے جو اوپر بیان ہوئی کہ وہ لوگ نفس کے شر سے محفوظ ہیں اور اگر کبھی بر بنائے غلبۂ بشریت ان سے خطا ہو جائے، تو ان کی ندامت اور استغفار کا بھی وہ مقام ہوتا ہے کہ عوام الناس اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ جو مقرب ہوتے ہیں اور عظیم الشان قرب جن کو عطا ہوتا ہے، ان کی ندامت بھی عظیم الشان ہوتی ہے، ان کے آنسو بھی عظیم الشان ہوتے ہیں، جس مقام سے وہ استغفار و توبہ کرتے ہیں عوام کو اس کی ہوا بھی نہیں لگ سکتی، اللہ کے حضور میں وہ جگر کا خون پیش کرتے ہیں۔

اختر جو بات پیش کر رہا ہے، یہ حاصلِ سلوک اور اولیائے صدیقین کی جو آخری سرحد ہے اس مقام تک پہنچانے والی ہے۔ جان لو، مان لو اور ٹھان لو کہ ایک لمحہ خدا کو ناراض نہیں کرنا ہے۔ گناہ نہ کرنے سے بالفرض اگر جان جاتی ہے تو جان فدا کر دو۔

مبارک ہے وہ جان جو اللہ پر فدا ہو، مبارک ہے وہ جوانی جو خدا پر فدا ہو، مبارک ہیں وہ آنکھیں جو اللہ کے خوف سے اشکبار ہیں۔ باقی جتنے کام خدا کی مرضی کے خلاف ہیں وہ مؤمن کے لیے خسارہ ہیں۔ بس میری سارے عالم میں یہی صدا ہے کہ اللہ کے لیے اللہ کو خوش رکھو اور ایک لمحہ بھی اپنے مالک کو ناخوش کر کے حرام خوشی اپنے قلب و نفس میں نہ لاؤ۔ یہ غیرتِ بندگی کے بھی خلاف ہے، حیا کے بھی خلاف ہے، شرافت کے بھی خلاف ہے۔ اللہ کو ناراض کر کے اپنے نفس میں حرام خوشی لانے والے سے بڑھ کر کوئی بے غیرت، کمینہ، ناشکرا اور بین الاقوامی احمق نہیں ہے، کیوں کہ اتنی بڑی طاقت والے مالک کو ناراض کر کے اپنے نفس دشمن کو خوش کر رہا ہے۔ اگر اللہ کی صفت ذوالانتقام کا ظہور ہو جائے تو یہ کیا کر سکتا ہے۔

ترکِ معاصی دلیلِ رحمت اور معصیت ذریعۂ شقاوت

چند دن کی فانی لذتوں کے لیے اپنے اللہ کو غضب ناک نہ کرو، دوستو! اللہ تعالیٰ ہم لوگوں پر رحم کرے، بہت بڑی رحمت ہے جو گناہ سے بچ جائے، اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے استقامت کے لیے دو دعائیں سکھائی ہیں، آپ لوگ یاد کرلیجیے **اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ** اے اللہ! ہم پر وہ رحمت نازل کردے جس سے گناہ چھوڑنے کی توفیق عطا ہوجائے، اے اللہ! وہ رحمت دے دے ہم کو، جس سے ہم گناہ چھوڑ دیں، آپ کو ناراض کرنے کا سلسلہ ختم ہوجائے **وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ** اور اپنی نافرمانی سے مجھ کو بدنصیب اور بدبخت نہ بنایئے۔ یہ دعا بتارہی ہے کہ گناہ گار انسان سخت خطرے میں ہے اور کسی وقت وہ بدنصیب اور سوئے خاتمہ میں مبتلا اور خدا کے قہر میں گرفتار ہوسکتا ہے، ورنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ الفاظ کیوں استعمال فرماتے؟ اہلِ علم سے پوچھتا ہوں، آپ لوگ پڑھے لکھے ہیں، یہ مضمون کیا بتارہا ہے؟ کہ اے خدا! مجھ کو اپنی نافرمانی سے بدبخت نہ بنایئے۔ معلوم ہوا کہ گناہ میں خاصیت موجود ہے بدبختی اور بدنصیبی کی، اگر توبہ نہ کی تو کتنے لوگ بصورتِ بایزید ننگِ یزید ہوکر مرگئے، وہیں دھر لیے گئے، فرشتوں نے عذاب میں انہیں دبالیا۔ یہ دو دعائیں یاد کرلیجیے:

۱) **اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ** اے خدا! ہم پر وہ رحمت نازل کردے جس سے معصیت کو اور گناہ کو چھوڑنے کی ہمت پیدا ہوجاتی ہے، رُوباہیت شیریت سے بدل جائے، ہمت میں ہم لومڑی ہیں اگرچہ صورت میں شیر ہیں۔ دنیاوی معاملات میں تو ایسا غصہ آئے گا کہ ان سے بڑھ کر کوئی طاقت والا نہیں لیکن نفس کی اتباع اور غلامی میں اس شخص سے بڑھ کر کوئی بزدل نہیں ہے، ایسے لوگوں سے اگر اللہ تعالیٰ ستاریت کا پردہ ہٹا دے تو پتا چل جائے گا کہ اس سے بڑھ کر کوئی کمینہ کوئی بزدل نہیں ہے۔ **اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ** اے اللہ! مجھ پر وہ رحمت نازل کردے جس سے آپ گناہ چھوڑنے کی ہمت عطا کرتے ہیں، لومڑیوں کو شیر بنا دیتے ہیں روباہِ طریق کو شیرِ طریق بنادیتے ہیں اور دوسری دعا ہے:

۲) **وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ**[۳۲] اور اپنی نافرمانی اور گناہوں سے ہم کو بدنصیب نہ بنا۔ معلوم ہوا کہ گناہ میں

۳۲؎ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه أَنّ النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُكْثِرُ أَنْ يَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي أَخْشَاكَ حَتّٰى كَأَنِّي أَرَاكَ أَبَدًا حَتّٰى أَلْقَاكَ وَأَسْعِدْنِي بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِي بِمَعْصِيَتِكَ وَخِرْ لِي فِي قَضَائِكَ وَبَارِكْ لِي فِي قَدَرِكَ حَتّٰى لَا أُحِبَّ تَعْجِيلَ مَا أَخَّرْتَ وَلَا تَأْخِيرَ مَا عَجَّلْتَ وَاجْعَلْ غِنَايَ فِي نَفْسِي وَأَمْتِعْنِي بِسَمْعِي وَبَصَرِي وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّي وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ ظَلَمَنِي وَأَرِنِي فِيهِ ثَأْرِي وَأَقِرَّ بِذٰلِكَ عَيْنِي. أخرجه الطبراني في معجمه الكبير (۱۹/۴۴۵) برقم (۱۰۶)، وفي معجمه الأوسط (۲/۲۸۸)، دار الكتب العلمية برقم (۵۹۸۲)

شقاوت اور بد بختی کی خاصیت ہے، ورنہ اگر معصیت میں یہ خاصیت نہ ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عنوان سے کیوں پناہ مانگی؟ دوستو! ہمت سے کام لو، ڈھیلے مت بنو، ڈِھیلا ہوا کہ ڈَھیلا ہوا۔ اللہ نے ہمت دی ہے، ہمت چور نہ بنو۔ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جس نے ہمت کو استعمال کیا اللہ تعالیٰ کی مدد بھی آجاتی ہے۔ بعض لوگوں کو چالیس چالیس برس تک ایک گناہ کی عادت تھی، ہمت سے کام لیا اور نجات پا گئے۔

حدیث نمبر ۹

اَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ [۳۳]

ترجمہ: تم اللہ تعالیٰ کی ایسی عبادت کرو کہ گویا کہ تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو اور اگر تم اللہ کو نہیں دیکھتے ہو تو وہ یقیناً تمہیں دیکھ رہا ہے۔

کیفیتِ احسانی کے انعامات اور طریقۂ تحصیل

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ اس طرح عبادت کرو کہ گویا تم اللہ کو دیکھ رہے ہو فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ تم اگر اللہ کو نہیں دیکھتے ہو تو اللہ تو تمہیں دیکھتا ہے۔ بعض لوگوں نے اس سے یہ سمجھا کہ احسانی کیفیت کے دو درجے ہیں: ۱) ہم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہیں اور ۲) یہ کہ اللہ تعالیٰ ہم کو دیکھ رہے ہیں مگر قطب العالم حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ دوسرا درجہ جو ہے وہ اس مراقبہ کی علّت ہے لہٰذا یہ دو درجے نہیں ہیں ایک ہی درجہ ہے کہ ہم اپنے اللہ کو دیکھ رہے ہیں کیوں کہ اگر ہم نہیں دیکھتے تو اللہ تعالیٰ تو ہم کو دیکھ رہا ہے تو گویا ہم بھی دیکھ رہے ہیں۔ دنیا میں كَأَنَّكَ رہے گا اور جنت میں اللہ تعالیٰ كَأَنَّكَ کا کاف نکال دیں گے وہاں اَنَّكَ سے دیکھو گے۔ دنیا میں آنکھیں

---

۳۳ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضى الله عنه أنه قَالَ كَانَ النَّبِي صلى الله عليه وسلم بَارِزًا يَوْمًا لِلنَّاسِ فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ مَا الإِيمَانُ قَالَ الإِيمَانُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَبِلِقَائِهِ وَرُسُلِهِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ، قَالَ: مَا الإِسْلَامُ قَالَ الإِسْلَامُ أَنْ تَعْبُدَ اللهَ، وَلَا تُشْرِكَ بِهِ وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ وَتُؤَدِّيَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ وَتَصُومَ رَمَضَانَ، قَالَ: مَا الإِحْسَانُ قَالَ: أَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ، فَإِنَّهُ يرَاكَ، قَالَ مَتَى السَّاعَةُ، قَالَ: مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَسَأُخْبِرُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا إِذَا وَلَدَتِ الأَمَةُ رَبَّهَا، وَإِذَا تَطَاوَلَ رُعَاةُ الإِبِلِ الْبُهْمُ فِي الْبُنْيَانِ فِي خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللهُ ثُمَّ تَلَا النَّبِي صلّى الله عليه وسلم {إِنَّ اللهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ} الآية ثُمَّ أَدْبَرَ فَقَالَ رُدُّوهُ فَلَمْ يرَوْا شَيْئًا فَقَالَ هذَا جِبْرِيْلُ جَاءَ يُعَلِّمُ النَّاسَ دِينَهُمْ. أخرجه البخارى فى صحيحه(۱/۱۲) برقم (۵۰) فى بَاب سُؤَالِ جِبْرِيلَ النَّبِي صلى الله عليه وسلم عَنِ الإِيمَانِ وَالإِسْلَامِ وَالإِحْسَانِ وَعِلْمِ السَّاعَةِ وَبَيَانِ النَّبِي صلى الله عليه وسلم لَهٗ. ومسلم فى صحيحه(۱/۲۹) برقم(۱۰۶) فى باب الإِيمَانُ مَا هوَ وَبَيَانُ خِصَالِهِ. وروى عن عمر بن الخطاب رضى الله عنه

بنائی جارہی ہیں ایمان، تقویٰ اور غمِ تقویٰ سے یعنی حصولِ تقویٰ میں بندہ جو مجاہدات اور حسرت اور غم اُٹھاتا ہے اور خونِ تمنا پیتا ہے اسی خونِ تمنا سے آنکھیں بنائی جارہی ہیں اور جب آنکھیں بنائی جاتی ہیں تو پٹی بندھی رہتی ہے، اس وقت دیکھنے کی ڈاکٹر اجازت نہیں دیتا اور جب روشنی آجاتی ہے تو پٹی ہٹادی جاتی ہے، جنت میں اللہ تعالیٰ یہ پٹی ہٹادیں گے۔ وہاں کاف کی پٹی ہٹادی جائے گی پھر اَنَّکَ سے اللہ تعالیٰ کو دیکھو گے۔ یہ تقریر میرے شیخ حضرت شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ کی ہے جو ایک واسطے سے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد ہیں۔

علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری شرح بخاری میں اس احسانی کیفیت کو بیان فرمایا ہے کہ احسان کیا ہے؟ فرماتے ہیں:

اَنْ یَّغْلِبَ عَلَیْہِ مُشَاھَدَۃُ الْحَقِّ بِقَلْبِہٖ حَتّٰی کَاَنَّہٗ یَرَاہُ بِعَیْنِہٖ[۳۴]

یعنی مشاہدۂ حق ایسا غالب ہوجائے کہ گویا وہ اپنی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے۔

اس کیفیت کو مدارس سے، کتابوں سے، تبلیغ سے اور تدریس سے کوئی نہیں پاسکتا۔ یہ کیفیت صرف اہل اللہ کے سینوں سے سینوں میں منتقل ہوتی ہے۔ کیفیات کے حامل قلوب ہوتے ہیں، قوالب اور اوراقِ کُتب نہیں ہوتے، کتابوں سے یہ چیز نہیں مل سکتی۔ کمیاتِ شرعیہ کتابوں سے ملتی ہیں، لیکن کیفیاتِ احسانیہ کے حامل اوراقِ کتب نہیں ہوسکتے۔ یہ کیفیاتِ احسانیہ سینوں سے سینوں میں منتقل ہوتی چلی آرہی ہیں، لہٰذا جب شیخ کے پاس جاؤ تو اضافۂ علم کی نیت نہ کرو، کیفیتِ احسانیہ کی ترقی کی نیت کرنا چاہیے۔ اعمال کی ترقی اور قبولیت احسان پر موقوف ہے کمیت پر موقوف نہیں، جیسے جہاز میں لوہا کم ہوتا ہے، اس کا حجم بھی کم ہوتا ہے اور ریل کا لوہا اور حجم زیادہ ہوتا ہے لیکن جہاز چھوٹا ہو چاہے ڈکوٹہ ہی ہو لیکن اپنی اسٹیم کی کیفیت کی وجہ سے یہاں سے چند گھنٹوں میں جدہ پہنچ جائے گا، جب کہ ریل کو پہنچنے میں کئی دن لگ جائیں گے۔ لہٰذا اپنے بزرگوں کی خدمت میں ہم جائیں تو یہ نیت کریں کہ کیفیت کی اسٹیم لینے جارہے ہیں کہ کیوں کہ اگر علم کی نیت کی تو ممکن ہے کہ وہاں ایک علم کی بار بار تکرار ہو۔ اس تکرار سے بعض نادان گھبراتے ہیں کہ میاں! وہاں تو ایک ہی بات کو بار بار بیان کرتے ہیں، ایسا سمجھنا سخت نادانی ہے، تکرارِ علم قرآنِ پاک سے بھی ثابت ہے، ایک ہی آیت کتنی جگہ نازل ہوئی ہے۔ تکرارِ علم دلیلِ شفقت ہے۔ باپ اپنے بیٹوں سے بار بار کہتا ہے کہ بیٹا! اس گلی سے نہ جانا وہاں

---

[۳۴] ذکرہ العسقلانی فی فتح الباری: ۱۲۰/۱، باب سؤال جبرئیل عن الایمان والاسلام، ط: دار المعرفۃ بیروت

غلط قسم کے لوگ رہتے ہیں۔ پھر دو تین دن کے بعد یہی کہتا ہے۔ بار بار ایک ہی آیت کا نزول حق تعالیٰ شانہٗ کی رحمت کی دلیل ہے۔ ایسے ہی شیخ اور مربی پر رحمت کا غلبہ ہوتا ہے تو بار بار کہتا ہے کہ دیکھو نظر بچانا!

دوسری دلیل یہ ہے کہ تکرارِ غذائے جسمانی میں آپ کو اعتراض کیوں نہیں ہوتا؟ روزانہ چائے پیتے ہو، یہاں کیوں نہیں کہتے کہ میاں! کل بھی چائے پلائی، آج پھر پلا رہے ہو۔ جس طرح تکرارِ غذائے جسمانیہ احب ہے، اگر اللہ کی محبت پیدا ہو جائے گی تو تکرارِ علومِ روحانیہ سے بھی مزہ آنے لگے گا۔

اسی طرح بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے شیخ کی مجلس میں جو سنتے ہیں ہمیں تو کچھ یاد ہی نہیں رہتا، ہمارا حافظہ کمزور ہے، ہمارے پلے تو کچھ پڑتا ہی نہیں لہٰذا وہاں جانا بے کار ہے۔ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کچھ بھی یاد نہ رہے تب بھی فائدہ ہوتا ہے جیسے دو تین دن پہلے ہم نے کیا کھایا تھا یاد نہیں رہتا لیکن اس غذا سے جو خون بنا وہ ہماری رگوں میں دوڑ رہا ہے تو جس طرح نسیانِ غذا سے فوائدِ غذا کا فقدان لازم نہیں آتا اسی طرح شیخ کی مجلس میں اس کے علوم و ملفوظات سنے، چاہے وہ یاد نہ رہیں لیکن ان سے جو نور پیدا ہو گا وہ نور ہماری رگوں میں دوڑتا رہے گا کیوں کہ قلب جہاں جسم میں خون سپلائی کرتا ہے اس کے ساتھ اللہ کا نور بھی سپلائی کرتا ہے، وہ خون جب آنکھوں میں روشنی پیدا کرتا ہے تو ساتھ ہی قلب سے آنکھوں میں اللہ کا نور بھی داخل ہوتا ہے۔ پھر اس کی آنکھوں کو کچھ اور نظر آتا ہے۔ جب نسبت عطا ہوتی ہے تو اس کے زمین و آسمان بدل جاتے ہیں، یہ زمین و آسمان تو کافر بھی دیکھتا ہے لیکن اللہ والوں کے زمین اور آسمان، سورج اور چاند کچھ اور ہی ہوتے ہیں ؎

اب وہ زماں نہ وہ مکاں اب وہ زمیں نہ آسماں
تو نے جہاں بدل دیا آ کے مری نگاہ میں

لہٰذا جب اپنے بزرگوں کے پاس جائے تو یہ نیت نہ کرے کہ ہمارے علم میں اضافہ ہو گا، معلومات بڑھیں گی بلکہ یہ مراقبہ کرے کہ ان کی احسانی کیفیت، ان کا ایمان و یقین اور ان کا تقویٰ و خشیت اور اللہ سے ان کی محبت ہمارے قلوب میں منتقل ہو رہی ہے اور اس انتقالِ نسبت کی کیا صورت ہوتی ہے؟ اس کو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں ؎

کہ ز دل تا دل یقیں روزن بود
نے جدا و دور چوں دو تن بود

دلوں سے دلوں میں خفیہ راستے ہیں، جیسے جسم الگ الگ ہیں لیکن دل الگ الگ نہیں ہوتے۔ قلوب میں آپس میں روابط ہوتے ہیں جو ضوابط سے بالاتر ہوتے ہیں۔ دلیل کیا ہے؟ فرماتے ہیں ؎

متصل نبود سفالِ دو چراغ

نورِ شاں ممزوج باشد در مساغ

دو چراغ آپس میں ملے ہوئے نہیں ہوتے، ایک بلب وہاں جل رہا ہے اور ایک یہاں جل رہا ہے۔ دس چراغ جل رہے ہیں تو ان کے جسم تو الگ الگ ہیں، لیکن ان کی روشنی فضا میں مخلوط ہوتی ہے اور ملی ہوئی ہوتی ہے، اس لیے جہاں دس ولی اللہ بیٹھے ہوئے ہوں وہاں نور بڑھ جائے گا ؎

بست مصباح از یکے روشن تر است

کہیں ایک چراغ جل رہا ہو اور کہیں بیس چراغ جل رہے ہوں تو بیس چراغوں کی روشنی زیادہ ہو گی۔ لہٰذا صالحین اور نیک بندوں کے اجتماع کو معمولی نہ سمجھیں۔ ان کی مجلس میں ایمان و یقین کی روشنی بڑھ جائے گی۔ کمزور کمزور بلب اگر قریب قریب جل رہے ہوں تو روشنی بڑھ جاتی ہے یا نہیں؟ جب صالحین کی صحبت نفع سے خالی نہیں تو اولیائے کاملین کی مجلس کیسے بے فیض ہو سکتی ہے لیکن اس میں ارادہ اور اخلاص کو بہت دخل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ کی قید لگا دی کہ فیضانِ نبوت ان ہی لوگوں کو ملتا ہے جو یَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ ہیں یعنی مجھے یاد کرتے ہیں لیکن وہ یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ بھی ہیں، ان کے قلب میں، میں مراد ہوں۔ پس اصلی مرید وہ ہے جس کے قلب کی مراد اللہ ہو ورنہ وہ مرید نہیں ہے لہٰذا اس کی فکر کیجیے، بار بار اپنے قلب کا جائزہ لو کہ ہم اپنے شیخ کے ساتھ کس لیے رہتے ہیں۔ اگر کسی کو سیاحی مقصود ہے کہ مختلف شہروں کو دیکھیں گے اور مختلف دستر خوانوں کا ذائقہ چکھیں گے تو وہ اللہ کا مرید نہیں ہے، وہ تو مریدِ غذا ہے، مریدِ چٹخارہ ہے، مریدِ سیاحی ہے اور اللہ پاک فرماتے ہیں: یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ[۳۵] قرآن پاک کی آیت ہے کہ میں ان ہی کو ملتا ہوں جن کے دل میں، میں مراد ہوتا ہوں، وہ مجھ کو پیار کرتے ہیں اور میں ان کو پیار کرتا ہوں۔

تو دل میں صرف اللہ مراد ہو پھر صاحبِ نسبت شیخ کے پاس بیٹھو تو اس کی کیفیتِ احسانی، ایمان و یقین و حضور مع الحق آپ کے دل میں منتقل ہو جائے گا۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اپنے بزرگوں سے یہ احسانی کیفیت ملنے سے پھر آپ کی دو رکعات ایک لاکھ رکعات کے برابر ہو جائیں گی اور اپنے

۳۵؎ الکھف:۲۸

بزرگوں کے بارے میں یہی حسنِ ظن رکھیں کہ ان کی دو رکعات ہماری ایک لاکھ رکعات سے افضل ہیں، ان کا ایک سجدہ ہمارے لاکھ سجدے سے افضل ہے، ان کا ایک ''اللہ'' کہنا ہمارے ایک لاکھ ''اللہ'' کہنے سے افضل ہے۔ مثال کے طور پر فرض کرلیں کہ اللہ تعالیٰ تھوڑی دیر کے لیے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو دنیا میں بھیج دیں اور ان کی مجلس میں اس امت کے تمام صحابہ اور اُممِ سابقہ کے تمام صحابہ اور اس امت کے تمام اکابر اولیاء اللہ اور اُممِ سابقہ کے تمام اولیاء اللہ موجود ہوں اور حضرت صدیق اکبر ایک بار ''اللہ'' کہیں اور تمام صحابہ اور اولیاء اللہ ایک بار ''اللہ'' کہیں تو بتائیے حضرت صدیق اکبر کا ''اللہ'' سب سے بڑھ جائے گا یا نہیں؟ اس کی وجہ کیا ہے؟ کیوں کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو کیفیتِ احسانی حاصل ہے وہ کسی کو حاصل نہیں۔ معلوم ہوا کہ کیفیتِ احسانیہ اصل چیز ہے۔ جس کی کیفیتِ احسانی جتنی قوی ہوتی ہے، اسی اعتبار سے اس کا عمل مقبول ہوتا ہے اور جس کو یہ کیفیت جتنی زیادہ حاصل ہوتی ہے اتنی ہی تیزی سے وہ اللہ کا راستہ طے کرتا ہے جیسے بعض جہاز چھ گھنٹے میں جدہ پہنچتے ہیں اور بعض تین گھنٹے میں پہنچ جاتے ہیں بوجہ زیادہ اسٹیم کے۔ جس کی احسانی کیفیت قوی ہوتی ہے اس کی رفتارِ سلوک میں بہت تیزی آجاتی ہے اور وہ بہت جلد اللہ تک پہنچتا ہے اسی لیے بزرگوں نے فرمایا کہ اپنی تنہائیوں کی عبادتوں سے لاکھ درجہ بہتر سمجھو کہ کسی صاحبِ نسبت کے پاس تھوڑی دیر بیٹھ جاؤ، وہاں تمہیں پکی پکائی مل جائے گی۔ مولانا رومی فرماتے ہیں کہ اگر سیب خریدنا ہو تو بازار اور منڈی سے مت خریدو، سیب کے باغ میں چلے جاؤ۔ بازار میں تو باسی اور گلا سڑا سیب ملے گا اور بازار کے گرد و غبار اور دھوپ کی گرمی سے الگ سابقہ پڑے گا اور باغ میں تازہ تازہ سیب پاجاؤ گے۔ تو اللہ والوں کے پاس بیٹھنا گویا سیب کے باغ میں بیٹھنا ہے، اگر ان کے یہاں سوتے بھی رہو گے تو ان کی نسبت مع اللہ کے سیب کی خوشبو ملتی رہے گی۔ میرے شیخ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص رات کی رانی کے نیچے چارپائی بچھا کر سو جائے تو صبح جب اُٹھے گا تو دماغ تازہ ملے گا۔

اسی طرح اولیاء اللہ کی خانقاہوں میں اگر کوئی سو بھی جائے، تہجد بھی نہ پڑھے تو بھی قلب میں نور پہنچ جائے گا۔ سائنس دانوں کے نزدیک تو انسانوں کی سانس میں کاربن ڈائی آکسائیڈ ہوتی ہے لیکن انبیاء علیہم السلام کی سانس میں اور اولیاء اللہ کی سانس میں صرف کاربن ڈائی آکسائیڈ نہیں ہوتی، ان کے پاکیزہ انوار کو سائنس دان کیا جانیں؟ انفاسِ نبوت صحابہ ساز ہوتے ہیں اور انفاسِ اولیاء، اولیاء ساز ہوتے ہیں کیوں کہ ان کے قلب میں اللہ کا نور بھرا ہوا ہے۔ جلے بُھنے دل سے جو سانس نکلتی ہے اس میں وہ انوار شامل ہوتے ہیں جو دوسرے دلوں میں نفوذ کر جاتے ہیں۔

لیکن صحبتِ اہل اللہ کے باوجود جن لوگوں کے سلوک میں دیر ہو رہی ہے، وصول الی اللہ نصیب نہیں ہو رہا ہے، وہ کسی نہ کسی گناہ میں مبتلا ہیں۔ ذکر بھی کرتے ہیں، لیکن ذکر سے جہاں نور پیدا ہوا پھر بد نظری کرکے یا کوئی گناہ کرکے اسے بجھا دیا۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی عجیب مثال دی ہے ایک حکایت سے۔ دو چور ایک گھر میں داخل ہوئے۔ آٹھ سو سال پہلے کی حکایت بیان فرما رہے ہیں جب دو چقماق پتھر کو آپس میں رگڑ کر اندھیرے میں روشنی کی جاتی تھی۔ دونوں میں آپس میں یہ طے ہوا کہ ایک تو مال لوٹے گا اور دوسرا یہ کام کرے گا کہ مالکِ مکان جب روشنی کے لیے پتھر رگڑے گا تو تم اس روشنی پر انگلی رکھتے رہنا تاکہ روشنی نہ ہونے پائے اور مالکِ مکان دیکھنے نہ پائے۔ چناں چہ مالک مکان کو شبہ ہوا کہ گھر میں چور آگئے ہیں اور چوری ہو رہی ہے تو اس نے چقماق رگڑا کہ روشنی ہو تو دوسرے چور نے اس پر انگلی رکھ دی۔ جب وہ پتھر کو رگڑ کر روشنی کرنا چاہتا تھا چور اس پر انگلی رکھ دیتا تھا اور روشنی بجھ جاتی تھی۔ مولانا فرماتے ہیں کہ شیطان بھی اسی طرح بعضے سالکین کے نور پر انگلیاں رکھ رہا ہے۔ جب سالک نے اللہ اللہ کیا، تلاوت کی شیطان نے فوراً اس کی آنکھوں سے کسی عورت کو دِکھا دیا، کسی لڑکے کے عشق میں مبتلا کر دیا، دل میں گندے خیالات میں مبتلا کر دیا۔ لہٰذا گناہوں کی وجہ سے اور مستقل نافرمانی کے سبب عمر گزر گئی اور یہ شخص صاحبِ نسبت نہ ہو سکا۔ حالاں کہ رات دن خانقاہوں میں ہے، اولیاء اللہ کے جھرمٹ میں رہتا ہے، ابدال اور اقطاب کے ساتھ رہتا ہے، ذکر و تلاوت بھی کرتا ہے لیکن گناہوں سے نہیں بچتا اس لیے اس کا نور تام نہیں ہوتا اور یہ محروم رہ جاتا ہے۔ لہٰذا جو شخص چاہے کہ اس کا نور تام ہو جائے اور وہ اللہ والا ہو جائے وہ گناہ سے ایسے بچے جیسے کسی خوبصورت سانپ سے بچتا ہے۔ بزرگوں نے فرمایا کہ گناہ سے اس لیے بھی بچو کہ گناہ ہم کو محبوبِ حقیقی تعالیٰ شانہ سے دور کرتا ہے۔ مولانا رومی نے کتنے درد سے یہ دعا مانگی ہے؎

یارِ شب را روزِ مہجوری مدہ

جن کو اے اللہ! آپ نے راتوں میں اپنی یاد کی توفیق دی ان کو جدائی کا دن نہ دکھائیے یعنی رات میں جنھوں نے "اللہ اللہ" کیا، تہجد پڑھی، آپ کو یاد کیا، اے اللہ! دن میں ان کو گناہ سے بچائیے۔ ایسا نہ ہو کہ دن میں ہم آپ کی عظمتوں کے خلاف اپنی بندگی کو استعمال کرلیں، اپنی نگاہوں سے آپ کی مرضی کے خلاف دیکھ لیں، کیوں کہ عبادت اللہ تعالیٰ کی محبت کا حق ہے اور گناہ سے بچنا اللہ تعالیٰ کی عظمت کا حق ہے، اللہ تعالیٰ کے دونوں حق ادا کرلیجیے اور ولی اللہ بن جائیے۔

حدیث نمبر ۱۰

اَللّٰھُمَّ اَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا[۳۶]

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہم کو خوش کر دیجیے اور ہم سے خوش ہو جائیے۔

حدیث اَللّٰھُمَّ اَرْضِنَا...الخ کی تشریح کی الہامی تمثیل

حدیثِ پاک کی دعا ہے: اَللّٰھُمَّ اَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا اے اللہ! آپ ہم کو خوش کر دیجیے اور ہم سے خوش ہو جائیے۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعا میں بندہ کی خوشی کو مقدم فرمایا اور اللہ کی خوشی کو مؤخر فرمایا۔ وجہ یہ ہے کہ علومِ نبوت قرآن پاک سے ماخوذ اور مقتبس ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِرْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً[۳۷]

اے اطمینان والی روح! تو اپنے رب کی طرف چل اس طرح کہ تو اس سے خوش اور وہ تجھ سے خوش۔ بندہ کی خوشی کو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں مقدم فرمایا اور اپنی خوشی کو مؤخر فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا میں وہی ترتیب رکھی جو قرآن پاک میں نازل ہے، لہٰذا یہ حدیث قرآن پاک کی اس آیت سے مقتبس ہے۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایک سوال قائم کیا کہ اللہ تعالیٰ کی خوشی تو اعلیٰ چیز ہے اور بندوں کی خوشی اس کے مقابلہ میں ادنیٰ چیز ہے، تو پھر بندوں کی خوشی کو اللہ تعالیٰ نے کیوں مقدم کیا؟ اس کا جواب خود علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے دیا کہ اس کا نام ہے اَلتَّرَقِّیْ مِنَ الْاَدْنٰی اِلَی الْاَعْلٰی کہ ترقی ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف دی جاتی ہے، جیسے انٹر کے طالب علم کو بی اے میں داخلہ دیا جاتا ہے، لیکن اس کی

---

[۳۶] هذا مختصر من حديث عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ، يقُولُ: كَانَ النَّبِى صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيه الوَحى سُمِعَ عِنْدَ وَجْهه كَدَوِىِّ النَّحْلِ فَأُنْزِلَ عَلَيه يَوْمًا فَمَكَثْنَا سَاعَة فَسُرِّى عَنْه فَاسْتَقْبَلَ القِبْلَة وَرَفَعَ يدَيه وَقَالَ: «اللّٰهمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا، وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا، وَأَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا، وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَينَا، وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا»، ثُمَّ قَالَ صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ: «أُنْزِلَ عَلَيَّ عَشْرُ اٰيَاتٍ، مَنْ أَقَامَهنَّ دَخَلَ الجَنَّة»، ثُمَّ قَرَأَ: {قَدْ أَفْلَحَ المُؤْمِنُونَ} [المؤمنون:۱] حَتّٰى خَتَمَ عَشْرَ اٰيَاتٍ، أخرجه الترمذى فى سننه:۲/۱۵۰، برقم (۳۱۷۳) فى باب ومن سورة المؤمنون، وأحمد فى مسنده (۱/۲۶۵، دار الحديث) برقم (۲۲۳)

[۳۷] الفجر:۲۸

ایک مثال اللہ تعالیٰ نے میرے قلب کو عطا فرمائی کہ کبھی ابا اپنے چھوٹے بچے کو لڈو دیتا ہے اور کہتا ہے کہ خوش ہو جا اور میں بھی تجھ سے خوش ہوں جب ہی تو یہ لڈو دیا ہے، اگر ناراض ہوتا تو کیوں دیتا؟ تو جس طرح ابا اپنی خوشی کو مؤخر کرتا ہے اور بچہ کی رعایت سے اس کی خوشی کو مقدم کرتا ہے، تو جب ابا کی شفقت کا یہ تقاضا ہے تو ہمارے ربّا نے بھی ہمارا دل خوش کرنے کے لیے ہماری خوشی کو پہلے بیان کر دیا۔ وہاں شفقتِ پدری ہے اور یہ شفقتِ ربوبیت ہے اور ماں باپ کہاں سے شفقت لائیں گے، یہ بھی اللہ تعالیٰ کی شفقت کا ظہور ہے۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرماتے ہیں ؎

مادراں را مہر من آموختم

اے ماؤں کی محبت پر ناز کرنے والو! ماؤں کو محبت کرنا تو میں نے ہی سکھایا ہے، اگر میں ان کے جگر میں محبت نہ ڈالتا تو یہ کہاں سے محبت لاتیں؟ تو سوچو کہ پھر میری رحمت کا کیا عالم ہو گا۔ یہ تو ایک حصۂ رحمت کا ظہور ہے جس سے سارے عالم میں مخلوق ایک دوسرے سے محبت کر رہی ہے، ننانوے حصۂ رحمت تو میرے پاس ہے جس کا ظہور قیامت کے دن ہو گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مزاج شناسِ الوہیت کون ہو سکتا ہے؟ لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے کلام کی اتباع میں اسی ترتیب سے دعا مانگی کہ اے اللہ! آپ ہمیں خوش کر دیجیے اور ہم سے خوش ہو جائیے۔ آہ! بچہ یہی کہتا ہے کہ ابا! ہم کو خوش کر دیجیے اور آپ بھی خوش ہو جائیے۔ اور ایک دعا یہ بھی کرتا ہوں اور سکھاتا بھی ہوں کہ جب اللہ تعالیٰ سے کوئی خوشی مانگو، تو یوں کہو کہ اے اللہ! ہم تو آپ کو خوش نہیں کر سکے، بوجہ اپنی نالائقی اور ضعفِ بشریت کے، لیکن آپ ہم کو خوش کر دیجیے کہ آپ ہماری طرف سے خوشیوں سے بے نیاز ہیں، لہٰذا اگر آپ ہمیں خوش نہیں کریں گے تو ہم کہاں سے خوشی پائیں گے؟ کیوں کہ آپ کے سوا ہمارا کوئی دوسرا مولیٰ بھی تو نہیں۔ آپ کے سوا ہمارا ہے ہی کون؟

حدیث نمبر ۱۱

سَبۡعَةٌ يُّظِلُّهُمُ اللهُ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ فِيۡ ظِلِّهٖ يَوۡمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ اِمَامٌ عَادِلٌ وَّرَجُلٌ قَلۡبُهٗ مُعَلَّقٌ بِالۡمَسَاجِدِ وَشَابٌّ نَشَأَ فِيۡ عِبَادَةِ رَبِّهٖ . . . الخ[۳۸]

ترجمہ: سات قسم کے لوگ ایسے ہیں جن کو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش کا سایہ نصیب فرمائیں گے جس دن سوائے اس کے کوئی اور سایہ نہ ہو گا، ان میں پہلا شخص ہے امامِ عادل۔ اور ایک وہ آدمی ہے جس کا دل مسجد میں اٹکا رہے اور وہ جوان جو اپنے عالمِ شباب کو اللہ پر فدا کر دے۔

امامِ عادل کی عجیب الہامی شرح

حدیثِ پاک میں ہے: سَبۡعَةٌ يُّظِلُّهُمُ اللهُ يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ فِيۡ ظِلِّهٖ يَوۡمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ سات قسم کے لوگ ایسے ہیں جن کو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش کا سایہ نصیب فرمائیں گے، جس دن سوائے اس کے کوئی اور سایہ نہ ہو گا۔ ان میں پہلا شخص ہے امامِ عادل۔ آپ کہیں گے کہ اس حصہ کو تو ہم حاصل نہیں کر سکتے کیوں کہ امامِ عادل کے معنیٰ ہیں سلطان، بادشاہ اور امیر المؤمنین۔ ہم لوگ کیسے بادشاہ بن سکتے ہیں لہٰذا علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ اور ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ شراحِ حدیث نے ایک ایسا نکتہ بتایا کہ ہم سب کے سب اس صف میں شامل ہو سکتے ہیں اور گھر کا ہر بڑا شخص اپنے گھر کا امام ہے۔ قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: وَاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا[۳۹] جس کی تفسیر میں حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہاں متقیوں کی امامت مقصود نہیں ہے، بلکہ یہ کہنا ہے کہ اے اللہ! ہم اپنے گھر کے امام تو ہیں ہی، لیکن اگر میرے گھر والے نافرمان رہیں گے تو میں امامُ الفاسقین رہوں گا اور اگر

۳۸؎ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضى الله عنه عَنِ النَّبِي صلى الله عليه وسلم قَالَ: سَبۡعَةٌ يظِلُّهُمُ اللهُ فِي ظِلِّهٖ يوۡمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهٗ اَلۡإِمَامُ الۡعَادِلُ وَشَابٌّ نَشَأَ فِي عِبَادَةِ رَبِّه وَرَجُلٌ قَلۡبُهٗ مُعَلَّقٌ فِي الۡمَسَاجِدِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي الله اجۡتَمَعَا عَلَيه وَتَفَرَّقَا عَلَيه وَرَجُلٌ طَلَبَتۡه امۡرَأَة ذَاتُ مَنۡصِبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ إِنِّي أَخَافُ اللهَ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ أَخۡفٰى حَتّٰى لَا تَعۡلَمَ شِمَالُهٗ مَا تُنۡفِقُ يمِينُهٗ وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللهَ خَالِيًا فَفَاضَتۡ عَيۡنَاهُ. أخرجه البخارى فى صحيحه (۹۱/۱) برقم (۶۶۰) فى باب من جلس فى المسجد ينتظر الصلٰوة وفضل المساجد. و مسلم فى صحيحه (۳۳۱/۱) برقم (۲۴۲۷) فى باب فَضۡلِ إِخۡفَاءِ الصَّدَقَة

۳۹؎ الفرقان: ۷۴

آپ میرے گھر والوں کو نیک، متقی اور نمازی بنادیں تو میں امامُ المتقین ہوں گا۔ تو ہر بڑا اپنے گھر میں عدل قائم کرے، جو اپنے چھوٹوں پر اور متبعین پر عدل قائم کرے گا اس کو بھی یہ فضیلت حاصل ہو جائے گی۔

اس حدیث کی شرح میں اللہ تعالیٰ نے ایک مضمون میرے قلب کو عطا فرمایا کہ ہر انسان کے پاس دو گز کی مملکت موجود ہے، جس میں دارالسلطنت بھی ہے اور صوبے بھی ہیں۔ دل دارالسلطنت ہے، آنکھوں کا صوبہ ہے، کانوں کا صوبہ ہے، زبان کا صوبہ ہے لہٰذا جو سر سے پیر تک اپنی دو گز کی مملکت پر اللہ کی مرضی کے مطابق عدل قائم کر دے یہ بھی امامِ عادل میں داخل ہو جائے گا۔ عدل کیا چیز ہے؟ عدل کو اس کے تضاد سے سمجھیے، کیوں کہ ہر چیز اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہے۔ دن کو پہچاننے کے لیے رات کی ضرورت ہے، ایمان کو پہچاننے کے لیے کفر ہے، گرمی کو پہچاننے کے لیے سردی کی ضرورت ہے، عدل کی پہچان ظلم سے ہوتی ہے۔ ہر وہ کام جو اللہ کی مرضی کے خلاف ہو وہ ظلم ہے۔ جو اپنی نظروں کو نافرمانی سے نہیں بچاتا، یہ ظالم ہے عادل نہیں ہے، جو اپنے کانوں کو نافرمانی سے نہیں بچاتا، یہ ظالم ہے عادل نہیں ہے، جو اپنی زبان سے نافرمانی کرتا ہے یہ ظالم ہے عادل نہیں ہے لہٰذا اگر چاہتے ہو کہ امامِ عادل کا مقام مل جائے یعنی عرش کا سایہ تو اپنے جسم کی مملکت پر عدل قائم کر دو۔ کانوں پر عدل قائم کرو یعنی کانوں پر ظلم نہ کرو، گانا نہ سنو، آنکھوں پر عدل قائم کرو یعنی نامحرموں کو، کسی کی بہو بیٹی اور لڑکوں کو نہ دیکھو، زبان پر عدل قائم کرو یعنی غیبت سے بچو، کسی کو ایذا نہ پہنچاؤ، اسی طرح گالوں پر عدل قائم کرو یعنی داڑھیوں کو نہ منڈاؤ، اسی طرح ٹخنوں پر عدل قائم کرو یعنی پاجامہ اور لنگی ٹخنوں سے نیچے نہ لٹکاؤ۔ خواتین بھی عدل قائم کریں یعنی بغیر برقعہ کے گھروں سے نہ نکلیں۔

لہٰذا ہر شخص امامِ عادل ہو سکتا ہے۔ دو گز کی جو زمین ہمیں ملی ہے ہم اس کے امیر، امام اور بادشاہ ہیں۔ سوال ہو گا کہ آنکھوں کے صوبہ میں بغاوت کیوں ہوئی، کیوں بدنظری کرتے تھے، کانوں کے صوبہ میں بغاوت کیوں ہوئی؟ گالوں کے صوبہ میں داڑھی منڈا کر کیوں تم نے بغاوت ہونے دی؟ تم نے اپنے قلب کے ہیڈ کوارٹر اور دارالسلطنت سے اپنی قوتِ ارادیہ کی فوج سے ان صوبوں پر کیوں کرفیو نہیں لگایا؟ لہٰذا جسم کی دو گز زمین کی مملکت پر جو شخص اللہ کی نافرمانی کرتا ہے، صوبوں کی بغاوت کو کنٹرول نہیں کرتا وہ امامِ عادل نہیں، امامِ ظالم ہے اور جو شخص اس مملکت کو تابع فرمانِ الٰہی کر دیتا ہے قیامت کے دن ان شاء اللہ اس کو امامِ عادل کا مقام حاصل ہو گا۔

امامِ عادل کی جو شرح اللہ نے میرے قلب کو عطا فرمائی، حدیثوں کی ساری شرحیں پڑھ لیجیے، محدثین سے پوچھ لیجیے پھر اختر کی بات کو غور سے سنیے، تو معلوم ہو گا کہ اللہ تعالیٰ اختر کی زبان سے کیا کام لے

رہا ہے وَلَا فَخْرَ یَا رَبِّیْ اے اللہ! کوئی فخر نہیں، آپ کی رحمت کی بھیک ہے۔ جب ہمارے طلباء یہ حدیث پڑھائیں گے اور اس تقریر کو پیش کریں گے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ علماء بھی وجد کریں گے کہ آج ہم پہلی دفعہ ایسی تقریر سن رہے ہیں۔

حدیثِ پاک کے دوسرے جز کی شرح

مکان کی محبت مکین سے اشدّ محبت کی دلیل ہے

قیامت کے دن جن لوگوں کو سایۂ عرش عطا ہو گا ان میں سے ایک ہے رَجُلٌ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ بِالْمَسَاجِدِ وہ آدمی جس کا دل مسجد میں اٹکا رہے۔ نماز پڑھ کر آ گیا اور مارکیٹ میں دوکان کے اندر بیٹھا ہے اور دل لگا ہوا ہے کہ کب دوسری اذان ہو اور اللہ کے گھر چلوں۔ اس کی شرح اللہ والوں نے یہ کی ہے کہ جس کا دل مسجد میں لٹکا ہوا ہے یعنی جس کو اللہ کے گھر سے اتنا پیار ہے تو اس کو خود اللہ سے کتنا پیار ہو گا۔ ایک تاجر نے کہا: یہ کیسے ممکن ہے کہ ہم دوکان میں ہوں اور دل مسجد میں ہو؟ تو حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ ایسے ہی ممکن ہے جیسے اس وقت ہے کہ تم مسجد میں ہوتے ہو اور دل دوکان میں ہوتا ہے۔ ابھی دوکان اور تجارت کی محبت غالب ہے، تو جسم مسجد میں ہوتا ہے اور دل دوکان میں اٹکا رہتا ہے، جب اللہ تعالیٰ کی محبت غالب ہو جائے گی تو جسم دوکان میں ہو گا اور دل مسجد میں ہو گا، جس کی محبت غالب ہوتی ہے پھر اسی کی یاد غالب ہو جاتی ہے۔ پھر دل میں بھی اللہ کا دھیان رہے گا اور زبان سے بھی بات بات میں اللہ کا نام لو گے۔ تاجر کو مال بھیجنا ہے تو کہو گے کہ ان شاء اللہ کل بھیج دوں گا، کوئی خوشی آئی تو کہو گے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، اے اللہ! آپ کا احسان ہے، شکر ہے، کبھی سُبْحَانَ اللّٰہِ کبھی مَا شَاءَ اللّٰہُ بات بات میں ان کا نام لو گے، کیوں کہ ؎

ان سے ملنے کو بہانہ چاہیے

اور نماز کے لیے پانچ وقت اللہ تعالیٰ کا مسجد میں بلانا یہ بھی اللہ کی رحمت ہے۔ کسی کی ماں کہے: بیٹا! مجھے دن میں پانچ بار اپنا چہرہ دِکھا جایا کرو تو بیٹا کہتا ہے کہ میری ماں مجھ سے بہت پیار کرتی ہے، تو کیا یہ اللہ تعالیٰ کا پیار نہیں ہے کہ پانچوں وقت ہمیں بلاتے ہیں اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ سے اعلان کراتے ہیں ، جس کا عاشقانہ ترجمہ یہ کرتا ہوں کہ اے میرے غلامو! جلدی جلدی وضو کر کے تیار ہو جاؤ، مولائے کریم اپنے غلاموں کو یاد فرما رہے ہیں۔ اور جو ظالم اذان سن کر بھی مسجد کی طرف نہ جائے تو سمجھ لو کہ وہ کتنا محروم ہے کہ اتنا بڑا مالک بلا رہا ہے پھر بھی نہیں جاتا۔ یہ جس دنیا سے لپٹا ہوا ہے اور جس کی محبت میں یہ مسجد نہیں جا رہا ہے وہ دنیا ایک دن

اس کو لات مار کر قبر میں دھکیل دے گی، اس دن پتا چلے گا کہ جس پر ہم مر رہے تھے وہ کام نہ آئی۔ اگر اللہ پر مرتے تو وہ اللہ زمین کے نیچے بھی ساتھ دیتا ہے، قیامت کے دن بھی ساتھ دے گا اور جنت میں بھی ساتھ دے گا۔ ایسے مالک کو خوش نہ کرنا اس سے بڑھ کر نادانی اور بے وفائی اور احسان فراموشی کیا ہو سکتی ہے؟

حدیثِ پاک کے تیسرے جز کی شرح

سایۂ عرش حاصل کرنے کا طریقہ

جو اپنی جوانی کی اُٹھان کو اپنے رب کی عبادت میں استعمال کر لے، اس کو قیامت کے دن عرش کا سایہ ملے گا۔ یہ بخاری شریف کا متن ہے، مگر شارحِ بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ چودہ جلدوں کی شرح "فتح الباری" میں فرماتے ہیں کہ ایک روایت اور آئی ہے کہ شَآبٌّ اَفْنٰی نَشَاطَهٗ وَ شَبَابَهٗ فِيْ عِبَادَةِ رَبِّهٖ [۴۰] جو جوان اپنی جوانی کو اپنے رب پر جلا کر خاک کر دے، اپنی خواہشات کا غلام نہ بنے اور بری بری خواہشوں سے یہ اعلان کر دے ؎

جلا کے راکھ نہ کر دوں تو داغ نام نہیں

اے نفس! مجال نہیں ہے کہ تو مجھ پر غالب آجائے، میں اپنے مولیٰ کو ناراض نہیں کروں گا چاہے میری جوانی رہے یا نہ رہے۔ ایک جوانی کیا چیز ہے، اگر ہم ایک کروڑ جوانی بھی اللہ پر فدا کر دیں تو اس کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔ تو ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ یہ روایت نقل کر کے فرماتے ہیں کہ جو جوان اپنی جوانی کو اللہ پر فدا کر دے اور جوانی کی حرام خوشیوں کو فنا کر دے تو اس کو بھی عرش کا سایہ ملے گا اور علامہ بدر الدین عینی نے شرح بخاری عمدۃ القاری میں لکھا ہے کہ شَابٌّ جَمِيْلٌ دَعَاهُ الْمَلِكُ لِيُزَوِّجَ بِنْتَهٗ بِهٖ فَخَافَ اَنْ يَّرْتَكِبَ بِهِ الْفَاحِشَةَ فَامْتَنَعَ ایک خوبصورت جوان کو بادشاہ نے بلایا تاکہ اس سے اپنی بیٹی کا نکاح کر دے، مگر وہ بادشاہ عادت کا اچھا نہ تھا، اس نوجوان کو ڈر لگا کہ یہ بیٹی تو دے گا مگر میرے حسن کو غلط استعمال کرے گا، میرے ساتھ بد فعلی کرے گا، لہٰذا اس نے انکار کر دیا کہ ہم آپ کی بیٹی سے شادی نہیں کرنا چاہتے، تو علامہ بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو بھی عرش کا سایہ دے گا، کیوں کہ اس نے اپنی جوانی کو اللہ پر فدا کر دیا۔

---

[۴۰] ذکرہ العسقلانی فی فتح الباری: ۱۴۵/۲، فی باب من جلس فی المسجد ینتظر الصلٰوۃ، بیروت

حسن کا شکر کیا ہے؟

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ سورۂ یوسف کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ حسن کا شکریہ کیا ہے؟ اگر خدائے تعالیٰ کسی کو حسین پیدا کریں تو حسن کا شکریہ کیا ہے؟ فرماتے ہیں:

فَإِنَّ شُكْرَ الْحُسْنِ أَنْ لَّا يُشَوِّهَ فِيْ مَعَاصِي اللهِ تَعَالٰى شَانُهٗ

جس کو اللہ تعالیٰ حسین پیدا کرے اس کے حسن کا شکریہ یہ ہے کہ اپنے حسن کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں استعمال نہ کرے، جس نے حسن دیا ہے اُسی پر حسن کو فدا کرے، جس نے دردِ دل دیا ہے اُسی پر دردِ دل کو فدا کرے۔ اب رہ گیا کہ جوانی اللہ پر کیسے فدا ہو؟ تو اس کے لیے علمِ دین حاصل کرنے میں جان گھلائے، بہترین جید عالمِ دین بنے، حاشیہ دیکھے، شروح دیکھے، متن کو حل کرے، یہاں تک کہ اعراب بھی دیکھے کہ کس باب سے ہے، جو اس غم میں گھل جائے وہ بہترین عالمِ دین ہو گا لیکن جوانی میں تین کام ایسے ہیں کہ جو ان تین کاموں سے بچ جائے گا اس کی جوانی مرتے دم تک جوان رہے گی، اس کے بال سفید ہو جائیں گے مگر اس پر عالمِ شباب کی کیفیت طاری رہے گی، کیوں کہ اس نے اپنے شباب کو اللہ پر فدا کیا ہے۔

حدیث نمبر ۱۲

فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ[۴۱]

ترجمہ: اے اللہ! تمام تعریفیں آپ کے لیے ہیں اور آپ کا شکر ہے۔

ایک صاحب نے مجھ سے کہا کہ بہت لوگ میرے مرید ہو رہے ہیں، کہیں میرے دل میں بڑائی نہ آجائے۔ میں نے کہا: جب بہت زیادہ مرید ہوں یا لوگ آپ کی تعریف کریں تو فوراً کہو: اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ کہ اے اللہ! تمام تعریفیں آپ کے لیے ہیں اور شکر ہے آپ کا۔ ہم تو مٹی ہیں، بس آپ کے کرم کے سورج کی شعاعیں پڑ گئیں جو یہ مٹی چمک رہی ہے۔ یہ تو آپ کا کمال ہے، ہمارا کیا ہے۔ اگر مٹی چمکتی ہے سورج

---

[۴۱] هذا مختصر من حديث عبد الله بن غنام البياضي رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قال مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِي مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ. فَقَدْ أَدّٰى شُكْرَ يَوْمِهِ وَمَنْ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ حِينَ يُمْسِي فَقَدْ أَدّٰى شُكْرَ لَيْلَتِهِ. أخرجه أبو داؤد في سننه (۳۳۷/۲) برقم (۵۰۷۵) في باب ما يقول إذا أصبح

کی شعاعوں سے تو یہ مٹی کا کمال نہیں ہے، یہ سورج کی شعاعوں کا کمال ہے۔ اگر مٹی کو ناز ہو جائے اور سورج اپنا رُخ پھیر لے تب پتا چلے گا کہ مٹی میں کیا چمک ہے، لہٰذا تکبر کا بہترین علاج یہی ہے کہ جب کبھی کوئی تعریف کرے تو فوراً پڑھو اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَ لَکَ الشُّکْرُ شکر سے قرب ہوتا ہے اور تکبر سے دوری ہوتی ہے یعنی شکر سببِ قرب ہے اور کبر سببِ بُعد ہے اور سببِ قرب اور سببِ بُعد کا جمع ہونا محال ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے ہی تکبر بھاگ جائے گا، جیسا کہ ایک مچھر نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی عدالت میں مقدمہ دائر کیا کہ جب اپنا پیٹ بھرنے کے لیے میں خون چوستا ہوں تو ہوا مجھے اُڑا کر لے جاتی ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ عدالت میں مدعی اور مدعاعلیہ دونوں کا موجود ہونا ضروری ہے لہٰذا تم مدعی ہو میں ابھی مدعاعلیہ کو بلاتا ہوں اور ہوا کو حاضر ہونے کا حکم دیا۔ جب ہوا آئی تو یہ بھاگ گیا اور کہا کہ میں بھاگا نہیں ہوں بھگایا گیا ہوں کیوں کہ ہوا کے سامنے میں ٹھہر نہیں سکتا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہوا سے فرمایا کہ تو چلی جا۔ جب مچھر آیا تو آپ نے ڈانٹ کر فرمایا کہ جب مدعاعلیہ آیا تو تم کیوں بھاگ گئے۔ اس نے کہا: یہی تو رونا ہے کہ جب ہوا آتی ہے تو میرا وجود نہیں رہتا اور میرا پیٹ نہیں بھرتا۔ میں خون چوسنے میں لگا ہوتا ہوں کہ ہوا آتی ہے اور مجھے بھگا دیتی ہے۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے اس واقعہ کو بیان کرکے فرمایا کہ جب اللہ اپنی تجلیاتِ خاصہ سے تمہارے دل میں متجلی ہو گا تو تمہارے اندھیرے خود ہی نہیں رہیں گے ؎

می گریزد ضدّہا از ضدّہا
شب گریزد چوں برافروزد ضیا

جب آفتاب نکلتا ہے تو رات خود بھاگتی ہے، اُسے بھگانا نہیں پڑتا، لہٰذا ظلمات کو بھگانے کی فکر نہ کرو اور آفتاب سے دوستی کرلو، اندھیرے خود بخود بھاگ جائیں گے۔ لہٰذا جب مخلوق تعریف کرے تو کہیے، اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَ لَکَ الشُّکْرُ اللہ تعالیٰ کے شکر سے اپنے اوپر سے نظر ہٹ جائے گی اور اللہ کی عطا پر ہو جائے گی جس سے اللہ کا قرب نصیب ہو گا اور قرب اور بُعد کا جمع ہونا محال ہے، لہٰذا جب شکر پیدا ہو گیا تو تکبر از خود بھاگ جائے گا۔

حدیث نمبر ۱۳

اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَکُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ[۴۲]

ترجمہ: حرام سے بچو تم سب سے بڑے عبادت گزار ہو جاؤ گے۔

چوبیس گھنٹے کا عبادت گزار

ذکر کا سب سے اونچا مقام یہ ہے کہ اپنے مالک کو ایک سانس اور ایک لمحہ کو ناراض نہ کرو۔ کوئی شخص چوبیس گھنٹے کماًّ و کیفاً، زماناً و مکاناً کیسے ذکر کر سکتا ہے؟ لیکن جو شخص تقویٰ سے رہتا ہے اور گناہ سے بچتا ہے وہ چوبیس گھنٹے ذاکر ہے، اس سے بڑا اللہ کو یاد کرنے والا کوئی اور نہیں ہو سکتا، اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَکُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ حرام سے بچو، تم سب سے بڑے عبادت گزار ہو جاؤ گے۔ ایک آدمی دس پارہ تلاوت کرتا ہے، بیس رکعات نفل پڑھتا ہے، ہر ماہ عمرہ کرتا ہے، لیکن تقویٰ والے کو سب سے بڑا عبادت گزار کیوں فرمایا گیا؟ کیوں کہ عابد زیادہ سے زیادہ آٹھ گھنٹے عبادت کرلے گا، دس گھنٹے عبادت کرلے گا اس کے بعد دماغ ماؤف ہو جائے گا اور عبادت پر قادر نہ ہو سکے گا۔ عابد کو کبھی عبادتِ زمانیہ حاصل ہوتی ہے اور کبھی عبادتِ مکانیہ حاصل ہوتی ہے، کسی زمانے میں عبادت کرے گا اور کسی زمانے میں نہیں کر پائے گا، کسی مکان میں عبادت کرے گا اور کسی میں نہیں کر پائے گا لہٰذا اس کا کوئی زمانہ عبادت سے معمور ہو گا اور کوئی زمانہ خالی ہو گا، کوئی مکان عبادت والا ہو گا اور کوئی عبادت سے خالی ہو گا، لیکن متقی یعنی گناہ نہ کرنے والا زماناً و مکاناً کماًّ و کیفاً چوبیس گھنٹے عبادت میں ہے، چوبیس گھنٹے ذاکر ہے، کیوں کہ اللہ کو ناراض نہیں کر رہا ہے، اس لیے اَعْبَدَ النَّاسِ ہے اگرچہ کچھ نہیں کر رہا ہے، نہ نفل پڑھ رہا ہے، نہ تلاوت کر رہا ہے، نہ ذکر کر رہا ہے، خاموش بیٹھا ہے لیکن عبادت میں ہے، کیوں کہ کوئی گناہ نہیں کر رہا ہے۔ سو رہا ہے تو بھی عبادت میں ہے، بیوی بچوں سے بات کر رہا ہے تو بھی عبادت میں ہے، کیوں کہ کسی گناہ میں مبتلا نہیں ہے، اس

---

[۴۲] هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضى الله عنه أنه قال: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''مَنْ يأْخُذُ عَنِّى هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ فَيعْمَلُ بِهِنَّ أَوْ يعَلِّمُهنَّ مَنْ يعْمَلُ بِهِنَّ ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: أَنَا يا رَسُولَ الله. فَأَخَذَ بِيدِى فَعَقَدَ بِها خَمْسًا وَقَالَ: ''اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ أَعْبَدَ النَّاسِ، وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ، وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَأَحْسِنْ إِلَى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا، وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ، فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبِ''. أخرجه الترمذى فى سننه(۵۰۲/۲) برقم (۲۳۰۵) فى باب الصحة والفراغ نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس وقال هذا حديث غريب.

لیے اس کا ہر زمان اور ہر مکان نورِ تقویٰ سے مشرف ہے، لہٰذا متقی کو ذکرِ دوام اور عبادتِ دائمہ حاصل ہے۔ بتائیے! اللہ کو ناراض نہ کرنا کیا عبادت نہیں ہے؟ یہی وہ عبادت ہے کہ بہ نصِ قطعی جس سے اللہ کی ولایت اور دوستی نصیب ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنۡ اَوۡلِیَآؤُہٗۤ اِلَّا الۡمُتَّقُوۡنَ [۴۳]

صرف متقی بندے اللہ کے اولیاء ہیں۔ تقویٰ غلامی کے سر پر ولایت کا تاج رکھتا ہے، لیکن متقی کے معنیٰ یہ نہیں ہیں کہ کبھی اس سے خطا ہی نہ ہو گی، احیاناً کبھی صدورِ خطا بھی ہو سکتا ہے، لیکن وہ خطا پر قائم نہیں رہ سکتا اور گریہ وزاری، اشکباری اور آہ وزاری سے پھر اللہ کی یاری حاصل کر لیتا ہے۔ یہ صاحبِ خطا بہ برکتِ استغفار و توبہ صاحبِ عطا ہو جاتا ہے اور ایسا شخص بھی متقین کے زُمرہ میں شمار ہو گا۔ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ متقی رہنا اتنا ہی آسان ہے جتنا باوضو رہنا۔ وضو ٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کر کے آدمی باوضو ہو جاتا ہے، اسی طرح اگر کبھی تقویٰ ٹوٹ جائے تو پھر توبہ و استغفار کر لو آپ متقی کے متقی ہیں۔ خطا پر ندامت و آہ آپ کو دائرۂ تقویٰ سے خارج نہیں ہونے دے گی۔

عابدین کی عبادت وقتیہ محدودیہ ہے، وہ اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کی عبادت میں ایک محدود وقت تک ہی رہ سکتے ہیں، مثلاً نوافل اور ذکر و تلاوت ایک محدود وقت تک ہی کر سکتے ہیں، لیکن جو شخص تقویٰ سے رہتا ہے اور گناہ سے بچتا ہے وہ ہر وقت عبادت میں ہے۔ اس کا ہر منٹ، ہر سیکنڈ، ہر سانس اللہ تعالیٰ کو ناراض نہ کرنے کی عبادت میں مشغول ہے، اس لیے متقی چوبیس گھنٹہ کا عبادت گزار ہے، کیوں کہ چوبیس گھنٹے وہ اللہ کو ناراض نہ کرنے کی عبادت میں ہے۔ قلباً و قالباً و عیناً، ایک لمحہ بھی اللہ کو ناراض نہیں کرتا اسی لیے اس حدیثِ پاک میں متقی کو سب سے بڑا عبادت گزار فرمایا گیا۔ اور اگر کبھی خطا ہو جائے تو جب تک توبہ و استغفار سے، اشکبار آنکھوں سے اللہ کو راضی نہیں کر لیتا اس کو چین نہیں آتا۔ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ متقی رہنا اتنا ہی آسان ہے جتنا باوضو رہنا کہ وضو اگر ٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کر لو۔ اسی طرح تقویٰ اگر کبھی ٹوٹ جائے تو توبہ کر کے دوبارہ متقی ہو جاؤ۔ بس شرط یہی ہے کہ توبہ کرتے وقت توبہ توڑنے کا ارادہ نہ ہو، پکّا ارادہ ہو کہ اب یہ گناہ کبھی نہیں کروں گا۔ اگر وسوسہ آئے کہ تو پھر یہ گناہ کرے گا تو وسوسہ کا اعتبار نہیں۔ وسوسۂ شکستِ توبہ، عزمِ شکستِ توبہ نہیں ہے۔ اس کے باوجود بالفرض اگر آیندہ کبھی نفس سے

۴۳؎ الانفال: ۳۴

مغلوب ہو کر توبہ ٹوٹ گئی تو اس سے پہلی توبہ باطل نہیں ہوئی وہ ان شاء اللہ قبول ہے۔ پھر دوبارہ توبہ کرلو اور پھر عزم کرو کہ آیندہ کبھی توبہ نہ توڑوں گا اور کبھی یہ گناہ نہ کروں گا۔ تو میں نے گزارش کی کہ قلب میں اللہ تعالیٰ کی محبت کا دریائے لازوال و غیر محدود حاصل کرنے کا یعنی منتہائے اولیائے صدیقین تک پہنچنے کا راستہ یہ ہے کہ حواسِ خمسہ کے راستوں سے حرام لذت کا ایک ذرّہ داخل نہ ہونے دو اور ارادہ کرلو کہ اولیائے صدیقین کی آخری سرحد تک پہنچ کر مریں گے اور دعا بھی کرو کہ اے اللہ! ہم سب کو اولیائے صدّیقین کی خطِ انتہا تک پہنچا دے، ہم کو بھی، ہمارے بال بچوں کو بھی، ہمارے احبابِ حاضرین اور غائبین کو بھی۔

اب سوال یہ ہوتا ہے کہ اولیائے صدّیقین کون ہیں؟ تو علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے صدّیق کی تین تعریفیں کی ہیں:

۱) **اَلَّذِیۡ لَا یُخَالِفُ قَالُہٗ حَالَہٗ** جس کا قول اور حال ایک ہو یعنی دل و زبان ایک ہو، جس کا دل اس کی زبان کے ساتھ ہو یعنی زبان اس کے دل کی ترجمان ہو، اس کے قول و حال اور دل اور زبان میں فاصلے نہ ہوں۔ اور صدیق کی دوسری تعریف ہے:

۲) **اَلَّذِیۡ لَا یَتَغَیَّرُ بَاطِنُہٗ مِنۡ ظَاھِرِہٖ** جس کا باطن ظاہری حالات سے متاثر نہ ہو۔ اور صدیق کی تیسری تعریف ہے:

۳) **اَلَّذِیۡ یَبۡذُلُ الۡکَوۡنَیۡنِ فِیۡ رِضَا مَحۡبُوۡبِہٖ** [۴۴] صدیق وہ ہے جو دونوں جہاں اللہ پر فدا کردے۔ دنیا فدا کرنا تو سمجھ میں آتا ہے، لیکن آخرت کیسے فدا کریں؟ یعنی جنت کے لالچ میں نیک عمل مت کرو، اللہ کی خوشی کے لیے کرو اور جنت کو ثانوی درجہ میں رکھو۔ دلیل اس کی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ رِضَاکَ وَالۡجَنَّۃَ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ سَخَطِکَ وَالنَّارِ [۴۵]

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جنت کو مؤخر کرنا دلیل ہے کہ اے اللہ کے عاشقو! پہلے اللہ کو خوش کرنے کے لیے روزہ نماز کرو، جنت کو ثانوی درجہ میں رکھو اور گناہ جب چھوڑو تو پہلے اللہ کی ناراضگی کے خوف سے چھوڑو اور اس کی دلیل ہے **وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ سَخَطِکَ وَالنَّارِ** اے خدا! پہلے میں تیری ناخوشی سے پناہ چاہتا

۴۴؎ ذکرہ الاٰلوسی فی روح المعانی: ۸/۱۳ ،۷ فی تفسیر سورۃ یوسف (۴۶)، دار احیاء التراث، بیروت

۴۵؎ اخرجہ الامام الشافعی فی مسندہ: ۱۲۳/ ذکرہ ابن عادل فی تفسیرہ اللباب لابن عادل: ۵۱۹/۱۷، فی تفسیر سورۃ الفتح الاٰیۃ (۲۹)، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

ہوں پھر دوزخ سے۔ اور جہنم کو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ثانوی درجہ میں کر دیا، کیوں کہ اے اللہ! تیرا ناراض ہونا جہنم سے کم نہیں۔ اس دعا میں اُمت کو آپ نے تعلیم دے دی کہ یوں مانگو: اے اللہ! آپ کو ناخوش کرنا، گناہ کر کے حرام خوشی لانا اور حسینوں کے نمک حرام کو چکھنا یہ آپ کی ناراضگی کا سبب ہے اس لیے ہم آپ کی ناخوشی سے بچنا چاہتے ہیں اور ہم اپنی ایسی تمام خوشیوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔

صدیق کی تین تعریفیں تو آپ نے سن لیں اور چوتھی تعریف اللہ تعالیٰ نے اختر کو اپنے مبدءِ فیض سے براہِ راست عطا فرمائی بہ دعائے بزرگاں بطفیلِ اہل اللہ۔ جس مبدءِ فیض سے علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کو عطا ہوا اس مبدءِ فیض سے اگر اختر کو بھی عطا ہو جائے تو کیا تعجب ہے۔ وہ چوتھی تعریف یہ ہے کہ جو بندہ اپنی ہر سانس کو اللہ پر فدا کرے اور ایک سانس بھی اللہ کو ناخوش کر کے حرام خوشیاں اپنے اندر نہ لائے یہ بھی صدیق ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے یہ مقام ہم سب کو عطا فرمائے اور ولایتِ صدیقیت کی انتہا تک محض اپنے کرم سے ہم سب کو پہنچا دے اگرچہ ہمارے سینے اس کے اہل نہیں، لیکن اے اللہ! آپ تو اہل ہیں، ہم نااہلوں کو اہل بنانے پر بھی قادر ہیں، لہٰذا ہم نالائقوں پر اپنے کرم کی موسلا دھار بارش برسا دیجیے، آمین یا ربّ العالمین۔

حدیثِ پاک اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ کا ترجمہ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اے ابوہریرہ! تم اگر گناہ سے بچو، اللہ تعالیٰ کو ناراض نہ کرو تو تم سب سے بڑے عبادت گزار ہو جاؤ گے۔ متقی کو سب سے بڑا عبادت گزار اس لیے فرمایا چوں کہ تقویٰ چوبیس گھنٹہ کی عبادت ہے۔ نوافل و ذکر و تلاوت کوئی چوبیس گھنٹہ نہیں کر سکتا لیکن گناہ نہ کرنے کی عبادت چوبیس گھنٹے جاری رہتی ہے۔

حقِ ربوبیت اور تقاضائے بندگی

خدائے تعالیٰ کو ناراض نہ کرنا حق تعالیٰ کی پرورش اور احسان کا بھی تقاضا ہے اور شرافتِ بندگی کا بھی تقاضا ہے کہ اپنے پالنے والے کو ناراض کر کے ہم لذتوں کو اپنے قلب میں نہ لائیں اور یہ حقیقت وہ ہے کہ لائق بچے بھی جس پر عمل پیرا ہیں کہ محلہ کا کوئی لڑکا اگر کہتا ہے کہ چلو آج سینما دیکھیں، تو شریف بچہ کہتا ہے کہ نہیں! ابا ناراض ہو جائیں گے۔ اگر وہ کہتا ہے کہ آج ابا کی فکر چھوڑو، ابا کو ناراض ہونے دو، تو جو لائق بیٹا ہوتا ہے وہ یہی کہتا ہے کہ ابا نے ہمیں پالا ہے، ہم تمہارے مشورہ پر عمل کر کے اپنے پالنے والے کو ناراض نہیں کریں گے۔ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہیں، سارے عالم کو پال رہے ہیں، وہ اس کے زیادہ حقدار ہیں کہ ہم ان کو ایک لمحہ

کے لیے ناراض نہ کریں۔ وہ سارے عالم کے پروردگار ہیں، سارے عالم کی پرورش کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے اور ہم سب اجزائے عالم ہیں، تو جو سارے عالم کو پال سکتا ہے وہ جُزوِ عالم کو نہیں پال سکتا؟ لہٰذا شیطان کی دھمکی سے مت متأثر ہو کہ تم کہاں سے کھاؤ گے، کہیں ایسا نہ ہو کہ شیطان کی چال میں آکر رزق کے معاملہ میں تم حرام و حلال کی پروانہ کرو۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے ذمہ رزق نہیں رکھا ہے، ہر جاندار کے رزق کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے خود لی ہے، بس تھوڑا سا سبب تو اختیار کرنا پڑے گا، مثلاً دوکان کھولنی پڑے گی لیکن گاہک اللہ تعالیٰ بھیجے گا، اس لیے ان کو ناراض کرکے نہ رزق کماؤ، نہ کوئی ایسا کام کرو جو ان کی ناراضگی کا سبب ہو۔

چھوٹے بچوں سے وفاداری کا سبق

لہٰذا جب دل میں کوئی خواہش پیدا ہو تو اللہ تعالیٰ کے نام پر اختر اپیل کرتا ہے اور گو عجمی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس وقت عرب میں مقرر ہوں ورنہ اگر مالک آپ لوگوں کے دلوں میں محبت نہ ڈالتا تو میری بات آپ کیوں سنتے، اس لیے دردِ دل سے کہتا ہوں کہ جب دل میں کوئی خواہش پیدا ہو تو فوراً ایک چھوٹے بچے سے سبق لے لو۔ بعض بچے ایسے مہذب اور تربیت یافتہ ہوتے ہیں کہ اگر کوئی ان کو ٹافی پیش کرتا ہے کہ لو یہ ٹافی تو وہ بچہ اپنے ابّا کو دیکھتا ہے کہ ابّا کا کیا اشارہ ہے؟ جب ابّا آنکھ سے اشارہ کردیتا ہے کہ لے لو تو وہ بچہ لے لیتا ہے ورنہ نہیں لیتا۔ اسی طرح جب آپ کے دل میں بھی کوئی خواہش پیدا ہو اور شیطان حسین شکلوں کی ٹافی پیش کرے تو آسمان کی طرف دیکھو کہ ربّا کیا چاہتا ہے؟ وہ اس بات سے خوش ہے یا نہیں؟ کیا ربّا کا حق ابّا سے زیادہ نہیں ہے؟ باپ نے یہ آنکھیں نہیں بنائی۔ بِجَمِیْعِ اَعْضَائِنَا وَبِجَمِیْعِ اَجْزَائِنَا وَ بِجَمِیْعِ کَمِّیَّاتِنَا وَ بِجَمِیْعِ کَیْفِیَّاتِنَا ہم اللہ تعالیٰ کے غلام ہیں، ہمارا کوئی عضو اور کوئی جز، ہماری کوئی کیفیت اور کوئی خواہش ان کی غلامی سے آزاد نہیں ہے لہٰذا جب دل میں کوئی خواہش پیدا ہو، خواہ نظر کی ہو یا زبان کی ہو، ہاتھ کی ہو یا پیر کی ہو تو ایک چھوٹے بچے سے سبق لے لو کہ وہ ابّا کے اشارہ کے بغیر ایک ٹافی تک نہیں لیتا۔ آہ! ہم ایک چھوٹے بچے سے بھی گئے گزرے ہیں کہ ربّا کا اشارہ نہیں دیکھتے اور اپنی خواہش پر عمل کرلیتے ہیں، لہٰذا شرافتِ بندگی کا تقاضا ہے کہ جب دل میں کوئی خواہش پیدا ہو تو ربّا کا اشارہ دیکھو کہ وہ خوش ہے یا نہیں اور اپنے دل سے فتویٰ لے لو۔ اگر آپ کا دل فیصلہ کردے کہ اے دل! تجھ کو تو مزہ آئے گا مگر اللہ تعالیٰ اس بات سے خوش نہیں ہوں گے، تو بس پھر اپنی خوشیوں کا خون کرنا سیکھ لو۔ اسی خونِ آرزو سے وہ ملتے ہیں۔

عالمِ شباب کو اللہ تعالیٰ پر فدا کرنے کا انعام

اپنی مٹی کو ان مٹی کے کھلونوں پر مٹی مت کرو۔ جس اللہ تعالیٰ نے عالمِ شباب عطا فرمایا ہے اپنے شباب کو اسی پر فدا کرو، کیوں کہ بخاری شریف کی حدیث ہے کہ جس جوان نے اپنی جوانی اللہ تعالیٰ پر فدا کی اور نافرمانی سے جوانی کا عیش نہیں لیا اس کو قیامت کے دن سایۂ عرشِ الٰہی کا وعدہ ہے۔ بخاری شریف کی روایت ہے: شَابٌّ نَشَأَ فِیْ عِبَادَةِ رَبِّهٖ جس جوان کی جوانی اپنے رب کی عبادت میں پروان چڑھی اور دوسری روایت ہے شَآبٌّ نَشَأَ فِیْ عِبَادَةِ اللهِ اور تیسری روایت (فتح الباری) شرح بخاری میں علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہے جس کو اختر آپ کے سامنے پیش کر رہا ہے کہ شَآبٌّ اَفْنٰی شَبَابَهٗ وَنَشَاطَهٗ فِیْ عِبَادَةِ اللهِ جس جوان نے اپنی جوانی کی نشاط اور خوشیاں سب اللہ تعالیٰ کی عبادت میں فنا کردیں، اس کو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ عرش کا سایہ عطا فرمائیں گے جس دن اس سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہو گا۔

اور میرے شیخ فرماتے تھے کہ جو اپنی خواہشات کو جلا کر خاک کرتا ہے اور گناہوں سے بچتا ہے اور خونِ آرزو کرتا ہے، شکستِ تمنا کرتا ہے، اس کا جلا بُھنا دل اور ایمان اس قدر خوشبودار ہوتا ہے کہ شامی کباب اس کے مقابلہ میں کیا چیز ہے۔ جدھر سے یہ گزر جائے گا کافر بھی کہہ اُٹھے گا کہ بھئی! یہ کوئی اللہ والا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارحم الراحمین ہیں، وہ کسی بندے کی محنت اور مجاہدۂ شکستِ آرزو اور خونِ تمنا کو رائیگاں نہیں کرتے۔ وہ دیکھتے ہیں کہ اسی روئے زمین پر کتنے بندے ہیں جو وی سی آر، سینما، ڈش انٹینا اور بدنظری کی لعنت میں مبتلا ہیں لیکن ان ہی میں کچھ بندے ایسے بھی ہیں جو میری لعنت سے بچنے کے لیے اپنی نظر کی حفاظت کرتے ہیں، ان کا دل ہزاروں زخمِ حسرت کھاتا رہتا ہے مگر یہ وہ بندے ہیں جو مجھ کو ناراض کرکے حرام لذت کو استیراد نہیں کرتے، درآمد نہیں کرتے۔

زُحل، مُشتری اور مریخ کے متعلق سائنس دانوں کی تحقیق ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زحل اور مشتری کو چار چاند، مریخ کو چھ چاند اور زمین کو ایک چاند دیا ہے اور عطارد کو ایک چاند بھی نہیں دیا کیوں کہ سورج کے بالکل قریب ہے، اس لیے سورج کی روشنی سے ہر وقت چمکتا رہتا ہے۔ اسی پر میں کہتا ہوں کہ آفتاب ایک مخلوق ہے اس کے قریب رہنے والے سیارہ کو اللہ نے چاندوں سے مستغنی کر دیا، تو اللہ تعالیٰ کے خاص بندے جو اپنے قلب میں خالقِ آفتاب اور خالقِ شمس و قمر کی تجلیاتِ خاصہ رکھتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ کے نور کی تجلی ان کو زمین کے چاندوں سے مستغنی نہ کر دے گی؟ یہی وجہ ہے کہ وہ مٹی کے رنگ و روغن سے، مٹی کے ڈسٹمپروں

سے، مٹی کے کھلونوں سے نہیں بکتے۔ یہی دلیل ہے کہ ان کا قلب غیر اللہ سے مستغنی ہے، یہی علامت ہے کہ یہ شخص صاحبِ نسبت ہے۔ یہی علامت ہے کہ یہ صاحبِ ولایت ہے، یہی علامت ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا ولی اور دوست ہے۔ جب تک قلب غیر اللہ سے مستغنی نہ ہو اور دنیا کے چاندوں پر مر رہا ہو، تو سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ کی تجلیاتِ خاصہ سے ابھی محروم ہے۔

حدیث نمبر ۱۴

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ[۴۶]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے اس بندہ کو جو مومن ہے، لیکن بار بار خطا میں مبتلا ہو جاتا ہے مگر بکثرت توبہ بھی کرتا ہے۔

خوفِ شکستِ توبہ اور عزمِ شکستِ توبہ کا فرق

جب انسان توبہ کرتا ہے کہ اے اللہ! اب میں اس غلطی کو دوبارہ نہیں کروں گا، تو اس کا دل بھی اس کو ملامت کرتا ہے اور شیطان بھی اس کے کان میں کہتا ہے کہ تمہاری توبہ بارہا دیکھ چکا ہوں، بارہا تم نے ارادہ کیا کہ کسی کی بہو بیٹی کو نہیں دیکھوں گا، بد نظری نہیں کروں گا لیکن تم نے ہر بار توبہ توڑی ہے، تمہاری توبہ زبانی ہے اور قبول نہیں، کیوں کہ قبولیتِ توبہ کے لیے شرط یہ ہے کہ اَنْ یَّعْزِمَ عَزْمًا جَازِمًا اَنْ لَّا یَعُوْدَ اِلَیْھَا اَبَدًا[۴۷] ارادہ پکا ہو کہ دوبارہ ہم اس خطا کو نہیں کریں گے اور بار بار توبہ کا ٹوٹنا تو پکے ارادے کے خلاف ہے، لہٰذا تم کیا توبہ کرتے ہو، بارہا میں تمہارا تماشا دیکھ چکا ہوں ؎

یہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں

اس طرح شیطان مایوسی پیدا کرتا ہے کہ ہمارا عزمِ توبہ شاید قبول نہیں۔ اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے میرے قلب کو عطا فرمایا کہ گناہ نہ کرنے کا یہ پکا ارادہ بھی قبول ہے بشرطیکہ اس ارادہ کے وقت شکستِ ارادہ کا ارادہ

---

[۴۶] هذا حديث عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيةِ، عَنْ أَبِيه قَالَ: قَالَ رَسُولُ الله صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ: «إِنَّ الله يحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ» أخرجه أحمد في مسنده (۴۲/۲، برقم (۶۰۵)، دار الكتب العلمية

[۴۷] ذكره النووي في شرحه لصحيح مسلم: ۳۴۶/۲، في باب بيان النقصان في الايمان، دار احياء التراث، بيروت

نہ ہو یعنی توبہ کرتے وقت توبہ توڑنے کا ارادہ نہ ہو۔ جس آدمی کی توبہ بار بار ٹوٹتی رہتی ہے وہ جب اللہ سے کہتا ہے کہ اے اللہ! اب کبھی یہ گناہ نہ کروں گا تو اس کو اپنی توبہ کے ٹوٹنے کا خوف ہوتا ہے تو یہ خوفِ شکستِ توبہ ہے عزمِ شکستِ توبہ نہیں ہے۔ یعنی یہ توبہ ٹوٹنے کا خوف ہے، توبہ توڑنے کا ارادہ نہیں ہے۔ توبہ ٹوٹنے کا خوف اور چیز ہے اور توبہ توڑنے کا ارادہ اور چیز ہے، توبہ کے ٹوٹنے کا خوف عزمِ توبہ کے خلاف نہیں ہے اور قبولیتِ توبہ میں حائل نہیں ہے، مانع نہیں ہے۔ بس توبہ کرتے وقت دل میں پکا ارادہ ہو کہ اب کبھی یہ گناہ نہیں کروں گا اور توبہ کو نہیں توڑوں گا تو اس کی توبہ قبول ہے لیکن پھر بھی دل میں توبہ ٹوٹنے کا خوف آئے تو یہ خوف کچھ مضر نہیں بلکہ عینِ عبدیت، عینِ بندگی، عینِ اعترافِ قصور اور اپنی کمزوری کا اقرار ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی اس بندہ سے خوش ہوگا کہ میرا بندہ توبہ تو کر رہا ہے لیکن اپنے ضعفِ بشریت کی وجہ سے شکستِ توبہ سے ڈر بھی رہا ہے۔

اور اس خوف کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ توبہ توڑنے کا ارادہ رکھتا ہے جب کہ اس کے دل میں پکا ارادہ بھی ہے کہ میں آیندہ ہرگز یہ گناہ نہیں کروں گا۔ اس پکے ارادہ کے مقابلہ میں جب پکا ارادہ توبہ توڑنے کا ہو گا تب توبہ ٹوٹے گی۔ اگر وسوسہ آگیا تو بھی توبہ نہیں ٹوٹی کیوں کہ یقین کو یقین زائل کر سکتا ہے۔ وسوسہ اور وہم و گمان یقین کو نہیں زائل کر سکتا جیسے اگر کسی کو شبہ ہو جائے کہ میرا وضو ٹوٹ گیا تو جب تک یقین نہ ہو وضو نہیں ٹوٹتا۔ اتنا یقین ہو کہ وہ قسم کھالے کہ میرا وضو ٹوٹ گیا تب بے وضو ہوتا ہے۔ اسی طرح خوف و وسوسۂ شکستِ توبہ، عزمِ شکستِ توبہ نہیں ہے۔

لہٰذا خوفِ شکستِ توبہ کا ہونا محمود اور عینِ بندگی ہے کیوں کہ اس خوف میں اظہارِ عاجزی، اظہارِ کمزوری اور اظہارِ قصورِ بندگی ہے بلکہ جس کو یہ خوف نہ ہو وہ خطرہ میں ہے۔ یہ خوف نہ ہونا دلیل ہے کہ اس کو اپنے دست و بازو پر بھروسہ ہے، وہ اللہ سے مدد کا کیا طالب ہو گا اور جس کو توبہ کے ٹوٹنے کا خوف ہے وہ اللہ سے استمداد کرے گا۔ **یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ**[۴۸] پڑھے گا اور اللہ سے کہے گا کہ اے اللہ! اپنے نفس سے مجھے ڈر معلوم ہوتا ہے کہ کہیں میرا نفس پھر توبہ نہ توڑ دے لہٰذا اس توبہ پر قائم رہنے کی آپ سے امداد مانگتا ہوں۔ اگر ہم اپنی استقامت میں اللہ تعالیٰ کی اعانت کے محتاج نہ ہوتے تو **اِیَّاکَ نَعْبُدُ** کے

---

۴۸ ھذا جزء من حدیث شَھرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سَلَمَةَ: یا أُمَّ الْمُؤْمِنِینَ مَا کَانَ أَکْثَرُ دُعَاءِ رَسُولِ اللہ صَلَّی اللہ عَلَیہِ وَسَلَّمَ إِذَا کَانَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: کَانَ أَکْثَرُ دُعَائِہِ: یا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِی عَلَی دِینِكَ قَالَتْ: فَقُلْتُ: یا رَسُولَ اللہ مَا لِأَکْثَرِ دُعَائِكَ یا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِی عَلٰی دِینِكَ؟ قَالَ: یا أُمَّ سَلَمَةَ إِنَّہ لَیسَ اٰدَمِی إِلَّا وَقَلْبُہ بَینَ أُصْبُعَینِ مِنْ أَصَابِعِ اللہ، فَمَنْ شَاءَ أَقَامَ، وَمَنْ شَاءَ أَزَاغَ. فَتَلَا مُعَاذٌ {رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ ھَدَیتَنَا} اخرجہ الترمذی فی جامعہ: ۲/۳۶ فی باب ما جاء ان القلوب بین اصبعی الرحمٰن، ایچ ایم سعید

بعد وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ نازل نہ ہوتا۔ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ نازل فرما کر ہمیں بتا دیا کہ تم اپنی ادائے بندگی میں میری عطائے خواجگی کے محتاج ہو، میری مدد اور اعانت کے محتاج ہو لہٰذا اِيَّاكَ نَعْبُدُ تو کہو کہ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں لیکن فوراً وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ سے میری اعانت مانگو کیوں کہ بغیر میری مدد کے تم میری بندگی نہیں کر سکتے۔ پس جو شخص خوفِ شکستِ توبہ رکھتا ہے، یہ دلیل ہے کہ وہ اپنے دست و بازو پر بھروسہ نہیں رکھتا بلکہ اپنی استقامت کو اللہ کی اعانت کا محتاج سمجھتا ہے لہٰذا اس کو دو قرب حاصل ہیں: خوفِ شکستِ توبہ کا قرب الگ اور عزم علی التقویٰ کا قرب الگ۔

کبھی طاعتوں کا سرور ہے کبھی اعترافِ قصور ہے
ہے مَلک کو جس کی نہیں خبر وہ حضور میرا حضور ہے

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ [۴۹] اللہ محبوب رکھتا ہے اس بندہ کو جو مؤمن ہے لیکن بار بار خطا میں مبتلا ہو جاتا ہے مگر توّاب بھی ہے، کثیر التوبہ ہے، بار بار توبہ کرتا ہے، توبہ میں انتہائی مبالغہ کرتا ہے، ندامت سے قلب و جگر اللہ کے حضور پیش کرتا ہے، سجدہ گاہ کو آنسوؤں سے تر کر دیتا ہے، یہ بھی اللہ کا محبوب ہے، بندۂ مومن مبتلائے فتنہ، کثرتِ توبہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ کے دائرۂ محبوبیت سے خارج نہیں ہوتا۔ اگر کسی سے ایک کروڑ زنا ہو گیا، ایک کروڑ وی سی آر اور ننگی فلمیں دیکھ لیں، بے شمار بد نظری کر لی وہ بھی مایوس نہ ہو۔ ایک دفعہ دو رکعات توبہ پڑھ کر اشکبار آنکھوں سے، تڑپتے ہوئے دل سے اللہ سے معافی مانگ لے اللہ تعالیٰ اسی وقت تمام گناہ معاف کر دیتے ہیں۔ پھر کبھی سوچو بھی مت کہ گناہوں کی تعداد کیا ہے؟ سمندر کا ایک قطرہ جو نسبت سمندر سے رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کی غیر محدود شانِ غفاریت کے سامنے ہمارے گناہوں کی اتنی بھی حقیقت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہر شان غیر محدود اور بے شمار ہے اور ہمارے گناہوں کے شمارے محدود ہیں۔ اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ [۵۰]

---

۴۹ هذا الحديث روى عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِية، عَنْ أَبِيه قَالَ: قَالَ رَسُولُ الله صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ: «إِنَّ الله يحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ» أخرجه أحمد في مسنده (۲/۴۲)، برقم (۶۰۵)، دار الكتب العلمية

۵۰ هذا مختصر من حديث عبيد الله بن محمد بن جابر بن عبد الله عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَاذُنُوبَاه وَاذُنُوبَاه، فَقَالَ هٰذَا الْقَوْلَ مَرَّتَينِ أَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَ لَه رَسُولُ الله صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ أَوْسَعُ مِنْ ذُنُوبِي، وَرَحْمَتُكَ أَرْجَى عِنْدِي مِنْ عَمَلِي، فَقَالَها ثُمَّ قَالَ: "عُدْ"، فَعَادَ: ثُمَّ قَالَ: "عُدْ" فَعَادَ قَالَ: "قُمْ قَدْ غَفَرَ الله لَكَ"، أخرجه الحاكم في المستدرك: ۱/۷۲۸، برقم (۱۹۹۴)، دار الكتب العلمية، وأخرجه البيهقي في شعب الإيمان (۵/۴۲۰) برقم (۷۱۳۶)، دار الكتب العلمية

ترجمہ: اے اللہ! آپ کی مغفرت ورحمت میرے گناہوں سے وسیع تر ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ توبہ کرتے وقت توبہ توڑنے کا ارادہ نہ ہو، بس پکا ارادہ ہو کہ آیندہ یہ گناہ نہ کروں گا تو وہ توبہ قبول ہے چاہے لاکھ خوف ہو کہ آیندہ کہیں میری توبہ ٹوٹ جائے چاہے وسوسہ بھی آئے کہ میری توبہ ٹوٹ جائے گی تو یہ خوف اور وسوسہ قبولیتِ توبہ کے لیے کچھ مضر نہیں۔ ہرگز مایوس نہ ہوں۔ اور اگر بالفرض ضعفِ بشریت سے آیندہ توبہ ٹوٹ بھی گئی تو پھر توبہ کرلے اور توبہ ٹوٹنے سے پہلی توبہ غیر مقبول نہیں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کریم ہیں، جب ایک بار قبول فرمالیتے ہیں پھر اس کو غیر مقبول نہیں فرماتے۔ پس وہ توبہ قبول ہے۔ لہٰذا لاکھ بار خطا ہو لاکھ بار معافی مانگو، رو رو کر اللہ تعالیٰ کو منالو، وہ کریم مالک اپنے بندوں کی آہ وزاری کو رد نہیں فرماتا۔ اسی کو خواجہ صاحب فرماتے ہیں؂

جو ناکام ہوتا رہے عمر بھر بھی
بہر حال کوشش تو عاشق نہ چھوڑے

یہ رشتہ محبت کا قائم ہی رکھے
جو سو بار ٹوٹے تو سو بار جوڑے

آخر میں ایک بات کہتا ہوں کہ ٹی بی کے زخم کی شفا کے لیے یہاں مری کی پہاڑیوں پر بھیجتے ہیں۔ کچھ جڑی بوٹیاں ہوتی ہیں جن کے ماحول میں ٹی بی کا زخم اچھا ہو جاتا ہے۔ بار بار توبہ ٹوٹنے کا جو زخم ہے اگر اہل اللہ کی صحبت میں کچھ عرصہ رہ لو تو اللہ کا یقین، اللہ کی محبت اور اللہ کا خوف دل میں آئے گا اور یہ زخم اچھا ہو جائے گا۔ جڑی بوٹیوں میں تو یہ اثر ہو کہ زخم اچھا ہو جائے اور اللہ والوں کی صحبت میں یہ اثر نہ ہو کہ غفلت کا، بار بار شکستِ توبہ کا زخم اچھا نہ ہو۔

توبہ کرنے والا بھی اللہ کا محبوب ہے

بعض گناہ گاروں کو شیطان بہکاتا ہے، مایوس کرتا ہے کہ تم سے اللہ تعالیٰ کیسے محبت کرے گا؟ تم نے تو دھندہ بنا رکھا ہے گناہ کا اور دھندہ بھی کیسا جو کبھی مندا نہیں ہوتا، تو کیسا بندہ ہے؟ اس کا جواب سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیا کہ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے اور آیندہ بھی محبوب رکھے گا اس بندہ کو جو مؤمن ہے، کیسا مؤمن ہے اَلْمُفَتَّنَ جس سے بار بار گناہ ہو جاتا

ہے، فتنۂ گناہ میں بار بار مبتلا ہوتا ہے مگر ایک خوبی اس میں ایسی ہے جو سبب ہے اس کی محبوبیت کا اور وہ اس کی فائنل رپورٹ ہے، وہ کیا ہے؟ **اَلتَّوَّابَ** وہ بہت زیادہ توبہ کرنے والا بھی ہے، اللہ تعالیٰ سے رو رو کر معافی مانگتا ہے، گناہ کرکے خوش نہیں ہوتا، پچھتاتا ہے کہ آہ! میں نے کیوں اللہ تعالیٰ کو ناراض کیا؟ اس لیے نادم ہوکر دل کی گہرائی سے توبہ کرتا ہے اور توبہ کی چار شرطوں کے ساتھ توبہ کرتا ہے۔

توبہ سے محبوبیت کی ایک عجیب تمثیل

گناہ سے فوراً بھاگ جاتا ہے، گناہ سے علیٰحدہ ہوکر فوراً توبہ کرتا ہے اگرچہ بار بار فتنہ میں مبتلا ہوتا ہے لیکن توبۂ صادقہ کی برکت سے یہ بھی اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے۔ یہ بتاؤ اگر ماں کے سینہ پر چھوٹا بچہ پاخانہ کردے تو کیا اماں اسے چاقو سے ذبح کردیتی ہے یا نہلا دھلا کر پھر پیار کرتی ہے، نیا کپڑا پہناتی ہے یا نہیں؟ تو اللہ تعالیٰ بھی ایسے بندوں کو تقویٰ کا نیا نیا لباس پہناتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں لباس کی کمی نہیں ہے، ماں تو تھک سکتی ہے کہ اب میرے پاس لباس نہیں ہے، پمپر (pamper) بھی نہیں ہے، اب تجھے کیا پہناؤں لیکن اللہ تعالیٰ نہیں تھکتے، تقویٰ کے بے شمار لباس ان کے پاس ہیں۔ جب بندہ نے توبہ کی کہ اے اللہ تعالیٰ! مجھ سے غلطی ہو گئی معاف کردیجیے، اس حرام مزہ سے میں سخت نادم و شرمندہ ہوکر معافی چاہتا ہوں تو اللہ تعالیٰ فوراً معاف فرمادیتے ہیں۔ توبہ کی پہلی شرط یہ ہے:

۱) گناہ سے الگ ہوگیا۔

۲) شرمندہ ہوگیا۔ دل کو دُکھ پہنچ گیا کہ آہ! میں نے کیوں گناہ کیا، قلب میں ندامت پیدا ہوگئی۔

۳) آیندہ کے لیے پکا ارادہ کرتا ہے کہ اے اللہ! اب آپ کو آیندہ کبھی ناراض نہیں کروں گا اگرچہ دل کہتا ہے کہ تو پھر کرے گا لیکن دل کی بات نہ ماننے کا عزم رکھتا ہے، اگرچہ شیطان وسوسہ ڈالتا ہے کہ تو پھر مبتلا ہوگا۔ شیطان یہ وسوسہ ڈالے تو کہہ دو کہ اگر دوبارہ گناہ کر بیٹھوں گا تو پھر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگوں گا۔ ان کے در کے علاوہ اور کوئی در بھی تو نہیں ہے۔ کیا ماں نہیں جانتی کہ میرا بچہ دوبارہ پاخانہ کرے گا۔ ماں کو یقین ہے کہ ابھی ایک سال کا بچہ ہے، یہ تو دوبارہ پاخانہ کرے گا لیکن وہ اپنے بچہ کی صفائی کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی توفیقِ توبہ دے کر اپنے گناہ گار بندوں کو معاف کردیتا ہے اگرچہ جانتا ہے کہ یہ ظالم پھر گناہ کرے گا۔ اس حدیثِ پاک کی شرح کر رہا ہوں کہ اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے ان بندوں کو جو بار بار گناہ کے فتنہ میں مبتلا ہوجاتے ہیں مگر توبہ بھی زبردست کرتے ہیں۔

ندامت کے آنسوؤں کی کرامت

تواب ہیں، کثیر التوبہ ہیں یعنی بہت زیادہ روتے ہیں، بہت زیادہ اللہ سے معافی مانگتے ہیں۔ ان کے یہ آنسو اللہ کے خزانے میں جمع ہو جاتے ہیں۔ ایسا بندہ کبھی رائیگاں نہیں ہو گا ان شاء اللہ، چاہے شیطان و نفس اس کو گناہوں کے جنگل میں اللہ سے کتنے ہی دور لے جائیں لیکن وہ جو پہلے اللہ تعالیٰ سے رویا تھا کہ اے اللہ! میری حفاظت کرنا، گناہوں سے مجھے ضایع نہ ہونے دینا، اس کے وہ سابقہ آنسو اللہ کی بارگاہ میں محفوظ تھے، اللہ تعالیٰ ندامت کے ان آنسوؤں کو رائیگاں نہیں کرتا۔ پھر ان آنسوؤں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت اپنے بندہ کو تلاش کرتی ہے کہ اے فرشتو! میرا بندہ مجھ سے بہت دور ہو گیا تم جاکے پھر اس کے دل میں توفیق ڈالو کہ توبہ کرکے پھر میرے پاس آجائے لہٰذا جو لوگ روتے ہیں کہ اللہ! ہمیں اپنی حفاظت میں رکھنا، ہمیں ضایع نہ ہونے دینا، خاتمہ ہمارا ایمان پر کرنا اور ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجیے ایسے رونے والے بندے ضایع نہیں ہوتے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ان کا خاتمہ خراب نہیں ہو گا۔ جس کا خاتمہ خراب ہوتا ہے اس کو رونے کی توفیق نہیں ملتی۔ اسی لیے محدثین نے لکھا ہے کہ ابلیس کو کبھی اپنے گناہ پر ندامت نہیں ہوئی، اس ظالم نے ہمیشہ اَنۡظِرۡنِیۡ کہا کہ مجھے مہلت دیجیے، میں آپ کے بندوں کو گمراہ کروں گا۔ بزرگانِ دین فرماتے ہیں کہ یہ ظالم اگر اُنۡظُرۡ اِلَیَّ کہہ دیتا کہ مجھ پر ایک نظر ڈال دیجیے تو معاف ہو جاتا اُنۡظُرۡ اِلَیَّ نہیں کہا اَنۡظِرۡنِیۡ کہتا رہا کہ مہلت دیجیے تاکہ میں آپ کے بندوں کو بہکاتا رہوں، اس کو اُنۡظُرۡ اِلَیَّ کی توفیق نہیں ہوئی کیوں کہ یہ مردود تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی نظرِ عنایت مانگنے کی توفیق نہیں ہوئی، اللہ تعالیٰ جس کو مقبول رکھتا ہے اس کو نظرِ عنایت مانگنے کی توفیق دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ غلطی ہو گئی، نالائق ہوں مگر آپ کا ہوں، آپ ہی ہمارے واحد خدا ہیں، آپ کا دروازہ چھوڑ کر کہاں جاؤں کہ کوئی دوسرا خدا نہیں ہے، اگر گناہ گاروں کا الگ خدا ہوتا، نیک بندوں کا الگ خدا ہوتا تو وہاں چلا جاتا لیکن آپ ہی ایک خدا ہیں، نیکوں کے بھی آپ خدا ہیں اور گناہ گاروں کے بھی آپ ہی خدا ہیں لہٰذا آپ کا دروازہ نہیں چھوڑوں گا۔ اگر گناہ نہیں چھوٹتے تو آپ کو بھی نہیں چھوڑوں گا۔ اگر کسی کو بار بار دست آرہے ہیں تو ہر دفعہ استنجا بھی کرتا ہے اور کپڑے بھی بدلتا ہے۔ لہٰذا اگر بار بار گناہ ہوتے ہیں تو بار بار توبہ کرتے رہو، ایک دن ایسا آئے گا کہ اللہ آپ کو توبہ کی توفیق دے دے گا کہ میرا بندہ ہمیشہ رو رو کے مجھ سے معافی مانگتا ہے تو ان کو بھی رحم آجائے گا کہ لاؤ اب اس ظالم کو گناہ کرنے ہی نہ دو۔ اللہ تعالیٰ ایسی ہمت اور ایسی توفیق دے گا کہ ان شاء اللہ پھر مرتے دم تک ایک گناہ بھی نہیں کروگے لیکن ہمارا کام رونا

ہے روتے رہو، روتے رہو، روتے رہو، یہاں تک کہ ان کو رحم آجائے۔ خوب سمجھ لو یہ اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے اس میں ناامیدی نہیں، یہاں امیدوں کے ہزاروں آفتاب روشن ہیں۔

حدیث نمبر ۱۵

اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ فَتَعَرَّضُوْا لَہٗ لَعَلَّہٗ اَنْ یُّصِیْبَکُمْ نَفْحَۃٌ مِّنْھَا فَلَا تَشْقَوْنَ بَعْدَھَا اَبَدًا[۵۱]

ترجمہ: بے شک تمہارے رب کی طرف سے تمہارے زمانے ہی کے دنوں میں نفحات آتے ہیں، ان کو تم تلاش کرو، اگر تم ان کو پاگئے تو اس کے بعد تم کبھی شقی نہیں ہوگے۔

تجلیاتِ جذب کے زمان ومکان

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ فَتَعَرَّضُوْا لَہٗ لَعَلَّہٗ اَنْ یُّصِیْبَکُمْ نَفْحَۃٌ مِّنْھَا فَلَا تَشْقَوْنَ بَعْدَھَا اَبَدًا اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے زمانے ہی کے دنوں میں نفحات آتے ہیں، ان کو تم تلاش کرو، اگر تم ان کو پاگئے تو اس کے بعد تم کبھی بدنصیب نہیں ہوگے، تمہاری شقاوتِ ازلی سعادتِ ابدی سے تبدیل ہوجائے گی یعنی دائمی خوش نصیبی نصیب ہوجائے گی۔

نفحات کے کیا معنیٰ ہیں؟ دیہاتی زبان میں اس کا ترجمہ ہے اللہ پاک کی رحمت کی ہواؤں کے جھونکے۔ اور شہری زبان میں اللہ تعالیٰ کی نسیمِ کرم اور بزبانِ محدثِ عظیم ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ شرح مشکوٰۃ میں نفحات کے معنیٰ ہیں جذبات یعنی اللہ تعالیٰ کی جذب کرنے کی تجلیات:

اَللہُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ[۵۲]

---

[۵۱] ھذا حدیث محمد بن مسلمۃ الأنصاری رضی اللہ عنہ أنہ قال: قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِرَبِّکُمْ فِی أَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ، فَتَعَرَّضُوا لَہ، لَعَلَّہ أَنْ یُصِیبَکُمْ نَفْحَۃ مِنْھا، فَلا تَشْقَوْنَ بَعْدَھا أَبَدًا، أخرجہ الطبرانی فی معجمہ الکبیر: ۱۴/۱۲۵ برقم (۱۵۸۶۱) و فی معجمہ الأوسط: ۲/۱۵۵، ۴/۲۴۱، برقم (۲۸۵۶، ۶۲۴۳)، دار الکتب العلمیۃ

[۵۲] الشوریٰ: ۱۳

یہاں جذبات مراد ہیں۔ یہ حدیث اس آیت کی شرح ہے۔ اَلْاِجْتِبَاءُ مِنَ الْجَبْیِ وَالْجَبْیُ ھُوَ الْجَذْبُ، جَبْیٌ کے معنیٰ جذب کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، وہ مقناطیس کا خالق ہے۔ جو اتنا زبردست مقناطیس پیدا کر سکتا ہے کہ زمین کا چوبیس ہزار میل کا گولا جس کے نیچے کوئی کالم نہیں فضاؤں میں معلق ہے۔ اسی طرح بے شمار عالم سیارات و نجوم اور ہزاروں شمس و قمر سب بِلا ستون فضاؤں میں معلق ہیں اور اپنے راستوں میں تیر رہے ہیں تو اتنا زبردست مقناطیس پیدا کرنے والا جس کو کھینچے گا وہ کیسے بغیر کھنچے رہ سکتا ہے، بندے کو جذب کرنا ان کے لیے کیا مشکل ہے۔ تو نفحات کے معنیٰ ہیں جذبات یعنی کھینچنے کی مقناطیسی لہریں۔

اور حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے نفحات کا ترجمہ کیا ہے اَلتَّجَلِّیَاتُ الْمُقَرِّبَاتُ اللہ تعالیٰ کی وہ تجلیات جو بندوں کو اللہ سے قریب کر دیتی ہیں، وہ تجلیات جو بندہ پر پڑ جائیں تو وہ اللہ کا پیارا اور مقرب ہو جاتا ہے۔ اب سوال یہ ہوتا ہے کہ ان تجلیات کا زمانہ تو معلوم ہو گیا لیکن مکان بھی تو معلوم ہو کہ ان تجلیات کو کہاں ڈھونڈیں، کدھر جائیں؟ اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے میرے قلب کو عطا فرمایا کہ ان کا مکان بخاری شریف کی حدیث میں ہے:

هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ[۵۳]

ہمارے پیارے اور خاص بندوں کی یعنی ہمارے اولیاء کی شان یہ ہے کہ جو ان کے پاس بیٹھ جاتا ہے، جو ان کا جلیس و ہم نشین ہوتا ہے کبھی شقی اور بد نصیب نہیں رہ سکتا، اپنے پیاروں کے صدقہ میں ہم اس کی شقاوت کو سعادت سے بدل دیتے ہیں، شقی کو سعید کر دیتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اہل اللہ کی صحبت اور مجالس ان تجلیات کا مکان ہیں۔ شقاوت کو دور کرنے کے لیے اور سعادتِ دائمی حاصل کرنے کے لیے اہل اللہ کی صحبت میں یہ

۵۳؎ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً يَطُوفُونَ فِي الطُّرُقِ يَلْتَمِسُونَ أَهْلَ الذِّكْرِ فَإِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا يَذْكُرُونَ اللهَ تَنَادَوْا هَلُمُّوا إِلَى حَاجَتِكُمْ قَالَ فَيَحُفُّونَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا قَالَ فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ مِنْهُمْ مَا يَقُولُ عِبَادِيْ قَالُوا يَقُولُونَ يُسَبِّحُونَكَ وَيُكَبِّرُونَكَ وَيَحْمَدُونَكَ وَيُمَجِّدُونَكَ قَالَ فَيَقُولُ هَلْ رَأَوْنِي قَالَ فَيَقُولُونَ لَا وَاللهِ مَا رَأَوْكَ قَالَ فَيَقُولُ وَكَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي قَالَ يَقُولُونَ لَوْ رَأَوْكَ كَانُوا أَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً وَأَشَدَّ لَكَ تَمْجِيدًا وَأَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيحًا قَالَ يَقُولُ فَمَا يَسْأَلُونِي قَالَ يَسْأَلُونَكَ الْجَنَّةَ قَالَ يَقُولُ وَهَلْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُونَ لَا وَاللهِ يَا رَبِّ مَا رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُ فَكَيْفَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُونَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَأَعْظَمَ فِيهَا رَغْبَةً قَالَ فَمِمَّ يَتَعَوَّذُونَ قَالَ يَقُولُونَ مِنَ النَّارِ قَالَ يَقُولُ وَهَلْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُونَ لَا وَاللهِ مَا رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُ فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُونَ لَوْ رَأَوْهَا كَانُوا أَشَدَّ مِنْهَا فِرَارًا وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً قَالَ فَيَقُولُ فَأُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ قَالَ يَقُولُ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فِيهِمْ فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ قَالَ هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيسُهُمْ. أخرجه البخاري في صحيحه (۹۴۸/۲) برقم (۶۴۰۸) في باب فَضْلِ ذِكْرِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: المكتبة المظهرية

ہوائیں ملتی ہیں جہاں یہ تجلیات نازل ہوتی ہیں۔

شرحِ حدیثِ بالا بعنوانِ دِگر

تجلیاتِ جذب کے زمان و مکان

جذب کے راستے کیا ہیں؟ یہ بھی بتائے دیتا ہوں۔ کوئی اگر چاہے کہ اللہ تعالیٰ ہم کو بھی جذب عطا فرما دے تو سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا ایک مکان اور ایک زمان دو چیزیں بتائی ہیں۔ زمان کیا ہے:

اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ فَتَعَرَّضُوْا لَہٗ لَعَلَّہٗ

اَنْ یُّصِیْبَکُمْ نَفْحَۃٌ مِّنْھَا فَلَا تَشْقَوْنَ بَعْدَھَا اَبَدًا

اے لوگو! اے میری امت والو! تمہارے اس زمانہ کے دن ورات میں اللہ تعالیٰ کے جذب کی تجلیات اور ان کے قرب کی ہوائیں آتی رہتی ہیں۔ فَتَعَرَّضُوْا لَہٗ پس ان کو تلاش کرو، غافل نہ رہو، وہ تجلی اگر تم کو مل گئی فَلَا تَشْقَوْنَ بَعْدَھَا اَبَدًا تو تم کبھی بدبخت وبدنصیب نہیں ہوگے، ہمیشہ کے لیے ولی اللہ بن جاؤ گے۔ نفس وشیطان تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ اب سوال یہ ہے کہ دن ورات میں یہ تجلیات کب آتی ہیں؟ اگر کوئی بتادے کہ جمعہ کے دن ایک عظیم نعمت آنے والی ہے تو آدمی پوچھے گا کہ کہاں؟ کراچی کہ حیدرآباد کہ لاہور؟ لہٰذا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیجیے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بخاری شریف میں اس کا مکان بھی بتادیا کہ وہ تجلی کہاں نازل ہوتی ہے؟ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ تو اس حدیث میں وارد ہے کہ تمہارے زمانہ کے دنوں میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کی وہ ہوائیں آتی ہیں۔ نفحات کا ترجمہ عام علماء نے کیا ہے کہ نسیمِ کرم کے جھونکے، اللہ تعالیٰ کی نسیمِ کرم کے جھونکے جو دنیا میں آسمان سے آتے ہیں۔ بعض بزرگوں نے ترجمہ کیا جذبات یعنی جذب کرنے والی تجلیات۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ نفحات کا ترجمہ جذبات ہے یعنی اللہ تعالیٰ جذب کرنے والی تجلی دنیا میں بھیجتا ہے جس کو لگ جاتی ہے وہ جذب ہو جاتا ہے۔ پس ایک طبقہ نے ترجمہ کیا نسیمِ کرم، ملّا علی قاری نے کیا جذبات یعنی کھینچنے والی تجلیات۔ حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے التشرف فی احادیث التصوف میں نفحات کا ترجمہ کیا اَلتَّجَلِّیَاتُ الْمُقَرِّبَاتُ اللہ تعالیٰ کے وہ جلوے وتجلیات جس سے بندہ کو اللہ تعالیٰ اپنا پیارا اور مقرب کرلیتے ہیں لیکن اَیَّامِ دَھْرِکُمْ سے آپ کو زمانہ معلوم ہوا لیکن یہ کیسے پتا چلے گا کہ یہ تجلیات کہاں ملتی ہیں۔ مکان بھی تو معلوم ہونا چاہیے۔ کوئی کہہ دے کہ اس زمانہ میں بھی ولی

اللہ رہتے ہیں تو زمانہ تو معلوم ہوا لیکن یہ بھی پتا چلے وہ کس شہر میں ہیں، کس ملک میں ہیں۔ بولیے خالی زمانہ معلوم ہونے سے آپ تلاش کر سکتے ہیں؟ اس حدیث سے آج کوئی شخص ان تجلیات کا مکان تلاش نہیں کر سکتا تھا۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امت پر احسان ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ کے مقبول بندے جہاں رہتے ہوں تم ان کے پاس جاؤ، ان کے پاس بیٹھو:

هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ

ان کی صحبت کی برکت سے تمہاری شقاوت، تمہاری بد بختی و بد نصیبی خوش نصیبی سے بدل جائے گی۔ یہی ہے لَا تَشْقَوْنَ بَعْدَهَا اَبَدًا اس حدیث میں تجلیاتِ جذب کا زمانہ بتایا گیا کہ اس دنیا کے شب و روز میں جس کو وہ تجلی مل گئی وہ شقی نہیں رہ سکتا اور بخاری شریف کی اس حدیثِ پاک لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ میں ان تجلیات کا مکان بتایا گیا کہ وہ اللہ والوں کی جگہ ہے، جہاں وہ تجلیات جذب کی آتی ہیں، جہاں اللہ والے رہتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ ہر وقت جذب کی تجلیات نازل کرتا ہے۔

مولانا قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک شخص پنکھا جھل رہا تھا۔ اس نے پوچھا کہ حضرت! اللہ والوں کے پاس بیٹھنے سے اللہ کی رحمت دوسروں کو کیسے ملے گی، کیوں کہ عمل تو ان کا اچھا ہے، ان پر فضل ہونا تو سمجھ میں آتا ہے، لیکن دوسرے تو نالائق بیٹھے ہیں ان کو رحمت کیسے ملی گی؟ فرمایا کہ تو مجھے پنکھا جھل رہا ہے یا ان سب کو؟ کہا: میں تو آپ ہی کو جھل رہا ہوں۔ فرمایا کہ یہ جتنے میرے پاس بیٹھے ہیں ان کو ہوا لگ رہی ہے یا نہیں؟ جب اللہ تعالیٰ کی رحمت کسی پر برستی ہے اس کے پاس بیٹھنے والوں کو بھی وہ رحمت ملتی ہے۔ لٰہذا تجلیاتِ مقربات، تجلیاتِ جذب اگر آپ لوگ چاہتے ہیں تو بروایتِ بخاری شریف اللہ کے خاص بندوں کے پاس بیٹھیے، ان کی صحبت اختیار کیجیے۔

خاص بندوں کی پہچان

آپ کو کیسے معلوم ہو کہ یہ خاص بندے ہیں؟ جو امت کے خاص بندے ہیں وہ ان کو خاص سمجھتے ہوں اور کسی بزرگ کی اس نے صحبت اٹھائی ہو، شریعت اور سنت پر چل رہا ہو، علمائے دین بھی اس کی تصدیق کر رہے ہوں، خالی عوام کا مجمع نہ ہو۔

تو آخر میں، میں نے بتا دیا کہ جذب کیسے ملے گا۔ زمانہ بھی بتا دیا اور مکان بھی بتا دیا۔ ایک حدیثِ

پاک میں زمانہ بتایا گیا کہ پورے زمانے میں قیامت تک اللہ تعالیٰ کی تجلیات برستی رہیں گی اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے زمانہ کے دن رات میں یہ تجلیات، جن سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو جذب کرتا ہے نازل ہوتی رہیں گی۔ ان کو تلاش کرتے رہو، اگر کوئی تجلی حاصل ہو گئی تو پھر کبھی شقی نہیں ہو سکتے۔ مگر ان کا مکان کہاں ہے اور یہ کہاں ملیں گی؟ تو دوسری حدیثِ پاک لَا یَشْقٰی بِھِمْ جَلِیْسُھُمْ میں بتادیا گیا کہ اللہ والوں کی صحبت میں ملیں گی، جہاں اللہ تعالیٰ بندوں کو اپنی طرف جذب کر لیتا ہے اور ان کا جلیس و ہم نشین کبھی بد بخت و شقی نہیں رہ سکتا۔ معلوم ہوا کہ شقاوت سے محفوظ رکھنے والی تجلیات جذب کا مکان اہل اللہ کی مجالس ہیں۔

مزید شرحِ حدیثِ بالا

تجلیاتِ جذب کے زمان و مکان

ہر شخص یہ سمجھے کہ مجھ سے برا دنیا میں کوئی نہیں ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی ستاری کا پردہ نہ ہوتا تو میں کسی کو منہ نہیں دکھا سکتا تھا، مگر اللہ تعالیٰ کی ذات میں تمام شانیں اور خوبیاں موجود ہیں جس سے بندوں کی ہر خرابی دور ہو جائے اور ان کی بگڑی بن جائے۔ مایوس ہونے کی کوئی بات نہیں، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی منتہائے تخریب کو اپنے ارادۂ تعمیر کے نقطۂ آغاز سے درست کر سکتے ہیں، اس لیے کتنی ہی خراب حالت ہو اللہ سے ناامید نہ ہو، دعا کرتا رہے اور اللہ والوں کی صحبت میں رہے، کیوں کہ یہ صحبتیں قسمت ساز ہوتی ہیں، قسمتیں ان اللہ والوں کے صدقہ میں بنتی ہیں۔ اللہ والوں کے پاس بیٹھنے سے ایک نہ ایک دن اللہ تعالیٰ کی نسیم کرم کے جھونکے لگ جاتے ہیں۔ جامعِ صغیر کی روایت ہے: اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٍ اے لوگو! تمہارے اسی زمانے میں تمہارے رب کی طرف سے نسیمِ کرم کے جھونکے آتے ہیں، اگر تم ان کو پا گئے تو فَلَا تَشْقَوْنَ بَعْدَھَا اَبَدًا تم کبھی بد بخت نہیں ہو گے، مگر یہ جھونکے ملتے کہاں ہیں؟ زمانہ تو معلوم ہو گیا کہ یہ جھونکے اسی دنیا میں آتے ہیں، لیکن ان کا مکان کہاں ہے؟ بخاری شریف کی حدیث سے ان کا مکان معلوم ہوا کہ یہ اللہ والوں کے پاس ملتے ہیں ھُمُ الْجُلَسَآءُ لَا یَشْقٰی بِھِمْ جَلِیْسُھُمْ یہ ایسے مبارک بندے ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا نامراد اور بد قسمت نہیں رہتا۔ ایک حدیث سے تجلیاتِ جذب کا زمانہ معلوم ہوا اور دوسری حدیث سے ان تجلیات کا مکان معلوم ہو گیا، مگر نظر اللہ پر رہے، شیخ دروازہ ہے صرف دروازہ ہے، دینے والا کوئی اور ہے اور وہ اللہ تعالیٰ ہے، مگر دروازہ سے ہی دیتے ہیں۔ عادۃ اللہ یہی ہے کہ اللہ والوں کے دروازہ ہی سے نسبت مع اللہ کی نعمتیں ملتی ہیں،

دروازہ کو چھوڑ کر کوئی جائے تو نہیں دیتے، مگر نظر دینے والے پر رکھو اور دروازہ کا ادب کرو۔ اللہ سے دعا کرو کہ اے اللہ! میں دروازہ پر پہنچ گیا مگر دینے والے آپ ہیں، آپ ہی میری اصلاح فرما دیجیے۔

حدیث نمبر ۱۶

اِنِّیْ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ [۵۴]

ترجمہ: میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

صحبت یافتہ اور فیض یافتہ

جس بادشاہ کو اپنی بادشاہت کا علم نہ ہو وہ بادشاہ نہیں ہے۔ جس ڈپٹی کمشنر کو معلوم نہ ہو کہ میں اس حلقہ کا ڈپٹی کمشنر ہوں وہ ڈپٹی کمشنر بھی نہیں ہے۔ ایسے ہی جس پیغمبر کو اپنی نبوت کا علم نہ ہو وہ نبی نہیں ہو سکتا۔ سب سے پہلے نبی کو اپنی نبوت پر ایمان لانا فرض ہوتا ہے۔ کوئی نبی دنیا میں ایسا نہیں گزرا جس نے کہا ہو کہ مجھے نہیں معلوم کہ میں نبی ہوں یا نہیں، بلکہ ہر نبی نے اپنی نبوت کا بانگِ دہل اعلان فرمایا جس طرح خاتم النبیّین سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین میں فرمایا کہ: **اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ** اور قیامت تک کے لیے اعلان فرمادیا: **اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ** کہ میں خاتم النبیّین ہوں، اب میرے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا، لہٰذا اب قیامت تک جو نبی ہونے کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا، کذّاب اور دجّال ہے۔ انبیاء کو تو وحی سے اپنی نبوت کا یقینی علم ہو جاتا ہے، لیکن اولیاء اللہ کو

---

[۵۴] هذا حديث ثوبان رضي الله عنه أنه قال: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ، فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا، فَإِنَّ أُمَّتِي سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا، وَأُعْطِيتُ الْكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ، فَإِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي أَنْ لَا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيحَ بَيْضَتَهُمْ، فَإِنَّ رَبِّي، قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي إِذَا قَضَيْتُ قَضَاءً فَإِنَّهُ لَا يُرَدُّ، وَإِنِّي أُعْطِيكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لَا أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لَا أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيحَ بَيْضَتَهُمْ، وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مِنْ أَقْطَارِهَا، أَوْ قَالَ: مِنْ بَيْنِ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُونَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَيَسْبِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي الْأَئِمَّةَ الْمُضِلِّينَ، وَإِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِي أُمَّتِي لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي بِالْمُشْرِكِينَ وَحَتَّى تُعْبَدَ الْأَوْثَانُ، وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ كَذَّابُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَإِنِّي خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَنْ تَزَالَ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ يَخْذُلُهُمْ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللهِ. أخرجه أبو داؤد في سننه (۲۲۸/۲) رقم (۴۲۵۴) في باب ذِكْرِ الْفِتَنِ وَدَلَائِلِهَا، والترمذي في سننه (۴۵/۲) برقم (۲۲۱۹) في باب ما جاء لا تقوم الساعة حتى يخرج كذابون، و روى عن حذيفة رضي الله عنه أن نبي الله صلى الله عليه وسلم قال: في أمتي كذابون ودجالون سبعة وعشرون منهم أربع نسوة وإني خاتم النبيين لا نبي بعدي. أخرجه أحمد في مسنده: ۴۶۲/۵ برقم (۲۳۴۲۰)، دار الكتب العلمية) والطبراني في معجمه الكبير: ۲۶۸/۳ برقم: ۲۹۵۵

بھی حالات و قرائن سے معلوم ہو جاتا ہے کہ میرے قلب میں وہ مولیٰ اپنی تجلیٔ خاص سے متجلی ہو گیا، ولایتِ خاصہ عطا ہو گئی جس کو اپنے قلب میں اس مولیٰ کا قربِ خاص محسوس نہ ہو وہ ولی نہیں، اس کا دل خالی ہے۔ ناممکن ہے کہ دریا میں پانی ہو اور اس کو محسوس نہ ہو کہ میرے اندر پانی ہے۔ اگر دریا خاک اُڑا رہا ہے یہ دلیل ہے کہ اس دریا میں پانی نہیں ہے چاہے وہ لاکھ دعویٰ کرے کہ میں لبالب بھرا ہوا ہوں اور سینہ تان کر بہہ رہا ہوں لیکن اس کا خاک آمیز ماحول بتائے گا کہ یہ پانی سے محروم ہے، یہ ڈینگ ہانک رہا ہے اور لاف زنی کر رہا ہے، جب دریا لبالب بہتا ہے تو بہت دور تک اس کی ٹھنڈک فضاؤں میں داخل ہو جاتی ہے۔ کئی میل دور سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس طرف دریا ہے، کیوں کہ ادھر سے جو ہوا آتی ہے وہ پانی سے لگ کر آتی ہے۔ پانی کی صحبت یافتہ ہوا اور ٹھنڈی ہوا، جو ہوا ٹھنڈی نہ ہو تو دلیل ہے کہ یہ پانی کی صحبت یافتہ نہیں ہے۔ اگر صحیح معنوں میں صحبت یافتہ ہوتی اور پانی کی ٹھنڈک کو صحیح معنوں میں جذب کیا ہوتا تو ضرور ٹھنڈی ہوتی۔ صحبت یافتہ کے معنیٰ خالی صحبت یافتہ نہیں بلکہ فیض یافتہ صحبت ہے، اس لیے خالی یہ نہ دیکھیے کہ یہ شخص شیخ کے ساتھ رہتا ہے، بلکہ یہ دیکھیے کہ اس کے اندر شیخ کا فیض کتنا آیا، ورنہ وہ صحبت یافتہ تو ہے فیض یافتہ نہیں، کیوں کہ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کا بدل الکل من الکل صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ ہے یعنی انعام والے بندوں کا راستہ پکڑو تب صراطِ مستقیم پاؤ گے اور انعام والے بندے کون ہیں؟ ان کو دوسری آیت میں بیان فرمایا:

وَ مَنۡ یُّطِعِ اللّٰہَ وَ الرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰہُ عَلَیۡھِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیۡقِیۡنَ وَ الشُّھَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیۡنَ ۚ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیۡقًا[۵۵]

پس اگر انعام والے بندوں کے ساتھ رہنے کے باوجود کوئی ان کی صفات کا حامل نہیں، تو کہا جائے گا کہ یہ فیض یافتہ صحبتِ منعم علیہم نہیں ہے، اس کے حسنِ رفاقت میں کوئی کمی ہے۔ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیۡقًا سے معلوم ہوا کہ صرف رفاقت کافی نہیں، حسنِ رفاقت مطلوب ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے حسنِ رفاقت میں کوئی کمی ہے اور وہ کمی کیا ہے؟ مثلاً شیخ کے ارشادات پر عمل نہ کرنا۔ بے برکتی کا سبب بے عملی اور بے فکری ہے۔ شیخ نے مشورہ دیا کہ غصہ نہ کرنا اور مخلوقِ خدا پر رحمت و شفقت کرنا تو شیخ کی بات کو مان لو اور زندگی بھر غصہ کو قریب نہ آنے دو۔ اگر شیخ کے مشوروں پر عمل کی توفیق نہیں تو وہ شخص فیض یافتہ نہیں ہے خواہ وہ لاکھ دعویٰ کرے کہ مجھے فیضِ صحبت حاصل ہے لیکن اگر تمہارے قلب میں نسبت مع اللہ کا دریا بہہ رہا ہے تو مغلوبیتِ

---

۵۵ النّسآء: ۶۹

نفس کی خاک کیوں اُڑ رہی ہے؟ یہ غصہ سے تمہارا مغلوب ہو جانا دلیل ہے کہ دل اللہ تعالیٰ کے تعلقِ خاص سے محروم ہے، کیوں کہ اللہ کی محبت کی لازمی علامت تواضع، اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ کہ یہ لوگ مومنین کے لیے بچھے جاتے ہیں، تواضع سے پیش آتے ہیں۔ جس شاخ میں پھل آجاتا ہے وہ جھک جاتی ہے اور یہ تمہارا اکڑ کے چلنا اور ہر کسی سے لڑنا اور ہر وقت طبیعت سے شکست کھا کر گر پڑنا، دلیل ہے کہ تمہارے اندر اللہ کی محبت کی کمی ہے اور شیخ کا فیضِ صحبت تمہیں نہیں ملا اور ملا تو بہت ہی کم ملا۔

شیخ کے فیض کے جذب کی صلاحیت دو چیزوں سے ملتی ہے: ۱) ذکر اللہ پر مداومت۔ ۲) تقویٰ پر استقامت۔ ذکر اللہ سے حیاتِ ایمانی ملتی ہے اور فیض زندوں کو پہنچتا ہے، مردہ آدمی کو فیض کیا پہنچے گا؟ حدیث پاک میں ہے کہ ذاکر مثل زندہ کے ہے اور غیر ذاکر کی مثال مردہ کی سی ہے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: فَاِنَّ مُدَاوَمَةَ ذِكْرِ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ تُوْرِثُ الْحَيٰوةَ الْحَقِيْقِيَّةَ الَّتِيْ لَا فَنَاءَ لَهَا[۵۶] ذکر پر مداومت مورث ہے حیاتِ حقیقی کی جس کو کبھی فنا نہیں۔ جو ذکر نہیں کرتا وہ مثل مردہ کے ہے اور جذبِ فیض شیخ سے محروم رہتا ہے۔ صحبت یافتہ ہونے کے باوجود جن کو فیض نہیں ملا اس کے دو سبب ہیں: ۱) اللہ کو یاد نہ کرنا۔ ۲) تقویٰ سے نہ رہنا یعنی گناہ سے نہ بچنا۔ ہر شخص کو صحبت کا فیض بقدرِ مجاہدہ کے ہوتا ہے۔ اگر تِل کو گلاب کے پھولوں میں بسایا ہوا ہے مگر وہ تل مجاہدہ سے نہیں گزرا، رگڑ رگڑ کے اس کی موٹی کھال یعنی بھوسی نہیں چھڑائی گئی، تو ایسا تل پھولوں کا صحبت یافتہ ہوگا فیض یافتہ نہیں ہوگا۔ اس کی موٹی موٹی کھال کے پردوں کی وجہ سے پھول کی خوشبو اس میں نفوذ نہیں کرے گی اور اسی تل کو اگر رگڑ رگڑ کر اس کی بھوسی چھڑا دی جائے یہاں تک کہ ہلکا سا ایک غلاف رہ جائے جس میں سے تیل نظر آتا ہے کہ اگر سوئی چبھو دو تو تیل باہر آجائے اتنا مجاہدہ کرا کے اب گلاب کے پھولوں میں اگر اس تل کو بسا دوگے تو اب گلاب کا فیض پہنچے گا اور گلاب کی خوشبو تل کے تیل میں نفوذ کر جائے گی۔ معلوم ہوا کہ اگر صحبت یافتہ ہے، لیکن مجاہدہ کر کے دل سے غفلت کے پردوں کو نہیں ہٹاتا، گناہ سے بچنے کا غم نہیں اُٹھاتا، تو شیخ کا فیض اس کے دل میں نفوذ نہیں کرے گا۔ صحبت یافتہ ہونا اور ہے، فیض یافتہ ہونا اور ہے۔

لہٰذا ذکر پر مداومت اور تقویٰ پر استقامت یعنی نظر کی حفاظت اور اللہ کے راستہ کا غم اٹھانے سے، گناہوں سے بچنے کا غم اٹھانے سے جذبِ فیضِ مرشد کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے ورنہ قیامت تک شیخ کے ساتھ رہو گے تو زماناً صحبت یافتہ ہونے کے باوجود فیض یافتہ نہ ہوگے۔ صحبت کا کچھ نہ کچھ فائدہ تو ضرور ہوگا لیکن نامکمل فائدہ

---

[۵۶] ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح: ۴/۱۵۴۱، فی باب ذکر اللہ عزوجل والتقرب الی اللہ، دار الفکر، بیروت

ہو گا۔ اگر مکمل فائدہ اور شیخ کا فیضِ کامل چاہتے ہو تو دل کے پردوں کو مٹاؤ، اللہ کے راستہ کا غم اٹھاؤ اور شیخ کا بتایا ہوا ذکر کرتے رہو، ان شاء اللہ جذبِ فیضِ شیخ کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی اور شیخ کے رنگ میں رنگ جاؤ گے۔

کیفیتِ احسانی اور صحبتِ اہل اللہ

لہٰذا صحبتِ شیخ کو نعمتِ عظمیٰ سمجھو اور اپنی تمام نفلی عبادات و اذکار سے زیادہ شیخ کی صحبت کے ایک ایک لمحہ کو غنیمت سمجھو۔ اگر صحبت ضروری نہ ہوتی اور علم کافی ہوتا، تو قرآن پاک پڑھ کر ہم سب صحابی ہو جاتے۔ تلاوتِ قرآن پاک سے کوئی صحابی نہیں ہوتا، نگاہِ نبوت سے صحابی ہوتا ہے۔ نگاہِ نبوت سے صحابہ کو وہ کیفیتِ احسانی حاصل ہوئی تھی کہ ان کا ایک مُد جَو صدقہ کرنا ہمارے اُحد پہاڑ کے برابر سونا صدقہ کرنے سے افضل ہے۔ یہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ اور اب حضور صلی اللہ علیہ وسلم جیسا حاملِ کیفیتِ احسانیہ قیامت تک کوئی نہیں آئے گا لہٰذا اب کوئی شخص صحابی نہیں ہو سکتا۔ اس حدیثِ پاک میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتا دیا کہ تمہارا اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرنا اس کیفیتِ احسانیہ کے ساتھ نہیں ہو گا، جس کیفیتِ احسانی سے میرا صحابی ایک مُد جَو اللہ کے راستہ میں دے گا۔ اور کیفیتِ احسانی کیا ہے؟ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ قلب کو ہر وقت یہ کیفیتِ راسخہ حاصل ہو جائے کہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ میرے شیخ فرماتے تھے کہ جس کو یہ کیفیتِ راسخہ حاصل ہو گئی اس کا ایمان بھی حسین ہو جاتا ہے اور اس کا اسلام بھی حسین ہو جاتا ہے۔ احسان بابِ افعال سے ہے اور بابِ افعال کبھی معنیٰ میں اسمِ فاعل کے ہوتا ہے۔ احسان معنیٰ میں محسن کے ہے۔ معنیٰ یہ ہوئے کہ احسان ایمان کو بھی حسین کر دیتا ہے، اسلام کو بھی حسین کر دیتا ہے، اس کی بندگی ہر وقت حسین رہتی ہے۔ جس کو ہر وقت یہ استحضار ہو کہ میرا اللہ مجھ کو دیکھ رہا ہے اس کا ایمان حسین نہیں ہو گا؟ اس کو تو ہر وقت حضوری حاصل ہو گی، ایمان بالغیب نام کا ایمان بالغیب رہ جائے گا اور اس کا اسلام بھی حسین ہو جائے گا یعنی اس کی نماز، اس کی تلاوت اس کا سجدہ سب حسین ہو جائے گا۔

لہٰذا شیخ کے پاس اضافۂ علم کی نیت سے نہ جاؤ، اس نیت سے جاؤ کہ اس کے قلب کی کیفیتِ احسانی، اللہ تعالیٰ کا تعلق، قُرب و حضوری، ہمتِ تقویٰ و ایمان و یقین کا اعلیٰ مقام ہمارے قلب میں منتقل ہو جائے۔ نفعِ لازم کی فکر کرو، نفعِ متعدی کی نیت بھی نہ کرو کہ یہ بھی غیر اللہ ہے اور نفعِ لازم کو نفعِ متعدی لازم ہے جیسے کہیں کوئی کباب تلا جا رہا ہے۔ تلنے سے کباب خود لذیذ ہو رہا ہے اور نفعِ لازم حاصل کر رہا ہے، لیکن اس کی خوشبو جب

دور دور پہنچے گی تو لوگ اس کی خوشبو سے مست ہو کر خود دوڑیں گے کہ آہا کہیں کباب تلا جارہا ہے، چلو اس کو حاصل کریں۔ اسی طرح جو عالم کسی اللہ والے کے زیرِ تربیت مجاہدات کی آگ میں تلا جاتا ہے وہ لاکھ اپنے آپ کو چھپائے اس کی خوشبو دور دور جاتی ہے۔ ایک عالَم اس سے مستفید ہوتا ہے، لیکن شرط یہی ہے کہ کسی اللہ والے کی تربیت میں وہ مجاہدہ کرے۔ وہ اللہ والا جانتا ہے کہ اس کو کتنی دیر تک تلنا ہے، کتنی آنچ دینی ہے۔ بغیر صحبتِ اہل اللہ کے مجاہدہ بھی کافی نہیں۔ اس کی دوسری مثال یہ ہے کہ تِلّی کتنا ہی مجاہدہ کرلے اور کہے کہ مجھے میرے مجاہدات کافی ہیں، مجھے پھولوں کی صحبت میں رہنے کی ضرورت نہیں، تو ایسی تلی کو لاکھ رگڑو اور کولہو میں اس کی ہڈی پسلی ایک ہو جائے، لیکن رہے گا تلی ہی کا تیل، روغنِ گل نہیں ہو سکتا، کیوں کہ پھولوں کی خوشبو میں نہیں بسا۔ اسی طرح جو شخص مشائخ سے مستغنی ہو کر مجاہدات کرتا ہے، اس کا قلب نسبت مع اللہ کی خوشبو سے محروم رہتا ہے اور جو کسی شیخِ کامل کی صحبت میں رہ کر مجاہدہ کرے تو اس مجاہدہ کی برکت سے اس میں جلبِ نور کی استعداد پیدا ہوتی ہے اور شیخ کی نسبت مع اللہ اور کیفیتِ احسانی کی خوشبو اس کے قلب کے ذرہ ذرہ میں نفوذ کر جاتی ہے اور وہ صاحبِ نسبت اور حاملِ کیفیتِ احسانی ہو جاتا ہے۔ یہ ہے صحبت کی اہمیت۔

لٰہذا اہلِ علم اپنے علم پر ناز نہ کریں، علم کا پندار توڑ کر کسی اللہ والے کے قدموں میں اپنے کو مٹا دیں پھر اے علماء! آپ کے کمیاتِ علمیہ شرعیہ حاملِ کیفیاتِ احسانیہ ہوں گے اور آپ کے علم میں وہ انوار پیدا ہوں گے کہ سارا عالَم حیران ہو گا اور ایک عالَم آپ سے سیراب ہو گا۔

دنیا میں حق تعالیٰ کی معیتِ خاصہ، مشاہدۂ حق اور توجہ الی اللہ کو حدیثِ احسان میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا اَنْ تَعْبُدَ اللہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ اللہ تعالیٰ کی ایسی عبادت کرو کہ گویا تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو پس اگر تم اس کو نہیں دیکھتے تو اللہ تعالیٰ تو تمہیں دیکھ رہا ہے۔ پس جب اللہ تعالیٰ تمہیں دیکھ رہا ہے تو گویا تم بھی اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو۔ اس حدیث کی شرح علامہ ابن حجر عسقلانی نے یہ فرمائی ہے اَنْ یَّغْلِبَ عَلَیْہِ مُشَاھَدَۃُ الْحَقِّ بِقَلْبِہٖ حَتّٰی کَاَنَّہٗ یَرَاہُ بِعَیْنِہٖ[۵۷] اللہ تعالیٰ کی حضوری قلب پر ایسی غالب ہو جائے کہ گویا بندہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے۔ یہی توجہ الی اللہ ہے کہ حضورِ قلب اور توجہ کاملہ کے ساتھ میری طرف متوجہ رہو۔

۵۷؎ ذکرہ العسقلانی فی فتح الباری: ۱/۱۲۰، فی باب سؤال جبرئیل عن الایمان والاسلام، دار المعرفۃ، بیروت

حدیث نمبر ۱۷

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَ دَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ[۵۸]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں سخت ابتلاء سے اور بد بختی کے پکڑ لینے سے اور سوئے قضاء سے اور دشمنوں کے طعن و تشنیع سے۔

حدیثِ پاک کی یہ دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَ دَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ روزانہ مانگنے کا معمول بنالیں۔ اس کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ سخت مصیبت سے، شقاوت وبد بختی سے، سو قضا سے اور دشمنوں کے طعن و تشنیع سے حفاظت رہے گی۔

جَھْدِ الْبَلَاءِ کے جیم پر ضمہ اور فتحہ دونوں پڑھنا جائز ہے لیکن فتحہ کو ترجیح ہے، کیوں کہ فتحہ اخف الحرکات ہے۔ یہ مُرَجِّح بھی بیان ہو گیا۔

جَھْدِ الْبَلَاءِ کی محدثین نے دو شرح کی ہے۔ ایک معنیٰ ہیں ایسی سخت بلاء اور مصیبت جس سے آدمی موت کی تمنا کرنے لگے۔ ایک مریض کا واقعہ میرا خود اپنا چشم دید ہے کہ دمہ کی وجہ سے اس کی سانس اندر نہیں جارہی تھی اور وہ کہہ رہا تھا کہ مجھے موت کا انجکشن لگادو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسی بیماری اور مصیبت سے محفوظ فرمائے، آمین۔

اور دوسری شرح حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ہے کہ قِلَّةُ الْمَالِ وَكَثْرَةُ الْعِيَالِ یعنی مال کم ہو اور اولاد زیادہ ہو۔ مال کی کمی کی وجہ سے ان کی پرورش اور کھانے پینے میں سخت پریشانی ہوتی ہے، یہ بھی جَھْدِ الْبَلَاءِ ہے جس سے پناہ مانگی گئی، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اموال کو اولاد پر مقدم فرمایا:

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۖ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿۱۱﴾

---

۵۸ هذا مأخوذ من حديث أبي هريرة رضي الله عنه عَنِ النَّبِي صلى الله عليه وسلم قَالَ: تَعَوَّذُوا بِاللهِ مِنْ جَهدِ الْبَلَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الأَعْدَاءِ. أخرجه البخارى فى صحيحه: ٢/٩٧٩، برقم (٦٦١٦) فى باب مَنْ تَعَوَّذَ بِاللهِ مِنْ دَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوءِ الْقَضَاءِ- ومسلم فى صحيحه: ٢/٣٤٧، برقم: ٧٠٥٢، فى باب فِي التَّعَوُّذِ مِنْ سُوءِ الْقَضَاءِ وَدَرْكِ الشَّقَاءِ وَغَيرِه

وَّيُمۡدِدۡكُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِيۡنَ وَيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ جَنّٰتٍ وَّيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ اَنۡهٰرًا[٥٩]

اپنے رب سے معافی چاہو، وہ بہت بخشنے والا ہے۔ آسمان سے تم پر پانی برسائے گا اور استغفار کی برکت سے تمہارے مال اور تمہاری اولاد کو بڑھادے گا۔ اموال کو مقدم فرمایا، تاکہ بندے گھبرا نہ جائیں کہ اولاد زیادہ ہوئی تو کہاں سے کھلاؤں گا۔

وَدَرْكِ الشَّقَاءِ شین پر زبر ہے، جس کے معنٰی بد بختی اور بد نصیبی کے ہیں۔ اس وقت تو ہم چین و آرام سے ہیں، لیکن پناہ چاہتے ہیں کہ آیندہ کوئی بد بختی ہم کو پکڑ لے، لٰہذا اے اللہ! ہمارے مستقبل کو شقاوت و بد نصیبی سے تحفظ عطا فرما۔ اور گناہوں کو شقاوت و بد نصیبی میں بڑا دخل ہے، گناہوں سے شقاوت پیدا ہوتی ہے، اس کی دلیل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ دعا ہے:

اَللّٰهُمَّ ارۡحَمۡنِيۡ بِتَرۡكِ الۡمَعَاصِيۡ وَلَا تُشۡقِنِيۡ بِمَعۡصِيَتِكَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھ پر وہ رحمت نازل فرما کہ جس سے میں گناہوں کو چھوڑ دوں اور مجھے میرے گناہوں کی وجہ سے بد بخت نہ ہونے دیجیے۔

معلوم ہوا کہ گناہوں میں شقاوت اور بد بختی کی خاصیت ہے، اس لیے گناہوں کو جلد چھوڑ دینا چاہیے، ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ گناہوں کی نحوست سے شقاوت مقدر ہو جائے۔ اس دعا میں دَرْكِ الشَّقَاءِ سے پناہ مانگی گئی تاکہ ہمارا مستقبل شقاوت سے محفوظ ہو جائے۔

وَسُوْءِ الْقَضَاءِ میں مستقبل کی بد نصیبی سے پناہ مانگی جا رہی ہے کہ اگر مستقبل میں آپ نے میری تقدیر میں کوئی شقاوت اور سو قضا لکھ دی ہو تو اس کو حسنِ قضا سے تبدیل فرما دیجیے۔ جو فیصلے میرے حق میں بُرے ہیں ان کو اچھے فیصلوں سے تبدیل فرما دیجیے۔ یہاں سوء کی نسبت قاضی کی طرف نہیں مقضی کی طرف ہے، اللہ تعالیٰ کا کوئی فیصلہ ''سوء'' ہو ہی نہیں سکتا، لیکن جس کے خلاف وہ فیصلہ ہے اس کے حق میں بُرا ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں، اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔

کفر ہم نسبت بہ خالق حکمت است

اگر قضا اور فیصلہ کی تبدیلی اللہ کو منظور نہ ہوتی اور سُوء قضا کا حُسنِ قضا سے مبدل ہونا محال ہوتا تو حضور صلی اللہ

---

[٥٩] نوح: ١٢

علیہ وسلم یہ دعا نہ سکھاتے۔ یہ جو کہا جاتا ہے کہ قضائے الٰہی کو تبدیل کرنا محال ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بندوں کے لیے محال ہے، اللہ تعالیٰ کے لیے کچھ مشکل نہیں۔ وہ حاکمِ مطلق ہیں، جب چاہیں اپنے فیصلہ کو تبدیل فرما سکتے ہیں۔ اسی کو مولانا رومی عاشقانہ انداز میں مانگتے ہیں کہ اے اللہ! اگر میری قسمت میں کوئی سوء قضا آپ نے لکھ دی ہو تو اس سوء قضا کو حسنِ قضا سے تبدیل فرما دیجیے کیوں کہ قضا آپ کی محکوم ہے، آپ پر حاکم نہیں ہو سکتی۔ آپ کا فیصلہ آپ پر حکومت نہیں کر سکتا، آپ کے فیصلوں کو آپ پر بالا دستی حاصل نہیں بلکہ آپ کو اپنے فیصلوں پر بالا دستی حاصل ہے، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ فرمایا کہ میں قیامت کے دن کا مالک ہوں۔ قیامت کے دن میری حیثیت قاضی اور جج کی نہیں ہوگی، قاضی اور جج تو قانونِ مملکت کا پابند ہوتا ہے۔ قانون کے خلاف وہ کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا، کہہ دیتا ہے کہ صاحب! کیا کریں؟ قانونی مجبوری ہے، لیکن مجھے کوئی قانونی مجبوری نہیں ہو سکتی کیوں کہ میں قیامت کے دن کا مالک ہوں، قاضی اور جج کی طرح قانون کا پابند نہ ہوں گا، جس کو چاہوں گا اپنے شاہی رحم سے بخش دوں گا، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے عرشِ اعظم کے سامنے یہ عبارت لکھوائی ہوئی ہے کہ سَبَقَتْ رَحْمَتِيْ عَلٰى غَضَبِيْ[۶۰] میری رحمت اور غضب کی دوڑ میں میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی۔ موضح القرآن کے مصنف حضرت شاہ عبد القادر محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ عبارت از قبیل مراحمِ خسروانہ ہے یعنی بطور شاہی رحم کے ہے۔ دنیا میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ سپریم کورٹ سے جب کوئی مجرم ہار جاتا ہے، تو اخباروں میں آجاتا ہے کہ مجرم نے شاہ سے رحم کی اپیل کر دی، لہٰذا جو گناہ گار جہنم کا مستحق ہوگا اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں گے اپنے شاہی رحم سے، اپنے مراحمِ خسروانہ سے بخش دیں گے۔ یہ بات تفسیر موضح القرآن میں ہے اور یہ تفسیر چودہ سال میں لکھی گئی اور جس پتھر پر شاہ صاحب کہنی سے ٹیک لگا کر لکھا کرتے تھے اس پتھر پر نشان پڑ گیا تھا۔ یہ بات میرے شیخ شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے بتائی، لہٰذا ہم اسی دنیا میں یہ دعا مانگ لیں، کیوں کہ آخرت دار الجزاء ہے وہاں کوئی نہیں مانگ سکتا، وہاں کوئی عمل نہیں کر سکتا۔ یہ دنیا دار العمل ہے، لہٰذا ہم یہاں پہلے ہی اللہ تعالیٰ سے رحم کی اپیل کر دیں کہ اے اللہ! ہمیں قیامت کے دن اپنے مراحمِ خسروانہ سے بخش دیجیے۔

وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ اور دشمنوں کی طعنہ زنی سے پناہ مانگنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سکھا رہے ہیں، مثلاً جو شخص امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہو اور کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے، تو دشمن طعنہ دیتے

---

[۶۰] صحیح البخاری: ۱۱۲۷/۲، باب قولہ بل ہو قرآن مجید، المکتبۃ المظہریۃ

ہیں کہ دیکھیے ہمیں کہا کرتے تھے اب خود کیسی مصیبت میں گرفتار ہیں لہٰذا وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَآءِ سے پناہ مانگو کہ اے اللہ! دشمنوں کو ہم پر طعنہ زنی کا موقع نہ دے۔ اور دوسری دعا ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَائَۃِ نِقْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ[۶۱]

اس کا ترجمہ دلالتِ التزامی سے یہ ہے کہ اے اللہ! ہمیں ہر گناہ سے بچا جو سبب ہے آپ کی ناراضگی کا۔

حدیثِ بالا کی شرح دوسرے عنوان سے

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی اُمت کو سکھایا کہ اللہ تعالیٰ سے فیصلے بدلوالو، تقدیریں بدلوالو۔ تقدیر مخلوق نہیں بدل سکتی مگر خالق اپنے فیصلے کو بدل سکتا ہے، بس اللہ ہی سے فریاد کرو اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَ دَرْکِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَاءِ اس حدیثِ پاک میں سوءِ قضا سے پناہ مانگی گئی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ! اگر میری تقدیر میں کوئی شقاوت، بد بختی اور سوءِ قضا یعنی وہ فیصلے جو میرے حق میں بُرے ہیں لکھ دیے گئے ہیں تو آپ ان کو اچھے فیصلوں سے تبدیل فرمادیجیے، شقاوت کو سعادت سے اور سوءِ قضا کو حسنِ قضا سے تبدیل فرمادیجیے۔ یہاں ''سوء'' کی نسبت قاضی کی طرف نہیں مقضی کی طرف ہے یعنی برائی کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف نہیں ہے، کیوں کہ حق تعالیٰ کا کوئی فیصلہ بُرا نہیں ہو سکتا، لیکن جس کے خلاف وہ فیصلہ ہے اس کے حق میں بُرا ہے، جیسے جج کسی مجرم کو پھانسی کی سزا دیتا ہے تو جج کا فیصلہ بُرا نہیں، یہاں برائی کی نسبت جج کی طرف نہیں کی جائے گی، کیوں کہ اس نے تو انصاف کیا ہے، لیکن جس مجرم کے خلاف یہ فیصلہ ہوا ہے اس کے حق میں بُرا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں، وہ خالقِ خیر وشر ہے، جس طرح تخلیقِ خیر حکمت سے خالی نہیں اسی طرح تخلیقِ شر بھی حکمت سے خالی نہیں مثلاً ظلمت سے نور کی، کفر سے ایمان کی معرفت ہوتی ہے وغیرہ، لہٰذا اللہ تعالیٰ کے کسی فعل کی طرف سوء کی نسبت نہیں کی جاسکتی۔ کفر کو پیدا کرنا اللہ پاک کی عینِ حکمت ہے، لیکن جب کفر کی نسبت بندہ کی طرف ہوتی ہے اور بندہ اس کو اختیار کرتا ہے تو کفر اس کے لیے آفت وبد نصیبی وشقاوت ہے۔

معلوم ہوا کہ جزا اور سزا کسب پر ہے۔ جو ایمان کو کسب کرتا ہے اچھی جزا پاتا ہے اور جو کفر کا

---

[۶۱] ھذا حدیث عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنھما أنہ قَالَ کَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلّم اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَۃِ نِقْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ. أخرجہ مسلم فی صحیحہ:۲/۳۵۲، برقم:۱۲۰، فی باب أَ کْثَرُ أَھلِ الْجَنَّۃِ الْفُقَرَاءُ وَأَکْثَرُأَھلِ النَّارِ النِّسَاءُوَبیَانِ الْفِتْنَۃِ بِالنِّسَاءِ

مرتکب ہوتا ہے سزا پاتا ہے۔ اس کی مثال میرے شیخ شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم نے عجیب دی کہ جیسے حکومت نے بجلی بنائی اور بتادیا کہ فلاں فلاں سوئچ کو دبانا لیکن فلاں سوئچ کو نہ دبانا۔ پھر اگر کوئی ممنوعہ سوئچ کو دباتا ہے تو پکڑا جاتا ہے کہ تم نے وہ سوئچ کیوں دبایا؟ اسی طرح اللہ تعالیٰ خالقِ خیر و شر ہیں اور حکم دے دیا کہ خیر کو اختیار کرو اور شر سے بچو پھر اگر کوئی شر اختیار کرتا ہے، تو اسی پر مؤاخذہ اور پکڑ ہے کہ جب ہم نے منع کر دیا تھا تو تم نے اسے کیوں اختیار کیا؟ اسی کو حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ سوء کی نسبت قاضی کی طرف نہیں مقضی کی طرف ہے۔

اور حدیثِ پاک میں سوء قضا سے پناہ کی درخواست سے معلوم ہوا کہ اگر سوء قضا کا حسنِ قضا سے تبدیل ہونا محال ہوتا یا منشاء الٰہی کے خلاف ہوتا، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امت کو یہ دعا نہ سکھاتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سوء قضا سے پناہ مانگنا دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ سوء قضا کو حسنِ قضا سے مبدل فرما دیتے ہیں اور یہ درخواست عینِ منشاء الٰہی کے مطابق ہے۔ اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ تقدیر کو کوئی نہیں بدل سکتا تو اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ مخلوق نہیں بدل سکتی، اللہ تعالیٰ اپنے فیصلہ کو بدل سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں کو اللہ پر بالادستی حاصل نہیں، اللہ کو اپنے فیصلوں پر بالادستی حاصل ہے، اسی کو مولانا رومی نے فرمایا کہ اے اللہ! قضا آپ کی محکوم ہے، آپ پر حاکم نہیں، لہٰذا سوء قضا کو حسنِ قضا سے تبدیل فرما دیجیے۔

اور اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ فرمایا کہ قیامت کے دن میری حیثیت قاضی اور جج کی نہیں ہوگی کہ وہ تو قانونِ مملکت کے پابند ہوتے ہیں، قانون کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے، کسی مجرم کو قانون کے خلاف رہا نہیں کر سکتے، لیکن اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں مالک ہوں قیامت کے دن کا، میں قاضی اور جج کی طرح پابند قانون نہ ہوں گا۔ جو گناہ گار قانون کی رو سے جہنم کا مستحق ہوگا تو میں قانون سے مجبور نہ ہوں گا کہ اسے جہنم ہی میں ڈال دوں، جس کو چاہوں گا اپنے مراحمِ خسروانہ سے، اپنی رحمتِ شاہانہ سے بخش دوں گا۔

شرحِ حدیث بعنوانِ دگر

معلوم ہوا کہ اگر سوء قضاء کا حسنِ قضاء سے تبدیل ہونا محال ہوتا تو حدیثِ پاک میں اُمت کو یہ دعا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تعلیم نہ فرماتے اور یہ جو مشہور ہے کہ تقدیر کو کوئی بدل نہیں سکتا، تو اس کا یہ مطلب ہے کہ مخلوق نہیں بدل سکتی اللہ تعالیٰ تقدیر کو بدل سکتے ہیں جیسا کہ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے مثنوی میں فرمایا کہ اے اللہ! آپ کو اپنے فیصلوں پر بالادستی حاصل ہے، قضا آپ کی محکوم ہے، آپ پر حاکم نہیں،

آپ کے فیصلوں کو آپ پر بالادستی حاصل نہیں لہٰذا جو فیصلے میرے حق میں برے ہیں ان کو اچھے فیصلوں سے تبدیل فرمادیجیے، کیوں کہ آپ کا کوئی فیصلہ بُرا نہیں کہ وہ تو عین عدل وانصاف اور عینِ حکمت ہے لیکن میری شامتِ عمل سے، کیوں کہ وہ میرے حق میں برا ہے اس لیے اس کو بدل دیجیے تاکہ میں تباہی وہلاکت سے بچ جاؤں، جیسے عادل جج کسی مجرم کو پھانسی کا حکم سناتا ہے تو فی نفسہٖ یہ فیصلہ بُرا نہیں کیوں کہ عدل وانصاف پر مبنی ہے، لیکن جس کے خلاف یہ فیصلہ اس کے جرائم کی وجہ سے ہوا ہے اس مجرم کے لیے برا ہے، اسی لیے حضرت حکیم الامت تھانوی نے فرمایا کہ یہاں سوء کی نسبت قاضی کی طرف نہیں مقضی کی طرف ہے یعنی برائی کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں ہے، بلکہ جس کے خلاف وہ فیصلہ ہے اس کی طرف ہے، فیصلہ برا نہیں لیکن جس کے خلاف ہے اس کے لیے برا ہے اور جس طرح جب مجرم عدلیہ سے مایوس ہو جاتا ہے تو بادشاہِ وقت یا صدرِ مملکت سے رحم کی اپیل کرتا ہے، لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُمت کو یہ دعا تعلیم فرما دی کہ سوئے قضا سے حفاظت مانگ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی تقدیریں بدلوا لو کہ عدل کے اعتبار سے تو ہم مستحقِ سزا ہیں لیکن آپ سے آپ کے فضل اور آپ کے مراحمِ خسروانہ سے رحم کی بھیک مانگتے ہیں کہ ہماری بُری تقدیر کو محض اپنے رحمِ شاہی کے صدقہ میں اچھی تقدیر سے بدل دیجیے۔

اہل اللہ کی رفاقت اور ان سے اللہ تعالیٰ کے لیے محبت سوء قضا سے حفاظت کا ذریعہ ہے، کیوں کہ وَامۡتَازُوا الۡیَوۡمَ اَیُّهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ[۶۲] کا خطاب ان ہی کو سننا پڑے گا جو قلباً و قالباً و اعتقاداً عبادِ صالحین سے نہ ہوں گے، وہی مجرمین ہوں گے۔ جب حضرت یوسف علیہ السلام اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ کی اللہ تعالیٰ سے درخواست کر رہے ہیں تو پھر غیر نبی کا کیا منہ ہے جو الحاق بالصالحین کی اہمیت کا منکر ہو۔

اہل اللہ کی رفاقت سوء قضا سے حفاظت کا ذریعہ ہے، اس کی دلیل بخاری شریف کی حدیث ہے کہ تین باتیں ایسی ہیں کہ جس کے اندر ہوں گی وہ ایمان کی حلاوت پالے گا جن میں سے ایک یہ ہے کہ جو صرف اللہ کے لیے کسی بندہ سے محبت کرے اس کو حلاوتِ ایمانی عطا ہو جائے گی اور حضرت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ میں نقل کرتے ہیں کہ ایمان کی حلاوت جس قلب میں داخل ہوتی ہے پھر کبھی نہیں نکلتی اور اس میں حسنِ خاتمہ کی بشارت ہے کیوں کہ جب ایمان قلب سے نکلے گا ہی نہیں تو خاتمہ ایمان ہی پر ہو گا۔ لہٰذا اہل اللہ سے محبت قلب میں حلاوتِ ایمانی پانے کا ذریعہ ہے اور حلاوتِ ایمانی کا قلب میں داخل ہونا سوء خاتمہ سے حفاظت کا ذریعہ ہے، اَللّٰھُمَّ ارۡزُقۡنَا مِنۡهُ۔

---

[۶۲] یٰسٓ:۵۹

حدیث نمبر ۱۸

سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ هَلْ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُوْنَ؟ قَالَ نَعَمْ وَ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ[۶۳]

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ ہنسا کرتے تھے؟ تو فرمایا کہ ہاں! مگر ایمان ان کے دلوں میں پہاڑ سے بھی زیادہ ہوتا تھا۔

حدیثِ پاک میں کثرتِ ضحک سے دل مردہ ہونے کی جو وعید وارد ہوئی ہے اس سے مراد وہ ہنسی ہے جو غفلت کے ساتھ ہو۔ یہ بات ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ میں حدیث اِنَّ كَثْرَةَ الضِّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ کی شرح میں لکھی ہے (اور فرمایا ہے أَيِ الْمُوَرِّثَةُ لِلْغَفْلَةِ عَنِ الْاِسْتِعْدَادِ لِلْمَوْتِ وَمَا بَعْدَهٗ مِنَ الزَّادِ لِلْمَعَادِ یہاں زیادہ ہنسنے سے مراد وہ ہنسی ہے جو موت اور مابعد الموت آخرت کے لیے زادِ راہ جمع کرنے سے غافل کرنے والی ہو) جو لوگ شرح نہیں دیکھتے وہ مطلق ہنسی کو بُرا سمجھتے ہیں۔ اگر حدیثِ پاک کے یہ معنیٰ ہوتے جو یہ متقشف لوگ سمجھتے ہیں تو ہنسنا ثابت ہی نہ ہوتا، حالاں کہ بہت سی احادیث میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنا ہنسے حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ[۶۴] کہ آپ کی داڑھیں کھل گئیں اور صحابہ کرام بھی ہنسا کرتے تھے كَانُوْا يَضْحَكُوْنَ وَ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ صحابہ کرام خوب ہنستے تھے، لیکن ایمان ان کے دلوں میں پہاڑوں سے بھی زیادہ تھا۔

حضرت مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ مفتیٔ اعظم پاکستان نے بتایا کہ ایک بار خواجہ صاحب نے ہم لوگوں کو خوب ہنسایا پھر ہم لوگوں سے دریافت فرمایا کہ بتاؤ، اس وقت ہنسی کی حالت میں کس کس کا دل اللہ سے غافل تھا، حضرت مفتی صاحب نے فرمایا کہ ہم لوگ خاموش رہے، تو خواجہ صاحب نے فرمایا کہ الحمد للہ!

---

[۶۳] هذا أثر قتادة أنه قال سئل ابن عمر، هل كَانَ أصحاب رَسُول الله صلى الله عليه وسلم يضحكون ؟ قَالَ : نعم، والإيمان فِي قلوبهم أعظم مِن الجبل. أخرجه البغوى فى شرح السنة:۳۷۵/۶ برقم:۳۲۴۴ فى باب الضحك، دار الكتب العلمية، بيروت

[۶۴] هذا جزء حديث روى عن أَبِي هريرَة رَضِيَ الله عَنه، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ النَّبِي صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ فَقَالَ: هلَكتُ، وَقَعتُ عَلَى أَهلِي فِي رَمَضَانَ، قَالَ: «أَعتِقْ رَقَبَة» قَالَ: لَيسَ لِي، قَالَ: «فَصُمْ شَهرَينِ مُتَتَابِعَينِ» قَالَ: لاَ أَستَطِيعُ، قَالَ: «فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا» قَالَ: لاَ أَجِدُ، فَأُتِي بِعَرَقٍ فِيه تَمرٌ - قَالَ إِبرَاهِيمُ: العَرَقُ المِكتَلُ - فَقَالَ: «أَينَ السَّائِلُ، تَصَدَّقْ بِها» قَالَ: عَلَى أَفْقَرَ مِنِّي، وَالله مَا بَينَ لاَبَتَيها أَهلُ بَيتٍ أَفْقَرُ مِنَّا، فَضَحِكَ النَّبِي صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُه، قَالَ: «فَأَنْتُمْ إِذًا»، اخرجه البخارى فى صحيحه:------ برقم:------ فى باب التبسم والضحك، المكتبة المظهرية

میرا دل اس وقت بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغول تھا پھر یہ شعر پڑھا۔

ہنسی بھی ہے گو لبوں پہ ہر دم اور آنکھ بھی میری تر نہیں ہے
مگر جو دل رو رہا ہے پیہم کسی کو اس کی خبر نہیں ہے

اور ایک مثال اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالی کہ کسی باپ کے بہت سے بچے ہوں جو باپ کے نہایت فرماں بردار ہوں اور باپ ان سے خوش ہو، وہ جب آپس میں ہنستے ہیں تو باپ خوش ہوتا ہے کہ میرے بچے کیسے ہنس رہے ہیں! اور نافرمان بچے جن سے باپ ناخوش ہے وہ جب ہنستے ہیں، تو باپ کو غصہ آتا ہے کہ مجھے ناخوش کیا ہوا ہے اور نالائق ہنس بھی رہے ہیں۔ جن بندوں نے اللہ کو راضی کیا ہوا ہے اور جو اللہ کو ناخوش نہیں کرتے، اپنی آرزوؤں کو توڑ دیتے ہیں، لیکن اللہ کے قانون کو نہیں توڑتے ان کے ہنسنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں اور جو غافل اور نافرمان ہیں ان کی ہنسی بھی اللہ کو ناپسند ہے، دونوں کے ہنسنے میں زمین و آسمان کا فرق ہے، غافل کی ہنسی اور ہے ذاکر کی ہنسی اور ہے۔ اس پر میرا شعر ہے۔

دل ہے خنداں جگر میں ترا درد و غم
تیرے عاشق کو لوگوں نے سمجھا ہے کم

حضرت حکیم الامت مجدد الملت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو لوگ زیادہ سنجیدہ ہوتے ہیں اکثر متکبر ہوتے ہیں اور فرمایا کہ ہنستا بولتا آدمی اچھا ہوتا ہے، اس میں تکبر نہیں ہوتا۔ میں بھی بچپن سے خاموش طبع، فکر مند جو ہر وقت کچھ سوچتا رہتا ہو ایسے لوگوں سے دور بھاگتا تھا۔ مجھے بھی خوش طبع اور ہنسنے بولنے والے لوگوں سے مناسبت ہوتی ہے۔ زیادہ خاموش اور سنجیدہ قسم کے لوگوں سے وحشت ہوتی ہے۔ ایک شخص خوب ہنستا بولتا رہتا ہے لیکن جب کوئی حسین شکل سامنے آتی ہے نابینا بن جاتا ہے، آنکھ بند کرلیتا ہے، نظر اُٹھا کر نہیں دیکھتا۔

جب آگئے وہ سامنے نابینا بن گئے
جب ہٹ گئے وہ سامنے سے بینا بن گئے

ایک گناہ نہیں کرتا، بتائیے یہ شخص اچھا ہے یا وہ جو بالکل خاموش آنکھیں بند کیے باخدا بنا ہوا ہے، لیکن جیسے ہی کوئی کشتی نظر آئی ناخدا بن گیا اور سوار ہوگیا یعنی بدنگاہی کرنے لگا۔ اکثر وہ لوگ جو سنجیدہ اور مقدس بنتے ہیں، کسی سے بات نہیں کرتے، تجربہ ہے کہ یہی لوگ ہیں جن کے بارے میں اکبر الہ آبادی نے کہا تھا۔

خلافِ شرع شیخ تھوکتا بھی نہیں
اندھیرے اُجالے مگر چوکتا بھی نہیں

میں کہتا ہوں کہ اس زمانہ میں اپنے اللہ والے دوستوں میں رہو، ان سے خوب ہنسو بولو، بس نافرمانی کے قریب بھی نہ جاؤ۔ جب کوئی حسین شکل سامنے آئے، اب ہمت سے کام لو، نفس کے گھوڑے کی لگام کس دو کہ نالائق! تجھے ہر گز نہیں دیکھنے دوں گا۔ اللہ والے دوستوں میں دن خوب عیش سے گزر جائیں گے اور نافرمانی سے بچ جاؤ گے، ورنہ اگر لوگوں سے بھاگ کر خلوت اختیار کی تو یہ وہ زمانہ ہے کہ شیطان پہنچ جائے گا۔ اگر کچھ نہ کر سکا تو تنہائی میں پرانے گناہوں کی ریل چلا کر دل کو تباہ کر دے گا، پرانے گناہوں کو یاد دلائے گا یا نئے گناہوں کی اسکیم بنائے گا، لہٰذا اس زمانہ میں زیادہ تنہائی میں رہنا سخت خطرناک ہے، اللہ والے دوستوں میں رہنے میں ہی فائدہ ہے، کیوں کہ خلوۃ مع الرحمٰن مفید ہے خلوۃ مع الشیطان نہیں۔

حدیث نمبر ۱۹

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ اَنۡ اُشۡرِکَ بِکَ وَاَنَا اَعۡلَمُ
وَاَسۡتَغۡفِرُکَ لِمَا لَا اَعۡلَمُ[۶۵]

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ تیرے ساتھ شریک کروں اور اس کو میں جانتا ہوں اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس کی کہ میں نہ جانتا ہوں۔

حدیثِ پاک میں ہے کہ قیامت کے دن ایک شہید کو بلایا جائے گا اور اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کہ کس لیے شہید ہوا؟ کہے گا کہ اے اللہ! آپ کے لیے میں نے جان دے دی۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ تو جھوٹ کہتا

---

[۶۵] هذا حديث معقل بن يسار أو حديث أبي بكر الصديق رضى الله عنهما ، قال معقل بن يسار رضى الله عنه: انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى النَّبِي صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ : يا أَبَا بَكْرٍ، لَلشِّرْكُ فِيكُمْ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ : وَهلِ الشِّرْكُ إِلَّا مَنْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهَ اٰخرَ ؟ فَقَالَ النَّبِي صلى الله عليه وسلم : وَالَّذِى نَفْسِى بِيدِه ، لَلشِّرْكُ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ، أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى شَيءٍ إِذَا قُلْتَه ذَهبَ عَنْكَ قَلِيلُه وَكَثِيرُه ؟ قَالَ : قُلِ : اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لا أَعْلَمُ. أخرجه البخارى فى الأدب المفرد:۱/۲۱۵ برقم (۷۱۶) فى بَابُ مَا يدَّخرُ لِلدَّاعِى مِنَ الأَجْرِ وَالثَّوَابِ، دارالكتب العلمية و أخرجه أبو يعلى فى مسنده:۱/۴۶-۴۷ برقم (۵۶-۵۴)، دارالكتب العلمية

ہے۔ تو اس لیے شہید ہوا تا کہ کہا جائے کہ تو بڑا بہادر ہے۔ حکم ہو گا کہ اس کو جہنم میں ڈال دو۔ اسی طرح ایک قاری کو بلایا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کہ تم قاری کس لیے بنے؟ کہے گا کہ اے اللہ! آپ کے لیے، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ تو جھوٹ بولتا ہے، تو نے قراءت اس لیے کی تا کہ کہا جائے کہ تو بہت بڑا قاری ہے، اس کو بھی جہنم میں ڈالنے کا حکم ہو گا۔ پھر ایک سخی کو بلایا جائے گا، اللہ تعالیٰ اس سے پوچھیں گے کہ مال کس لیے خرچ کیا؟ کہے گا کہ اے اللہ! آپ کے لیے، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جھوٹ کہتا ہے، تو نے اس لیے خرچ کیا تا کہ کہا جائے کہ تو بہت بڑا سخی ہے۔ اس کو بھی جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ معلوم ہوا کہ دِکھاوا اتنا خطرناک مرض ہے کہ ایک شہید کی شہادت قبول نہیں ہوئی، ایک قاری کی قراءت قبول نہیں ہوئی اور ایک سخی کی سخاوت قبول نہیں ہوئی۔ جان بھی گئی، مال بھی گیا، قراءت سیکھنے کی محنت بھی گئی اور جنت بھی نہ ملی، لہٰذا دل کو ٹٹولنا چاہیے کہ ہم کس لیے عمل کر رہے ہیں اور اس مرض کے علاج کی فکر کرنی چاہیے۔

رِیا سے حفاظت کا اور اخلاص کے حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ حضرت مفتی شفیع صاحب مفتیٔ اعظم پاکستان نے اپنے شیخ و مرشد حضرت حکیم الامت مجدد الملت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے اس شعر کے متعلق پوچھا کہ حضرت! شاعر نے جو یہ کہا ہے کہ ایک منٹ کی صحبتِ اہل اللہ سو سال کی اخلاص والی عبادت سے بہتر ہے، تو کیا یہ مبالغہ نہیں ہے؟ حضرت حکیم الامت تھانوی نے فرمایا کہ مفتی صاحب! یہ مبالغہ نہیں ہے، بلکہ شاعر نے کم بیان کیا ہے کہ ؎

یک زمانہ صحبتِ با اولیا
بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

شاعر کو یوں کہنا چاہیے تھا ؎

یک زمانہ صحبتِ با اولیا
بہتر از لکھ سالہ طاعت بے ریا

اللہ والوں کی صحبت ایک لاکھ سال کی اخلاص والی عبادت سے افضل ہے اور اس کی وجہ حضرت نے ملفوظات ''حسن العزیز'' میں بیان فرمائی کہ شیطان نے ہزاروں سال عبادت کی لیکن مردود ہونے سے نہ بچ سکا، لیکن اللہ والوں کا صحبت یافتہ مردود نہیں ہوتا، گناہ کا اس سے صدور تو ہو سکتا ہے، لیکن دائرۂ اسلام سے خروج نہیں ہو سکتا، ایمان ان شاء اللہ! اس کا سلامت رہے گا، حسنِ خاتمہ نصیب ہو گا اور اللہ والوں کا صحبت یافتہ گناہوں

پر قائم بھی نہیں رہ سکتا، توفیقِ توبہ ان کی برکت سے نصیب ہو جاتی ہے۔ تو فرمایا کہ صحبتِ اہل اللہ میں جب یہ اثر ہے کہ وہ دائرۂ اسلام سے خروج سے حفاظت کی ضامن ہے، تو پھر وہ اس عبادت سے کیوں افضل نہ ہو گی جس میں یہ اثر نہ ہو۔

حضرت حکیم الامت نے اس کی کوئی دلیل نقل نہیں فرمائی، لیکن اللہ تعالیٰ نے ایک حدیث شریف مجھے یاد دلائی جو حضرت حکیم الامت کے ارشاد کی دلیل ہے۔ بخاری شریف کی حدیث ہے:

مَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ[۶۶]

جو شخص کسی بندے سے صرف اللہ کے لیے محبت کرے تو اس کو حلاوتِ ایمانی نصیب ہو گی اور اللہ والوں سے اللہ ہی کے لیے محبت ہوتی ہے، کیوں کہ اپنا خاندان نہیں ہوتا ہے، بعض وقت اپنی زبان بھی نہیں ہوتی اور بعض وقت کوئی رشتہ بھی نہیں ہوتا، نہ کسی تجارت اور بزنس کا تعلق ہوتا ہے، صرف اللہ ہی درمیان میں ہوتا ہے، لہٰذا اللہ والوں سے محبت للّٰہی بدرجۂ کمال ہوتی ہے، اس لیے اہل اللہ کی محبت پر بھی حلاوتِ ایمانی کا وعدہ ہے جس پر حسنِ خاتمہ موعود ہے۔

ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وَقَدْ وَرَدَ اَنَّ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ اِذَا دَخَلَتْ قَلْبًا لَا تَخْرُجُ مِنْہُ اَبَدًا وَّفِیْہِ اِشَارَۃٌ اِلٰی بَشَارَۃِ حُسْنِ الْخَاتِمَۃِ[۶۷] یعنی حلاوتِ ایمانی جس قلب کو عطا ہوتی ہے پھر کبھی اس دل سے نہیں نکلتی اور جب ایمان کبھی دل سے نکلے گا ہی نہیں، تو اس میں حسنِ خاتمہ کی بشارت موجود ہے۔ اور دوسری دلیل بھی بخاری شریف کی ہے:

ھُمُ الْجُلَسَاءُ لَا یَشْقٰی بِھِمْ جَلِیْسُھُمْ

یہ اللہ والے ایسے ہم نشین ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا شقی اور بدبخت نہیں رہ سکتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمت کو ایک دعا تعلیم فرمائی، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تم یہ دعا پڑھ لیا کرو، تو تم دکھاوے کے مرض سے نجات پاجاؤ گے مِنْ قَلِیْلِہٖ وَکَثِیْرِہٖ وَصَغِیْرِہٖ وَکَبِیْرِہٖ چاہے تھوڑی رِیا ہو یا زیادہ ہو، چھوٹا دِکھاوا یا بڑا دِکھاوا ہو، ہر قسم کے دِکھاوے اور رِیا سے نجات پا جاؤ گے، وہ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

---

[۶۶] صحیح البخاری: ۱/۷، باب من کرہ ان یعود فی الکفر الخ، المکتبۃ القدیمیۃ

[۶۷] مرقاۃ المفاتیح: ۱/۴، کتاب الایمان، المکتبۃ الامدادیۃ، ملتان

اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَ اَنَا اَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں کہ آیندہ تیرے ساتھ دِکھاوا اور شرک کروں اور مجھے اس کی خبر بھی ہو لیکن ماضی میں جو کچھ ہو چکا اے اللہ! اس سے بھی میں معافی چاہتا ہوں کہ دِکھاوا ہو گیا اور مجھے پتا بھی نہ چلا، لہٰذا اَعُوْذُ بِكَ سے پاکی مل گئی اور اَسْتَغْفِرُكَ سے معافی مل گئی، تو پاکی بھی ملی اور معافی بھی ملی اور کیا چاہیے، یعنی بندہ رِیا سے پاک کر دیا گیا اور جو کچھ دِکھاوا ماضی میں ہو چکا اس کی معافی مل گئی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو یہ دعا سکھائی اس میں رِیا، دِکھاوا اور شرکِ خفی سے پاکی بھی ہے اور معافی بھی ہے۔

لیکن اگر کوئی دعا کرتا رہے کہ اے اللہ! مجھے اولاد دے دے اور شادی نہ کرے تو کیا اس کو اولاد ملے گی؟ ایسے ہی رِیا سے بچنے کی یہ دعا جب قبول ہو گی جب اللہ والوں کی صحبت میں رہو۔ قطب العالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اللہ والوں کی صحبت میں رہنا سو برس کی اخلاص کی عبادت سے افضل ہے۔ پھر ہنس کر فرمایا کہ مگر ایک منٹ کی اخلاص کی عبادت نصیب نہیں ہو گی جب تک اللہ والوں کی صحبت میں نہیں جاؤ گے۔ اخلاص ملتا ہی ہے اللہ والوں کی صحبت سے۔

اب اگر کوئی یہ اِشکال کرے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو صرف دعا سکھائی، صحبتِ اہل اللہ کی قید تو نہیں لگائی، تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جن کو یہ دعا سکھائی جا رہی تھی وہ بھی تو صحبت یافتہ تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے، جن کو صحبتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاصل تھی ان کو یہ دعا بتائی گئی۔ معلوم ہوا کہ اللہ والوں کی صحبت بھی حاصل رہے اور یہ دعا بھی رہے تو پھر ان شاء اللہ تعالیٰ کام بن جائے گا۔

حدیث نمبر ۲۰

اَلرَّجُلُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِهٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَّنْ یُّخَالِلُ[۶۸]

ترجمہ: آدمی اپنے گہرے دوست کے دین پر ہوتا ہے۔ پس چاہیے کہ تم میں سے ہر ایک غور کرلے اس شخص کے متعلق کہ جس کو دوست بنائے۔

---

۶۸ ھذا حدیث أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ الرَّجُلُ عَلَی دِینِ خَلِیلِہِ فَلْیَنْظُرْ أَحَدُکُمْ مَنْ یُخَالِلُ. أخرجہ أبو داؤد فی سننہ (۳۰۸/۲) برقم (۴۸۳۵) فی باب مَنْ یُؤْمَرُ أَنْ یُجَالَسَ. والترمذی فی سننہ (۶۳/۲) برقم (۲۳۷۸) فی باب ما جاء فی أخذ المال باب منہ

پیر کی کتنی محبت ہونی چاہیے، اس مضمون کے متعلق ایک بہت بڑا راز اللہ تعالیٰ نے میرے قلب پر مکشوف فرمایا اور وہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَّنْ یُّخَالِلُ انسان اپنے خلیل اور گہرے دوست کے دین پر خود بخود ہوجاتا ہے۔ تو اگر شیخ سے اتنی محبت ہوجائے کہ وہ ہمارے قلب میں خلیل ہوجائے، تو اس کی تمام ادائیں ہمارے اندر خود بخود آجائیں گی اور جب تک یہ ادائیں اس کے اندر نہیں آرہی ہیں، تو صحبتِ شیخ اس کے لیے نفعِ کامل کا ذریعہ نہیں بن رہی ہے بوجہ اس کی نالائقی اور عدم اتباع کے۔ شیخِ کامل کی صحبت سے نفعِ کامل حاصل کرنے کے لیے تفسیر روح المعانی کا ایک جملہ ہے کہ خَالِطُوْھُمْ لِتَکُوْنُوْا مِثْلَھُمْ[۶۹] اتنا ساتھ رہو کہ تم بھی اپنے شیخ کی طرح ہوجاؤ، وہی دردِ دل، وہی آہ و فغاں، وہی غضِّ بصر، وہی تقویٰ تمہارے اندر بھی منتقل ہوجائے۔ اس حدیث کی رو سے کہ اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ اگر شیخ تمہارا خلیل ہوتا اور علیٰ سبیلِ خلت تم کو شیخ کی محبت نصیب ہوتی تو شیخ کی راہ میں اور تمہاری راہ میں فرق نہ ہوتا۔ معلوم ہوا کہ تمہاری رفاقت میں حسن نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا[۷۰] یہ خالی جملۂ خبریہ نہیں ہے، اس میں جملۂ انشائیہ پوشیدہ ہے۔ یہ بہت اچھے رفیق ہیں، اس خبر میں یہ انشاء موجود ہے کہ ان کے ساتھ حسین رفاقت اختیار کرو۔ جب تک شیخ کے راستہ میں اور مرید کے راستہ میں فرق ہے تو اللہ تعالیٰ سے شیخ کی محبت علیٰ سبیلِ خلت مانگو کہ اے اللہ! شیخ کو میرے قلب میں اتنا محبوب کردے کہ وہ میرا خلیل ہوجائے اور میں عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ ہوجاؤں، پس جب شیخ کی محبت خلت کے درجہ میں پہنچ جائے گی تو اس کے مشورہ پر اتباعِ کامل کی توفیق ہوگی اور پھر خود بخود شیخ کے تمام اخلاق آپ کے اندر منتقل ہوجائیں گے۔ یہ شرح اللہ تعالیٰ نے ابھی میرے دل کو عطا فرمائی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ اس حدیث میں شیخ کی محبت کی تعلیم ہے اور بخاری شریف کی حدیث ہے مَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اس میں بھی شیخ کی محبت کی تعلیم ہے، کیوں کہ شیخ سے محبت اللہ ہی کے لیے ہوتی ہے، کیوں کہ اس کے ساتھ کوئی رشتہ داری نہیں، وطنی، علاقائی، زبانی و تجارتی تعلق بھی نہیں ہے۔ اپنے شیخ کی محبت کا ایک انعام یہ بھی ہے جو بخاری شریف کی اس حدیث میں مذکور ہے کہ اس کو ایمان کی مٹھاس ملے گی اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور اس کو اللہ کی محبت بھی ملے گی اور اعمالِ صالحہ کی محبت بھی ملے گی، اس لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

---

[۶۹] روح المعانی: ۱۱/۵۶، التوبۃ (۱۱۹)، دار احیاء التراث، بیروت

[۷۰] تفسیر النسفی: ۱/۲۳۷، النسآء (۶۹)

جب اللہ کی محبت مانگی تو اس کے ساتھ اللہ کے عاشقوں کی محبت بھی مانگی اور اعمال کی محبت بھی مانگی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَ الْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ [۱]

اللہ تعالیٰ کی محبت اور اعمال کی محبت کے بیچ میں اللہ کے عاشقوں کی محبت مانگ کر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتادیا کہ جس کو شیخ کی محبت مل جاتی ہے اس کو اللہ کی محبت بھی مل جاتی ہے اور اعمال کی توفیق بھی ہو جاتی ہے اور حدیث شریف اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ سے معلوم ہوا کہ ہر آدمی اپنے خلیل (گہرے دوست) کے دین پر خود بخود ہو جاتا ہے، لہٰذا جس کو اپنے شیخ کی محبت کم ہو گی، علیٰ سبیلِ خلت نہیں ہو گی، اس کے اندر شیخ کا دین، شیخ کا اخلاق، شیخ کا تعلق مع اللہ پورا منتقل نہیں ہو گا۔ خَلِیْل کے معنیٰ ہیں گہرا دوست۔ دوستی اتنی گہری ہو کہ دل کے اندر داخل ہو جائے۔ اس حدیث کی شرح مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے یوں فرمائی ؎

مہرِ پاکاں درمیانِ جاں نشاں
دل مدہ الّا بمہرِ دل خوشاں

شیخ کی محبت کو، اللہ والوں کی محبت کو اپنی جان کے اندر رکھ لو، عقل میں نہیں، عقلی محبت کافی نہیں ہے، دماغ میں بھی نہیں، قلب میں بھی نہیں، صرف دل کی محبت بھی کافی نہیں ہے اور آگے بڑھو، دل کے درمیان کی محبت سے بھی آگے بڑھو، درمیانِ جان لے آؤ، روح کے اندر لے آؤ، جان کے اوپر اوپر والی محبت بھی کافی نہیں۔ یہ مولانا رومی کی بلاغت ہے، فرماتے ہیں کہ شیخ کی محبت کو جان کے اوپر ہی نہ رکھو، جان کے درمیان میں لے آؤ اور دل کسی کو مت دو، لیکن جن کے دل اچھے ہو گئے ہیں ان کو دل دو۔ اور دل کب اچھا ہوتا ہے؟ دل تو ایک ظرف ہے، برتن ہے، برتن کب اچھا ہو گا؟ جب اس میں اچھی چیز رکھو گے۔ اللہ کی محبت سے بڑھ کر کون سی چیز اچھی ہو سکتی ہے۔ بس جن کے دل اللہ کی محبت سے اچھے ہو گئے ان کو اپنا دل دے دو۔

تو اللہ والا بننے کے لیے اپنے شیخ کی محبت کو اللہ سے مانگو کہ یااللہ! ہمارا شیخ ہمارا خلیل ہو جائے۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ اگر سچا اللہ والا تمہارا خلیل ہو جائے گا اور

---

[۱] هذا مختصر من حديث أبي الدرداء رضي الله عنه أنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ الله صلى الله عليه وسلم كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوٗدَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِي يُبَلِّغُنِي حُبَّكَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَأَهْلِي وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ. قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ الله صلى الله عليه وسلم إِذَا ذَكَرَ دَاوٗدَ يُحَدِّثُ عَنْهُ قَالَ "كَانَ أَعْبَدَ الْبَشَرِ". أخرجه الترمذي في سننه (۸۱/۲) برقم (۳۸۲۸) في باب مَا جَاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيحِ بِالْيَدِ. باب منه و قال هذا حديث حسن غريب

تم اس کے خلیل ہو جاؤ گے تو سارا دین آسان ہو جائے گا، یہاں تک کہ شیخ کے علوم، شیخ کے ارشادات، شیخ کا دردِ دل، شیخ کی طرزِ گفتگو، شیخ کا طرزِ رفتار اور شیخ کا طرزِ گفتار یعنی شیخ کے جینے کے سارے قرینے مرید میں منتقل ہو جاتے ہیں، لہٰذا اگر کسی شیخ کے ہزاروں مرید ہیں تو جس مرید میں شیخ کی محبت غالب ہو گی اُسے شیخ کا سارا علم مل جائے گا، شیخ کا سارا دردِ دل مل جائے گا اور اس کے پاس بیٹھنا شیخ کے پاس بیٹھنا ہو جائے گا۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت صدیقِ اکبر کے لیے فرماتے ہیں کہ میں نے سب کے احسانات کا بدلہ دے دیا، لیکن صدیق کا ہم سے بدلہ ادا نہیں ہو سکا، اللہ ہی اس کا بدلہ ان کو دے گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ شیخ پر اس طرح فدا ہونا چاہیے کہ اس کے دل پر تمہاری محبت و وفاداری کا نقش بیٹھ جائے۔

حدیث نمبر ۲۱

لَاَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِیْنَ[۲]

ترجمہ: گناہ گار بندوں کا رونا مجھے زیادہ محبوب ہے تسبیح پڑھنے والوں کی سبحان اللہ سے۔

اللہ کے اللہ ہونے کی دلیل

ندامت کے ان آنسوؤں کی قدر جو اللہ تعالیٰ نے فرمائی، اللہ کے علاوہ کون ایسی قدر کر سکتا ہے کہ ان کو یہ قیمت عطا فرمائی کہ جہاں جہاں یہ آنسو لگ جائیں گے جہنم کی آگ وہاں حرام ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ ان آنسوؤں کو شہیدوں کے خون کے برابر وزن کرتا ہے۔

کہ برابر می کند شاہِ مجید
اشک را در وزن باخونِ شہید

---

[۲] ذکرہ فخرالدین الرازی فی تفسیرہ مفاتیح الغیب:۲/۲۰۹،فی تفسیر سورۃ البقرۃ ، و ذکرہ الاٰلوسی فی تفسیرہ روح المعانی فی تفسیر سورۃ القدر، و ذکرہ النظام النیسابوری فی تفسیرہ غرائب القراٰن و رغائب الفرقان(۱/۲۴۷) فی تفسیر سورۃ البقرۃ ، و لم أجدہ فی کتب الأحادیث بھذا اللفظ و أقرب منہ ما روی البیھقی فی شعب الإیمان:۲/۴۵۲، برقم(۷۲۵۱)، دار الکتب العلمیۃ- عن عَبْدِ اللہ بْنِ یوسُفَ قال : سَمِعْتُ أَبَا بَکْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللہ الرَّازِی، سَمِعْتُ أَبَا عَلِي صَاحِبَ عُبَیدِ اللہ الْحُبُلِي یقُولُ: '' أَوْحَی اللہ عَزَّ وَجَلَّ إِلَی دَاوُدَ عَلَیہ السَّلَامُ: أَنِینُ الْمُذْنِبِینَ أَحَبُّ إِلَی مِنْ صُرَاخِ الصِّدِّیقِینَ '' والعجلونی فی کشف الخفاء ومزیل الالباس: ۲۹۸، رقم(۸۰۵) فی باب حرف الھمزۃ مع النون

اللہ تعالیٰ مولانا رومی کی قبر کو نور سے بھر دے۔ فرماتے ہیں کہ ندامت کے آنسو شہید کے خون کے برابر کیوں ہیں؟ کیوں کہ ندامت کے یہ آنسو پانی نہیں ہیں، یہ جگر کا خون ہے جو اللہ کے خوف سے پانی ہو گیا ہے اور حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ لَاَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِیْنَ اللہ کے نادِم، اشکبار، گناہ گار بندے جب آنسو بہاتے ہیں اور گڑ گڑا کر معافی مانگتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ساری کائنات کے سبحان اللہ، سبحان اللہ کہنے والے، ملائکہ کے سبحان اللہ سے اور اولیاء اللہ اور ابدال اور اقطاب اور غوث کے سبحان اللہ سے مجھے اپنے گناہ گار بندوں کے یہ آنسو، ان کا یہ رونا اور گڑ گڑانا اور آہ و نالہ کر نا زیادہ محبوب ہے۔ یہی دلیل ہے کہ اللہ، اللہ ہے جو مخلوق کی تعریف و حمد و ثنا سے بے نیاز ہے۔ اگر دنیا کے کسی بادشاہ کو استقبالیہ دیا جا رہا ہو اور اس کی تعریفیں بیان ہو رہی ہوں، تو اس وقت وہ پسند نہیں کرتا کہ کوئی غریب مصیبت زدہ وہاں رونا شروع کر دے۔ کہے گا کہ اس کو یہاں سے نکالو، یہ رونے کا موقع نہیں ہے، اس وقت میری عظمتیں بیان ہو رہی ہیں، اس سے کہہ دو کہ اس وقت میرے رنگ میں بھنگ نہ ڈالے لیکن اللہ تعالیٰ مخلوق کی تعریف سے بے نیاز ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی عظمتیں مخلوق کے ہاتھ میں نہیں ہیں، اگر سارا عالم ولی اللہ ہو جائے، ایک کافر بھی نہ رہے اور ساری دنیا کے کافر بادشاہ ایمان لا کر ولی اللہ ہو جائیں اور راتوں کو ہمیشہ سجدہ میں گر کر سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہتے رہیں تو اللہ تعالیٰ کی عظمتوں میں ایک ذرّہ اضافہ نہیں ہو گا۔ کیوں کہ اضافہ ہونے سے لازم آتا کہ قبل تعریفِ مخلوق نعوذ باللہ عظمت میں اتنی کمی تھی جو مخلوق کی حمد و ثنا سے پوری ہوئی پس اللہ تعالیٰ کی عظمت میں ایک ذرّہ کمی ہونا محال ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کی ذات مخلوق کی تعریف سے بے نیاز ہے اور اگر سارا عالم کافر ہو جائے، ایک بھی مسلمان نہ رہے اور سارے کفار اللہ تعالیٰ کی عظمتوں کے خلاف بکواس کر رہے ہوں، تو اللہ تعالیٰ کی عظمت کو ایک ذرّہ نقصان نہیں پہنچ سکتا۔ اللہ تعالیٰ کی ایک ادنیٰ مخلوق سورج ہے جو زمین سے ساڑھے نو کروڑ میل پر ہے۔ کوئی اس سورج کی طرف منہ کر کے تھوک کر دیکھے، اگر تھوکنے والے کے منہ پر تھوک نہ پڑے تو کہنا۔ ایک ادنیٰ سی مخلوق کا یہ حال ہے کہ کوئی اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا، تو اللہ تعالیٰ کی عظمتِ شان تو غیر محدود ہے، احاطہ سے باہر ہے، اس کو بھلا کون ایک ذرّہ نقصان پہنچا سکتا ہے۔

استغفار و توبہ، آہ و زاری اور اشکباری اتنی بڑی نعمت ہے کہ زمین و آسمان نے کسی ایسے بندے کو نہیں دیکھا جس نے اشکبار آنکھوں سے معافی مانگی ہو اور خدا نے اُس کو معاف نہ کیا ہو۔ وہ خود ہمیں معاف کرنا چاہتے ہیں، اس لیے حکم دے رہے ہیں اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اپنے رب سے معافی مانگو اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا [۳۷] وہ

[۳۷] نوح: ۱۰

بہت بخشنے والا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ہم جو دوسروں کو معاف کرنے میں دیر کرتے ہیں، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ دوسروں کی خطاؤں سے ہمیں نقصان پہنچتا ہے۔ کسی نے ہماری گھڑی توڑ دی، گلاس توڑ دیا، مال چرا لیا، تو ہمارا نقصان ہوا، لیکن ہمارے گناہوں سے اللہ تعالیٰ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا اس لیے وہ ہمیں جلد معاف کر دیتے ہیں۔ یہ ہے راز بندوں کو جلد معاف کر دینے کا۔ گناہوں سے ہم ہی کو نقصان پہنچتا ہے، ہمارے ہی اخلاق خراب ہوتے ہیں، ہمارا ہی دل بے چین ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کو ایک ذرّہ نقصان نہیں پہنچتا، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی:

يَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ وَهَبْ لِيْ مَا لَا يَنْقُصُكَ[۴۷]

اے وہ ذات جس کو ہمارے گناہوں سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا! اور معاف کر دینے سے جس کے خزانۂ مغفرت میں کوئی کمی نہیں آتی! پس میرے ان گناہوں کو معاف فرما دیجیے جو آپ کے لیے کچھ مضر نہیں اور مجھے وہ مغفرت عطا فرما دیجیے جس کی آپ کے خزانے میں کوئی کمی نہیں۔

حدیث نمبر ٢٢

كُلُّ ابْنِ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ[۴۸]

ترجمہ: تمام ابنِ آدم خطاکار ہیں اور بہترین خطاکار وہ ہیں جو بہت توبہ کرنے والے ہیں۔

خَطَّاءٌ کے معنیٰ ہیں کثیر الخطاء۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر انسان کثیر الخطاء ہے اور بہترین خطاکار وہ ہیں جو کثیر التوبہ ہیں۔ کثیر الخطاء کو کثیر التوبہ ہونا بھی چاہیے۔ جیسا مرض ویسی دوا اور توبہ بھی تینوں شرائط کے ساتھ ہو۔

١) **اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْمَعْصِيَةِ اِلَى الطَّاعَةِ** یعنی عوام کی توبہ یہ ہے کہ گناہ چھوڑ دیں اور اللہ تعالیٰ کی فرماں

---

[۴۷] هذا دعاء أبي بكر الساسى الواعظ رواه البيهقى فى شعب الإيمان:٥/٤٦٥، برقم(٧٣٠٥) ط: دار الكتب العلمية، قال أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، سَمِعْتُ أَبَا أَحْمَدَ مُحَمَّدَ بْنَ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى، سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ السَّاسِي الْوَاعِظَ، يَقُولُ فِي دُعَائِهِ: ''يَا مَنْ لَا تَضُرُّهُ الذُّنُوبُ، وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ، هَبْ لِي مَا لَا يَضُرُّكَ، وَأَعْطِنِي مَا لَا يَنْقُصُكَ''، وأخرجه أيضًا أبو بكر الدينورى المالكى فى المجالسة:٦/٩٠-٩١ برقم(٢٤١٤) ط: دار ابن حزم، قال حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَبِيبٍ، نا أَبُو حُذَيْفَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ؛ قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ كَانَ يَدْعُو: اللّٰهُمَّ إِنَّ ذُنُوبِي لَا تَضُرُّكَ، وَإِنَّ رَحْمَتَكَ إِيَّايَ لَا تَنْقُصُكَ؛ فَاغْفِرْ لِي مَا لَا يَضُرُّكَ، وَأَعْطِنِي مَا لَا يَنْقُصُكَ

[۴۸] هذا حديث أنس بن مالك رضى الله عنه أن النبى صلى الله عليه وسلم قال كُلُّ ابْنِ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ، أخرجه الترمذى فى سننه(٢/٥٢٨) برقم(٢٤٩٩) فى باب ما جاء فى صفة أوانى الحوض باب منه، وابن ماجة فى سننه(٢/٣١٣) برقم(٤٢٥١) فى بَابِ ذِكْرِ التَّوْبَةِ.

برداری کرنے لگیں۔ نافرمانی سے فرماں برداری کی طرف رجوع یہ عوام کی توبہ ہے اور خواص اولیاء کی توبہ کیا ہے؟

۲) اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْغَفْلَةِ اِلَی الذِّکْرِ اللہ تعالیٰ سے دل ذرا غافل ہوگیا، گناہ نہیں کیا، ذرا سی غفلت پیدا ہوگئی تھی تو دل کو پھر اللہ کی یاد میں لگادیا۔

مدت کے بعد پھر تری یادوں کا سلسلہ
اِک قلبِ ناتواں کو توانائی دے گیا

یہ خواص کی توبہ ہے۔ اور اخص الخواص کی توبہ ہے:

۳) اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْغَیْبَةِ اِلَی الْحُضُوْرِ [۷۶] دل کو ہر وقت اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر رکھے اور اگر کبھی غیبت ہوجائے کہ دل ذرا سا ان کے محاذات سے ہٹ جائے تو فوراً دل کو اللہ تعالیٰ کے سامنے کردے، وہ ہمہ وقت باخدا رہتے ہیں، یہ لوگ خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ ہیں۔ اب ایک علمی اِشکال یہ پیدا ہوتا ہے کہ توبہ سے جب بندہ خیر ہوگیا، اللہ کا پیارا ہوگیا تو خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ کیوں فرمایا، صرف خیر فرمادیا ہوتا، خَطَّائِیْنَ کی نسبت ہی باقی نہ ہوتی؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ پھر توبہ کی کرامت اور خاصیت ظاہر نہ ہوتی کہ توبہ ایسا کیمیکل ہے جو شر کو خیر بنادیتا ہے اور خَطَّائِیْنَ کی نسبت باقی رہنے سے بندوں کی عزت میں کوئی فرق نہیں آیا کیوں کہ ترکیبِ اضافی میں مضاف ہی مقصود ہوتا ہے، جیسے جَاءَ غُلَامُ زَیْدٍ یہاں زید نہیں غلام مقصود ہے بس خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ میں خیر ہی مقصود ہے نہ کہ خَطَّائِیْنَ۔

قبولِ توبہ کی چار شرائط

اس لیے دوستو! یہ کہتا ہوں کہ توبہ قبول ہونے کی چار شرطیں ہیں، جس کو شیخ محی الدین ابو زکریا نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مسلم میں لکھا ہے۔

شرطِ اوّل: گناہ سے الگ ہوجائے اور اس گناہ سے ہٹ جائے، یہ نہیں کہ عورتوں کو دیکھ بھی رہے ہیں اور یا اللہ توبہ، یا اللہ توبہ، کیا زمانہ آگیا ہے، کے نعرے بھی لگا رہے ہیں۔ بڑے بایزید بسطامی معلوم ہوتے ہیں، بابا فرید الدین عطار سے کم نہیں معلوم ہوتے، ایسی توبہ قبول نہیں ہے، گناہ سے فوراً الگ ہوجاؤ، پہلے نظر ہٹاؤ۔

---

[۷۶] ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح: ۲۰۶/۵، فی باب اسماء اللہ تعالیٰ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

توبہ کی پہلی شرط ہے اَنْ یَّقْلَعَ عَنِ الْمَعْصِیَۃِ پہلے گناہ سے الگ ہو جائے تب توبہ قبول ہو گی۔

شرطِ دوم: گناہ پر نادم ہو جائے۔ اَنْ یَّنْدَمَ عَلَیْھَا، نَدِمَ یَنْدَمُ سَمِعَ سے آتا ہے کہ اپنی نالائقی پر ندامت طاری ہو جائے کہ آہ! مجھ سے کیوں خطا ہو گئی؟ رونے لگے، دل میں دُکھ آجائے کہ میں نے بڑی غلطی کی، اپنے مالک کو ناراض کر دیا۔

شرطِ سوم: عزم کرے کہ اب کبھی یہ گناہ نہ کروں گا۔ اَنْ یَّعْزِمَ عَزْمًا جَازِمًا اَنْ لَّا یَعُوْدَ اِلَیْھَا اَبَدًا[۷۷] پکا ارادہ کر لے کہ اب اللہ تعالیٰ کو ناراض نہیں کرنا، چاہے دل سے آواز آتی ہو کہ پھر تم یہی کام کرو گے، لیکن آپ دل کا ساتھ چھوڑیے اور زبان سے کہہ دیجیے۔ توبہ کرتے وقت توبہ توڑنے کا ارادہ نہ ہو تو اس کی توبہ قبول ہے چاہے بعد میں ٹوٹ جائے پھر توبہ کرو، اللہ تعالیٰ معاف کرتے کرتے نہیں تھکتے، لیکن اس وقت ارادہ نہ ہو کہ گناہ کریں گے۔ توبہ توڑنے کا ارادہ نہ ہو بس۔ یہ تو آپ کر سکتے ہیں کہ یا اللہ! میرا ارادہ توبہ توڑنے کا نہیں ہے مگر توبہ پر قائم رہنا اور رکھنا اس کی مدد آپ ہی سے مانگتے ہیں۔

شرطِ چہارم: اہلِ حقوق کو مال واپس کرے۔ اگر کسی کا مال لے لیا ہے تو اس کی توبہ کے لیے کیا شرط ہے؟ وضو خانہ سے کسی کی دو ہزار پونڈ کی گھڑی اُٹھالی پھر کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ! معاف کر دو، مگر یہ گھڑی واپس نہیں کروں گا۔ تو یہ توبہ قبول ہو گی بھئی؟ مال کی توبہ یہی ہے کہ جس کا مال ہو اس کو واپس کرو۔

حدیث نمبر ۲۳

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ[۷۸]

---

[۷۷] ذکرہ النووی فی شرحہ لمسلم:۳۴۶/۲، باب بیان النقصان فی الایمان، دار احیاء التراث، بیروت

[۷۸] هذا مختصر من حدیث أبی موسی الأشعری رضی الله عنه أنه قَالَ: لَمَّا غَزَا رَسُولُ الله صلی الله علیه وسلم خَیبَرَ، أَوْ قَالَ: لَمَّا تَوَجَّه رَسُولُ الله صلی الله علیه وسلم، أَشْرَفَ النَّاسُ عَلَی وَادٍ فَرَفَعُوا أَصْوَاتَهمْ بِالتَّکْبِیرِ اللهُ أَکْبَرُ اللهُ أَکْبَرُ لَا إِلٰه إِلَّا اللهُ، فَقَالَ رَسُولُ الله صلی الله علیه وسلم ارْبَعُوا عَلٰی أَنْفُسِکُمْ إِنَّکُمْ لَا تَدْعُونَ أَصَمَّ، وَلَا غَائِبًا إِنَّکُمْ تَدْعُونَ سَمِیعًا قَرِیبًا وَهوَ مَعَکُمْ وَأَنَا خَلْفَ دَابَّة رَسُولِ الله صلی الله علیه وسلم فَسَمِعَنِی وَأَنَا أَقُولُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ فَقَالَ لِی یا عَبْدَ الله بْنَ قَیسٍ قُلْتُ لَبَّیکَ رَسُولَ الله قَالَ أَلَا أَدُلُّکَ عَلَی کَلِمَة مِنْ کَنْزٍ مِنْ کُنُوزِ الْجَنَّة قُلْتُ بَلٰی یا رَسُولَ الله فِدَاکَ أَبِی وَأُمِّی قَالَ: لَا حَوْلَ، وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. أخرجه البخاری فی صحیحه(۶۰۵/۲) برقم (۴۲۰۵) فی باب غزوة خیبر و روی عن أبی ذر رضی الله عنه أنه قَالَ: قَالَ لِی رَسُولُ الله صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّکَ عَلَی کَنْزٍ مِنْ کُنُوزِ الْجَنَّة؟ قُلْتُ: بَلَی، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. وأخرجهما ابن ماجة فی سننه: ص۲۷۱، برقم (۳۸۲۶-۳۸۲۵) فی بَابُ مَا جَاءَ فِی: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. وروی عن حازم بن حرملة رضی الله عنه أنه قَالَ: مَرَرْتُ بِالنَّبِی صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِی: یا حَازِمُ، أَکْثِرْ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ، فَإِنَّها مِنْ کُنُوزِ الْجَنَّة.

ترجمہ: نہیں ہے طاقت گناہوں سے بچنے کی مگر اللہ کی حفاظت سے اور نہیں ہے قوت اللہ کی طاعت کی مگر اللہ کی مدد سے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کثرت سے پڑھا کرو، یہ جنت کے خزانے سے ہے اور حضرت مکحول رحمۃ اللہ علیہ جو جلیل القدر تابعی ہیں، سوڈان کے رہنے والے تھے اور شام میں مفتی تھے، موقوفاً روایت کرتے ہیں کہ جس نے پڑھا لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔ اللہ تعالیٰ اس سے ستر تکلیفوں کو دور کردیں گے، جن میں سب سے ادنیٰ فقر ہے۔ لَا مَنْجَأَ اَیْ لَا مَهْرَبَ وَلَا مَخْلَصَ یعنی کوئی جائے فرار اور جائے پناہ نہیں ہے مِنَ اللّٰہِ اللہ کے غضب و عذاب سے اِلَّا اِلَیْہِ اَیْ بِالرُّجُوْعِ اِلٰی رِضَائِہٖ وَرَحْمَتِہٖ سوائے اس کی رضا و رحمت کی طرف رجوع کرنے کے۔

ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ: جلد ۵، صفحہ ۱۲۱ پر لکھا ہے کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کے ساتھ لَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ بھی ثابت ہے نسائی کی حدیثِ مرفوع سے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کے چار فوائد

۱۔ یہ کلمہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ عرش کے نیچے جنت کا خزانہ ہے اور جنت کی چھت عرشِ الٰہی ہے۔ اس کے پڑھنے سے اعمالِ صالحہ کے اختیار کرنے کی اور گناہوں سے بچنے کی توفیق ہونے لگتی ہے۔ اس معنیٰ میں یہ جنت کا خزانہ ہے۔

۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ننانوے (دنیوی واُخروی) بیماریوں کی دعا ہے، جن میں سب سے ادنیٰ بیماری غم ہے (چاہے دنیا کا ہو یا آخرت کا)۔

۳۔ جب بندہ اس کلمہ کو پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ عرش پر فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ میرا بندہ فرماں بردار ہو گیا اور سرکشی چھوڑ دی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تجھے ایسا کلمہ نہ بتادوں جو عرش کے نیچے جنت کا خزانہ ہے؟ وہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہے، جب بندہ اس کو پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ (بقول حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اللہ تعالیٰ ملائکہ سے) فرماتے ہیں

اَسْلَمَ عَبْدِیْ وَاسْتَسْلَمَ یعنی میرے بندہ نے اطاعت و فرمانبرداری کی، اس کی شرح میں ملا علی قاری رحمہ اللہ مرقاہ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں اَیْ اِنْقَادَ وَ تَرَكَ الْعِنَادَ، یعنی فرماں بردار ہو گیا اور سرکشی کو چھوڑ دیا۔ اور علامہ طیبی رحمہ اللہ سے اس کا معنی یہ نقل کرتے ہیں کہ وَفَوَّضَ اُمُوْرَ الْکَائِنَاتِ اِلَی اللہِ بِاَسْرِھَا[۷۹] یعنی میرے بندے نے دونوں جہاں کے تمام غموں کو میرے سپرد کر دیا۔ یہ نعمت کیا کم ہے کہ بندہ زمین پر یہ کلمہ پڑھتا ہے اور حق تعالیٰ شانہٗ عرش پر فرشتوں کے مجمع میں اس کا ذکر فرماتے ہیں۔

۴۔ پیغام حضرت ابراہیم علیہ السلام بنام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیر الانام۔ یہ کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا پیغام اور وصیت ہے جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے شبِ معراج میں ارشاد فرمایا تھا۔

شبِ معراج میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ہوا، آپ نے فرمایا: اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)! آپ اپنی اُمت کو حکم فرمادیں کہ وہ جنت کے باغوں کو بڑھالیں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ سے۔

اس کے پڑھنے سے وصیتِ ابراہیمی پر عمل کی سعادت بھی نصیب ہو گی اور اس کی برکت سے جنت کے باغوں میں اضافہ بھی ہو گا۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ کا مفہوم

الفاظِ نبوت کی شرح الفاظِ نبوت سے: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا، میں نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ پڑھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا: جانتے ہو اس کی کیا تفسیر ہے؟ میں نے عرض کیا: اللہ اور رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا حَوْلَ عَنْ مَّعْصِیَۃِ اللہِ اِلَّا بِعِصْمَۃِ اللہِ وَلَا قُوَّۃَ عَلٰی طَاعَۃِ اللہِ اِلَّا بِعَوْنِ اللہِ[۸۰]

۷۹؎ ذکرہ الملا علی القاری فی شرحہ مرقاۃ المفاتیح لمشکوٰۃ المصابیح: ۲/۲۳۰ برقم (۲۳۲۱)، باب ثواب التسبیح والتحمید والتھلیل والتکبیر، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

۸۰؎ مرقاۃ المفاتیح: ۵/۱۳۲، کتابُ الدعوات، باب ثواب التسبیح والتحمید، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

ترجمہ: نہیں ہے طاقت گناہوں سے بچنے کی لیکن اللہ کی حفاظت سے اور نہیں ہے قوت
اللہ تعالیٰ کی طاعت کی مگر اللہ کی مدد سے۔

اس حدیث شریف کی خصوصیت یہ ہے کہ الفاظِ نبوت کی شرح الفاظِ نبوت سے ہوئی لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کے الفاظ بھی سرکاری اور اس کی شرح بھی سرکاری کہ خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمائی اور مَا تَفْسِیْرُھَا سے معلوم ہوا کہ حدیث شریف کی شرح کو تفسیر سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ احقر محمد اختر عرض کرتا ہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کا مفہوم اور حاصل اس آیت سے ربط اور تعلق رکھتا ہے، بلکہ اس آیت سے مقتبس معلوم ہوتا ہے:

اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ [۸۱]

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ روح المعانی میں فرماتے ہیں کہ یہ مَا ظرفیہ، زمانیہ، مصدریہ ہے اور اس کی تفسیر اس طرح فرمائی کہ نفس کثیر الامر بالسوء ہے اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ اَیْ فِیْ وَقْتِ رَحْمَۃِ رَبِّیْ وَ عِصْمَتِہٖ یعنی نفس برائی سے اس وقت تک محفوظ رہ سکتا ہے جب تک کہ وہ سایۂ رحمتِ حق اور سایۂ حفاظتِ حق میں رہے گا۔

شرحِ حدیث بعنوانِ دِگر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

دو وظیفے بتاتا ہوں جس کا خیال ابھی نماز ہی میں آیا اور سوچ رہا تھا کہ کوئی پوچھے گا تو بتادوں گا۔ نیک بننے کے لیے اور گناہ چھوڑنے کے لیے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کریں، ان شاء اللہ بہت جلد گناہ چھوٹ جائیں گے، کیوں کہ اس کلمہ کے معنیٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود ارشاد فرمائے ہیں کہ

لَا حَوْلَ عَنْ مَّعْصِیَۃِ اللّٰہِ اِلَّا بِعِصْمَۃِ اللّٰہِ وَلَا قُوَّۃَ عَلٰی طَاعَۃِ اللّٰہِ اِلَّا بِعَوْنِ اللّٰہِ

ہم گناہوں سے نہیں بچ سکتے مگر اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے اور کسی عبادت کی ہم میں طاقت نہیں ہے لیکن جب اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں۔ اور ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث شریف کی شرح مبارک میں ایک حدیث

۸۱؎ یوسف: ۵۳

نقل فرمائی ہے کہ جب بندہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اَسْلَمَ عَبْدِیْ وَاسْتَسْلَمَ اَیْ عَبْدِیْ اِنْقَادَ وَ تَرَكَ الْعِنَادَ یعنی میرا بندہ مطیع و فرماں بردار ہو گیا اور سرکشی چھوڑ دی وَاسْتَسْلَمَ کے معنیٰ ہیں اَیْ فَوَّضَ عَبْدِیْ اُمُوْرَ الْکَائِنَاتِ بِاَسْرِھَا اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ اور میرے بندے نے اپنے سارے کام میرے سپرد کر دیے، لٰہذا جب اللہ تعالیٰ روزانہ فرشتوں کو بشارت دیں گے کہ میرا بندہ فرماں بردار ہو گیا تو کیا ان کو لاج نہ آئے گی؟ ورنہ فرشتے کہیں گے کہ یا اللہ! آپ تو فرماتے ہیں کہ میرا بندہ فرماں بردار ہو گیا، لیکن یہ تو ابھی تک نالائقیاں کر رہا ہے لٰہذا اللہ تعالیٰ اپنی بشارت کی لاج رکھتے ہوئے بندہ کو سنوارنے کا فیصلہ فرماتے ہیں، اسی لیے پہلے زمانے کے مشایخ اپنے مریدوں کو صرف لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہی کا ذکر بتایا کرتے تھے اور اسی سے وہ صاحبِ نسبت ہو جاتے تھے۔

دوسرا اس دعا کو روزانہ مانگا کیجیے اور معمول بنالیجیے اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ اے اللہ! مجھ پر رحم فرمائیے ترکِ معصیت کی توفیق عطا فرما کر اور مجھے بد بخت نہ کیجیے اپنی معصیت و نافرمانی سے۔ حدیثِ پاک کے الفاظ بتارہے ہیں کہ ہر گناہ آدمی کو بد بختی کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ کا ترک خوش قسمتی کی طرف لے جاتا ہے۔ معصیت سببِ شقاوت ہے اس لیے بہت ڈرنا چاہیے، گناہ سے بہت بچنا چاہیے اور ترکِ معصیت علامتِ رحمتِ حق اور علامتِ سعادت ہے۔

حدیث نمبر ۲۴

اَلْغِیْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا[۸۲]

ترجمہ: غیبت کا گناہ زنا کرنے سے بھی اَشد ہے۔

غیبت زِنا سے اشد کیوں ہے؟

غیبت زِنا سے زیادہ اشدّ ہے۔ صحابہ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) غیبت زِنا

۸۲؎ هذا مختصر من حديث جابر بن عبد الله و أبي سعيد الخدري رضي الله عنهما أنهما قالا: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: إِياكُمْ وَالْغِيبَة، فَإِنَّ الْغِيبَةَ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا. قِيلَ: يا رسول الله! وكيف الْغِيبَةُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا؟ قَالَ: الرَّجُلُ يزْنِي فيتُوبُ، فَيتُوبُ اللهُ عَلَيه، وَإِنَّ صَاحِبَ الْغِيبَةِ لَايُغْفَرُ لَهٗ حَتّٰى يغْفِرَ لَه صَاحِبُه أخرجه البيهقي في شعب الإيمان ۵/۳۰۶ برقم (۶۷۴۱). ط: دار الكتب العلمية- و روى عن أنس بن مالك رضى الله عنه عَنِ النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ قَالَ: الْغِيبَةُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا، فَإِنَّ صَاحِبَ الزِّنَا يتُوبُ، وَصَاحِبَ الْغِيبَةِ لَيسَ لَه تَوْبَةٌ أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۵/۳۰۶ برقم (۶۷۴۱). ط: دار الكتب العلمية)

سے زیادہ سخت کیوں ہے؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی زِنا کرلے پھر اللہ تعالیٰ سے توبہ کرلے تو اس کی توبہ قبول ہے، جس سے زِنا کیا ہے اس سے جا کر معافی مانگنا ضروری نہیں بلکہ جائز ہی نہیں، کیوں کہ اگر جا کر اس سے کہے کہ ذرا میں آپ سے معافی مانگنے آیا ہوں تو اس کو اور ندامت ہوگی اور اس کی رُسوائی اور بدنامی کا اندیشہ ہے۔ زِنا حق العباد نہیں ہے۔ آہ! اللہ تعالیٰ کا احسان ہے بندوں پر کہ ہماری آبرو کی کیا حفاظت کی ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے غلاموں کی عزت رکھ لی کہ اس کو حق العباد نہیں رکھا، بلکہ اس گناہ کو اپنے حق میں شامل فرمایا کہ بس کہہ دو کہ یا اللہ! جو مجھ سے یہ گناہِ کبیرہ ہوگیا یا آنکھوں سے نامحرم عورتوں کو دیکھا ان سب گناہوں سے معافی چاہتا ہوں تو معاف ہوجائے گا۔ بندوں یا بندیوں سے جا کر اس معاملہ میں یہ کہنا نہیں پڑے گا کہ مجھے معاف کردو۔ لیکن آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غیبت ایسی چیز ہے کہ جس کی غیبت کی گئی اس سے جا کر معافی مانگنی پڑے گی بشرطیکہ اس کو خبر لگ جائے، مثلاً کوئی گجرات میں ہے یا ڈابھیل میں ہے اس کی یہاں کسی نے غیبت کی تو اگر اسے خبر نہیں ہے تو اس سے جا کر معافی مانگنا لازم نہیں ہے۔ یہ حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق ہے کہ جس کی آپ نے غیبت اور برائی کی ہے اس کو اگر خبر نہیں ہے تو اس سے جا کر معافی مانگنا لازم نہیں۔ تو پھر کیا کرے؟ اس کے لیے یہیں سے مغفرت مانگو، کچھ پڑھ کر بخش دو۔ مشکوٰۃ شریف میں کفّارۂ غیبت میں یہ روایت ہے کہ یوں کہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلَہٗ کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو بھی معاف کرے اور اس کو بھی معاف کردے یعنی اس کی مغفرت کی بھی دعا کرے کہ جس کی ہم نے برائی کی ہے یا سنی ہے اے اللہ! معاف کردیجیے۔ برائی کرنا اور سننا دونوں حرام ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ جس نے کسی کی برائی سنی اور کچھ نہیں بولا، گونگے کی طرح بیٹھا رہا اَدْرَکَہُ اللہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت میں عذاب دے گا۔ جب کسی کی غیبت ہو رہی ہو اس وقت خاموشی حرام ہے، اس سے کہو کہ آپ غیبت نہ کیجیے، مجھے تکلیف ہو رہی ہے، مجھے گناہ میں مبتلا نہ کیجیے۔ اس کا دفاع کرو یا اس کی تعریف کرو کہ وہ اچھے آدمی ہیں۔ اور جس نے اپنے مسلمان بھائی کا دفاع کیا اور اس کی غیبت کو روک دیا، اللہ تعالیٰ اس کا اجر اس کو دنیا میں بھی دیں گے اور آخرت میں بھی دیں گے اور جس نے غیبت کرنے والے کی ہاں میں ہاں ملائی کہ ہاں ہاں مجھ کو بھی یہی ڈاؤٹ (شک) ہے، ٹھیک کہتے ہو یار! یہ تو میں نے بھی دیکھا ہے کہ اس کے اندر یہ خرابی ہے، ہاں میں ہاں ملائی اور اس کا دفاع نہیں کیا، تو اَدْرَکَہُ اللہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت میں عذاب دے گا اور اگر دفاع کی قدرت یا ہمت نہیں تو اس مجلس سے اٹھ جائے جہاں غیبت ہو رہی ہے، لہٰذا روزانہ اللہ تعالیٰ سے یوں کہیے کہ

یا اللہ! مخلوق کا کوئی حق ہم نے مارا ہو، کسی کی غیبت کی ہو، یا غیبت سنی ہو یا ان کو برا بھلا کہا ہو، تو یہ جو میں صبح وشام تینوں قل پڑھتا ہوں اس کا ثواب ساری امت کو دے دیجیے، یعنی جن جن کے حق ہمارے اوپر ہیں ان کو اس کا ثواب دے دیجیے، تاکہ قیامت کے دن آپ ان کو ہم سے راضی کر دیں تو ان شاء اللہ! یہ تینوں قل والا وظیفہ آپ کو مخلوق کے شر سے بھی بچائے گا اور ساتھ ساتھ بندوں کا حق بھی ادا ہوتا رہے گا۔ منشاء یہ ہے کہ غیبت کا کفّارہ یہ ہے کہ جب تک اس کو اطلاع نہیں ہوئی، تو جس مجلس میں غیبت کی ہے ان لوگوں کے سامنے اپنی نالائقی کا اعتراف کرے کہ ہم سے بڑی نالائقی ہوئی، اگر ان میں ایک عیب ہے تو سینکڑوں خوبیاں بھی ہیں اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں اور اس کو ایصالِ ثواب کریں اور جو اہلِ حقوق ہیں ان سے جا کر معافی مانگ لو، بشرطیکہ اس کو آپ کی غیبت کی اطلاع ہو گئی ہے اور اگر اطلاع نہیں ہے تو خواہ مخواہ جا کر اس کا دل خراب مت کرو، اس بے چارہ کو خبر بھی نہیں ہے اور آپ کہہ رہے ہیں کہ مجھے معاف کر دیجیے، میں نے کل آپ کی غیبت کی تھی۔ اس سے اس بے چارے کو اذیت ہو گی۔

روزانہ صبح و شام تینوں قل پڑھ کر یوں دعا کیا کیجیے کہ اے اللہ! اس کا ثواب ان لوگوں کو عنایت فرمائیے جس کا میں نے کوئی حق مارا ہو، برا بھلا کہا ہو، غیبت کی ہو، کسی قسم کا بھی حق ہو، تاکہ قیامت کے دن یا اللہ! ہم پر کوئی مقدمہ نہ دائر کر دے اور ثواب ان کو دے کر ان کو ہم سے راضی کر دیجیے، اس طرح ان شاء اللہ! آپ جنت کے راستہ پر آ جائیں گے، کیوں کہ جنت اس وقت ملے گی جب اللہ کے حقوق میں بھی معافی ہو جائے اور بندوں کے حقوق میں بھی معافی ہو جائے۔

شرحِ حدیث بعنوانِ دِگر

غیبت کے زنا سے اشد ہونے کی وجہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ غیبت کا گناہ زنا سے اشد ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ زنا سے کیوں اشد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زِناکار اپنے زِنا سے اگر معافی مانگ لے تو معافی ہو جائے گی، جس کے ساتھ زِنا کیا ہے اس سے معافی مانگنا ضروری نہیں ہے۔ زِنا کو اللہ نے اپنا حق رکھا ہے، یہ حق العباد نہیں ہے، لیکن غیبت حق العباد ہے، جس کی غیبت کی ہے جب تک اس سے معافی نہیں مانگے گا یہ گناہ معاف نہیں ہو گا، بشرطیکہ جس کی غیبت کی ہے اس کو اطلاع ہو جائے۔ جب تک اس کو اطلاع نہیں ہوئی اس وقت تک

اس سے معافی مانگنا ضروری نہیں، بلکہ صبح و شام کے جو معمولات میں نے بتائے ہیں، وہ پڑھ کر روزانہ اللہ تعالیٰ سے کہہ دو کہ میں نے زندگی میں جس کی غیبت کی ہو، ستایا ہو یا مارا ہو، ان سب کا ثواب اے اللہ! اُن کو دے دے اور ان کا یہ ثواب دِکھا کر قیامت کے دن راضی نامہ کرا دینا۔ ماں باپ کو بھی اس میں شامل کر لو۔ بزرگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ ثواب تقسیم ہو کر ملے گا یا ہر ایک کو پورا ملے گا؟ مثلاً تین دفعہ **قل ھو اللہ** کا ثواب اگر سو آدمیوں کو بخشا تو کیا سو حصہ لگے گا یا بانٹا جائے گا اور تقسیم ہو گا؟ مگر حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق یہی ہے جس کو حکیم الامت نے نقل کیا ہے کہ ثواب تقسیم نہیں ہو گا سب کو برابر ملے گا۔ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کے بخشو تو دس قرآن پاک کا ثواب اور تین قل ھو اللہ شریف پڑھ کر بخشو تو ایک قرآن پاک کا ثواب ہر ایک کو پورا پورا ملے گا، چاہے بے شمار آدمیوں کو بخشو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فضل سے یہ قریب ہے۔

کفارۂ غیبت کی دلیلِ منصوص

تو غیبت کے متعلق بہت بڑے بڑے علماء بھی اس مسئلہ سے واقف نہیں ہیں، وہ یہی کہیں گے معافی مانگنا پڑے گی کہ یہ حق العباد ہے، بندوں کا حق ہے، لیکن حکیم الامت کا یہ مضمون **الطرائف و الظرائف** میں، میں نے خود پڑھا ہے کہ جس کی غیبت کی ہے جب تک اس کو اطلاع نہ ہو اس سے معافی مانگنا واجب نہیں، بلکہ بعض وجہ سے جائز بھی نہیں ہے کیوں کہ اس سے اُس کا دل برا ہو گا کہ یار! تم اچھے خاصے دوست بن کر میری غیبت کر رہے تھے، تو یہ اذیت پہنچانا ہو گا، کیوں کہ اس کو تو معلوم ہی نہیں تھا کہ میری غیبت کی گئی ہے، لہٰذا جب تک اطلاع نہ ہو اُس سے معافی مانگنا واجب نہیں، بلکہ مندرجہ بالا طریقہ سے اس کی تلافی کرنا کافی ہے اور اس کی دلیل یہ حدیث ہے:

اِنَّ مِنْ کَفَّارَةِ الْغِیْبَةِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ اغْتَبْتَهٗ تَقُوْلُ: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ[۸۳]

غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی ہے اس کے لیے استغفار کرے۔ محدثین نے لکھا ہے کہ یہ اسی صورت میں ہے جب اس کو اطلاع نہ ہوئی ہو یا اس کا انتقال ہو گیا ہو، ہاں اگر اطلاع ہو گئی تو اب اس سے معافی مانگنا واجب ہے، جب تک معافی نہیں مانگو گے یہ گناہ معاف نہیں ہو گا۔ اس کو میں جب بیان کرتا ہوں تو بڑے بڑے علماء میرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

۸۳ھ هذا حديث أنس بن مالك رضی الله عنه أنه قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ : إِنَّ مِنْ كَفَّارَةِ الْغِيبَةِ أَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ اغْتَبْتَه، تَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَه. أخرجه البيهقي في الدعوات الكبير:۲/۲۱۳ برقم(۵۷۵) : غراس للنشر والتوزيع-الكويت

حدیث نمبر ۲۵

اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ[۸۴]

ترجمہ: بڑائی میری چادر ہے۔

حدیثِ قدسی میں ہے کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں: بڑائی میری چادر ہے، جو اس میں گھسے گا میں اس کی گردن توڑ دوں گا۔ عجب و تکبر بے وقوفوں کو بہت ہوتا ہے، ورنہ ذرا بھی عقل سے کام لیا جاوے تو سمجھ میں آ جاوے گا کہ انسان کو تکبر کبھی زیبا نہیں۔ حدیثِ قدسی میں ہے کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں: بڑائی میری چادر ہے جو اس میں گھسے گا میں اس کی گردن توڑ دوں گا۔

عُجب اور تکبّر کا فرق اور ان کی تعریف

عُجب کی حقیقت: انسان کا اپنی کسی صفت پر اس طرح نگاہ کرنا کہ بجائے عطائے حق سمجھنے کے اس کو اپنا ذاتی کمال سمجھے، جس کا لازمی اثر یہ ہوتا ہے کہ منہ سے بجائے شکر نکلنے کے ''میں ایسا ہوں، میں ویسا ہوں'' نکلتا ہے، کیوں کہ عطائے حق کا اسے استحضار نہیں رہتا اور دل ہی دل میں اپنے کو اچھا سمجھتا ہے۔

تکبر کی حقیقت: تکبر کی حقیقت یہ ہے کہ کسی کے مقابلہ میں اپنے کو بڑا سمجھے۔ پس تکبر میں دوسرے کی تحقیر بھی لازم آتی ہے اور عجب میں دوسروں کی تحقیر لازم نہیں آتی۔

معجب اور متکبر ان دونوں کلیوں کے درمیان نسبت اعمّ اخصّ مطلق کی ہے، متکبر اعم ہے اور معجب اخص ہے، اس لیے کہ ہر متکبر میں عجب کا تحقق ضروری ہوتا ہے، کیوں کہ جب اپنی کسی صفت پر نظر کرکے اپنی اچھائی اور بڑائی کا تصور ہوگا تب ہی تو دوسرے کو حقیر سمجھے گا اور ہر عجب کے لیے تکبر لازم نہیں کیوں کہ کبھی انسان اپنی صفت پر نظر کرکے صرف اپنے ہی کو اچھا سمجھتا ہے اور اس وقت کسی کی تحقیر سے

[۸۴] هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ. يقُولُ اللهُ سُبْحَانَه: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي، وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي، مَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا، أَلْقَيتُه فِي جَهَنَّمَ. أخرجه أبو داؤد في سننه (۲/۲۱۰) برقم (۴۰۹۲) في باب مَا جَاءَ فِي الْكِبْرِ. وابن ماجة في سننه: ۳۰۸ برقم (۴۱۷۴) في بَاب الْبَرَاءَة مِنَ الْكِبْرِ وَالتَّوَاضُع. وروى أيضًا عن ابن عباس رضي الله عنهما أنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ. يقُولُ اللهُ سُبْحَانَه: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي، وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي، فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا، أَلْقَيتُه فِي النَّارِ. أخرجه ابن ماجة في سننه (ص ۳۰۸) برقم (۴۱۷۵) في بَابِ الْبَرَاءَة مِنَ الْكِبْرِ وَالتَّوَاضُع، والبزار في مسنده: ۱۱/۳۰۴ برقم (۵۱۰۶): مكتبة العلوم والحكم

خالی الذہن ہوتا ہے۔ یہ علمی تحقیق حق تعالیٰ نے اس ناکارہ عبد کو عطا فرمائی ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ وَلَا فَخْرَ یَا رَبِّیْ۔ قلب و روح کے امراض میں سالکین کے لیے عجب اور تکبر دونوں ہی مہلک بیماریاں ہیں ان کی اصلاح میں تغافل نہ ہونا چاہیے۔

ایک مثال سے اس کا ضرر سمجھ میں آجائے گا۔ وہ یہ ہے کہ کوئی عاشق اپنے محبوب کا مشتاق ہے لیکن بوقتِ ملاقات یہ بے وقوف بجائے محبوب کو دیکھنے کے اپنی جیب سے آئینہ نکال کر اپنی ہی صورت اور اپنے ہی نقش و نگار دیکھ رہا ہے تو یہ شخص اس محبوب کی نظر میں کس قدر منافق فی المحبت اور محروم سمجھا جاوے گا، اسی طرح سالکین اور طالبینِ حق کو سوچنا چاہیے کہ مولائے حقیقی ہر وقت اپنے بندوں پر ہزارہا الطاف و کرم سے متوجہ ہیں اور بندہ اگر بے وقوفی سے بجائے حق تعالیٰ کی ذات و صفات کی طرف متوجہ ہونے کے اپنی ہی مستعار صفات میں مشغول ہے، تو یہ لمحات اس کے لیے نفاق فی المحبت اور فراق و محرومی کے ہوں گے یا نہیں؟ خود ہی فیصلہ کرلو۔ اور اس بیماری کی اہمیت اور اس کے ضرر کا اندازہ لگالو، الحمد للہ! کہ اس مثال سے عجب اور کبر کی مضرت بہت ہی واضح طور پر سمجھ میں آجاتی ہے اور عاشقوں کے لیے یہ مثال تازیانۂ عبرت ہے۔

اے اللہ! ہم سب کو عجب و کبر اور جملہ مہلکاتِ طریق سے محفوظ فرما۔ (آمین) حق تعالیٰ کا احسان ہے کہ حضرت شیخ کی جوتیوں کے صدقے میں یہ مثالیں اور علوم عطا ہو رہے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لَکَ وَالشُّکْرُ لَکَ یَا رَبَّنَا

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اھْدِنَا
لَا افْتِخَارَ بِالْعُلُوْمِ وَالْغِنَا

حدیث نمبر ۲۶

وَاللّٰہِ اِنِّیْ لَاَعْلَمُکُمْ بِاللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَاَنَا اَخْشٰکُمْ لَہٗ[۸۵]

ترجمہ: خدا کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو جاننے والا ہوں اور میں تم سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں۔

اَنَا اَعْلَمُکُمْ بِاللّٰہِ وَاَنَا اَخْشٰکُمْ لَہٗ اے لوگو! مجھے تم میں سب سے زیادہ علم دیا گیا ہے اور اسی سبب سے

۸۵ھ هٰذا مختصر من حديث عائشة رضي الله عنها أنها قالت: أَنَّ نَاسًا كَانُوا يَتَعَبَّدُونَ عِبَادَةً شَدِيدَةً، فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللهِ، إِنِّي لَأَعْلَمُكُمْ بِاللهِ عَزَّوَجَلَّ، وَأَخْشَاكُمْ لَهُ، وَكَانَ يَقُولُ: عَلَيْكُمْ مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيقُونَ، فَإِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ لَا يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوا. أخرجه أحمد في مسنده (۶/۱۳۷ برقم: ۲۴۹۶۵)، دار الكتب العلمية

تم سب سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اللہ سے۔

رضائے الٰہی کی طلب اور ناراضگی سے پناہ میں دل کو گھلانا اصل علم ہے۔ سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اَنَا اَعْلَمُکُمْ بِاللّٰہِ وَ اَنَا اَخْشٰکُمْ لَہٗ اے لوگو! مجھے تم میں سب سے زیادہ علم دیا گیا ہے اور اسی سبب سے تم سب سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اللہ سے اور حدیث شریف میں آتا ہے کہ

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ مُتَوَاصِلَ الْاَحْزَانِ دَائِمَ الْفِکْرَۃِ[۸۶]

ہمیشہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل غمگین اور فکر مند رہتے تھے۔ آخرت کا خوف اور اُمت کا غم آپ کو اس حال میں رکھتا تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہونے کے باوجود عرض کرتے ہیں لَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ اے ہمارے رب! میدانِ محشر میں ہمیں رُسوا نہ کیجیے گا۔ تفسیرِ خازن میں ہے کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام غلبۂ خوفِ خداوندی سے سکڑ کر گوریا کے برابر ہو جاتے ہیں۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خوف سے فرماتے ہیں کہ کاش! میں کوئی درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کاش! کہ میری ماں نے مجھے جنا ہی نہ ہوتا۔ مقبولانِ بارگاہ کا یہی حال ہوتا ہے، عظمتِ الٰہیہ کا جس قدر انکشاف ہوتا جاتا ہے ہیبتِ حق کا غلبہ ہو جاتا ہے اور جن کی آنکھیں اندھی ہیں، انہیں اپنے علوم سے صرف حلوا، مانڈا اور معاش کی ضروریات حاصل کرنا ہوتا ہے۔ بزرگانِ دین کی صحبت نہ ملنے سے یہی حشر وانجام ہوتا ہے۔ بقول حضرت علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے، کہ نورِ نبوت کے بغیر علومِ نبوت پڑھ لینے سے عملی زندگی کبھی درست نہیں ہو سکتی۔ اس لیے فراغِ درسیات اور علومِ ظاہری کے بعد اہل اللہ کی صحبت میں حاضری ضروری ہے، جس کی مدت حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے چھ ماہ تجویز فرمائی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے عاشق بندے محبوبِ حقیقی کے عشق میں اپنی جان سے بھی بے پرواہ ہیں اور ذکرِ محبوب کی لذت نے ان کو دنیا کے تمام مشاغل سے مستغنی کر دیا ہے، یادِ حق میں خلق سے کنارہ کش ہیں، تاکہ تعلقاتِ غیر ضروریہ سے ذکرِ حق میں خلل واقع نہ ہو اور حق تعالیٰ کی یاد سے ایسے مست اور بے خود ہیں کہ غیرِ حق سے بالکل التفات باقی نہ رہا، اگرچہ وہ مباح الاصل ہی کیوں نہ ہوں یا کسی درجہ مرجوحہ میں مستحسن ہی

۸۶؎ هذا مختصر من حديث حسن بن على رضى الله عنهما أنه قال: سألت خالى هند بن أبى هالة التميمى وكان وصافًا عن حلية النبى وأنا أشتهى أن يصف لى منها شيئًا أتعلق به ... حتى انه قال كان رسول الله متواصل الاحزان دائم الفكرة ...إلخ أخرجه البيهقى فى دلائل النبوة (۲/۲۸۷، دار الكتب العلمية) وفى شعب الإيمان (۲/۱۵۴-۱۵۵، دار الكتب العلمية) برقم (۱۴۳۰)

کیوں نہ ہوں، لیکن اِن اُمور کی طرف اُن عاشقین کو بالکل التفات نہیں رہا، کیوں کہ دست بوسیٔ شاہ کے میسر ہوتے ہوئے، پابوسیٔ شاہ کی طرف التفات قربِ اعلیٰ سے قربِ ادنیٰ کی طرف نزول کے مترادف ہے۔

حدیث نمبر ۲۷

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ هَطَّالَتَیْنِ تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ مِنْ خَشْیَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّ الْاَضْرَاسُ جَمْرًا[۸۷]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بہت زیادہ موسلا دھار برسنے والی آنکھیں عطا فرما جو دل کو آپ کے خوف سے اپنے آنسوؤں سے سیراب کردیں، قبل اس کے کہ یہ آنسو خون ہوجائیں اور داڑھیں انگارے بن جائیں۔

اللہ والی آنکھوں کی پہلی صفت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! ہم آپ سے ایسی آنکھیں مانگتے ہیں جو هَطَّالَةٌ ہوں۔ هَطَّالَةٌ کے معنٰی ہیں موسلا دھار برسنے والی غَیْمٌ هَاطِلٌ لغت میں موسلا دھار برسنے والے بادل کو کہتے ہیں یعنی موسلا دھار بارش، محض گریہ پر قناعت نہیں فرمائی بلکہ اسی مصدر سے مبالغہ کا وزن استعمال فرمایا یعنی هَطَّالَةٌ فرمایا، فعّال مذکر کے لیے اور فعّالۃ مونث کے لیے مبالغہ کا وزن ہے اور عینین عربی میں مؤنث ہونے کے سبب ان کی صفت کے لیے مؤنث کا وزن یعنی هَطَّالَةٌ استعمال فرمایا، اب ترجمہ یہ ہوگا کہ اے اللہ! ایسی آنکھیں عطا فرمایئے جو موسلا دھار برسنے والے ابر سے بھی زیادہ رونے والی ہوں۔

اللہ والی آنکھوں کی دوسری صفت: هَطَّالَتَیْنِ، عینین کی صفتِ اولیٰ ہے، اس کے بعد نبی علیہ السلام نے دوسری صفت بھی مانگی تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ وہ آنکھیں ایسی موسلا دھار رونے والی ہوں جو قلب کو اپنے آنسوؤں سے سیراب کردیں۔ اس قید سے معلوم ہوا کہ ہر رونے والی آنکھیں دل کو سیراب نہیں کرتی ہیں، پس جو آنسو اللہ کے خوف سے یا اللہ تعالیٰ کی محبت سے گرتے ہیں وہ آنسو دل کو سیراب کرتے ہیں۔ ولنعم ما قال الشاعر ؎

---

[۸۷] هذا حديث عبد الله بن عمر رضى الله عنهما أنه قال: كان من دعاء رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللهم ارزقني عينين هطالتين تسقيان القلب بذروف الدموع من خشيتك، قبل أن تكونَ الدموع دمًا والأضراس جمرًا. أخرجه الطبراني في الدعاء: ۴۲۹/۱ برقم: (۱۴۵۷، دار الكتب العلمية

سَہَرُ الْعُیُوْنِ لِغَیْرِ وَجْہِکَ ضَائِعٌ
وَبُکَاءُ ھُنَّ بِغَیْرِ فَقْدِکَ بَاطِلٌ

اے اللہ! آنکھوں کی وہ بیداری جو آپ کے دیدار کے علاوہ ہو یا آپ کے لیے نہ ہو، وہ بیداری ضائع اور بے کار ہے اور آنکھوں کا وہ رونا جو آپ کی جدائی کے غم سے نہ ہو باطل ہے۔

تو معلوم ہوا کہ تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ عینین کے لیے صفتِ ثانیہ ہے یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اخلاص کے آنسو طلب فرمائے کہ وہی دل کو بھی سیراب کرتے ہیں۔

اللہ والی آنکھوں کی تیسری صفت نبی علیہ السلام عرض کرتے ہیں قَبْلَ اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّ الْاَضْرَاسُ جَمْرًا اے اللہ! یہ رونے کی توفیق اسی حیاتِ دنیا میں عطا فرمایئے، قبل اس کے کہ یہ آنسو خون ہوں اور داڑھیں انگارے ہوجائیں یعنی دوزخ میں تو دوزخی بھی روئے گا، لیکن اس کے آنسو خون کے ہوں گے اور اس کی داڑھیں انگارے ہوں گی، تو یہ آنسو کس کام کے؟ یہ تو سزا والے آنسو ہیں، رحمت کے آنسو تو وہ ہیں جو دنیا میں اللہ کے لیے نکلیں۔

قَبْلَ اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا ... الخ یہ ظرف ہے اور ہر ظرف مظروف کے لیے بمنزلہ قید ہوتا ہے اور قید بمنزلہ صفت ہوتی ہے، پس یہ نحوی صفت تو نہیں ہے لیکن معنوی صفت ہے، یہ تمام اوپر کی شرح حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے احقر کو اپنی رحمت سے عطا فرمائی ہے۔ ذٰلِکَ مِمَّا خَصَّنِیَ اللہُ تَعَالٰی بِلُطْفِہٖ۔

حدیث نمبر ۲۸

اَنْ نَّقْتَرِفَ سُوْءً عَلٰی اَنْفُسِنَا اَوْ نَجُرَّہٗ اِلٰی مُسْلِمٍ[۸۸]
اَوْ اَکْسِبَ خَطِیْئَۃً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُہٗ[۸۹]

۸۸ھ هذا مختصر من حديث أبي مالك الأشعري رضي الله عنه أنه قَالَ قَالُوا يا رَسُولَ اللهِ حَدِّثْنَا بِكَلِمَةٍ نَقُولُها إِذَا أَصْبَحْنَا وَأَمْسَينَا وَاضْطَجَعْنَا فَأَمَرَهُمْ أَنْ يقُولُوا: اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضِ عَالِمَ الْغَيبِ وَالشَّهادَةِ أَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَالْمَلَائِكَةُ يشْهدُونَ أَنَّكَ لَا إِلٰه إِلَّا أَنْتَ فَإِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ أَنْفُسِنَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيطَانِ الرَّجِيمِ وَشِرْكِه وَأَنْ نَقْتَرِفَ سُوءً عَلٰى أَنْفُسِنَا أَوْ نَجُرَّه إِلَى مُسْلِمٍ. أخرجه أبو داؤد في سننه: ۲/۳۳۷، برقم (۵۰۸۵) في باب مَا يقُولُ إِذَا أَصْبَحَ. والطبراني في معجمه الكبير: ۳/۲۷۵، برقم (۳۳۷۲)

۸۹ھ هذا مختصر من حديث زيد بن ثابت رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم علمه دعاء وأمره أن يتعاهده ويتعاهد به أهله

ترجمہ: اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں کہ ہم حاصل کریں اپنی جان پر کسی برائی کو یا اس کو پہنچائیں کسی مسلمان کی طرف یا کریں ہم کوئی ایسی خطا یا گناہ جس کی آپ مغفرت نہ فرمائیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنابِ کبریا میں عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں **اَنْ نَّقْتَرِفَ سُوْءً عَلٰٓى اَنْفُسِنَا اَوْنَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ** اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں کہ ہم حاصل کریں اپنی جان پر کسی برائی کو یا اس کو پہنچائیں کسی مسلمان کی طرف یا کریں ہم کوئی ایسی خطا یا گناہ جس کی آپ مغفرت نہ فرمائیں۔

مسلسل نافرمانیوں کی عادت میں مبتلا رہنے کے باوجود تزکیہ کا اہتمام نہ کرنا اور ترکِ معصیت کی تدابیر نہ معلوم کرنا دو خطرناک مصیبتوں میں گرفتار کرتا ہے۔ نمبر ایک یہ کہ ایسا آدمی حق تعالیٰ کی راہ میں انوار و برکاتِ قربِ خاص سے محروم رہتا ہے، ظاہر ہے کہ انوارِ طاعات و اذکار ظلماتِ معاصی سے کبھی بالکلیہ سلب ہو جاتے ہیں اور کبھی حد درجہ یہ انوار بے کیف اور مضمحل ہو جاتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ایسا آدمی ہر وقت علیٰ معرض الخطر ہے یعنی چاہِ طرد و ضلالت کے کنارے کھڑا ہے۔ نہ معلوم کب کوئی گھڑی ایسی آجائے کہ یہ اپنی عادتِ معصیت کے مطابق گناہ کرے اور گرفت ہو جائے اور تجلی صفتِ رحمت و حلم مبدل بہ تجلی قہر و انتقام ہو جائے، جس کے نتیجے میں آیندہ توفیقِ استغفار نہ ہو اور شدہ شدہ یہ ظلمات سارے قلب کو زنگ آلود کر دیں، حتیٰ کہ ذکر سے وحشت و نفرت ہونے لگے اور پھر مردود ہو کر سوءِ خاتمہ کی لعنت کا طوق پہن کر جہنم میں چلا جائے۔ حق تعالیٰ ہم سب کو اس سے محفوظ رکھیں، آمین۔

حدیث نمبر ۲۹

اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ يَعْنِى الْمَوْتَ[۹۰]

كل يوم. قال: "قل حين تصبح: لبيك اللهم لبيك لبيك وسعديك والخير فى يديك ومنك وبك وإليك اللهم ما قلت من قول أو نذرت من نذر أو حلفت من حلف فمشيئتك بين يدى ذلك وما شئت كان وما لا تشاء لا يكون ولا حول ولا قوة إلا بك إنك على كل شىء قدير اللهم ما صليت من صلاة فعلى من صليت وما لعنت من لعنة فعلى من لعنت أنت ولى فى الدنيا والاٰخرة توفنى مسلما وألحقنى بالصالحين أسألك اللهم الرضا بعد القضاء وبرد العيش بعد الممات ولذة نظر فى وجهك وشوقا إلى لقائك من غير ضراء مضرة ولا فتنة مضلة أعوذ بك من أن أظلم أو أظلم أو أعتدى أو يعتدى على أو أكسب خطيئة أو ذنبا لا تغفره ...الخ-اخرجه البغوى فى معجم الصحابة :۲۶۲/۲ برقم(۸۴۲): مكتبة دار البيان، والبيهقى فى الدعوات الكبير:۲۸/۱ برقم (۴۲) فى باب الدعاء عند الصباح والمساء. منشورات مركز المخطوطات—الكويت

[۹۰] هذا حديث أبى هريرة أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أكثروا ذكر هاذم اللذات يعنى الموت أخرجه الترمذى فى سننه

ترجمہ: لذّات کو سرد کرنے والی چیز کو کثرت سے یاد کرو یعنی موت کو۔

موت کا کثرت سے یاد کرنا دل کو دنیا سے اُچاٹ کرتا ہے اور یہی ہدایت کا بڑا سبب اور ذریعہ ہوتا ہے۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ موت جو لذات کو سرد کرنے والی ہے اس کو کثرت سے یاد کرو۔

پس موت کا اتنا تصور کرو کہ اس کی وحشت لذت سے بدل جائے اور اپنے اصلی وطن کے ذکر سے لذت ملنی ہی چاہیے۔ مومن کے لیے موت دراصل محبوبِ حقیقی کی طرف سے دعوتِ ملاقات کا پیغام ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں جو آخرت کے حالات دیکھتا ہوں، اگر تم کو معلوم ہو جائیں تو ہنسنا کم کر دو اور رونے کی کثرت کر دو۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ کاش! میں کوئی درخت ہوتا جو کاٹ دیا جاتا۔ کبھی فرماتے کہ کاش! میں کوئی گھاس ہوتا کہ جانور اس کو کھا لیتے۔ کبھی فرماتے کہ کاش! میں کسی مومن کے بدن کا بال ہوتا۔ ایک مرتبہ ایک باغ میں تشریف لے گئے، ایک جانور کو دیکھ کر ٹھنڈا سانس بھرا اور فرمایا کہ تو کس قدر مزہ میں ہے کہ کھاتا ہے، پیتا ہے اور درختوں کے سائے میں پھرتا ہے اور آخرت میں تجھ پر کوئی حساب کتاب نہیں، کاش! ابو بکر بھی تجھ جیسا ہوتا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ کاش! مجھے میری ماں نے جنا ہی نہ ہوتا۔ بسا اوقات ایک تنکا ہاتھ میں لیتے اور فرماتے: کاش! میں یہ تنکا ہوتا۔ تہجد کی نماز میں بعض مرتبہ روتے روتے گر جاتے اور بیمار ہو جاتے۔ ایک بار صبح کی نماز میں جب اس آیت پر پہنچے تو روتے روتے آواز نہ نکلی:

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ[۹۱]

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حق تعالیٰ کے خوف سے اس قدر روتے تھے کہ چہرہ پر آنسوؤں کے بہنے سے دو نالیاں سی بن گئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مرتبہ نماز کے لیے تشریف لائے تو ایک جماعت کو دیکھا کہ کھلکھلا کر ہنس رہی تھی اور ہنسی کی وجہ سے دانت کھل رہے تھے، آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر موت کو کثرت سے یاد کرو تو جو حالت میں دیکھ رہا ہوں وہ پیدا نہ ہو۔ لہٰذا موت کو کثرت

(۵۷/۲)برقم (۲۳۰۷) فی باب ما جاء فی ذکر الموت، والنسائی فی سننہ:۲۵۸/۱،برقم (۱۸۲۴) فی باب کثرۃ ذکر الموت، وابن ماجۃ فی سننہ: ۳۱۴/۱ برقم (۴۲۵۸) فی باب ذکر الموت والاستعداد، وأحمد فی مسندہ (۳۹۲/۲ برقم (۷۹۲۴)ط: دار الکتب العلمیۃ. وروی أیضًا عن أنس رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسولَ اللہ صَلَّی اللہ عَلَیہِ وَسَلَّمَ مر بمجلس وهم یضحکون فقال: أکثروا من ذکر هاذم اللذات، أَحسَبُہ قال- فإنہ ما ذکرہ أحد فی ضیق من العیش إِلَّا وسعہ علیہ، ولَا فی سعۃ إِلَّا ضیقہ علیہ. أخرجہ البزار فی مسندہ (۳۵۲/۱۳ برقم (۶۹۸۷)ط: مکتبۃ العلوم والحکم) والبیہقی فی شعب الإیمان (۴۹۸/۱ برقم (۸۲۶)ط: دار الکتب العلمیۃ

[۹۱] یوسف:۸۶

سے یاد کیا کرو اور قبر پر کوئی دن ایسا نہیں گزرتا کہ جس میں وہ یہ آواز نہ دیتی ہو کہ میں بے گانگی کا گھر ہوں، تنہائی کا گھر ہوں، مٹی کا گھر ہوں، کیڑوں کا گھر ہوں... الخ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بہت رویا کرتے تھے حتیٰ کہ روتے روتے آنکھیں بے کار ہو گئی تھیں۔ کسی شخص نے ایک مرتبہ پوچھ لیا تو فرمایا کہ میرے رونے پر تعجب کرتے ہو، اللہ کے خوف سے سورج روتا ہے۔ ایک مرتبہ ایسا ہی قصہ پیش آیا تو فرمایا کہ اللہ کے خوف سے چاند روتا ہے۔ ایک نوجوان صحابی پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر ہوا۔ وہ جب:

فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ [۹۲]

پر پہنچے تو بدن کے بال کھڑے ہو گئے، روتے روتے دم گھٹنے لگا اور کہہ رہے تھے کہ ہاں! جس دن آسمان پھٹ جائیں گے یعنی قیامت کے دن میرا کیا حال ہو گا، ہائے میری بربادی! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے اس رونے سے فرشتے بھی رونے لگے۔

ایک انصاری صحابی نے تہجد کی نماز پڑھی پھر بیٹھ کر بہت روئے، کہتے تھے: اللہ ہی سے فریاد کرتا ہوں جہنم کی آگ کی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم نے آج فرشتوں کو رُلا دیا۔

ایک صحابی رو رہے تھے، بیوی کے پوچھنے پر فرمایا کہ اس وجہ سے روتا ہوں کہ جہنم پر تو گزرنا ہے ہی، نہ معلوم نجات ملے گی یا وہیں رہ جاؤں گا؟ حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تمام رات یہ آیت پڑھتے رہے اور روتے رہے:

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ [۹۳]

حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ دنیا میں تو تم سب لوگ ملے جلے رہے، مگر آج مجرم لوگ سب الگ ہو جائیں اور غیر مجرم علیحدہ۔ اس حکم کو سن کر جتنا بھی رویا جائے کم ہے کہ نہ معلوم اپنا شمار مجرموں میں ہو گا یا فرماں برداروں میں؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس آنکھ سے اللہ کے خوف سے ذرا سا بھی آنسو خواہ مکھی کے سر کے برابر ہی کیوں نہ ہو نکل کر چہرہ پر گرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس چہرہ کو آگ پر حرام فرما دیتا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک اور ارشاد ہے کہ جب مسلمان کا دل اللہ کے خوف سے کانپتا ہے تو اس کے

---

۹۲ الرحمٰن: ۳۷

۹۳ یٰسٓ: ۵۹

گناہ ایسے جھڑتے ہیں جیسے درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک اور ارشاد ہے کہ جو شخص اللہ کے خوف سے روئے اس کا آگ میں جانا ایسا مشکل ہے جیسا کہ دودھ کا تھنوں میں واپس جانا۔ ایک صحابی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نجات کا راستہ کیا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی زبان کو روکے رکھو، گھر میں بیٹھے رہو اور اپنی خطاؤں پر روتے رہو۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ یارسول اللہ!(صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کی امت میں کوئی ایسا بھی ہے جو بے حساب جنت میں داخل ہو؟ آپ نے فرمایا: ہاں جو اپنے گناہوں کو یاد کرکے روتا رہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ کے نزدیک دو قطروں سے زیادہ کوئی قطرہ پسند نہیں: ایک آنسو کا قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو اور دوسرا خون کا قطرہ جو اللہ کے راستے میں گرا ہو۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ جس کو رونا آئے وہ روئے ورنہ رونے کی صورت ہی بنالے۔ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! کہ اگر میں اللہ کے خوف سے روؤں اور آنسو میرے رخسار پر بہنے لگیں، یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ پہاڑ کے برابر صدقہ کروں۔

حدیث نمبر ۳۰

مَنْ نَّامَ عَنْ حِزْبِہٖ اَوْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْہُ فَقَرَأَہٗ فِیْمَا بَیْنَ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ وَصَلٰوۃِ الظُّھْرِ کُتِبَ لَہٗ کَأَنَّمَا قَرَأَہٗ مِنَ اللَّیْلِ[۹۴]

ترجمہ: جس شخص کا نیند کے سبب رات کا وظیفہ اور معمول ادا نہ ہو سکا اور اس نے فجر اور ظہر کے درمیان اس کو پورا کر لیا، تو اس کو اتنا ہی ثواب ملے گا جیسے کہ اس نے رات ہی میں وہ معمول پورا کیا۔

حکایت: حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نمازِ تہجد شیطان نے آپ کے پاؤں دبا کر قضا کرا دی یعنی نیند گہری طاری ہو گئی۔ آپ نے دن میں تہجد کی قضا ادا کی۔ مسلم شریف میں یہ حدیث مروی ہے کہ مَنْ نَّامَ عَنْ حِزْبِہٖ اَوْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْہُ جس شخص کا نیند کے سبب رات کا وظیفہ اور معمول ادا نہ ہو سکا اور اس نے فجر اور ظہر کے درمیان اس کو پورا کر لیا کُتِبَ لَہٗ کَأَنَّمَا قَرَأَہٗ مِنَ اللَّیْلِ تو اس کو اتنا

---

[۹۴] ھذا حدیث عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ أنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِہٖ أَوْ عَنْ شَیْءٍ مِنْہُ فَقَرَأَہُ فِیْمَا بَیْنَ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ وَصَلَاۃِ الظُّھْرِ کُتِبَ لَہٗ کَأَنَّمَا قَرَأَہُ مِنَ اللَّیْلِ. أخرجہ مسلم فی صحیحہ: ۲۵۶/۱ برقم (۱۷۷۹) فی باب صَلٰوۃِ اللَّیْلِ وَعدد رکعات

ہی ثواب ملے گا جیسے کہ اس نے رات ہی میں وہ معمول پورا کیا۔ حاصلِ حکایت یہ کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دن میں بعد نمازِ فجر معمولاتِ شب پورا کرکے بہت روئے اور حق تعالیٰ سے ندامت کے ساتھ استغفار کیا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت نے ندامت کے ان آنسوؤں کو جو ایک روایت کے مطابق شہیدوں کے خون کے برابر میدانِ محشر میں تولے جائیں گے، قبول فرماکر ان کے درجے کو بہت بلند فرما دیا۔ ابلیس نے آپ کو آپ کے درجے سے کمتر کرنے کی کوشش کی تھی، لیکن آپ کا مقام پہلے سے بھی بلند دیکھ کر حسد سے جل گیا اور دوسری شب میں تہجد کے لیے بیدار کیا۔ حضرت نے دریافت کیا کہ اے شخص! تو کون ہے؟ کہا: میں آپ کو تہجد کے لیے اُٹھارہا ہوں، آپ اُٹھ کر یہ نیک کام کرلیں، لیکن مجھے نہ معلوم کریں کہ میں کون ہوں، میرا نام بہت بدنام ہے۔ فرمایا کہ نہیں تجھے بتانا پڑے گا۔ کہا: حضور! مجھے ابلیس لعین کہتے ہیں۔ فرمایا: تیرا کام تو برائی کرانا ہے، یہ نیک کام آج کیسے کرلیا؟ کہا: حضور! ہزاروں سال عبادت گزار رہا ہوں، پرانی عادت کبھی عود کر آتی ہے۔ فرمایا کہ سچ سچ بتا، اے ابلیس! تیرا مکر مجھ پر نہ چل سکے گا۔ کہا: حضور! رات آپ کی تہجد قضا کرادی تھی۔ آپ کی گریہ وزاری اور توبہ نے آپ کو پہلے سے بھی زیادہ اللہ تعالیٰ کا مقرب بنادیا پھر آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ مجھ جیسا بنی آدم کا حاسد اس کو کہاں برداشت کرسکتا ہے۔ آج سوچا کہ آپ کو بیدار کردوں تاکہ آپ جس رفتار سے ترقی کررہے تھے اسی پر قائم رہیں۔ آپ نے جس مقامِ درد و اخلاص سے توبہ کی اس نے تو آپ کو سلوک میں تیز گام بنادیا اور میری تدبیرِ معکوس نے میرے جگر میں غم کی آگ رکھ دی۔

حدیث نمبر ۳۱

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ[۹۵]

ترجمہ: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ محبت کرے گا۔

---

۹۵ هذا مختصر من حديث عبد الله بن مسعود رضى الله عنه أنه قال جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ الله صلى الله عليه وسلم فَقَالَ يا رَسُولَ الله كَيفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ الله صلى الله عليه وسلم الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ. أخرجه البخارى فى صحيحه:۲/۹۱۰-۹۱۱) برقم(۶۱۶۹-۶۱۶۸) فى باب عَلَامَة حُبِّ الله عَزَّ وَجَلَّ. و مسلم فى صحيحه:۲/۳۳۲ برقم (۶۸۸۸) فى باب الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ.
وروى عن صفوان بن عسال رضى الله عنه أنه قال: جاء أعرابى جهورى الصوت قال يا محمد الرجل يحب القوم ولما يلحق بهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم المرء مع من أحب أخرجه الترمذى فى سننه:۲/۶۴ برقم(۲۳۸۷) فى باب ما جاء أن المرء مع من أحب

محبت کی عظیم الشان کرامت

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور سوال کیا کہ جو آدمی کسی قوم سے محبت رکھے (یعنی علماء وصلحاء سے محبت رکھتا ہے۔ مرقاۃ) وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ اور ان کے اعمالِ نافلہ اور ریاضاتِ شاقہ میں ان کا ساتھ نہ دے سکا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ[۹۶]۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اَیْ یُحْشَرُ مَعَ مَحْبُوْبِهٖ وَیَکُوْنُ رَفِیْقًا لِّمَطْلُوْبِهٖ قَالَ تَعَالٰی: وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِيْنَ ۚ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا۔ محبت کی برکت سے اس محب کا حشر اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا اور اسی کا رفیق ہوگا۔ جیسا کہ حق تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہے کہ جو اللہ اور رسول کا مطیع ہوگا وہ اُن ہی منعم علیہم انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین کے ساتھ ہوگا۔

ایک اِشکال اور اس کا جواب

محبت کی کرامت سے محبوب کی معیت کی تائید میں ملّا علی قاری نے جو آیت پیش کی ہے، اس میں تو اطاعت کی قید ہے محبت کا لفظ ہی نہیں۔ جواب یہ ہے کہ اطاعت محبتِ کاملہ صادقہ کے لیے لازم ہے۔ پس اس آیت میں ملزوم کی تعبیر لازم سے کی گئی ہے، جو فنِ بلاغت میں علاقہ مجاز مرسل کہلاتا ہے اور اصطلاح میں اس کو تَسْمِیَةُ الْمَلْزُوْمِ بِاسْمِ اللَّازِمِ کہتے ہیں۔ چناں چہ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وَمِنْ عَلَامَةِ الْمَحَبَّةِ الصَّادِقَةِ اَنْ یَّخْتَارَ اَمْرَ الْمَحْبُوْبِ وَنَهْیَهٗ عَلٰی مُرَادِ غَیْرِهٖ وَلِذَا قَالَتْ رَابِعَةُ الْعَدَوِیَّةُ۔

تَعْصِی الْاِلٰهَ وَاَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهٗ
هٰذَا لَعَمْرِیْ فِی الْقِیَاسِ بَدِیْعٌ
لَوْ کَانَ حُبُّكَ صَادِقًا لَّاَطَعْتَهٗ
اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ یُّحِبُّ مُطِیْعٌ

ترجمہ: محبتِ صادقہ کی علامت یہ ہے کہ محبوب کے حکم کو بجالائے اور نہی سے رک جائے اور غیر محبوب کو

---

[۹۶] صحیح البخاری: ۹۱۱/۲ (۶۱۹۸)، باب علامۃ الحب فی اللہ، المکتبۃ المظھریۃ

کبھی ترجیح نہ دے، جیسا کہ رابعہ عدویہ فرماتی ہیں کہ تو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے اور محبت بھی ظاہر کرتا ہے، یہ عجیب بات ہے، اگر تیری محبت صادق ہوتی تو اطاعت محبوب کی ضرور کرتا، کیوں کہ ہر محب اپنے محبوب کی اطاعت کرتا ہے۔

محبت واطاعت پر معیتِ موعود کی تفصیلی تحقیق تفاسیر اور احادیث کی روشنی میں

کیا محبت پر معیت سے یہ مراد ہے کہ جنت میں سب ایک ہی درجہ میں جمع ہوں گے اور فاضل اور مفضول میں فرق نہ رہے گا؟

ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق: جب اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) جنت میں کس طرح بعض کو بعض دیکھیں گے؟ تو یہ آیت نازل ہوئی:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ [۹۷]

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ الْاَعْلَيْنَ يَنْحَدِرُوْنَ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُمْ فَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ رِيَاضِهَا ... الخ [۹۸]

اعلیٰ جنت کے لوگ اسفل والوں کے پاس نزول فرماویں گے اور جنت کے باغوں میں جمع ہوا کریں گے اِنَّ هٰذِهِ الْمَعِيَّةَ وَالْمُوَاجَهَةَ وَالْمُجَامَلَةَ تَخْتَلِفُ بِاخْتِلَافِ حُسْنِ الْمُعَامَلَةِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ [۹۹] اور ہر شخص کی معیت اپنے بزرگوں کے ساتھ حسبِ اختلافِ حسنِ معاملہ مختلف ہوگی۔

حضرت حکیم الامت تھانوی کی تحقیق: حضرت تھانوی بیان القرآن میں اس معیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ ساتھ ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ یہ اشخاص ان حضرات کے درجہ میں چلے جائیں گے، کیوں کہ یہ اس نص قطعی کے خلاف ہے هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ [۱۰۰] بلکہ مطلب یہ ہے کہ اپنے درجۂ سافلہ

---

۹۷ النسآء:۶۹

۹۸ ذکرہ الطبری فی جامع البیان فی تأویل القراٰن:۸/۵۳۵، فی تفسیر اٰیت النسآء:۶۹، مؤسسۃ الرسالۃ- والمظھری فی تفسیرہ:۲/۱۶۰ فی تفسیر اٰیت النسآء:۶۹

۹۹ ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح:۸/۴۲۷، باب الحب فی اللہ و من اللہ، دار الفکر بیروت

۱۰۰ اٰل عمرٰن:۱۶۳

سے ان کے درجۂ عالیہ میں پہنچ کر ان کی زیارت سے اور اس درجہ کی برکات سے مشرف ہوا کریں گے۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق: حضرت عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مومنین کی ذُرّیات کو (بشرطِ ایمان) ان کے درجات میں جنت میں جمع فرما دیں گے اگرچہ وہ اعمال میں کم ہوں گے تاکہ وہ اپنی آنکھیں اپنی ذریات سے ٹھنڈی کریں۔ اور الحاق سے مراد مستقل سکونت ہے، نہ کہ محض ان سے ملاقات اور زیارت کی اجازت۔

محبت پر ثمرۂ معیت کے متعلق علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق: علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر روح المعانی میں فرماتے ہیں کہ معیت سے یہ مراد نہیں کہ سب ایک درجہ میں ہوں گے، بلکہ اعلیٰ منزل والے اسفل میں آسکیں گے اور اسفل والے اعلیٰ منزل میں جا سکیں گے اور ایک دوسرے کو یہ احساس نہ ہو سکے گا کہ ہم سے اعلیٰ والے زیادہ عیش میں ہیں، تاکہ ان کے دل میں حسرت کا صدمہ نہ ہو اور اعلیٰ والے احساس نہ کر سکیں گے کہ ادنیٰ والے ہم سے کم اور بے قدر ہیں تاکہ اپنے متعلقین کے کم عیش میں ہونے سے صدمہ نہ ہو۔

شانِ نزول

معیت پر جس آیت کی تفسیر ہو رہی ہے اس کے بارے میں ایک روایت علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یَا رَسُوْلَ اللہِ! اِنَّکَ لَاَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاِنَّکَ لَاَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ وَّلَدِیْ آپ میری جان سے زیادہ محبوب ہیں اور اولاد سے بھی زیادہ اور وَاِنِّیْ لَاَکُوْنُ فِی الْبَیْتِ فَاَذْکُرُکَ فَمَا اَصْبِرُ اور میں گھر میں جب ہوتا ہوں اور آپ کو یاد کرتا ہوں تو صبر نہیں ہوتا حَتّٰی اٰتِیَ فَاَنْظُرَ اِلَیْکَ یہاں تک کہ حاضر ہو کر آپ کا دیدار کر لیتا ہوں، لیکن آخرت میں آپ اعلیٰ درجہ میں انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوں گے، تو ہم اپنی ادنیٰ جنت میں آپ کو کیسے پائیں گے اور کیسے دیکھیں گے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے، یہاں تک کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اس آیت کو لے کر نازل ہوئے:

حَتّٰی نَزَلَ جِبْرَءِیْلُ بِھٰذِہِ الْاٰیَۃِ وَمَنْ یُّطِعِ اللہَ وَالرَّسُوْلَ ... الخ[۱۰۱]

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق: اس معیّت کے متعلق امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

خلاصۂ ترجمہ: معیت سے مراد ایک درجہ میں جمع ہو جانا نہیں، کیوں کہ اس سے فاضل اور مفضول میں

---

[۱۰۱] ذکرہ الآلوسی فی روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی: ۵/۵۷، فی تفسیر آیت آل عمرٰن (۱۶۳)، دار احیاء التراث، بیروت

مساوات اور برابری لازم آتی ہے جو جائز نہیں۔ پس معیت سے مراد یہ ہے کہ ہر شخص کے لیے ایک دوسرے کی ملاقات اور دیدار ہر وقت ممکن ہو سکے گا۔ (تفسیر کبیر: جلد خامس، جزء عاشر، صفحہ ۱۷۶)

علامہ ابن کثیر حافظ عماد الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر:

ذٰلِکَ الۡفَضۡلُ مِنَ اللّٰہِ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ عَلِیۡمًا[۱۰۲]

علامہ ابن کثیر دمشقی اپنی تفسیر "ابن کثیر" میں مذکورہ آیت کی تفسیر فرماتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

اَیۡ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰہِ بِرَحۡمَتِہٖ ھُوَ الَّذِیۡ اَھَّلَھُمۡ لِذٰلِکَ لَا بِاَعۡمَالِھِمۡ ھُوَ عَلِیۡمٌ بِمَنۡ یَّسۡتَحِقُّ الۡھِدَایَۃَ وَالتَّوۡفِیۡقَ[۱۰۳]

یہ نعمتِ معیت محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہو گا۔ یہ نعمت اعمال کے بدلے میں نہ ملے گی اور وہ علیم ہیں کہ کون اس ہدایت اور توفیق کا مستحق ہے۔

از علامہ محمود نسفی صاحبِ تفسیر خازن: اس معیت کے بارے میں صاحبِ تفسیرِ خازن نے روایت ذکر فرمائی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے سوال کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہ قیامت کب آوے گی؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کی کیا تیاری کی ہے؟ عرض کیا کہ کچھ تیاری نہیں کی اِلَّا اَنِّیۡ اُحِبُّ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ مگر میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اَنۡتَ مَعَ مَنۡ اَحۡبَبۡتَ تم اسی کے ساتھ ہو گے جس کے ساتھ محبت ہے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ فَمَا فَرِحۡنَا بِشَیۡءٍ اَشَدَّ فَرَحًا بِقَوۡلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اَنۡتَ مَعَ مَنۡ اَحۡبَبۡتَ ایسی خوشی ہم لوگوں کو کبھی نہیں ہوئی جیسا کہ اس ارشاد سے ہوئی، اس کے بعد حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت کرتا ہوں اَرۡجُوۡ اَنۡ اَکُوۡنَ مَعَھُمۡ بِحُبِّیۡ اِیَّاھُمۡ وَاِنۡ لَّمۡ اَعۡمَلۡ بِاَعۡمَالِھِمۡ امید ہے کہ میں ان سب حضرات کے ساتھ ہوں گا بہ سبب ان کی محبت کے، اگرچہ ہمارے اعمال اس درجہ کے نہیں۔[۱۰۴]

---

[۱۰۲] النسآء:۷۰

[۱۰۳] ذکرہ ابن کثیر فی تفسیر القراٰن الکریم:۳۱۳/۲،فی تفسیر اٰیت سورۃ النسآء:(۷۰)،دار الکتب العلمیۃ

[۱۰۴] تفسیر الخازن:۳۷۶/۱

حدیث نمبر ۳۲

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ ارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَ اَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّ ارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ [۱۰۵]

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں حق کا حق ہونا دِکھا دیجیے اور اس کی اتباع کی توفیق عطا فرمائیے اور باطل کا باطل ہونا دِکھا دیجیے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرمائیے۔

تقلیبِ ابصار سے فانی صورتیں عظیم الشان اور پایندہ حقیقت نظر آنے لگتی ہیں، باطل حق نظر آنے لگتا ہے۔ اس تقلیبِ ابصار سے حدیثِ پاک میں پناہ مانگی گئی ہے اور یہ دعا سکھائی گئی **اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ ارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَ اَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّ ارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ** اے اللہ! ہمیں حق کا حق ہونا دِکھا دیجیے اور اس کی اتباع کی توفیق عطا فرمائیے اور باطل کا باطل ہونا دِکھا دیجیے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرمائیے۔

بس اللہ والے اس قہر سے محفوظ کیے جاتے ہیں، لہٰذا حسینوں کے فرسٹ فلور پر نظر پڑتے ہی نظریں نیچی کر لیتے ہیں، کیوں کہ حسین جسموں کے گراؤنڈ فلور کی گندگی ان کو مستحضر رہتی ہے کہ اندر سب پیشاب پاخانہ بھرا ہے اور اوپر چاندی کا ورق ہے۔ اللہ کی نافرمانی پیشاب پاخانہ سے بھی بدتر چیز ہے۔ تو جب کسی فانی حسین شکل پر نظر پڑتے ہی دل میں مستی آئے، تو فوراً نظر ہٹالو اور اس مستی سے پناہ مانگو کہ یہ عذاب کی مستی ہے۔ یہ وہی مستی ہے جس پر یہ آیت نازل ہوئی:

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِیْ سَكْرَتِهِمْ یَعْمَهُوْنَ [۱۰۶]

اور وہ (قوم لوط والے) اپنے نشہ میں مست ہو رہے تھے۔ واللہ! کہتا ہوں اس سے بڑھ کر کوئی خبیث نہیں جو چند دن کے حُسنِ فانی پر اپنے کریم مولیٰ اور اپنے خالق اور پالنے والے کو ناراض کرتا ہے۔ یہ شخص طبیعت کا خسیس اور کمینہ اور نہایت غیر شریف ہے، اگر اس میں حیا اور شرم ہوتی تو اپنے اللہ کو ناراض نہ کرتا۔ ملّا علی

---

[۱۰۵] ذکرہ ابن کثیر فی تفسیرہ (۱۵۲/۱، دار الکتب العلمیۃ) فی سورۃ البقرۃ بلفظ اللھم أرنا الحق حَقًّا وارزقنا اتباعہ، وأرنا الباطل باطلا ووفّقنا لاجتنابہ، ولا تَجْعَلْہ ملتبسًا علینا فنضل، واجعلنا للمتقین إمامًا

[۱۰۶] الحجر:۷۲

قاری رحمۃ اللہ علیہ محدثِ عظیم لکھتے ہیں کہ حیا کی تعریف ہے فَاِنَّ حَقِیْقَۃَ الْحَیَاءِ اَنَّ مَوْلَاکَ لَا یَرَاکَ حَیْثُ نَھَاکَ[۱۰۷] یعنی حیا کی حقیقت یہ ہے کہ تمہارا مولیٰ تم کو نافرمانی کی حالت میں نہ دیکھے، تب سمجھ لو کہ یہ بندہ حیا اور شرم والا ہے۔ آج آپ کسی بد نظری کرنے والے کو بے غیرت اور بے حیا کہہ دیں تو وہ مرنے مارنے کو تیار ہو جائے گا لیکن اللہ کے نزدیک یہ بے حیا ہے، کیوں کہ اللہ تو ہر وقت دیکھ رہا ہے۔ جو اللہ سے نہیں شرماتا اس میں حیا کہاں ہے؟ اس لیے ہر وقت اس کا خیال رکھو کہ اللہ ہم کو دیکھ رہا ہے، میری نظر پر ان کی نظر ہے۔ میرا شعر ہے ؎

میری نظر پہ اُن کی نظر پاسباں رہی
افسوس اس احساس سے کیوں بے خبر تھے ہم

جس کو یہ استحضار ہو گا وہ شرابِ قہر اور عذاب کی مستی میں ان شاء اللہ تعالیٰ مبتلا نہیں ہو سکتا۔

خود بینی اور تکبر کی نحوست سے قلب کی بصیرت میں فساد آجاتا ہے، جس کی وجہ سے بصارت فاسد ہو جاتی ہے اور ایسا شخص حق کو باطل اور باطل کو حق سمجھنے لگتا ہے۔ اہل اللہ اور مقبولانِ بارگاہ کے چہرۂ انور بد بختوں کو منحوس اور بُرے نظر آتے ہیں اور اہلِ باطل کے چہرے ان کو محبوب اور منور معلوم ہوتے ہیں۔ اس ابتلاء کا سبب ان کے باطن کا کبر اور اعراض ہوتا ہے کما قال تعالیٰ:

بَلْ طَبَعَ اللہُ عَلَیْھَا بِکُفْرِھِمْ[۱۰۸]

ان کے مسلسل کفر اور کفر پر ہمیشہ قائم رہنے کی نیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی اور یہ ظلم نہیں ہے، کیوں کہ ان کا ارادہ حق کو قبول کرنے کا تھا ہی نہیں اس لیے مہر لگادی گئی، لہٰذا یہ عذابِ قہر ہے جو انبیاء اور اولیاء کے چاند جیسے چہروں کو کابوس (ڈراؤنی شکل) دِکھاتا ہے اور کفر کے تاریک کنویں کو خوشنما باغ دِکھاتا ہے۔

اپنی شقاوت اور کور باطنی (بد بختی اور بصیرت کے اندھے پن) اور قلبی فساد یعنی عجب و تکبر کے سبب انبیاء کی برابری کرنے لگے اور اولیاء اللہ کو حقارت کی نظر سے دیکھا اور ان کو اپنی طرح قیاس کیا، جیسا کہ حکایت ہے کہ ایک حبشی نے جنگل میں ایک آئینہ گرا ہوا دیکھا اور اس کے اندر اپنی کالی صورت لمبے لمبے دانت اور موٹے موٹے ہونٹوں کو دیکھ کر آئینہ کو گالی دے کر کہا کہ کمبخت بدصورت! منحوس تیری ایسی

---

[۱۰۷] ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح:۱/۷۰،فی کتاب الایمان،المکتبۃ الامدادیۃ،ملتان

[۱۰۸] النسآء:۱۵۵

بھدی شکل ہے جب ہی تو جنگل کے ویرانے میں کسی نے تجھے پھینک دیا ہے، اگر حسین ہوتا تو گھروں میں لوگ تجھ کو آراستہ کر کے رکھتے۔ اس ظالم کو یہ خبر نہ تھی کہ اس آئینہ میں خرابی نہ تھی، بلکہ اس کی اپنی ہی صورت کا عکس تھا۔ چناں چہ بصیرت کے اسی اندھے پن کے سبب ابو جہل کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک نہایت برا نظر آتا تھا اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بصیرتِ صحیحہ یہ فیصلہ کر رہی تھی:

كَأَنَّ الشَّمْسَ تَجْرِيْ فِيْ وَجْهِهٖ[۱۰۹]

کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک میں مجھ کو آفتاب چلتا ہوا نظر آتا ہے۔ لٰہذا اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیے اور شامتِ عمل سے جب اللہ کا قہر نازل ہو جاتا ہے تو اسی طرح اولیاء کی معرفت بھی نہیں ہوتی خصوصاً اللہ سے اپنے شیخ کی محبت و عظمت مانگنی چاہیے، کیوں کہ اگر اپنے شیخ کو حقارت سے دیکھے گا تو وہ شخص کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مَنِ اعْتَرَضَ عَلٰى شَيْخِهٖ وَ نَظَرَ اِلَيْهِ احْتِقَارًا فَلَا يُفْلِحُ اَبَدًا[۱۱۰] جس نے اپنے شیخ پر اعتراض کیا اور اس کو مُحقرانہ نظر سے دیکھا تو یہ شخص کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ ایسے ہی جب کسی حسین کو دیکھ کر نفس میں خوشی کی لہریں اٹھیں، تو اللہ سے فوراً ڈر جاؤ اور سمجھ لو کہ یہ وہی کنویں کا اندھیرا ہے جو تقلیبِ ابصار سے بہترین باغ معلوم ہو رہا ہے۔ اس سے توبہ کرو، کیوں کہ نافرمانی سے خوش ہونا یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ بے وفائی ہے۔ جب نفس کسی حسین کو دیکھ کر خوشی امپورٹ کرے، درآمد کرے، جو حرام خوشیاں اور بدمستیاں آئیں، تو نظر ہٹا کر نفس کو کوئی تکلیف دہ بات یاد دِلا دو، دوزخ کی آگ کا تصور کرو، قبر کی منزل یا قیامت کی پیشی کو یاد کرو یا تنہائی میں جا کر اپنی کھوپڑی پر تین جوتے لگا لو کہ کیوں خوش ہوا، نفس کو فوراً اتنا غم دو کہ توازن اور بیلنس صحیح ہو جائے اور غم پہنچانے کا ایک اور راستہ بزرگوں نے بیان کیا ہے، کیوں کہ بعض وقت نفس دوزخ اور عذابِ قبر اور قیامت کی پیشی وغیرہ سے بھی متاثر نہیں ہوتا، وہ پاگل سا ہو جاتا ہے، لٰہذا اس نفس کو غم دینے کا بہترین اور مجرب علاج مشایخ نے بتایا کہ فوراً وضو کرو اور آٹھ دس رکعات نفس سے پڑھوالو، بس یہ رکعات سارے مراقبوں سے بھاری پڑیں گی، پھر شیطان بھی پیچھا چھوڑ دیتا ہے کہ اس سے بد نظری تو میں نے کرائی اور میں نے کوشش کر کے فوکس ڈالا،

---

[۱۰۹] هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قَالَ مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَأَنَّ الشَّمْسَ تَجْرِي فِي وَجْهِه وَمَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَسْرَعَ فِي مَشْيِه مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَأَنَّمَا الأَرْضُ تُطْوَى لَه إِنَّا لَنُجْهِدُ أَنْفُسَنَا وَإِنَّه لَغَيْرُ مُكْتَرِثٍ. أخرجه الترمذي في سننه (۲/۲۰۶) برقم (۴۰۰۹) في باب في صِفَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم باب منه.

[۱۱۰] ذكره الملا علي القاري في مرقاة المفاتيح: ۱/۲۲۰، في باب الاعتصام بالكتاب والسنة، المكتبة الامدادية، ملتان

اس حسین کے چہرے پر مسمریزم کیا، جس سے وہ چار آنہ حسن ان کو سولہ آنہ نظر آیا۔ لال لال گالوں کو اور زیادہ لال دکھا کر لالوں کو لالہ زار بنادیا اور یہ لالے جان کے چھالے ہیں، جس سے ان کی جان کے ہی لالے پڑ گئے لیکن اس نے اشکبار آنکھوں سے توبہ کرلی اور توبہ سے خطا معاف ہوگئی اور آٹھ دس رکعات مزید پڑھ لیں اور کچھ صدقہ خیرات بھی کردیا جس سے اللہ کا غضب ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اِنَّ الصَّدَقَةَ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ...الخ[۱۱۱] یہ سب نیکیاں مستزاد اس کے نامۂ اعمال میں چڑھ گئیں، لہٰذا شیطان کہتا ہے کہ میرا بزنس تو یہاں بالکل لاس (خسارہ) میں جارہا ہے، لہٰذا توبہ کرنے والے کا تعاقب چھوڑ دیتا ہے۔ شیخ کے مشورہ سے گناہ کے ترک کے لیے صدقہ کرنا نہایت مفید ہے۔

اے اللہ! آپ اپنی ایک نگاہِ کرم ڈال دیں تو اسی وقت اس کا نصیب جاگ اٹھے گا اور اس کا کام بن جائے گا اور اسی لمحہ وہ نفس کے قید و بند سے رہائی پا جائے گا۔ وہ دل جو گناہوں کے شدید میلان میں مبتلا تھا آپ کی نگاہِ کرم کے بعد اس کو گناہوں کا وہ شدید میلان نہیں ہوتا جتنا عام لوگوں کو ہوتا ہے، بس ہلکا سا ایک طبعی میلان ہوگا لیکن اے اللہ! آپ کی مہربانی سے اس کو قابو میں رکھنا آسان ہوجاتا ہے، کیوں کہ آپ کے کرم سے حسنِ مجازی کی فنائیت اور فانی اجسام کے اندر کی گندگی اس کو نظر آجاتی ہے جس سے فانی جسموں سے ایک نفرتِ طبعیہ اے اللہ! آپ اس کو عطا فرمادیتے ہیں، کیوں کہ انسان عقل کے بل بوتے پر کب تک لڑے گا، عقلی استدلال کے پاؤں بہت کمزور ہوتے ہیں، اس لیے اے اللہ! ہمیں گناہوں سے طبعی کراہت نصیب فرمادیجیے تاکہ گناہوں سے بچنا آسان ہوجائے، ورنہ حسنِ فانی کی ملمع سازی کا فریب بُرے بُرے تقاضوں کو اور شدید کردیتا ہے، مگر جس پر اے خدا! آپ فضل فرمادیں تو اس کو نظر آجاتا ہے کہ ان فانی جسموں کی چمک دمک ظاہری ہے، اندر گو بھرا ہوا ہے جیسے کوئی پاخانہ پر سونے اور چاندی کے ورق لگادے۔ جو ورق کی چمک دمک سے دھوکا کھائے گا وہ پاخانہ ہی پائے گا، لہٰذا اے نفس! بالوں اور گالوں سے اور رانوں سے دھوکا نہ کھا، ورنہ پیشاب پاخانہ کی گندگی تک پہنچنا پڑے گا اور یہ تو جسمانی اور حسی بے عزتی ہوئی، لیکن اگر اے اللہ! آپ نے ستاری نہ فرمائی تو ہم مخلوق میں بھی ذلیل ہوجائیں گے، کیوں کہ ستاریت ہمارے اختیار میں نہیں ہے کہ جب تک ہم چاہیں اپنے عیب کو چھپائیں، بلکہ پردۂ ستاریت اے اللہ! آپ کے اختیار میں ہے، جب چاہیں ہٹادیں اور ساری دنیا ہماری رسوائی کا تماشا دیکھ لے۔ اسی لیے مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ دعا فرماتے ہیں کہ نفس کی چالوں اور مکاریوں اور اس کے بُرے بُرے تقاضوں کی قید سے اے اللہ! آپ کے سوا کون

---

[۱۱۱] ذکرہ البیہقی فی شعب الایمان: ۵/۵۱ (۳۰۸۰)، فی باب الزکوٰۃ، فی فصل التحریض علی صدقۃ التطوع، مکتبۃ الرشد

نجات دلا سکتا ہے؟ کیوں کہ تقلیب ابصار سے گناہ حسین اور نیکیاں بُری معلوم ہونے لگتی ہیں۔ حدیثِ پاک کی دعا ہے اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ ارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ اے اللہ! حق کو حق دِکھا اور اس کی اتباع کی توفیق نصیب فرما۔ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ[۱۱۲] اور باطل کو باطل دِکھا اور اس سے اجتناب اور پرہیز کی توفیق کا رزق دے یعنی رزقِ اتباعِ خیرات و حسنات نصیب فرما اور رزقِ اجتناب عن الباطل بھی نصیب فرما۔ اپنی رضا کے اعمال نصیب فرما اور ناراضگی کے اعمال سے حفاظت نصیب فرما۔

حدیثِ مذکور کی تشریح بعنوان دِگر

تکبر و خود بینی اور گناہوں پر مسلسل اصرار کی نحوست کی وجہ سے قلب کی بصیرت فاسد ہو جاتی ہے، جس کی وجہ سے بصارت میں فساد آجاتا ہے اور ایسے شخص کو حق باطل اور باطل حق نظر آنے لگتا ہے اور فانی شکلیں اور گناہ کے مواقع اور دنیائے مردار کی فانی لذتیں اس کو نہایت مہتم بالشان معلوم ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا آتش انگیز راستہ اس کو پانی کی طرح ٹھنڈا اور لذیذ معلوم ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا راستہ جو پانی کی طرح صاف و شفاف اور حیات بخش ہے اسے آگ کی طرح گرم اور کلفت انگیز معلوم ہوتا ہے۔

اس تقلیبِ ابصار سے حدیثِ پاک میں پناہ آئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ ارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ

اے اللہ! مجھے حق کو حق دکھا اور اس کی اتباع بھی نصیب فرما اور باطل کو باطل دکھا اور اس سے اجتناب کی توفیق بھی نصیب فرما۔

اس حدیثِ پاک کا پہلا جملہ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا یہ نعمتِ اولیٰ ہے کہ اے اللہ! حق کا حق ہونا مجھ پر واضح فرمادیجیے، لیکن بعض وقت حق واضح ہوگیا لیکن آدمی اسے قبول نہیں کرتا، اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے ایک جملہ اور بڑھا دیا وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ کہ اے اللہ! جب آپ مجھ پر حق واضح فرمائیں تو اس کی اتباع بھی مقدر فرمادیجیے۔ یہ دوسرا جملہ نعمتِ اولیٰ کا تکملہ ہے، کیوں کہ حق کا ظاہر ہونا نعمت ہے، لیکن اگر اتباع کی توفیق نہ ہو تو نعمت کی تکمیل نہیں ہوئی اور جو مقصد ہے وہ حاصل نہ ہوا اور بلاغتِ کلامِ نبوت دیکھیے کہ وَفِّقْنَا نہیں فرمایا کہ ہمیں توفیق دے دیجیے، بلکہ وَارْزُقْنَا فرمایا کہ ہمیں اس کی اتباع کا رزق دے دیجیے کیوں کہ رزق اپنے مرزوق کو تلاش کرتا ہے جیسا کہ دوسری حدیثِ پاک میں ارشاد ہے:

---

[۱۱۲] ذکرہ ابن کثیر فی تفسیر القراٰن العظیم: ۲۵۰/۱، فی تفسیر سورۃ البقرۃ (۲۱۴)، دار الکتب العلمیۃ

اِنَّ الرِّزْقَ لَیَطْلُبُ الْعَبْدَ کَمَا یَطْلُبُہٗ اَجَلُہٗ [۱۱۳]

رزق بندہ کو اس طرح تلاش کرتا ہے جس طرح اس کی موت اس کو تلاش کرتی ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ہم جہاں بھی رہیں اتباعِ حق کے رزق کو ہماری روح میں داخل کر دیجیے۔ جسمانی رزق پیٹ میں داخل ہوتا ہے اور توفیقِ اتباع کا رزق روح کے اندر داخل ہوتا ہے، لیکن بلاغتِ کلامِ نبوت کا کمال ہے کہ توفیق کو رزق کے لفظ سے تعبیر فرمایا کہ اتباعِ حق کا رزق ہمیں دے دیجیے، کیوں کہ ایک اور حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

اِنَّ نَفْسًا لَّنْ تَمُوْتَ حَتّٰی تَسْتَکْمِلَ رِزْقَھَا [۱۱۴]

کسی نفس کو ہرگز موت نہیں آسکتی جب تک وہ اپنا رزق مکمل نہ کرلے۔ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے **وَارْزُقْنَا** فرماکر اُمت کے لیے یہ نعمت مانگ لی کہ اے اللہ! ہمیں مرنے نہ دیجیے جب تک ہم پوری پوری اتباعِ حق نہ کرلیں۔ جس طرح استکمالِ رزقِ ظاہری کے بغیر موت نہیں آسکتی، اسی طرح اے اللہ استکمالِ رزقِ باطنی یعنی اتباعِ حق کی تکمیل کے بغیر ہمیں موت نہ دے، جب تک اتباعِ حق میں ہم مکمل نہ ہو جائیں ہمیں موت نہ آئے۔

اور حدیثِ پاک کا دوسرا جز ہے **وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا** اور باطل کو ہمیں باطل دِکھا **وَارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ** اور اس سے اجتناب کی توفیق بصورتِ رزق دے، اجتناب عن الباطل کا رزقِ روحانی ہمیں خود تلاش کرلے کہ جس باطل کے نرغہ میں جہاں کہیں ہم پھنسے ہوں اس سے بچنے کی توفیق ہمارے رزق کی طرح وہاں پہنچ جائے اور ہمیں اس باطل سے اجتناب کی توفیق نصیب ہو جائے اور جب تک باطل اور معصیت اور گناہوں کے اعمال سے ہم کو طہارتِ کاملہ، حفاظتِ کاملہ نصیب نہ ہو، اے خدا! ہمیں موت نہ آئے **حَتّٰی تَسْتَکْمِلَ رِزْقَھَا** یہاں تک کہ میرا نفس آپ کے اس رزقِ روحانی کو مکمل حاصل نہ کرلے۔

اور حدیثِ پاک میں **لَنْ تَمُوْتَ** کا لفظ آیا ہے کہ ہرگز کوئی نہیں مرسکتا جب تک کہ وہ اپنا رزق مکمل نہ کرلے۔ تو اتباعِ حق اور اجتنابِ باطل کی توفیق کو رزق سے تعبیر فرمانا یہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اُمت

---

[۱۱۳] هذا حديث أبي الدرداء رضي الله عنه أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الرزق ليطلب العبد كما يطلبه أجله. أخرجه ابن حبان في صحيحه: ۳۱/۸، برقم (۳۲۳۸)، في باب ما جاء في الحرص وما يتعلق به، مؤسسة الرسالة

[۱۱۴] هذا حديث عبد الله بن مسعود رضي الله عنه عَنِ النَّبِي صلى الله عليه وسلم قَالَ: إِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رُوعِي أَنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوتَ حَتَّى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا، أَلَا فَاتَّقُوا اللهَ، وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ. أخرجه البغوي في شرح السنة (۳۳۰/۷-۳۳۱، برقم (۴۰۰۸)، في باب استحباب طول العمر للطاعة وتمني المال للخير، دار الكتب العلمية)

پر رحم ہے کہ بغیر مکمل حق پرستی اور بغیر مکمل اجتناب عن المعاصی کے میری اُمت کو موت ہی نہ آئے۔ حق پرستی کے رزق کا نام اتباعِ حق ہے اور باطل سے پرہیز گاری و بے زاری کے رزق کا نام اجتناب عن المعاصی ہے۔ جب تک اس دعا کی برکت سے حق کی اتباع اور باطل سے اجتناب کا رزقِ روحانی افرادِ اُمت کے لیے مقدر نہیں ہو جائے گا اور یہ روحانی رزق مکمل ان کو نہ پہنچ جائے انہیں موت نہ آئے گی۔ اس طرح وہ پاک و صاف ہو کر اور اللہ کے پیار کے قابل ہو کر اللہ کے حضور میں حاضر ہوں گے۔

(احقر راقم الحروف عرض کرتا ہے کہ جنوبی افریقہ کے ایک شیخ الحدیث جو حضرت والا کی خدمت میں قیام کے لیے آئے ہوئے تھے، انہوں نے فرمایا کہ یہ تشریح بالکل الہامی ہے، ذہن کی رسائی ان معانی تک نہیں ہو سکتی جو حضرت والا نے بیان فرمائے، خصوصاً توفیق کی رزق سے تعبیر کی مدلل تقریر عجیب و غریب ہے جو نہ کسی کتاب میں دیکھی نہ کسی سے سنی۔ جامع)

حضرت والا نے فرمایا کہ الحمدللہ! اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے جو علوم میری زبان سے بیان کرا دیتے ہیں وہ علوم بتاتے ہیں کہ یہ زمینی **مُخْرَجَاتْ** نہیں ہیں آسمانی **مُنَزَّلَاتْ** ہیں۔

میرے پینے کو دوستو سن لو
آسمانوں سے مے اُترتی ہے

تقلیبِ ابصار کے اس عذاب سے پناہ مانگی ہے جس میں آگ پانی اور پانی آگ نظر آنے لگتا ہے یعنی حق باطل اور باطل حق نظر آتا ہے، جس کا سبب غلبۂ جاہ یا غلبۂ باہ سے اعراض عن الحق ہے، مثلاً کسی پر حق واضح ہو گیا لیکن اپنی جاہ و کبر و خود بینی کے سبب کہتا ہے کہ میں کسی مولوی کی بات نہیں مانتا۔

حدیث نمبر ۳۳

لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِّنْ کِبْرٍ قَالَ رَجُلٌ: اِنَّ الرَّجُلَ یُحِبُّ اَنْ یَّکُوْنَ ثَوْبُہٗ حَسَنًا وَّنَعْلُہٗ حَسَنًا قَالَ اِنَّ اللہَ جَمِیْلٌ یُّحِبُّ الْجَمَالَ اَلْکِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَ غَمْطُ النَّاسِ[۱۱۵]

---

[۱۱۵] ھذا حدیث عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ لَا یدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ کَانَ فِی قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِنْ

ترجمہ: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو گا جس کے دل میں ایک ذرہ برابر بڑائی ہو گی، ایک صحابی نے عرض کیا کہ ایک شخص یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں اور اس کے جوتے اچھے ہوں (کیا یہ بھی کبر ہے؟) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ جمیل ہیں اور جمال کو پسند کرتے ہیں۔ کبر (کی حقیقت) حق بات کو قبول نہ کرنا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے۔

دین پر استقامت اور اعمال کی بقاء کے لیے اہل اللہ کی صحبت اتنی ضروری ہے کہ حضرت مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ بانیٔ تبلیغی جماعت فرماتے ہیں کہ میں جب دین کی محنت کے لیے جاتا ہوں تو مخلوق میں اختلاط اور زیادہ میل جول سے نفس میں کچھ کثافت اور گندگی سی آجاتی ہے اس کو دور کرنے کے لیے میں اہل اللہ کی خانقاہوں میں جاتا ہوں تو دل مُجلّٰی ہو جاتا ہے۔ جیسے موٹر کار طویل سفر پر جاتی ہے تو پرزوں میں کچھ میل کچیل لگ جاتا ہے لہٰذا اس کی ٹیوننگ کی بھی ضرورت ہوتی ہے اور صفائی کے لیے کار کو کارخانے میں جس کو ورکشاپ کہتے ہیں بھیجا جاتا ہے۔ اسی طرح دل کی ٹیوننگ کی بھی ضرورت ہوتی ہے، جس کی ورکشاپ خانقاہیں ہیں، کیوں کہ نفس چور ہے، اس میں خفیہ طریقہ سے کچھ بڑائی، کچھ دِکھاوا آجاتا ہے۔ جن کا مشایخ اور علماء سے تعلق نہیں ہوتا، ان کی گفتگو سے پتا چل جاتا ہے اور ان کی زبان سے بڑائی کی باتیں نکلنا شروع ہو جاتی ہیں اور انہیں خبر بھی نہیں ہوتی کہ میرے دل میں کیا مرض پیدا ہو گیا۔ اس لیے چاہے کوئی مدرس ہو، معلم ہو، مبلغ ہو، مصنف ہو، تزکیۂ نفس بغیر اہل اللہ کی صحبت اور تعلق کے نہیں ہوتا۔ ایک صاحب نے خود بتایا کہ میں اللہ کے فضل سے دین کے لیے کچھ وقت لگا کر جب کراچی واپس آیا، تو مجھے تمام لوگ نہایت حقیر معلوم ہوئے کہ یہ سب غافل ہیں، انہیں دین کی فکر نہیں، علماء پنکھوں میں بیٹھ کر بخاری شریف پڑھا رہے ہیں اور ہم لوگ دریائے سندھ کے کنارے جنگلوں میں جاکر دین پھیلا رہے ہیں، لیکن وہ ایک اللہ والے سے بیعت تھے، انہوں نے اپنے شیخ کو اپنا یہ حال بتایا کہ مجھے تو بڑے بڑے علماء تک شیطان نظر آرہے ہیں۔ ان بزرگ نے کہا کہ سب سے بڑے شیطان تو تم ہو، کیوں کہ تمہارے دل میں تکبر پیدا ہو گیا، تم نے اپنے نفس کو مٹانا نہیں سیکھا۔ اسلام تو یہ کہتا ہے کہ تمام مسلمانوں کو اپنے سے بہتر سمجھو اور اپنے کو سب سے کمتر سمجھو، بلکہ جب تک خاتمہ ایمان پر نہیں ہو جاتا خود کو کافروں سے اور جانوروں سے بھی کمتر سمجھو اور تمہارا حال اتنا خراب ہو گیا کہ عام مسلمان تو کجا، تم علماء کو جو وارثین انبیاء ہیں، حقیر سمجھ رہے ہو۔ ان بزرگ نے فرمایا کہ حدیث شریف میں ہے **لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ**

كِبْرٍ.قَالَ رَجُلٌ إِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ أَنْ يَكُونَ ثَوْبُه حَسَنًا وَنَعْلُه حَسَنًا. قَالَ إِنَّ اللهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ اَلْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ.أخرجه مسلم فى صحيحه (۶۵/۱) برقم (۲۷۵،۲۷۷) فى باب تَحْرِيمِ الْكِبْرِ وَبَيَانِه

كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں ایک ذرہ برابر بڑائی ہوگی اور ایک روایت میں ہے کہ وَلَا يَجِدُ رِيْحَهَا داخلہ تو درکنار جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

اس سے پتا چلا کہ اہل اللہ سے تعلق کتنا ضروری ہے۔ اگر اس شخص کا کوئی شیخ نہ ہوتا تو یہ تو ہلاک ہو گیا تھا، کیوں کہ شیطان نے دل میں تکبر ڈال دیا تھا، لیکن شیخ کی ڈانٹ سے سارا تکبر نکل گیا۔ یہ تکبر اتنا بڑا ایٹم بم ہے کہ حج اور عمرے، تہجد و تلاوت، ذکر و نوافل سب کو اُڑا دیتا ہے۔ اسی طرح چاہے کتنا ہی بڑا عالم ہو، محدث ہو، شیخ الحدیث ہو، بخاری شریف پڑھا رہا ہو، اگر اللہ والوں سے اصلاحی تعلق نہ ہوگا تو آپ اس کے علم و عمل میں فاصلے دیکھیں گے۔ چاہے علم کا سمندر ہو، اگر اصلاح نہ کرائی ہوگی تو آپ دیکھیں گے کہ ہوائی جہاز میں ایئر ہوسٹس سے مسکرا مسکرا کر اور اس کی طرف دیکھ کر باتیں کر رہا ہوگا اور زِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ[۱۱۶] کا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی لعنت لَعَنَ اللهُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُوْرَ اِلَيْهِ کا علم اس کی طاق نسیان میں ہوگا۔

جتنا نیکیاں کمانا ضروری ہے ان کی حفاظت کا اہتمام بھی اتنا ہی ضروری ہے، جو نفس کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوتا اور نفس کی اصلاح موقوف ہے صحبتِ اہل اللہ پر۔

حدیثِ قدسی میں حق تعالیٰ شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ تکبر کرنے والے کا ٹھکانہ بہت بُرا ہے، کبریائی خاص میری چادر ہے، پس جو شخص بھی اس میں شریک ہونا چاہے گا اسے قتل کردوں گا۔ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کے قلب میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہ جائے گا۔

تکبر کس کو کہتے ہیں؟ حدیثِ پاک کے مطابق تکبر بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ[۱۱۷] کا نام ہے یعنی لوگوں کو حقیر سمجھنا اور حق بات کو قبول کرنے سے اعراض اور انکار کرنا۔ تکبر کرنے والا تواضع سے محروم رہتا ہے اور حسد و غصہ سے نجات نہیں پاتا، ریاکاری کا ترک اور نرمی کا برتاؤ اس کو دشوار ہوتا ہے، اپنی عظمت اور بڑائی کے نشہ میں مست رہتا ہے۔

حدیثِ پاک میں ہے کہ جب بندہ رضائے حق کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے (جیسا کہ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ کے اندر حرف لام سے ظاہر ہے) تو یہ شخص اپنے دل میں خود کو کمتر اور حقیر سمجھتا ہے اور مخلوق

---

[۱۱۶] هذا حديث عبد الله بن عباس رضى الله عنهما أنه قَالَ مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِنَّ اللهَ كَتَبَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ حَظَّهٗ مِنَ الزِّنَا أَدْرَكَ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ وَالنَّفْسُ تَمَنّٰى وَتَشْتَهِيْ وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ كُلَّهٗ وَيُكَذِّبُهٗ. أخرجه البخارى فى صحيحه (۲/۹۲۳) برقم (۶۲۴۳) فى باب زنا الجوارح دون الفرج

[۱۱۷] اخرجه مسلم فى صحيحه عن علقمة عن عبد الله: ۱/۶۵، فى باب تحريم الكبر وبيانه: ایچ ایم سعید

کی نظر میں اس کو اللہ تعالیٰ بلندی اور عزت عطا فرماتے ہیں، اسی طرح جو اپنے کو بڑا سمجھتا ہے تو وہ اپنی نظر میں تو بڑا ہوتا ہے، لیکن لوگوں کی نظر میں ذلیل کر دیا جاتا ہے حتیٰ کہ سور اور کتے سے بھی زیادہ ذلیل ہوتا ہے۔

علاج: اپنے گناہوں کو سوچا کرے اور اللہ تعالیٰ کی پکڑ اور محاسبہ کا دھیان رکھے، جب اپنی فکر میں پڑے گا تو دوسروں کی تحقیر و تنقید اور تبصرہ سے بچے گا، جیسے کوڑھی کسی زُکام کے مریض کو حقیر نہیں سمجھتا اسی طرح اپنی روحانی اور قلبی بیماری کو شدید سمجھے اور اپنے خاتمہ کے خوف سے لرزاں اور ترساں رہے۔ میرے مرشد اس بیماری کی اصلاح کے لیے ایک حکایت بیان فرمایا کرتے تھے کہ ایک لڑکی کو شادی کے موقع پر خوب اچھے لباس اور زیور سے سجایا گیا۔ محلہ کی سہیلیوں نے تعریف شروع کی کہ بہن! تم تو بڑی اچھی معلوم ہوتی ہو۔ اس نے رو کر کہا کہ ابھی تم لوگ بے کار تعریف کرتی ہو۔ جب میرا شوہر مجھے دیکھ کر پسند کرلے اور اپنی خوشی کا اظہار کر دے تب وہ خوشی اصلی خوشی ہوگی، معلوم نہیں اس کی نگاہ میں میری صورت کیسی معلوم ہوگی، تمہاری نگاہوں کے فیصلے ہمارے لیے بے کار ہیں۔

پھر حضرت مرشد فرماتے تھے کہ اسی طرح بندہ کو مخلوق کی تعریف سے یا اپنی رائے سے خود کو اچھا اور بڑا نہ سمجھنا چاہیے، کیوں کہ میدانِ محشر میں حق تعالیٰ کی نظر سے ہمارے کیا فیصلے ہوں گے اس کی خبر ہم کو ابھی کچھ نہیں پھر کس منہ سے اپنے کو موت سے قبل اور حُسنِ خاتمہ سے قبل اچھا سمجھنے کا حق ہوگا؟ حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ایماں چوں سلامت بہ لبِ گور بریم
اَحسَنتُ بریں چستی و چالاکیٔ ما

جب اسلام کو ہم قبر میں سلامتی سے لے جائیں گے پھر اپنی چستی اور ہوشیاری پر خوشی منائیں گے، یہی وجہ ہے کہ تمام اولیائے کرام مرنے سے قبل کبھی ناز کی بات نہیں کرتے اور حُسنِ خاتمہ کی دعا کرتے رہتے ہیں اور دوسروں سے بھی درخواست دعا کرتے رہتے ہیں۔ یہ بے وقوف لوگوں کا کام ہے جو اپنے بارے میں مالک کے فیصلہ کا انتظار کیے بغیر اپنے ہی فیصلہ سے یا مخلوق کی تعریف سے اپنے لیے بڑائی اور اچھائی کا فیصلہ کر بیٹھے ہیں۔

عُجب اور کِبر کا فرق

اپنے کو اچھا سمجھنا اور کسی کو حقیر نہ سمجھنا "عُجب" کہلاتا ہے اور اپنے کو اچھا سمجھنے کے ساتھ دوسروں کو کمتر بھی سمجھنا تکبر کہلاتا ہے اور دونوں حرام ہیں۔ جب بندہ اپنی نظر میں حقیر ہوتا ہے تو حق تعالیٰ کی نظر

میں عزت والا ہوتا ہے اور جب اپنی نظر میں اچھا اور بڑا ہوتا ہے تو حق تعالیٰ کی نظر میں حقیر اور ذلیل ہوتا ہے معاصی سے نفرت واجب ہے، لیکن عاصی سے نفرت حرام ہے۔ اسی طرح کسی کافر کو بھی نگاہِ حقارت سے نہ دیکھے، کیوں کہ ممکن ہے کہ اس کا خاتمہ ایمان پر مقدر ہو چکا ہو، البتہ اس کے کفر سے نفرت واجب ہے۔

ہیچ کافرا بخواری منگرید
کہ مسلماں بودنش باشد اُمید

حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں اپنے کو تمام مسلمانوں سے فی الحال اور کافروں اور جانوروں سے فی المآل کمتر سمجھتا ہوں یعنی موجودہ حالت میں ہر مسلمان مجھ سے اچھا ہے اور خاتمہ کے اعتبار سے کہ نہ معلوم کیا ہو؟ اپنے کو کفار سے بھی کمتر سمجھتا ہوں۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ مومن کامل نہ ہوگا جب تک کہ اپنے کو بہائم اور کفار سے بھی کمتر نہ جانے گا۔

جب حق تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ چاہیں تو بڑے سے بڑے گناہ کو بدونِ سزا معاف فرما دیں اور چاہیں تو چھوٹے گناہ پر گرفت کر کے عذاب میں پکڑیں، تو پھر کس منہ سے آدمی اپنے کو بڑا سمجھے اور کیسے کسی مسلمان کو خواہ وہ کتنا ہی گناہ گار ہو حقیر سمجھے۔ حضرت سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ازیں بر ملائک شرف داشتند
کہ خود را بہ از سگ نہ پنداشتند

اللہ والے اس سبب سے فرشتوں پر شرف و عزت میں بازی لے جاتے ہیں کہ خود کو کُتّے سے بھی بہتر نہیں سمجھتے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ولایت و قرب کو حق تعالیٰ نے بندوں میں مخفی رکھا ہے، لہٰذا کسی بندہ کو خواہ کیسا ہی گناہ گار ہو حقیر نہ جانو کہ کیا خبر شاید یہی بندہ علمِ الٰہی میں ولی ہو اور اس کی ولایت کسی وقت بھی توبۂ صادقہ اور اتباعِ سنت کی صورت میں ظاہر ہو جائے۔ جیسا کہ تاریخ شاہد ہے کہ بعض بندے زندگی بھر رند بادہ نوش، مست و خراب بادہ اور فسق و فجور میں مبتلا رہتے ہیں اور اچانک اُن میں تبدیلی آجاتی ہے اور توبہ کر کے پاک و صاف ہو جاتے ہیں، جیسے کوئی شہزادہ حسین جس کے منہ پر کالک لگی ہو اچانک صابن سے نہا دھو کر چاند کی طرح روشن چہرہ والا ہو جائے۔

جوش میں آئے جو دریا رحم کا
گبرِ صد سالہ ہو فخرِ اولیا

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ انسان اپنے وجود میں دو مرتبہ کس قدر گندے راستے سے گزرتا ہے، ایک مرتبہ باپ کے پیشاب کی نالی سے نطفہ کی شکل میں ماں کے شکم میں گیا اور دوسری مرتبہ ماں کے رحم سے ناپاک راہ سے وجود میں آیا پھر تکبر کیسے زیبا ہو گا؟ بڑے بڑے متکبر بادشاہوں کی موت قبر میں کیا حال کرتی ہے اور کس طرح لاکھوں کیڑوں کی غذا بناتی ہے۔

جس طرح امتحان کا نتیجہ سننے سے قبل اپنے کو بڑا اور کامیاب سمجھنے والا طالبِ علم بے وقوف ہے، اسی طرح میدانِ محشر میں اپنا فیصلہ سننے سے قبل دنیا میں اپنے کو کسی سے افضل سمجھنا اور بڑا سمجھنا حماقت ہے۔ حضرت علامہ سید سلیمان صاحب کا خوب شعر ہے ؎

ہم ایسے رہے یا کہ ویسے رہے
وہاں دیکھنا ہے کہ کیسے رہے

یہی حال ہمارا ہے کہ ہر وقت اپنے نفس کی شرارت اور خباثت اور گناہوں کے تقاضوں کو جانتے ہوئے، جہاں کسی نے ذرا تعریف کر دی کہ حضرت! آپ ایسے ہیں، بس حضرتی کا نشہ چڑھ گیا اور اپنے نفس کو بھول گئے۔ اللہ والے ایسے وقت اور شرمندہ ہو جاتے ہیں اور حق تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کی ستّاری کا شکر ادا کرتے ہیں۔ حضرت حاجی صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو لوگ مجھ سے محبت اور عقیدت رکھتے ہیں یہ سب حق تعالیٰ کی ستّاری ہے، ورنہ اگر وہ ہمارے اترے پترے کھول دیں تو سب معتقدین راہِ فرار اختیار کریں۔ پس مخلوق کا حسنِ ظن بھی حق تعالیٰ کا انعام ہے اور اپنے کو کمتر اور حقیر سمجھنا درجۂ یقین میں ایک بیّن حقیقت کو تسلیم کرنا ہے اور عبدیتِ کاملہ کے لوازم سے ہے۔

یہ تکبر کا مرض اتنا خطرناک مرض ہے کہ ایک شخص تہجد پڑھتا ہے، اشراق پڑھتا ہے، تبلیغ میں چلّے لگاتا ہے، بخاری شریف پڑھاتا ہے، مگر جب مرا تو دل میں تکبر لے کر گیا، قیامت کے دن اس کا کیا حال ہو گا؟ وہ حدیث شریف سن لیجیے، مسلم شریف کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت میں وہ شخص داخل نہیں ہو گا جس کے دل میں رائی کے برابر بھی تکبر ہو گا۔ یعنی جس کے دل میں ذرّہ کے برابر بھی بڑائی ہو گی ایسا شخص جنت میں نہ جائے گا۔

یہ وہ زبردست ایٹم بم ہے کہ سو برس کا تہجد، سو برس کی زکوٰۃ، سو برس کے حج اور عمرے، سو برس کی نفلیں اور تلاوت، سو برس کی عبادت، ساری زندگی کے اعمال کو ہیرو شیما کر دیتا ہے، جیسے ایٹم بم کا وہ ذرّہ

جس نے جاپان کے ہیروشیما کو تباہ کیا تھا، یہ تکبر کا ذرّہ تمام عبادات کو ضایع کر دیتا ہے، یہ ایسا ایٹم بم ہے کہ سارے اعمال ضایع کر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل نہیں فرمائیں گے اور ایک روایت میں ہے کہ یہ شخص جنت کی خوشبو نہ پائے گا جب کہ اس کی خوشبو میلوں دور تک جائے گی۔ اتنا خطرناک مرض ہے۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جیسے ہی تھانہ بھون کی خانقاہ میں کوئی داخل ہوتا ہے تو پہلی نظر جب اس پر پڑتی ہے اس کی سب بیماری سمجھ میں آجاتی ہے، یہ علمِ غیب نہیں تجربہ ہے، عالم الغیب تو صرف خدائے تعالیٰ کی ذات ہے۔ حضرت فرماتے ہیں کہ اس کی چال سے اور چہرے سے پتا چل جاتا ہے کہ اس میں فلاں بیماری ہے۔ ارے بھائی! اس میں تعجب کی کیا بات ہے؟ حکیم لوگ بھی بتا دیتے ہیں، آنکھ پیلی ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ اس کو یرقان ہے، چہرہ زیادہ لال ہے تو سمجھ جاتے ہیں کہ اس کو فالج گرنے والا ہے، بہت زیادہ خون بڑھ گیا ہے، ہائی بلڈ پریشر والا مریض بھی چہرہ سے پہچان لیا جاتا ہے۔

سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مجلس میں بدنگاہی کر کے ایک شخص آیا تھا، دیکھتے ہی فرمایا مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَّتَرَشَّحُ مِنْ اَعْيُنِهِمُ الزِّنَا[۱۱۸] کیا حال ہے ایسی قوم کا جن کی آنکھوں سے زِنا ٹپکتا ہے۔ تو سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیسے سمجھ لیا؟ ہر گناہ کا اثر اس کی آنکھوں پر، چہرہ پر، اس کی چال پر پڑتا ہے اور تکبر والے کی تو چال ہی عجیب ہوتی ہے، اس کی چال ہی سے آپ سمجھ لیں گے کہ یہ شخص متکبر ہے۔ اور اللہ والوں کی کیا شان ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا[۱۱۹]

میرے خاص بندے زمین پر عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں، اپنے کو ذلیل کر کے، مٹا کر، ان کی چال بتاتی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے سامنے دبے جا رہے ہیں اور متکبر کی چال بتاتی ہے کہ اس کے دل میں بڑائی ہے، اکڑ کے چلتا ہے، حالاں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے متکبرو! تم اتنی زور سے زمین پر پاؤں رکھتے ہو، لیکن تم زمین کو پھاڑ نہیں سکتے ہو اور نہ پہاڑ سے زیادہ لمبے ہو سکتے ہو جو گردن تان کر چل رہے ہو:

وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا[۱۲۰]

---

[۱۱۸] ذکرہ القرطبی فی تفسیرہ ذکرہ بلفظ مَا بَالُ قومٍ وفی عینیہ اثر الزنا: ۱۰/۴۴، فی سورۃ الحجر (۷۵)، دار الکتب العربی، القاھرۃ

[۱۱۹] الفرقان: ۶۳

زمین پر اِتراتا ہوا مت چل، کیوں کہ تو زمین کو پھاڑ نہیں سکتا اور بے وقوف ہے جو اتنی گردن تان رہا ہے کیوں کہ تو پہاڑوں کی لمبائی کو نہیں پہنچ سکتا۔

یہ ارشادِ مبارک جب صحابہ نے سنا کہ وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو گا جس کے دل میں ذرّہ کے برابر تکبر ہو گا تو ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اگر کوئی شخص پسند کرے کہ اس کا کپڑا اچھا ہو اور اس کا جوتا بھی اچھا ہو، مثلاً ایک شخص خوب اچھا دھلا ہوا عمدہ لباس پہنتا ہے اور مان لو کہ جوتا بھی سلیم شاہی پہنتا ہے، ایک صحابی سوال کر رہے ہیں، مطلب یہ تھا کہ کہیں یہ تکبر تو نہیں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں، اِنَّ اللهَ جَمِيلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ اللہ تعالیٰ جمیل ہے، جمال کو پسند کرتے ہیں۔ میلا کچیلا رہنا کوئی اچھی بات نہیں، انسان صاف ستھرا رہے، جتنا ہو سکے اچھے لباس میں رہے، یہ تکبر نہیں ہے، کبر کی حقیقت اور اس کا مادّہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمادیا کہ تکبر کا بم دو جُزء سے بنتا ہے:

بَطَرُ الْحَقِّ: حق بات کو قبول نہ کرنا۔ سارے علماء کہہ رہے ہیں کہ یہ مسئلہ ایسا ہے، لیکن یہ کہتا ہے کہ ہم نہیں جانتے، ہم مفتیوں کو مانتے ہی نہیں، میں نے ایسے متکبر بھی دیکھے ہیں جو کہتے تھے کہ اگر ساری دنیا کے مفتی مل جائیں تو بھی ہم نہیں مانیں گے، ارے بھائی! ساری دنیا کے علماء گمراہی پر کیسے جمع ہو سکتے ہیں مگر متکبر کی سمجھ میں یہ بات کہاں آتی ہے۔ بس حق معلوم ہو جانے پر اس کو قبول نہ کرے یہی کبر ہے۔

ہماری مسجد کے ایک امام صاحب تھے، دورانِ جماعت ان کا وضو ٹوٹ گیا۔ فوراً جماعت چھوڑ کر مسجد سے نکل گئے اور جاکر وضو کیا، اگر متکبر ہو گا تو مارے شرم کے بے وضو ہی نماز پڑھادے گا، کیوں کہ سوچے گا کہ اب نکلوں گا تو لوگ کہیں گے کہ جناب کی ہوا نکل گئی، لیکن اگر تکبر نہیں ہے تو سوچے گا کہ مسلمانوں کی نماز کو کیسے ضایع کر دوں اور عذاب کا بار اپنی گردن پر کیسے لے لوں؟

اور تکبر کا دوسرا جُز ہے غَمْطُ النَّاسِ لوگوں کو حقیر سمجھنا۔ کسی کو دیکھا تو اس کے سامنے آہاہا! آیئے تشریف لایئے۔ چائے پیجیے، ایک پیالی چائے پلائی اور جب بے چارہ چلا گیا تو کہتے ہیں کہ بدھو ہے، بے وقوف ہے، عقل نہیں ہے۔ آج کل لوگوں میں یہ عام مرض ہے۔ مخلص بندہ وہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ بھی اخلاص ہو اور اللہ کی مخلوق کا بھی مخلص ہو۔ آپ خود سوچیے کہ جو شخص آپ کے بچوں کا مخلص نہیں ہوتا کیا آپ اسے دوست بنانے کے لیے تیار ہوں گے؟ ایک شخص باپ کی تو ہر وقت خدمت کر رہا ہے، اس کو شامی کباب اور بریانی کھلا رہا ہے، پیر بھی دبا رہا ہے، لیکن اس کے بچوں کے ساتھ مخلص نہیں، ہر ایک کے

۱۲۰ بنی اسرآءیل: ۳۷

ساتھ برائی سے پیش آرہا ہے، ہر ایک کی غیبت کر رہا ہے۔ باپ ہرگز ایسے کو دوست نہیں بنائے گا۔ اللہ تعالیٰ کا بھی معاملہ یہی ہے۔ ایک شخص خوب عبادت کرتا ہے، تہجد بھی، اشراق بھی، چاشت بھی، لیکن اللہ کے بندوں کو حقیر سمجھتا ہے اور ان کی غیبت کرتا ہے، ان کو ستاتا ہے یا کسی کو بُری نگاہ سے دیکھتا ہے اور دل میں بُرے بُرے خیال پکاتا ہے، یہ اللہ کے بندوں کے ساتھ مخلص نہیں، تو ایسے کو اللہ تعالیٰ ہرگز اپنا ولی نہیں بناتے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللّٰہِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِیَالِہٖ[۱۲۱]

پوری مخلوق اللہ کی عیال ہے، اللہ کا سب سے پیارا بندہ وہ ہے جو اللہ کے بندوں کے ساتھ احسان اور بھلائی کرے، ان کا مخلص رہے، خیر خواہ رہے، دعا گو رہے۔ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اپنا حال بیان فرماتے ہیں۔ کبھی کبھی اولیاء اللہ اپنا حال ظاہر کردیتے ہیں مخلوق کی ہدایت کے لیے، فرماتے ہیں کہ میرا حال تو یہ ہے کہ میں تمام مومنوں کے لیے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو تقویٰ کی دولت عطا فرمادے، ہمیشہ عافیت سے رہیں اور کافروں کے لیے بھی دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو ایمان کی دولت عطا فرمادے اور چیونٹیوں کے لیے بھی دعا کرتا ہوں کہ اے خدا! چیونٹیاں بھی بلوں میں آرام سے رہیں اور سمندر کی مچھلیوں کے لیے بھی دعا مانگتا ہوں اور ساری کائنات کے لیے رحمت کی درخواست کرتا ہوں۔ ان کو کہتے ہیں اولیاء اللہ، جو اللہ تعالیٰ کی ساری کائنات پر رحم دل ہوں اور خدا کی مخلوق کی بھلائی چاہتے ہوں، ولایت اِسی کا نام ہے، یہی لوگ ہیں کہ اللہ کے یہاں ان کا بلند درجہ ہوگا۔ دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایک ذرّہ دردعطا فرمائے اور عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی۔ تو اس بات کو خوب سمجھ لیجیے کہ تکبر دو جزء سے بنتا ہے: ۱) بَطَرُ الْحَقِّ حق بات کو قبول نہ کرنا اور (۲) غَمْطُ النَّاسِ دنیا کے کسی بھی انسان کو حقیر سمجھنا۔ اَلنَّاسُ فرمایا اور اَلْمُسْلِمُ نہیں فرمایا۔ اسی سے نکلتا ہے کہ کسی کافر کو بھی حقیر مت سمجھو، اس کے کفر سے تو نفرت کرو اس کی ذات سے نہیں۔ معاصی سے تو نفرت کرو لیکن دوستو! عاصی سے نفرت نہ کرو، معاصی سے نفرت واجب اور عاصی سے نفرت حرام، نکیر واجب تحقیر حرام، یعنی کسی بُری بات پر سمجھانا تو واجب ہے لیکن اس کو حقیر سمجھنا حرام ہے، اس لیے حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب تک کسی کے نفس میں اتنی صلاحیت نہ پیدا ہو جائے کہ نصیحت کرنے والا جس کو نصیحت کر رہا ہے اس کو اپنے سے بہتر سمجھتے

---

[۱۲۱] هذا حديث عبد الله بن مسعود رضي الله عنه أنه قال: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ ''اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللهِ، فَأَحَبُّ الْخَلْقِ إِلَى اللهِ مَنْ أَحْسَنَ إِلَى عِيَالِهِ''، أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: (۴۴/۶ برقم (۷۴۴۸)، دار الكتب العلمية

ہوئے نصیحت کرے اس وقت تک اس کو نصیحت کرنا جائز نہیں۔ اگر وہ اپنے کو بڑا سمجھ کر اور دوسرے کو حقیر سمجھ کر نصیحت کررہا ہے تو ایسی تبلیغ اس پر حرام ہے۔ جس کو نصیحت کیجیے تو پہلے یہ مراقبہ کیجیے کہ یا اللہ! یہ بندہ مجھ سے بہتر ہے، لیکن آپ کا حکم سمجھ کر اس کی بھلائی اور خیر خواہی کے لیے نصیحت کررہا ہوں۔

جب قیامت کے دن اللہ کی نظر میں ہماری نماز، ہمارے سجدے، ہمارا وعظ، ہماری پیری مریدی، ہمارے حج، ہمارے عمرے اور ہماری نیکیاں پسند آجائیں اور اللہ تعالیٰ فرمادیں کہ ہم نے قبول کیا تب خوش ہونا۔ ابھی کیا پتا ہے کہ ان کی نظر میں ہم کیسے ہیں، کیا کوئی خبر آئی ہے؟ عشرہ مبشرہ اور صحابہ جن کو اللہ تعالیٰ نے فرما دیا رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡہُ کہ میں ان سے راضی ہوں وہ مستثنیٰ ہیں، مگر ہم لوگوں پر تو کوئی آیت نازل نہیں ہوئی، لہٰذا ڈرتے رہیے، اپنی قیمت خود نہ لگائیے۔ وہ غلام نہایت بے وقوف ہے جو اپنی قیمت خود لگالے۔ بھائی! غلام کی قیمت مالک لگاتا ہے یا وہ خود لگاتا ہے؟ غلام کی قیمت تو مالک لگاتا ہے۔ بس جب قیامت کے دن مالک تعالیٰ شانہٗ ہماری قیمت لگادیں اور فرمادیں کہ میں تم سے راضی ہوں پھر جتنا چاہو اُچھلو کودو۔ بڑے پیر صاحب شاہ عبد القادر جیلانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ جب ایمان کو سلامتی سے قبر میں لے جاؤں گا اور اللہ تعالیٰ فرمادے گا کہ میں تم سے خوش ہوں تب میں وہاں خوب خوشی مناؤں گا۔ ابھی تو روتے ہی رہو، اللہ سے ڈرتے رہو اور عمل بھی کرتے رہو، لیکن اتنا خوف بھی نہ ہو کہ نااُمید ہو کر عمل ہی چھوٹ جائے۔ خوف بس اتنا ہی مطلوب ہے کہ آدمی گناہوں سے بچ جائے، "خوف" اور "امید" کے درمیان میں ایمان ہے۔ میرے شیخ فرمایا کرتے تھے کہ کرتے رہو اور ڈرتے رہو۔ دیکھیے جب یہ آیت نازل ہوئی:

وَالَّذِیۡنَ یُؤۡتُوۡنَ مَاۤ اٰتَوۡا وَّ قُلُوۡبُہُمۡ وَجِلَۃٌ [۱۳۲]

وہ لوگ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں۔ یہاں اسمِ موصول مَا بلاغت کے لیے ہے، اسمِ موصول میں اِبہام ہوتا ہے جس سے بلاغت مقصود ہوتی ہے یعنی صحابہ اللہ کے راستے میں خوب خرچ کرتے ہیں، لیکن اس سے ان کے دل میں اکڑ نہیں آتی بلکہ ڈرتے رہتے ہیں۔ تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پوچھا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم!) اس آیت کی کیا تفسیر ہے؟ یعنی خوب خرچ کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اللہ کے راستے میں، جہاد میں مال دیتے ہیں پھر کیوں ڈرتے ہیں اَھُوَ الرَّجُلُ یَسۡرِقُ وَ یَزۡنِیۡ وَیَشۡرَبُ الۡخَمۡرَ کیا یہ چوری کرتے ہیں، زِنا کرتے ہیں اور شراب پیتے ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا: نہیں، ایسا نہیں ہے

۱۳۲؎ المؤمنون: ۶۰

وَلٰكِنَّهُ الرَّجُلُ يَصُوْمُ وَ يَتَصَدَّقُ وَ يُصَلِّيْ یہ روزہ رکھتے ہیں، صدقہ کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں، لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں کہ اَنْ لَّا يُتَقَبَّلَ مِنْهُ معلوم نہیں کہ قبول بھی ہے یا نہیں؟

دیکھیے نصِ قرآنی سے یہ علاج ہو رہا ہے، اللہ تعالیٰ علاج فرمارہے ہیں، قیامت تک کے لیے یہ سبق مل گیا کہ عمل کرنے کے بعد دل میں ڈر آنا چاہیے کہ معلوم نہیں قبول ہے یا نہیں۔

اور اگر تسبیحات سے، تہجد سے، چلّے لگانے سے پیٹ میں اور بھی زیادہ تکبر کے پلے پیدا ہو جائیں تو بتاؤ! یہ چلّے قبول ہوں گے؟ رائے ونڈ میں اکابرِ تبلیغ سے بھی یہ بات سنی کہ جس عمل کے بعد اکڑ آجائے تو سمجھ لو قبول نہیں ہوا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام سے بڑھ کر کس کا اخلاص ہو سکتا ہے کہ اللہ کا گھر بنایا، لیکن کعبہ بنانے کے بعد اکڑ نہیں آئی کہ ہم نے اللہ کا گھر بنایا ہے، اپنے اخلاص پر ناز نہیں کیا کہ اب تو قبول کرنا ہی پڑے گا، بلکہ گڑ گڑا رہے ہیں۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ کہ اے خدا! ازراہِ کرم قبول فرمالیجیے۔

علامہ آلوسی السید محمود بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں وَ فِي اخْتِيَارِ صِيْغَةِ التَّفَعُّلِ اعْتِرَافٌ بِالْقُصُوْرِ "تَقَبَّلْ" بابِ تفعّل سے ہے اور تفعّل میں خاصیت "تکلف" کی ہے، پس تقبل کہنا اپنے عجز و قصور کا اعتراف ہے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ اے خدا! ہماری تعمیر اس قابل نہیں ہے کہ آپ قبول فرمائیں، لیکن آپ بہ تکلف قبول فرمالیجیے، ہمیں حق نہیں پہنچتا۔ آپ ازراہِ کرم اور ازراہِ رحمت قبول فرمالیجیے۔ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ یعنی سَمِيْعٌ بِدَعْوَاتِنَا وَعَلِيْمٌ بِنِيَّاتِنَا آپ ہماری دعا کو سن رہے ہیں اور ہماری نیت سے باخبر ہیں کہ ہم نے آپ ہی کے لیے یہ تعمیر کی ہے۔

دونوں نبیوں کی یہ دعا قیامت تک کے لیے ہمارے واسطے ہدایت ہے۔ دونوں پیغمبروں کا یہ عمل اللہ نے قرآن میں نازل کر کے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُمت کو آگاہ فرمادیا کہ جب کبھی نیک عمل کی توفیق ہو جائے، چاہے حج کی توفیق ہو، عمرہ کی توفیق ہو، تلاوت کی توفیق ہو، تہجد کی توفیق ہو، روزوں کی توفیق ہو، جس نیک عمل کی بھی توفیق ہو جائے تو اکڑ و مت، ناز نہ آئے کہ اوہ! میں نے آج اتنا کر لیا، آج میں نے اتنی تلاوت کر لی، آج میں نے اتنے نوافل پڑھ لیے، آج میں اللہ کا مقرب ہو گیا، باقی سب لوگ تو غافل اور نافرمان ہیں اور اگر کچھ عبادت گزار ہیں بھی تو ایسے کہاں جیسا میں ہوں۔ بس جہاں یہ (میں) آئی تو سمجھ لو کہ وہ بکری ہو گیا۔ وہ بھی میں میں کرتی ہے۔ یہ میں ہی تو انسان کو تباہ کر دیتی ہے۔

لٰہٰذا یہ آیت تکبر و عجب کا علاج ہے، کوئی نیک عمل ہو جائے تو اکڑو مت، بلکہ رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا کہو، جو شخص کہہ دے گا رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا اِنَّکَ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ کبر سے پاک ہو جائے گا۔ جب اللہ تعالیٰ سے گڑ گڑا رہا ہے تو اب اس میں تکبر کہاں رہا؟ جس میں بڑائی ہوتی ہے وہ کہاں گڑ گڑانا جانتا ہے؟ وہ تو اکڑنا جانتا ہے، ادھر اُدھر اپنی ڈینگیں ہانکتا ہے، لوگوں سے کہتا پھرتا ہے کہ آج تو ماشاء اللہ! بہت سویرے آنکھ کھل گئی۔ نوافل کے بعد رونے کی بھی توفیق ہوئی، میری آنکھیں نہیں دیکھتے ہو کیسی لال لال سی ہو رہی ہیں۔

حضرت حکیم الامت فرماتے ہیں کہ ایک ڈبل حاجی کے پاس ایک آدمی مہمان ہوا۔ اس حاجی نے دو حج کیے تھے۔ اس نے اپنے نوکر سے کہا کہ ارے فلانے! میرے مہمان کو اس صراحی سے پانی پلاؤ جو میں نے دوسرے حج میں مدینہ شریف سے خریدی تھی۔ حضرت فرماتے ہیں کہ اس ظالم نے ایک جملہ میں دونوں حج ضایع کر دیے۔ ہزاروں روپیہ کا خرچہ، آنے جانے کی محنتیں، طواف اور سعی، منٰی اور عرفات کا ثواب، سب ضایع ہو گئے، کیوں کہ اپنے عمل کا اظہار کر دیا۔

بس اب دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ عجب و کبر سے، ریا سے اور جملہ رذائل سے ہمارے قلوب کو پاک فرمادے اور اپنی مرضیات پر عمل کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

حدیث نمبر ۳۴

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ الۡعَافِیَۃَ وَدَوَامَ الۡعَافِیَۃِ وَالشُّکۡرَ عَلَی الۡعَافِیَۃِ[۱۳۳]

۱۳۳؎ لم أجد هذا الدعاء بهذه الألفاظ فی کتاب من کتب الأحادیث . اللهم إلا أن یقال إنه مأخوذ من حدیث علی رضی الله عنه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم أنه أتاه جبرئیل علیه السلام فبینما هو عنده إذ أقبل أبو ذر فنظر إلیه جبرئیل فقال هو أبو ذر قلت یا أمین الله وتعرفون أنتم أبا ذر فقال نعم والذی بعثك بالحق ان أبا ذر أعرف فی أهل السماء منه فی أهل الأرض وإنما ذلك لدعاء یدعو به كل یوم مرتین وقد تعجبت الملائكة منه فادع به فسل عن دعائه فقال علیه السلام (یا أبا ذر دعاء تدعو به كل یوم مرتین) قال نعم فداك أبی وأمی ما سمعته من بشر وإنما هو عشرة أحرف ألهمنی ربی إلهاما وأنا أدعو به كل یوم مرتین أستقبل القبلة فأسبح الله ملیا وأُهَلِّلُ ملیا وأحمده ملیا وأكبره ملیا ثم أدعو بتلك العشر الكلمات اللهم إنی أسألك إیمانا دائما وأسألك قلبا خاشعا وأسألك علما نافعا وأسألك یقینا صادقا وأسألك دینا قیما وأسألك العافیة من كل بلیة وأسألك تمام العافیة وأسألك دوام العافیة وأسألك الشكر علی العافیة وأسألك الغنی عن الناس قال جبرئیل یا محمد والذی بعثك بالحق لا یدعو أحد من أمتك هذا الدعاء إلا غفرت له ذنوبه وإن كانت أكثر من زبد البحر وعدد تراب الأرض ولا یلقاك أحد من أمتك وفی قلبه هذا الدعاء إلا اشتاقت إلیه الجنان واستغفر له الملكان وفتحت له أبواب الجنة ونادت الملائكة یا ولی الله أدخل من أی باب شئت .أخرجه الحکیم الترمذی فی نوادر الأصول فی الأصل السابع عشر والمائتان:۸۸/۲، دار الکتب العلمیة، بیروت

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے عافیت مانگتا ہوں اور دوامِ عافیت مانگتا ہوں اور عافیت پر شکر کی توفیق مانگتا ہوں۔

ملتزم پر رحمت ہمارے ساتھ مقیم ہوئی تو مستغفر و تائب ہو گئے اور اپنے ملکوں میں آتے ہی پھر سارے گناہ شروع کر دیے، رمضان میں تو ولی اللہ ہو گئے اور عید کا چاند دیکھتے ہی شیطان بن گئے اور تقویٰ کا لبادہ اُتار کر پھینک دیا۔ یہ دلیل ہے کہ ہماری شامتِ اعمال کے سبب دوامِ عنایتِ حق ابھی ہمیں حاصل نہیں اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دعا فرماتے ہیں کہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَافِیَةَ وَدَوَامَ الْعَافِیَةِ وَالشُّكْرَ عَلَى الْعَافِیَةِ[۱۲۴] اے اللہ! میں آپ سے عافیت مانگتا ہوں اور دوامِ عافیت مانگتا ہوں اور عافیت پر شکر کی توفیق مانگتا ہوں۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مشکوٰۃ المسمی بالمرقاۃ میں عافیت کے یہ معنیٰ لکھے ہیں اَلسَّلَامَةُ فِی الدِّیْنِ مِنَ الْفِتْنَةِ وَالسَّلَامَةُ فِی الْبَدَنِ مِنْ سَیِّیءِ الْاَسْقَامِ وَالْمِحْنَةِ یعنی دین سلامت رہے گناہوں سے اور بدن سلامت رہے بُرے بُرے امراض سے اور محنتِ شاقہ سے۔ معلوم ہوا کہ دوامِ عافیت و دوامِ عنایتِ حق مطلوب ہے کہ اس سے ہی ہمارا دین اور ہماری دنیا سلامت رہ سکتی ہے اور شکر سے نعمت میں ترقی ہوتی ہے اور حقیقی شکر تقویٰ ہے۔

حدیث نمبر ۳۵

مَنْ خَرَجَ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ كَانَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَرْجِعَ[۱۲۵]

ترجمہ: جو علمِ دین کی طلب میں گھر سے نکلا تو وہ اُس شخص کے مانند ہے جو جہاد کے لیے نکلا، یہاں تک کہ وہ گھر لوٹ آئے۔

اگر علم کو دل پروری کا ذریعہ بناؤ کہ دل بن جائے، دل اللہ والا ہو جائے، اللہ کی رضا حاصل ہو جائے، تو یہ علم تمہارا بہترین دوست ہے، اسی لیے حدیثِ پاک میں ہے، ترمذی شریف کی حدیث ہے: مَنْ خَرَجَ فِیْ طَلَبِ الْعِلْمِ كَانَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَرْجِعَ جو اللہ کی رضا کے لیے علم کی طلب میں گھر سے نکلا، اُس کے لیے اُس مجاہد کا ثواب ہے جو جہاد کے لیے نکلا ہے یہاں تک کہ وہ گھر لوٹ آئے، کیوں کہ دین کو زندہ کرنے میں اور شیطان کو ذلیل کرنے میں اور نفس پر مشقت اٹھانے میں وہ مجاہد ہی کی طرح ہے۔ اسی طرح علمائے سوء

---

۱۲۴ ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح: ۲۴/۵، ذکرہ بلفظ سلوا اللہ العفو والعافیۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

۱۲۵ ھذا حدیث أنس بن مالك رضی اللہ عنہ أنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم من خرج فی طلب العلم کان فی سبیل اللہ حتی یرجع، أخرجہ الترمذی فی سننہ (۹۳/۲) برقم (۲۶۴۷) فی باب فضل طلب العلم

کے لیے جو علم کو دنیا داری، تن پروری اور اپنی عزت و جاہ کے لیے آلۂ کار بناتے ہیں احادیث میں سخت وعیدیں وارد ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں :

مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُجَارِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ اَوْ يَصْرِفَ بِهٖ وُجُوْهَ النَّاسِ اِلَيْهِ اَدْخَلَهُ اللهُ النَّارَ[۱۲۶]

یعنی جو اس نیت سے علم حاصل کرے کہ علماء سے فخر کرے یا بے وقوفوں اور جاہلوں سے جھگڑے یا لوگوں کو اس کے ذریعہ اپنی طرف متوجہ کرے تاکہ لوگ اس کی تعظیم کریں، مراد یہ ہے کہ علم سے اس کی غرض طلبِ دنیا، شہرت ومال وجاہ وغیرہ ہو اس کے لیے جہنم کی وعید ہے۔ اور ایک دوسری حدیث میں ارشاد ہے:

مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِّمَّا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَتَعَلَّمُهٗ اِلَّا لِيُصِيْبَ بِهٖ عَرَضًا مِّنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَعْنِيْ رِيْحَهَا[۱۲۷]

یعنی قرآن وحدیث کا جو علم اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے سیکھا جاتا ہے، اس علم کو اگر کوئی اس لیے سیکھتا ہے کہ دنیا کا مال ومتاع حاصل کرے، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ایسا شخص جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

اس لیے تحصیلِ علومِ دینیہ کے لیے تصحیحِ نیت اور اخلاص انتہائی ضروری ہے۔ اگر یہ حاصل نہیں تو علم اس کے لیے وبال ہے اور اخلاص بغیر اللہ والوں کی صحبت کے نہیں ملتا۔ بڑے سے بڑا عالم بھی اگر اللہ والوں سے مستغنی ہو گا تو اس کا علم اس کو نفس کی قید سے آزاد نہیں کرا سکتا، اس کے نورِ علم پر نفس کے اندھیرے ہوں گے، جس سے اس کا علم نہ خود اس کے لیے مفید ہو گا نہ اُمت کے لیے مفید ہو گا۔

مولانا سید سلیمان ندوی پر پہلے منطق وفلسفہ اور علومِ ظاہرہ کا غلبہ تھا، اب عشقِ الٰہی کا غلبہ ہو گیا، علم درجۂ ثانوی ہو گیا اور عشقِ مولیٰ درجۂ اولیں ہو گیا یعنی جو علم مدرسوں میں عالمِ منزلِ مولیٰ کرتا ہے، پہلے اس

---

[۱۲۶] هذا حديث كعب بن مالك رضي الله عنه أنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من طلب العلم ليجاري به العلماء أو ليماري به السفهاء أو يصرف به وجوه الناس إليه أدخله الله النار. أخرجه الترمذي في سننه (۹۴/۲) برقم (۲۶۵۴) في باب ما جاء فيمن يطلب بعلمه الدنيا

[۱۲۷] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغَى بِهِ وَجْهُ اللهِ، لَا يَتَعَلَّمُهُ إِلَّا لِيُصِيبَ بِهِ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا، لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَعْنِي رِيحَهَا. أخرجه أبو داؤد في سننه (۱۵۹/۲) برقم (۳۶۶۶) في باب فِي طَلَبِ الْعِلْمِ لِغَيْرِ اللهِ تَعَالَى

کو کافی سمجھتے تھے اور اللہ والوں کی صحبت سے جو دردِ محبت اور آہ وفغاں اور ان علوم پر عمل کی توفیق ملتی ہے جو ہمیں بالغِ منزلِ مولیٰ کرتی ہے اس کی دل میں اہمیت نہ تھی۔ اب زاویۂ نگاہ بدل گیا اور یقین آ گیا کہ مولیٰ افضل ہے علمِ مولیٰ سے، لیکن علمِ مولیٰ بھی ضروری ہے، ورنہ مولیٰ کا راستہ کیسے معلوم ہو گا، اس لیے درس و تدریس بھی ضروری ہے، کچھ علماء ایسے ہونے چاہئیں جن کا علم زبردست ہو، لیکن ان کے علم پر اللہ کی محبت غالب ہو پھر ایسا عالم نورٌ علیٰ نور ہوتا ہے، جس کے علم پر اللہ کی محبت غالب ہو گئی اس کے علم میں چاشنی بڑھ جاتی ہے اور ایک عالَم اُس سے سیراب ہوتا ہے۔ مدرسہ کے علوم پر اللہ کی محبت کو غالب رکھتا ہے تاکہ عالمِ منزل بالغِ منزل ہو جائے اور یہ نعمت خانقاہوں سے اور اہلِ دل کے سینوں سے ملتی ہے۔

اس کے بعد سید صاحب نے حضرت حکیم الامت سے بیعت کی درخواست کی، لیکن واہ رے حکیم الامت! حضرت نے ان کی اصلاح کے لیے فرمایا کہ میں ابھی آپ کو بیعت نہیں کروں گا۔ آپ کی فلاں فلاں تصنیف میں فلاں فلاں غلطی ہے جو ہمارے اکابرِ اہلسنّت کے مسلک کے خلاف ہے، لہٰذا العلانیۃ بالعلانیۃ کے تحت اپنے رسالہ میں ان اغلاط سے اپنا رجوع شایع کریں تو پھر آپ کو بیعت کروں گا۔ یہ سید صاحب کا بہت بڑا امتحان تھا، کیوں کہ اتنے بڑے عالم کو اپنی علمی کوتاہیوں کے اعلان میں جاہ مانع ہوتی ہے، لیکن سید صاحب کے چوٹ لگ چکی تھی، گئے اور اپنے دارالمصنفین کے رسالہ المعارف میں اعلان شایع کیا اور رسالہ لے کر حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت خوش ہو گئے اور فرمایا۔

از سلیماں گیر اخلاصِ عمل

اگر اخلاص سیکھنا ہے تو سید سلیمان ندوی سے سیکھو۔ اور سید صاحب کو بیعت کر لیا۔ میرے شیخ حضرت شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ جب کوئی غیر عالم کسی اللہ والے سے بیعت ہو کر اللہ اللہ کرتا ہے تو صاحبِ نور ہوتا ہے، لیکن جب کوئی عالم سلسلہ میں داخل ہوتا ہے اور اللہ اللہ کرتا ہے تو نورٌ علیٰ نور ہو جاتا ہے، ایک علم کا نور دوسرے ذکر کا نور۔ سید صاحب نے جب اللہ اللہ کیا اور اللہ کی محبت کا مزہ ملا، نسبت عطا ہوئی، اس وقت کے ان کے اشعار عجیب و غریب ہیں، فرماتے ہیں۔

نام لیتے ہی نشہ سا چھا گیا

ذکر میں تاثیرِ دورِ جام ہے

اور نمازِ تہجد کے بارے میں فرمایا۔

وعدہ آنے کا شبِ آخر میں ہے
صبح سے ہی انتظارِ شام ہے

حضرت حکیم الامت سے تعلق کے بعد سید صاحب کے حالات بدل گئے اور حضرت نے خلافت بھی عطا فرمائی اور شیخ کی محبت میں ان کے یہ اشعار بہت درد بھرے ہیں ؎

جی بھر کے دیکھ لو یہ جمالِ جہاں فروز
پھر یہ جمالِ نور دکھایا نہ جائے گا
چاہا خدا نے تو تری محفل کا ہر چراغ
جلتا رہے گا یوں ہی بجھایا نہ جائے گا

جس کو جو ملا ہے شیخ کی غلامی ہی سے ملا ہے، ورنہ عالم کے علم پر اس کے نفس کے اندھیرے چھائے رہتے ہیں، اپنے علم پر عمل کی توفیق نہیں ہوتی اور اگر عمل ہوتا ہے تو اخلاص نہیں ہوتا، علم کی کمیت تو ہوتی ہے کیفیت نہیں ہوتی۔ حضرت قطب العالم مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اخلاص بغیر صحبتِ اہل اللہ کے مل ہی نہیں سکتا۔ آپ تجربہ کرکے دیکھ لیں کہ غیر صحبت یافتہ عالم کے علم و عمل میں فاصلے ہوں گے، علم اس کے لیے شہرت و جاہ اور تن پروری کا ذریعہ ہوتا ہے۔

حدیث نمبر ۳۶

ثَلٰثٌ مَّنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ بِھِنَّ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ[۱۲۸]

---

۱۲۸ هذا مختصر من حديث أنس رضى الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الإِيمَانِ مَنْ كَانَ اللهُ وَرَسُولُه أَحَبَّ إِلَيهِ مِمَّا سِوَاهمَا, وَمَنْ أَحَبَّ عَبْدًا لَا يحِبُّه إِلَّا لِلّٰهِ, وَمَنْ يكْرَه أَنْ يعُودَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَه اللهُ كَمَا يكْرَه أَنْ يلْقَى فِي النَّار. اخرجه البخارى فى صحيحه (۷/۱) برقم (۲۱) فى باب مَنْ كَرِه أَنْ يعُودَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يكْرَه أَنْ يلْقَى فِي النَّارِ مِنَ الإِيمَانِ . و فى رواية عنه قال قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيه وَجَدَ طَعْمَ الإِيمَانِ مَنْ كَانَ يحِبُّ الْمَرْءَ لَا يحِبُّه إِلَّا لِلّٰهِ وَمَنْ كَانَ اللهُ وَرَسُولُه أَحَبَّ إِلَيه مِمَّا سِوَاهمَا وَمَنْ كَانَ أَنْ يلْقَى فِي النَّارِ أَحَبَّ إِلَيه مِنْ أَنْ يرْجِعَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ أَنْ أَنْقَذَه اللهُ مِنْه. أخرجه مسلم فى صحيحه (۴۹/۱) برقم (۱۷۵) فى باب بَيانِ خِصَالٍ مَنِ اتَّصَفَ بِهنَّ وَجَدَ حَلَاوَةَ الإِيمَانِ, و فى رواية أبى هريرة رضى الله عنه عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ قَالَ : مَنْ أَحَبَّ أو من سره أَنْ يجِدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ أو طعم الإيمان فَلْيحِبَّ عَبْدًا لَا يحِبُّه إِلَّا لِلّٰهِ. أخرجه أحمد فى مسنده: ۳۳۳/۳ برقم (۱۳۸۸۲-۱۳۸۸۱), دار الكتب العلمية- و فى رواية عبد الله بن مسعود رضى الله عنه موقوفًا أنه قَالَ: إِنَّ مِنَ الإِيمَانِ أَنْ يحِبَّ الرَّجُلُ أَخَاه لا يحِبُّه إلا لِلّٰهِ وَفِيه. أخرجه الطبرانى فى معجمه الكبير (۸۸/۸) برقم (۸۶۷۹)

ترجمہ: تین باتیں جس کے اندر ہوں گی وہ ایمان کی حلاوت پالے گا۔

بخاری شریف کی حدیث میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تین باتیں جس کے اندر ہوں گی وہ ان کے سبب ایمان کی حلاوت پالے گا۔ ان تین باتوں میں ایک یہ ہے کہ مَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ جو شخص کسی بندے سے صرف اللہ کے لیے محبت کرے اس کو حلاوتِ ایمانی عطا ہوگی اور حضرت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ میں اس حدیث شریف کی شرح میں فرماتے ہیں:

وَقَدْ وَرَدَ اَنَّ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ اِذَا دَخَلَتْ قَلْبًا لَّا تَخْرُجُ مِنْہُ اَبَدًا فَفِیْہِ اِشَارَۃٌ اِلٰی بَشَارَۃِ حُسْنِ الْخَاتِمَۃِ

اور وارد ہے کہ حلاوتِ ایمانی جس قلب میں داخل ہوتی ہے پھر کبھی اس قلب سے نہیں نکلتی اور اس میں اشارہ ہے حُسنِ خاتمہ کی بشارت کا، کیوں کہ جب ایمان دل سے کبھی نہیں نکلے گا تو خاتمہ ایمان پر ہوگا اور حسنِ خاتمہ جنت کی ضمانت ہے۔

اب اگر کوئی اِشکال کرے کہ اس حدیث میں حسنِ خاتمہ اور دخولِ جنت کی بشارت ہے، لیکن اہل اللہ کی رفاقت و معیت فی الجنۃ کا تو ثبوت نہیں، تو بخاری و مسلم کی حدیث ہے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ جو آدمی کسی قوم (یعنی علماء و صلحاء) سے محبت رکھتا ہے، لیکن اعمالِ نافلہ اور مجاہداتِ شاقہ میں ان کا ساتھ نہ دے سکا، تو سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت رکھتا ہے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

اَیْ یُحْشَرُ مَعَ مَحْبُوْبِہٖ وَیَکُوْنُ رَفِیْقًا لِّمَطْلُوْبِہٖ قَالَ تَعَالٰی وَمَنْ یُّطِعِ اللہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللہُ عَلَیْہِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّہَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ[۱۲۹]

یعنی محبت کی یہ عظیم الشان کرامت ہے کہ اس محبت کی برکت سے اس محب کا حشر اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا

۱۲۹؎ ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح: ۵/۴۰، فی کتاب الآداب، فی فصل الحب فی اللہ من اللہ ط: دار الکتب العلمیۃ، بیروت

اور اسی کا رفیق ہو گا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو اللہ و رسول کی اطاعت کرے گا وہ ان ہی کے ساتھ ہو گا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا یعنی انبیاء و صدّیقین اور شہداء و صالحین کے ساتھ ہو گا۔

اس آیت کی تفسیر میں علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث نقل فرمائی کہ ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ مجھے میری جان سے زیادہ اور میری اولاد سے زیادہ محبوب ہیں۔ جب میں گھر میں ہوتا ہوں اور آپ کو یاد کرتا ہوں تو مجھ سے صبر نہیں ہوتا یہاں تک کہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کا دیدار کر لیتا ہوں، لیکن آخرت میں آپ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ اعلیٰ درجہ میں ہوں گے اور ہم جنت میں ادنیٰ درجہ میں ہوں گے، تو آپ کو کیسے پائیں گے اور کیسے آپ کا دیدار کریں گے؟ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاموش ہو گئے یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔

اور تفسیر خازن میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ قیامت کب آئے گی؟ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تو نے قیامت کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کیا کہ میں نے تیاری تو کچھ نہیں کی اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللہَ وَ رَسُوْلَہٗ مگر میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں۔ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم اسی کے ساتھ ہو گے جس سے محبت رکھتے ہو۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگوں کو ایسی خوشی کبھی نہیں ہوئی جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے ہوئی۔

مفسرین و محدثین نے ان آیات و احادیث کی تفسیر میں لکھا ہے کہ معیت سے مراد یہ نہیں کہ سب ایک درجہ میں جمع ہو جائیں گے، بلکہ مراد یہ ہے کہ ہر شخص کے لیے ایک دوسرے کی ملاقات و دیدار ہر وقت ممکن ہو گا، اعلیٰ درجہ والے جنتی ادنیٰ درجہ والے جنتیوں کے پاس آسکیں گے اور ادنیٰ درجہ والے اعلیٰ درجہ والوں کے پاس جا سکیں گے۔

یہ میرے بزرگوں کی کرامت اور ان کی جوتیوں کا صدقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ معاف فرما دیں اور جنت میں دخولِ اوّلیں ہم سب کو نصیب فرما دیں۔ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائیں اور اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کے صدقے میں ہم سب کو ولی اللہ بنا دے اور اپنے دوستوں کی صورت بھی دے دے اور دوستوں کی سیرت بھی دے دے اور اپنے اولیاء کے اخلاق بھی عطا فرمائے اور ہم سب کی اصلاح فرما دے۔ اے اللہ! ایسا ایمان و یقین عطا فرما کہ زندگی کی ہر سانس آپ پر فدا ہو، ایک سانس بھی ہم آپ کو ناراض کر کے حرام لذتوں کو امپورٹ نہ کریں، استیراد نہ کریں، درآمد نہ کریں۔ وَصَلَّی اللہُ عَلَی النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ

حدیث نمبر ۳۷

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعۡطَیۡتَ وَلَا مُعۡطِیَ لِمَا مَنَعۡتَ[۱۳۰]

ترجمہ: اے اللہ! جو چیز آپ عنایت فرمائیں اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جس چیز کو آپ روک دیں اسے کوئی دے نہیں سکتا۔

اے اللہ! صرف آپ کی ذات ہے کہ کوئی چیز آپ کی عطا میں مانع نہیں ہو سکتی، کیوں کہ آپ عزیز ہیں، زبردست طاقت والے ہیں۔ اور عزیز کے معنیٰ ہیں اَلۡقَادِرُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ وَّلَا یُعۡجِزُہٗ شَیۡءٌ فِی اسۡتِعۡمَالِ قُدۡرَتِہٖ[۱۳۱] یعنی جو ہر چیز پر قادر ہو اور اپنی قدرت کے استعمال میں کوئی چیز اس کو عاجز نہ کر سکے۔ اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعۡطَیۡتَ وَلَا مُعۡطِیَ لِمَا مَنَعۡتَ لا نفی جنس کا ہے کہ اے اللہ! جنس کی کوئی نوع یعنی کوئی بھی چیز ایسی نہیں ہے کہ آپ عطا فرمانا چاہیں اور کوئی اس میں مانع ہو جائے اور جس کو آپ اپنی عطا سے محروم کریں تو کوئی عطا کرنے والا اس کو عطا نہیں کر سکتا۔ جب حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی نے نگل لیا تو وہ تین اندھیروں میں تھے: رات کا اندھیرا، مچھلی کے پیٹ کا اندھیرا اور دریا کی تہہ کا اندھیرا اور وَھُوَ کَظِیۡمٌ وہ گھٹ رہے تھے۔ وہاں کون تھا جو آپ کے پیغمبر کو اس امتحان سے نجات دیتا، لیکن آپ کی عطا میں کوئی چیز مانع نہ ہوئی اور دریا کی تہہ میں آپ نے سنگریزوں سے پڑھوا دیا:

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ ٭ۖ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ[۱۳۲]

اور اشارہ دے دیا کہ یہ پڑھ لو تو نجات پا جاؤ گے اور سُبۡحٰنَکَ میں یہ علم پوشیدہ ہے کہ اس وقت بھی جب کہ مچھلی نے نگل لیا ہے، آپ اس وقت بھی پاک ہیں ہر ظلم سے، آپ ظالم نہیں ہیں میں ہی ظالم ہوں، آپ تو ایسے باعطا اور باوفا ہیں کہ اپنے پیاروں اور وفاداروں کی سات پشت، بلکہ دس پشت تک رحمت نازل فرماتے ہیں:

۱۳۰؎ هذا مختصر من حديث المغيرة بن شعبة الذى كتبه فِي كِتَابٍ إِلَى مُعَاوِيَةَ أَنَّ النَّبِيَ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُولُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. أخرجه البخارى فى صحيحه (۱/۱۱۷) برقم (۸۴۴) باب الذكر بعد الصلاة. و مسلم فى صحيحه (۲/۲۱۸) برقم (۱۳۷۰، ۱۳۶۶) فى باب اسْتِحْبَابِ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلَاةِ وَبَيَانِ صِفَتِهٖ

۱۳۱؎ ذكره الملا على القارى فى مرقاة المفاتيح: ۵/۴۶۳، فى باب قصة حجة الوداع، دار الكتب العلمية، بيروت

۱۳۲؎ الانبيآء: ۸۷

وَاَمَّا الْجِدَارُ فَکَانَ لِغُلٰمَیْنِ یَتِیْمَیْنِ فِی الْمَدِیْنَۃِ وَکَانَ تَحْتَہٗ کَنْزٌ لَّھُمَا [۱۳۳]

اور وہ دیوار جس کے نیچے دو یتیم بچوں کا خزانہ دفن تھا گر رہی تھی، آپ نے حضرت خضر علیہ السلام سے اس کو بنوا دیا تاکہ ظالم بادشاہ اس خزانہ کو نہ چھین سکے اور اس عطا اور کرم کی وجہ آپ نے قرآن پاک میں بیان فرمائی وَکَانَ اَبُوْھُمَا صَالِحًا کہ ان دونوں بچوں کا باپ ہمارا وفادار اور پیارا تھا اور یہ باپ کون تھا؟ روایت میں ہے کہ کَانَ الْاَبَ السَّابِعَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ کَانَ الْاَبَ الْعَاشِرَ [۱۳۴] یہ ساتواں باپ تھا اور ایک روایت میں ہے کہ دسواں باپ تھا۔ آہ! آپ کیسے باوفا ہیں کہ جو آپ کا ہو جاتا ہے، آپ اس کی دس پشت تک رحمت نازل فرماتے ہیں۔ دنیا میں بھی ہمارے ساتھ ہیں، قبر میں بھی ہمارے ساتھ ہوں گے، میدانِ محشر میں بھی اور پل صراط پر بھی اللہ ہی ساتھ دے گا، ہمارا مالک دونوں جہاں کا مالک ہے اور دونوں جہاں میں صرف وہی باوفا ہے۔

اور دنیا کے باعطا بادشاہ اگر مجرموں کو معاف بھی کرتے ہیں تو عدالتِ عالیہ میں اس کا سابقہ ریکارڈ محفوظ رکھتے ہیں، تاکہ اگر آیندہ کبھی وہ پھر بے وفائی کرے تو اس کا سابقہ ریکارڈ فردِ جرم عائد کرنے میں ثبوت فراہم کرے، لیکن اے اللہ! آپ ایسے باعطا ہیں کہ جس کو معاف کرتے ہیں اس کا سارا ریکارڈ ضایع کر دیتے ہیں، تاکہ میرا بندہ قیامت کے دن رسوا نہ ہو۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اِذَا تَابَ الْعَبْدُ اَنْسَی اللہُ الْحَفَظَۃَ ذُنُوْبَہٗ وَاَنْسٰی ذٰلِکَ جَوَارِحَہٗ وَمَعَالِمَہٗ مِنَ الْاَرْضِ حَتّٰی یَلْقَی اللہَ وَلَیْسَ عَلَیْہِ شَاھِدٌ مِّنَ اللہِ بِذَنْبٍ [۱۳۵]

جب بندہ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ سے اس کے گناہوں کو بھلا دیتے ہیں اور اس کے جوارح یعنی اعضائے جسم جو اس کے خلاف گواہی دیتے ان کو بھی بھلا دیتے ہیں اور جس زمین پر اس نے گناہ کیا تھا (اور وہ زمین اس کے خلاف گواہ ہوتی) اس زمین سے بھی اس کے گناہوں کے نشانات کو مٹا دیتے ہیں یہاں تک کہ قیامت کے دن وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے گناہوں پر کوئی شہادت دینے والا نہ ہوگا۔

ہمارے گناہوں کے آثار و نشانات کو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے نہیں مٹوائیں گے، خود مٹائیں گے اور فرشتوں کو بھلا دیں گے۔ أَنْسَی اللہُ کا لفظ ہے کہ میں بھلا دوں گا تاکہ فرشتوں کا احسان میرے غلاموں پر نہ

۱۳۳؎ الکھف:۸۲

۱۳۴؎ ذکرہ الآلوسی فی روح المعانی:۱۶/۱۱۳ الکھف(۸۲)، فی تفسیر اٰیۃ الکھف (۸۲)، دار احیاء التراث، بیروت

۱۳۵؎ اخرجہ علی المتقی فی کنز العمال فی سنن الاقوال:۴/۲۰۹ برقم(۱۰۱۷۹) فی باب فضل التوبۃ والترغیب فیھا، مؤسسۃ الرسالۃ

رہے اور وہ میرے بندوں پر یہ احسان نہ جتا سکیں کہ تم تو نالائق تھے، ہم نے تمہارے گناہوں کو مٹایا تھا، دیکھی آپ نے اللہ تعالیٰ کی بندہ پروری! اسی موقع پر خواجہ صاحب کا یہ شعر ہے۔

مجھ سے طغیانی و فسق و سرکشی
تجھ سے بندہ پروری ہوتی رہی

آپ تو بندہ پروری فرماتے رہے اور ہم اپنی نالائقیوں سے باز نہ آئے۔ توبہ کی برکت سے فرشتوں کی گواہی مٹانے کے بعد اعضاء کی گواہی کو بھی اللہ تعالیٰ مٹا دیتے ہیں یعنی جن اعضاء سے گناہ ہوا تھا ان اعضاء سے اللہ گناہوں کو محو کر دیتا ہے اور جس زمین پر گناہ ہوئے تھے اس کے نشانات کو بھی اللہ مٹا دیتا ہے، یہاں تک کہ قیامت کے دن وہ شخص اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے خلاف کوئی گواہی دینے والا نہ ہو گا۔

آہ! جس سانس میں ہم اللہ کو راضی کر کے دائمی جنت حاصل کر سکتے تھے اس کو ہم نے دنیا کی عارضی لذتوں میں ضایع کر دیا اور موت کے وقت وہ مہلت ختم ہو گئی:

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا[۱۳۶]

اور اللہ کسی شخص کو ہرگز مہلت نہیں دیتا جب کہ اس کی میعاد عمر ختم ہونے پر آ جاتی ہے۔ اس وقت اس زندگی کی ایک سانس کی قیمت معلوم ہو گی کہ اگر بادشاہ اپنی ساری سلطنت حضرت عزرائیل علیہ السلام کے قدموں میں ڈال دے کہ مجھے ایک لمحہ کی مہلت دے دو، تاکہ میں توبہ کر کے اللہ کو راضی کر لوں تو مہلت نہ ملے گی۔ یہ ایسی قیمتی زندگی ہے۔ پس اے اللہ! ہمیں توفیق دے دیجیے کہ ہم آپ کو یاد کر کے اور آپ کو راضی کر کے اور مہلت حیات سے پورا پورا فائدہ اٹھا کر ابدی کامیابی حاصل کر لیں۔

حدیث نمبر ۳۸

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ[۱۳۷]

---

[۱۳۶] المنافقون:۱۱

[۱۳۷] هذا مختصر من حديث أنس بن مالك رضى الله عنه أنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لفاطمة: ما يمنعك أن تسمعى ما

ترجمہ: اے زندہ حقیقی! اے قائم رکھنے والے! آپ کی رحمت سے میں فریاد کرتا ہوں کہ میرے تمام احوال کی اصلاح فرما دیجیے اور ایک پلک جھپکنے کو مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کیجیے۔

جب دشمن ستاتا ہے تو مظلوم سرکار کی عدالتِ عالیہ میں استغاثہ دائر کرتا ہے اور وہ ''مدعی'' کہلاتا ہے اور جس کے خلاف استغاثہ دائر ہوتا ہے اس کو ''مدعی علیہ'' کہتے ہیں اور فریاد کے مضمون کو استغاثہ کہتے ہیں۔

اس دعا میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی اُمت کو سکھا دیا کہ جب تمہیں کوئی ستائے، خواہ وہ تمہارا داخلی دشمن نفس ہو یا خارجی دشمن، شیطان ہو یا انسان ہو، تو تم حَیٌّ و قَیُّوْم کی سرکارِ عالیہ میں اپنا استغاثہ و فریاد داخل کردو، کیوں کہ یہ وہ سرکارِ عالیہ ہے جس کی کائنات میں کوئی مثال نہیں، حق تعالیٰ کی ذات حَیٌّ ہے اَیْ اَزَلًا اَبَدًا وَّحَیَاۃُ کُلِّ شَیْءٍ بِہٖ مُؤَبَّدًا یعنی اللہ ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا اور اسی سے ہر شے کی حیات قائم ہے اور اللہ قَیُّوْمٌ بھی ہے یعنی قَاۗىِٕمٌ بِذَاتِہٖ وَ یُقَوِّمُ غَیْرَہٗ بِقُدْرَتِہِ الْقَاھِرَۃِ یعنی جو اپنی ذات سے قائم ہے اور دوسروں کو اپنی صفتِ قیومیت سے سنبھالے ہوئے ہے۔ یہ معنیٰ ہیں حَیٌّ و قَیُّوْم کے اور جس عدالت میں یہ استغاثہ دائر کیا جارہا ہے وہ حق تعالیٰ کی رحمت کی عدالت ہے بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بارگاہِ کبریا میں عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! میں آپ کی رحمت کی عدالت میں اپنی فریاد داخل کرتا ہوں۔

اور مضمونِ استغاثہ ہے اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ جس میں فریاد کا ایک مثبت اور ایک منفی مضمون ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے ہر حالت کی اصلاح کی مثبت فریاد ہے اور نفس کے حوالے نہ کرنے کی منفی فریاد ہے اور دنیوی عدالتوں میں جب مظلوم فریاد کرتا ہے تو مضمونِ استغاثہ طویل ہو جاتا ہے اور پھر بھی کثرتِ الفاظ میں مفہوم قلیل ہوتا ہے، لیکن کلامِ نبوت کا اعجاز ہے کہ دو مختصر جملوں میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں جہاں کی حاجتیں پیش فرما دیں، کیوں کہ آپ جوامع الکلم یعنی کلماتِ جامعہ سے نوازے گئے تھے۔ جوامع الکلم کے معنیٰ ہیں کہ قلیل الفاظ میں کثیر معانی پنہاں ہوتے ہیں۔

فریاد کا مثبت مضمون اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ ہے یعنی میری ہر حالت کو درست فرما دیجیے خواہ وہ حالت دنیا کی ہو یا آخرت کی، مثلاً اگر کوئی دشمن ستا رہا ہے تو اس کی ایذا رسانیوں سے نجات دے دیجیے، کوئی جسمانی

أوصيك به أن تقولى إذا أصبحت وأمسيت : يا حى يا قيوم برحمتك أستغيث أصلح لى شأنى كله ، ولا تكلنى إلى نفسى طرفة عين.أخرجه البزار فى مسنده:۱۳/۴۹ برقم(۶۳۶۸)،مكتبة العلوم والحكم

خطرناک مرض پیدا ہورہا ہے تو اس کو شفاء عطا فرما دیجیے۔ اسی طرح آخرت کے کاموں میں غفلت ہورہی ہو، نماز روزہ میں سستی ہورہی ہو تو اس کو دور فرما دیجیے، کسی گناہ کی عادت ہو تو اس سے توبہ کی توفیق دے دیجیے اور تقویٰ کی دولت عطا فرما دیجیے یعنی جسمانی صحت بھی عطا فرمائیے اور روحانی صحت بھی عطا فرمائیے اور ہماری بگڑی کو بنا دیجیے اور اپنے نام کی لذت اور عبادت کی مٹھاس اور ایمان کی حلاوت نصیب فرما دیجیے اور **کُلَّہٗ** تاکید ہے یعنی ہماری کوئی حالت ایسی نہ رہنے پائے جس پر آپ اپنی نگاہِ کرم نہ ڈالیں اور ہماری بگڑی کو نہ بنا دیں۔ بس دنیا کی ہر حالت کی درستگی کی اور آخرت کی ہر حالت کی درستگی کی فریاد **اَصۡلِحۡ لِیۡ شَاۡنِیۡ کُلَّہٗ** کے اس مختصر سے جملہ میں ہے۔ کلامِ نبوت کی جامعیت کا یہ اعجاز ہے۔

اور استغاثہ کا منفی مضمون **وَلَاتَکِلۡنِیۡ اِلٰی نَفۡسِیۡ طَرۡفَۃَ عَیۡنٍ** ہے اور جس کے خلاف یہ استغاثہ دائر کیا جارہا ہے وہ مدعیٰ علیہ کون ہے؟ یعنی وہ کون دشمن ہے جس کے خلاف رحمتِ الٰہیہ کی عدالت میں یہ فریاد داخل کی جارہی ہے؟ وہ نفس ہے جس کا ذکر استغاثہ میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمارہے ہیں کہ سب سے بڑا دشمن میرا نفس ہے اور یہ اتنا بڑا دشمن ہے کہ پلک جھپکنے میں وار کرکے آدمی کو تباہ کرسکتا ہے۔ دیکھیے کتنا ہی بڑا دشمن ہو، حملہ کے لیے پہلے کچھ اسلحہ سنبھالے گا، کچھ خود سنبھلے گا، وار کے لیے کچھ نشانہ لگائے گا، پلک جھپکتے ہی وار نہیں کرسکتا، لیکن یہ صرف نفس دشمن ہے جو پلک جھپکنے میں انسان کو ہلاک کرسکتا ہے، پلک جھپکی اور قصداً کفر کا عقیدہ دل میں ڈال دیا اور اسی وقت کافر بنا دیا، پلک جھپکنے میں کسی گناہ کا ارادہ دل میں ڈال دیا اور گناہ میں مبتلا کرکے فاسق بنا دیا، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُمت کو سکھا رہے ہیں کہ اے اللہ! پلک جھپکنے بھر کو مجھے میرے نفس دشمن کے حوالے نہ کیجیے۔ گھر کا دشمن باہر کے دشمن سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ شیطان تو باہر کا دشمن ہے، وہ تو ایک بار وسوسہ ڈال کر چلا جاتا ہے کیوں کہ اس کے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ ایک ہی آدمی کے پیچھے لگا رہے لیکن نفس تو ہر وقت پہلو میں ہے لہٰذا بار بار گناہ کا تقاضا کرتا ہے۔ حضرت حکیم الامت فرماتے ہیں کہ شیطانی وسوسہ اور نفسانی وسوسہ میں یہی فرق ہے کہ اگر ایک بار گناہ کا تقاضا ہوا تو یہ شیطان کی طرف سے ہے اور جب بار بار گناہ کا تقاضا ہو تو ہوشیار ہوجاؤ کہ یہ نفس کی طرف سے ہے، اللہ تعالیٰ نے نفس کی حقیقت بتا دی کہ:

اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَۃٌۢ بِالسُّوۡٓءِ [۱۳۸]

یعنی نفس کثیر الامر بالسوء ہے، بہت زیادہ برائی پر اُکسانے والا ہے، لہٰذا نفس کے شر سے کون بچ سکتا ہے؟

۱۳۸؎ یوسف:۵۳

جس پر حق تعالیٰ کی رحمت کا سایہ ہو۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ یہ مَا ظرفیہ زمانیہ مصدریہ ہے، جس کا ترجمہ ہوگا اَیْ فِیْ وَقْتِ رَحْمَةِ رَبِّیْ کہ جس وقت میرے رب کی رحمت کا سایہ ہوگا تب نفس کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

اگر آپ کی رحمت کا سایہ اس نفس پر پڑ گیا، تو یہ کرگس بھی پھر بازِ شاہی اور بازِ سلطانی کا کردار ادا کر سکتا ہے اور آپ کی بارگاہ میں سجدہ ریز و اشکبار ہو سکتا ہے۔ میرے قلب و جاں آپ سے اس درجہ چپک سکتے ہیں کہ ساری کائنات مجھے آپ سے ایک بال کے برابر جدا نہیں کر سکتی، لہٰذا آپ ہمیشہ اور ہر لمحہ مجھے اپنی رحمت کے سائے میں رکھیے، ایک لمحہ کے لیے مجھ کو میرے نفس کے سپرد نہ کیجیے، ورنہ خوف ہے کہ یہ راہِ طاعت و سعادت کو چھوڑ کر راہِ شقاوت اختیار کرلے، کیوں کہ معصیت شقاوت کی راہ ہے اور ترکِ معصیت نزولِ رحمت کی دلیل ہے، اسی لیے ہمیں حدیثِ پاک میں یہ دعا بھی سکھائی گئی:

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِيَتِكَ

اے اللہ! ہم پر وہ رحمت نازل فرمادے جس سے ہمیں گناہ چھوڑنے کی توفیق ہو اور اپنی نافرمانی سے ہمیں شقی اور بد بخت نہ ہونے دیجیے وَلَاتَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ اور ہمیں ایک پل کے لیے ہمارے نفس کے حوالے نہ کیجیے۔

حدیث نمبر ۳۹

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ سَخَطِكَ وَالنَّارِ[۱۳۹]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے آپ کی رضا اور جنت کا سوال کرتا ہوں اور آپ کی ناراضگی اور جہنم سے پناہ مانگتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا[۱۴۰]

جو مجھے بھول جاتا ہے اس کی زندگی تلخ کردی جاتی ہے، جیسے مچھلی کو پانی سے نکال لو تو جس طرح وہ تڑپتی ہے

---

[۱۳۹] اخرجه الامام الشافعی فی مسنده: ۱۲۳

[۱۴۰] طٰهٰ: ۱۲۴

اسی طرح ہماری روح آپ سے دور ہو کر تڑپتی رہتی ہے کیوں کہ آپ سے دوری کا عذاب کس دوزخ سے کم ہے اور آپ کی خوشی کس جنت سے کم ہے؟ اسی لیے ہمارے پیارے نبی سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کی خوشی اور رضا کو جنت پر مقدم فرمایا اور آپ کی ناراضگی کو جہنم پر مقدم فرمایا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ سَخَطِكَ وَالنَّارِ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بارگاہِ کبریا میں عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! میں آپ کی رضا وخوشی کو طلب کرتا ہوں اور جنت کو درجۂ ثانوی میں طلب کرتا ہوں اورآپ کی ناراضگی سے پناہ چاہتا ہوں اور دوزخ سے درجۂ ثانوی میں پناہ چاہتا ہوں۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ سے معلوم ہوا کہ سب سے اعلیٰ نعمت اللہ کی محبت، اللہ کی رضا ہے، ذاتِ حق ہے، جنت کی نعمت اور جنت کی لذّات درجۂ ثانوی میں ہیں۔ جنت تو معاوضہ ہے، بدلہ ہے جو دراصل عطا ہے لیکن بصورتِ جزاء ہے لیکن جنت اللہ کی ذات نہیں ہے، غیر ذات ہے، رضاء کا تعلق اللہ کی ذات سے ہے رِضَاكَ سے مراد ہے کہ اے اللہ! آپ ہم سے خوش ہو جائیے یہ ہمارے لیے جنت سے عزیز تر ہے، آپ کی خوشی کے مقابلہ میں جنت بھی کوئی چیز نہیں ہے۔ اسی لیے جانِ عاشق نبوت جنت کو مقدم نہیں کر رہی ہے، آپ کی رضا اور آپ کی خوشی کو مقدم کر رہی ہے۔ جانِ پاکِ نبوت کا یہ اسلوبِ کلام خود دلیل ہے کہ نبی اللہ کا کتنا بڑا عاشق ہوتا ہے کہ جنت سے پہلے آپ کی رضا مانگ رہا ہے اور رِضَاكَ کے بعد وَالْجَنَّةَ میں واؤ عاطفہ داخل فرمایا اور سارے علمائے نحو کا اس پر اجماع ہے کہ معطوف علیہ اور معطوف میں مغایرت لازم ہے جس کے معنیٰ یہ ہوئے کہ آپ کی رضا کی جو لذت ہے وہ اور ہی کچھ ہے اور جنت کی لذت کچھ اور ہے۔ اللہ کی ذات کا، اللہ کی محبت کا، اللہ کے نام کا مزہ اور ہے اور جنت کا مزہ اور ہے۔ جنت مخلوق ہے اور اللہ خالق ہے لہٰذا لذتِ مخلوق، خالق کی لذت کو کہاں پاسکتی ہے۔ اسی لیے میرے شیخ حضرت شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ حدیث نقل فرماتے تھے کہ جب جنت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہو گا تو اہلِ جنت اتنا مزہ پائیں گے کہ اس وقت جنت ان کو یاد بھی نہ آئے گی کہ کہاں جنت ہے، کہاں حوریں ہیں اور کہاں نعماء جنت ہیں۔

صحنِ چمن کو اپنی بہاروں پہ ناز تھا
وہ آگئے تو ساری بہاروں پہ چھاگئے

ترے جلوؤں کے آگے ہمتِ شرح وبیاں رکھ دی
زبانِ بے نگہ رکھ دی نگاہِ بے زباں رکھ دی

اللہ تعالیٰ کی تجلی کے سامنے اہلِ جنت کو جنت کا ہوش نہ رہے گا۔

وہ سامنے ہیں نظامِ حواس برہم ہے
نہ آرزو میں سکت ہے نہ عشق میں دم ہے

جب اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں جنت اور لذّاتِ جنت کی کوئی حقیقت نہیں تو دنیا کیا بیچتی ہے؟ کیوں کہ دنیا کی لذّتوں کی شراب نہ ازلی ہے نہ ابدی ہے یعنی دنیا پہلے نہیں تھی پھر اللہ نے پیدا کیا اور قیامت کے دن ہمیشہ کے لیے فنا کر دی جائے گی۔ تو دنیا کی شراب غیر ازلی، غیر ابدی اور جنت کی شراب ابدی، غیر ازلی ہے یعنی جنت ابدی تو ہے لیکن ازلی نہیں ہے، یعنی پہلے نہیں تھی پھر پیدا کر دی گئی اور کبھی فنا نہیں ہو گی لیکن ہمیشہ سے نہیں تھی اور اللہ تعالیٰ کی ذات ازلی اورابدی ہے یعنی اللہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ تو جنت کی شراب اللہ کی خاص ذات کو، اللہ کے نام کی لذت کو اور اللہ کی محبت کے مزہ کو کہاں پا سکتی ہے؟ کیوں کہ جنت ابدی سہی لیکن شانِ ازلیت اور لذتِ ازلیت سے محروم ہے اور جب اعلیٰ قسم کی چیز منہ کو لگ جاتی ہے تو ادنیٰ منہ کو نہیں لگتی۔ تو اولیاء اللہ جو اللہ کے نام کی لذت کو پا گئے، اللہ کی محبت کا مزہ جن کے منہ کو لگ گیا، جن پر اللہ کی محبت چھا گئی تو دنیا کی لذتوں کی شراب ان کے منہ کو کیا لگے گی جب کہ جنت بھی ان کو ثانوی درجہ میں ہو جاتی ہے لیکن جنت کو مانگتے ہیں، کیوں کہ محلِ دیدارِ الٰہی ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اس کے سوال کا حکم دیا، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَفِیْ ذٰلِکَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ [۱۴۱]

تم لوگ ہماری نعمتوں پر لالچ کرو۔ پس جب اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں پر ہمیں لالچ کرنے کا حکم دیں تو وہ ظالم ہے جو قناعت کرے۔

چوں طمع خواہد ز من سلطانِ دیں
خاک بر فرقِ قناعت بعد ازیں

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب وہ سلطانِ دیں ہم سے طمع چاہے تو قناعت کے سر پر خاک ڈالو۔

تو جس طرح اللہ کی رضا جنت سے بڑھ کر ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کی ناراضگی دوزخ سے بڑھ کر ہے جس کی دلیل اس حدیثِ پاک کا دوسرا جزء ہے کہ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّارِ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ

---

[۱۴۱] المطففین: ۲۶

علیہ وسلم نے پہلے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے پناہ مانگی اور دوزخ سے پناہ کو مؤخر فرمایا۔ یہاں بھی واؤ عطف کا ہے اور معطوف علیہ و معطوف میں مغایرت کو لازم کرتا ہے یعنی آپ کی ناراضگی اور جہنم کی عقوبت برابر نہیں ہو سکتی، آپ کا ناراض ہو جانا عذابِ جہنم سے بڑھ کر ہے، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم عرض کرتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ[۱۴۲]

اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں کہ قیامت کے دن آپ اپنا چہرہ مجھ سے پھیر لیں۔ دیکھو اگر باپ یا استاد یا شیخ اپنا چہرہ ناراضگی سے پھیر لے، تو لائق بیٹا اور لائق شاگرد اور لائق مرید پر کیا گزر جائے گی؟ پٹائی کے ڈنڈے سے زیادہ اس پر اپنے باپ یا شیخ کی ناراضگی شاق ہوتی ہے، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی ناراضگی کو دوزخ پر مقدم فرمایا کہ عذابِ دوزخ کا سبب تو ان کی ناراضگی ہی ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن کفار کو اپنی رؤیت سے محروم کرنے کو موقع سزا میں بیان فرمایا، جو حق تعالیٰ کی شانِ محبوبیت کی عظیم الشان دلیل ہے:

کَلَّآ اِنَّھُمْ عَنْ رَّبِّھِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ[۱۴۳]

ہر گز نہیں، یہ (کفار) قیامت کے دن اپنے رب کے دیدار سے محروم ہوں گے۔ بطور سزا کے مجوبی کا اعلان اللہ تعالیٰ کی شانِ محبوبیت پر دلالت کرتا ہے، کیوں کہ دنیا میں کسی سلطانِ وقت نے کسی مجرم کو یہ سزا نہیں سنائی کہ ہم تجھے اپنے دیدار سے محروم کرتے ہیں، کیوں کہ دنیوی بادشاہ حاکم محض ہوتے ہیں محبوب نہیں ہوتے۔ ان کے مجرمین تو صرف سزا سے بچنا چاہتے ہیں، بادشاہوں کے دیدار کے حریص نہیں ہوتے لیکن موقعِ سزا میں حق تعالیٰ کے اس اعلان سے ثابت ہوا کہ ان کے دیدار سے محرومی کافروں کے لیے خود ایک عذاب ہوگی اور کفار سخت ضیق اور گھٹن میں ہوں گے۔

معلوم ہوا کہ اللہ سے دوری اور ان کی ناراضگی دوزخ سے بڑھ کر ہے، کیوں کہ جس سے اللہ ناراض ہوتا ہے اسی کو دوزخ میں ڈالے گا اور دوزخ کا حاصل اللہ تعالیٰ سے جدائی ہے اور جو گناہ کرتا ہے وہ دنیا ہی میں

---

[۱۴۲] هذا مختصر من حديث سمرة رضي الله عنه أنه قال: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يقُولُ: "إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَينِي وَبَينَ خَطِيئَتِي، كَمَا بَاعَدْتَ بَينَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰهُمَّ أَعُوذُبِكَ أَنْ تَصُدَّ عَنِّي وَجهكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اَللّٰهُمَّ نَقِّنِي عَنْ خَطِيئَتِي كَمَا نَقَّيتَ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مُسْلِمًا، وَأَمِتْنِي مُسْلِمًا" أخرجه الطبراني في معجمه الكبير (٤٠٩/٦) برقم (٦٩٠٣)

[۱۴۳] المطففين: ١٥

اللہ تعالیٰ سے جدا ہو جاتا ہے اور دوزخ میں دوزخیوں کا جو حال ہو گا کہ لَا یَمُوۡتُ فِیۡهَا وَلَا یَحۡیٰی [۱۴۴] نہ مرے گا نہ جئے گا، موت و زندگی کی کشمکش میں مبتلا ہو گا، اسی طرح گناہ گار کی زندگی اللہ تعالیٰ کی دوری کے عذاب سے دنیا ہی میں تلخ ہو جاتی ہے۔

حدیث نمبر ۴۰

اَللّٰھُمَّ وَاقِیَۃً کَوَاقِیَۃِ الْوَلِیۡدِ [۱۴۵]

ترجمہ: آپ ہماری ایسی حفاظت کیجیے جیسے ماں اپنے چھوٹے بچے کی حفاظت کرتی ہے۔

اگر آپ نے ہمیں ہمارے نفس کے حوالے کر دیا تو ہم ایسے نالائق ہیں کہ اپنے ہاتھوں سے اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار لیں گے، لہٰذا آپ ہمارا ہاتھ پکڑ لیجیے اور ہمیں اپنی نافرمانی نہ کرنے دیجیے، کیوں کہ ہمارا ہاتھ تو گندگی میں جاتا ہے، گندے گندے کاموں کی طرف بڑھتا ہے، جیسے چھوٹا بچہ اپنی اماں سے کہہ دے کہ اے اماں! میں نادان ہوں، میری تو فطرت ہی خراب ہے، میرے اندر بھلے بُرے کی بھی تمیز نہیں۔ پس اگر میں پیشاب پاخانے میں ہاتھ ڈالوں تو قبل اس کے کہ وہ گندگی میں ملوث ہو اس وقت آپ میرا ہاتھ پکڑ لیا کیجیے۔ تو اے خدا! اس وقت ماں اس کی کیسی حفاظت کرے گی۔ اے اللہ! آپ تو ماؤں کی محبت اور ممتا کے خالق ہیں۔

مادراں را مہر من آموختم

ماؤں کو محبت کرنا تو آپ ہی نے سکھایا، لہٰذا ہم آپ سے فریاد کرتے ہیں کہ اَللّٰھُمَّ وَاقِیَۃً کَوَاقِیَۃِ الْوَلِیۡدِ آپ ہماری ایسی حفاظت کیجیے جیسے ماں اپنے چھوٹے بچہ کی کرتی ہے، کیوں کہ اے خدا! مومن کے لیے دنیا میں اس سے بڑھ کر کوئی ذلیل ترین کام نہیں کہ وہ آپ کی نافرمانی کر کے اپنے قلب اور قالب کو ناپاک کر لے اور آپ سے دور ہو جائے، لہٰذا اے اللہ! ہمیں ہمارے نفس کے حوالے نہ کیجیے اور اپنی خاص مددِ شاملِ حال کر کے نفس کے ہاتھوں سے ہمیں چھڑا لیجیے۔

پردہ را بردار و پردہ ما مدر

---

۱۴۴ الاعلیٰ: ۱۳

۱۴۵ هذا حديث عبد الله بن عمر رضي الله عنهما أنه قَالَ: كَانَ رَسُوۡلُ الله صلى الله عليه وسلم يَدۡعُو اَللّٰھُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الۡوَلِيۡدِ، أخرجه أبو يعلى في مسنده: ۹/۳۹۶ برقم (۵۵۲۷)، دار المأمون للتراث و الطبراني في الدعاء: ۴۲۶ برقم (۱۴۴۷-۱۴۴۶) في باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يدعو به في سائر نهاره، دار الكتب العلمية

ہمارے اندر گناہوں کے جو تقاضے اور گناہوں کا جو خبیث ذوق ہے، اس پر اپنی رحمت اور ستاری کے پردے کو قائم رکھیے، اس پردہ کو اٹھنے نہ دیجیے، اپنی ستاری اور پردہ پوشی کا پردہ نہ پھاڑیے یعنی ہمارے عیبوں کو ظاہر نہ کیجیے ورنہ ہم ذلیل و رسوا ہو جائیں گے، کیوں کہ اے اللہ! گناہوں پر مسلسل اصرار کی وجہ سے آپ جس سے انتقام لیتے ہیں، تو اس کا پردۂ ستاریت پھاڑ دیا جاتا ہے اور وہ سارے عالم میں رسوا ہو جاتا ہے، لہٰذا ؎

اے خدا ایں بندہ را رسوا مکن
گر بدم من سرِّ من پیدا مکن

اے اللہ! اپنے اس بندہ کو رسوا نہ کیجیے۔ اگرچہ میں انتہائی نالائق ہوں لیکن میری نالائقیوں اور میرے عیبوں کو اپنے بندوں پر ظاہر نہ کیجیے۔

حدیث نمبر ۴۱

اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ[۱۴۶]

ترجمہ: جب تجھ سے حیا ختم ہو گئی تو پھر جو چاہے کر۔

نعوذ باللہ! کیا شریعت یہ اجازت دے رہی ہے کہ شرم کو ختم کر کے جو چاہو کرو۔ نہیں! یہ صورتاً امر ہے حقیقتاً خبر ہے کہ اگر تجھ سے حیا جاتی رہی تو پھر تو ہر گناہ کرے گا، کیوں کہ ہر گناہ کا سبب بے حیائی ہے، اگر بد نظری کر رہا ہے تو اس کا سبب بے حیائی ہے، زنا کر رہا ہے تو نہایت درجہ کا بے حیا ہے کہ دوسروں کی ماں بہنوں کے ساتھ ایسا کر رہا ہے جو اپنی ماں بہنوں کے لیے پسند نہیں کرتا اور اس کو پرواہ نہیں کہ اللہ نے اگر مخلوق پر ظاہر کر دیا تو کس قدر رسوائی ہو گی۔ اس کے علاوہ خدا کے حکم کو توڑنا خود بے حیائی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی جھوٹ بول رہا ہے تو وہ بے حیا ہے۔ حیا والا آدمی سوچے گا کہ اگر کبھی میرا جھوٹ ظاہر ہو گیا تو کیا منہ دکھاؤں گا؟ غرض ہر گناہ کی جڑ میں بے حیائی پوشیدہ ہے، گناہ بغیر بے حیائی و بے غیرتی کے ہو ہی نہیں سکتا۔

پس جس کی زندگی کی ہر سانس میں اللہ تعالیٰ کی ذات مقصود و مراد ہو کہ ایک لمحہ بھی اس کا اللہ سے غافل نہ ہو، تو ایسا شخص چاہے مسجد میں ہو، چاہے دکان میں سودا بیچ رہا ہو، چاہے بیوی بچوں سے باتیں کر رہا ہو یا

---

[۱۴۶] ھذا حدیث أَبِي مَسْعُودٍ رضی اللہ عنہ أنہ قَالَ قَالَ النَّبِی صلی اللہ علیہ وسلم إِنَّ مِمَّا أَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ إِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ. أخرجہ البخاری فی صحیحہ (۴۹۵/۱) برقم (۳۴۸۴) فی بَاب (بلا ترجمة)

دوستوں سے خوش طبعی کر رہا ہو، یہ ہر وقت باغِ قرب میں ہے اور اللہ کا راستہ اس کے لیے گویا پھولوں کے جھرمٹ اور درختوں کے سائے میں نہایت سکون و عافیت سے گزر جائے گا اور بہت مزے میں یہ منزل تک پہنچ جائے گا۔ اسی لیے مولانا نے فرمایا کہ اے اللہ! صرف آپ ہی ہمارا مقصد، ہمارا مقصود، ہماری مراد، ہماری آرزوؤں اور تمناؤں کا مرکز بن جائیں تاکہ آپ کا راستہ ہم پر نہایت آسان اور انتہائی لذیذ ہو جائے۔ شیطان کے لیے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ [۱۴۷] شیطان تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔ اور نفس و شیطان دونوں بھی مراد لیے جاسکتے ہیں لیکن شیطان کا یہاں مراد ہونا زیادہ اقرب الی القیاس ہے کیوں کہ دشمن ازلی اور مردودِ ازلی ہے اس کی دشمنی کبھی ختم نہیں ہو سکتی اور نفس کا اگر تزکیہ ہو جائے تو یہ ولی اللہ بھی ہو جاتا ہے، تو شیطان ظالم ہم سے کتنا حسد رکھتا ہے۔ پس اے خدا! میں اس دشمن کے خلاف آپ سے فریاد کرتا ہوں، جیسے کوئی دشمن کسی بچہ کو مار رہا ہو تو وہ بچہ اپنے ابا کو پکارتا ہے۔ پس اے اللہ! اس دشمن شیطان اور دشمن نفس کے ستانے پر ہم آپ ہی کو پکار رہے ہیں کہ آپ سے ہماری فریاد ہے کہ اس دشمن کی پٹائی سے ہمیں بچالیجیے۔

حدیث نمبر ۴۲

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ [۱۴۸]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بہت زیادہ توبہ کرنے والوں میں سے بنا دیجیے اور بہت پاکیزہ لوگوں میں سے بنا دیجیے۔

حضرت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے وضو کے بعد کی مسنون دعا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ کی تشریح میں لکھا ہے کہ اے خدا! ہم نے وضو تو کر لیا اور اپنے ظاہری اعضا پاک کر لیے، لیکن ہمارے ہاتھ دل تک نہیں پہنچ سکتے، ہم اپنے دل کو پاک نہیں کر سکتے، دل کا وضو تیرے ہاتھ میں ہے، لہٰذا ہمیں توفیقِ توبہ بھی دے دے تاکہ ہمارا دل بھی پاک ہو جائے اور ہم پاک صاف لوگوں میں ہو جائیں۔

شریعت نے جس وقت کی جو دعا بتائی ہے اس میں ایک خاص مناسبت اور جوڑ ہے۔ دیکھیے وضو میں اور اس دعا میں کیسا جوڑ ہے کہ وضو کے پانی سے اپنے اعضائے بدن کو پاک کرنا تو میرے اختیار میں تھا، لیکن دل کو

---

[۱۴۷] یٰسٓ: ۶۰

[۱۴۸] هذا حديث عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَه، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُولُهٗ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ، فُتِحَتْ لَه ثَمَانِيَةُ أَبْوَابِ الجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ. أخرجه الترمذي في سننه (۱۸/۱) برقم (۵۵) في باب ما يقال بعد الوضوء

پاک کرنا آپ کے اختیار میں ہے لہٰذا توفیقِ توبہ دے کر آپ میرے دل کو پاک فرمادیجیے تاکہ میرا باطن بھی صالح ہوجائے اور میں آپ کے نیک بندوں میں شمار ہوجاؤں۔ توبہ دل کا وضو ہے اور توبہ تین چیزوں کا نام ہے:

۱)... اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْمَعْصِیَۃِ اِلَی الطَّاعَۃِ گناہ چھوڑ کر عبادت میں لگ جانا۔

۲)... اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْغَفْلَۃِ اِلَی الذِّکْرِ غفلت کی زندگی چھوڑ کر اللہ کو یاد کرنے لگنا۔

۳)... اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْغَیْبَۃِ اِلَی الْحُضُوْرِ اللہ سے دل ذرا سا غائب ہو جائے تو پھر خدا کے سامنے حاضر کر دینا۔ تو مطلب یہ ہوا کہ اے اللہ! توبہ کی تینوں قسموں تک رسائی دے دے اور ہم کو پاک کر دے، کیوں کہ توفیقِ توبہ آسمان سے آتی ہے۔ دلیل قرآن شریف کی یہ آیت ہے:

ثُمَّ تَابَ عَلَیْھِمْ لِیَتُوْبُوْا [۱۴۹]

اللہ تعالیٰ نے صحابہ پر توجہ فرمائی تاکہ وہ توبہ کرلیں۔ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ تَابَ عَلَیْھِمْ کی تفسیر فرماتے ہیں اَیْ وَفَّقَھُمْ لِلتَّوْبَۃِ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کو توفیق دی کہ وہ توبہ کریں۔ معلوم ہوا کہ توفیق آسمان سے آتی ہے تب زمین والے توبہ کر کے ولی اللہ بنتے ہیں۔ اگر توفیق اپنے اختیار میں ہوتی تو ساری دنیا ولی اللہ ہو جاتی۔ توفیقِ توبہ انعامِ الٰہی ہے۔ جس کو توفیقِ توبہ نہ ہو سمجھ لو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عنایت سے محروم ہے۔ کیا کوئی باپ اپنے بیٹے کو گٹر میں گرا ہوا دیکھ سکتا ہے؟ لیکن اگر کوئی بیٹا گٹر میں گرا ہوا ہے اور باپ دیکھ بھی رہا ہے لیکن نہیں نکالتا تو یہ دلیل ہے کہ یہ شخص باپ کی نظرِ عنایت سے محروم ہے۔ جو لوگ توبہ میں دیر کرتے ہیں تو سمجھ لو! اللہ تعالیٰ کی نظرِ عنایت سے محروم ہیں۔ جس پر اللہ کی توجہ، رحمت اور مہربانی ہوتی ہے ایک سیکنڈ بھی وہ توبہ میں دیر نہیں کرتا، وہ گناہ کی حالت میں رہتے ہوئے اطمینان سے نہیں رہتا، جلدی سے توبہ کرتا ہے کہ اے اللہ! مجھے معاف کر دیجیے، آپ کی ناخوشی کی راہوں سے میرے دل نے جو حرام خوشی امپورٹ کی، میں ان حرام خوشیوں سے معافی چاہتا ہوں کیوں کہ ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ انسان انبیاء کی طرح بالکل معصوم ہو جائے۔ کبھی نہ کبھی خطا ہو گی، بشریت سے مغلوب ہو کر کبھی سالک سے بھی لغزش ہو جائے گی اور باطن میں حرام مزہ درآمد کر لے گا لیکن جس پر اللہ کا کرم ہوتا ہے وہ گناہ کو اوڑھنا بچھونا نہیں بنا سکتا فوراً بے چین ہو کر توبہ و استغفار کرے گا کہ اے خدا! میرے نفس نے آپ کو ناخوش کر کے جو حرام خوشی درآمد کی ہے میں اس ملعون خوشی اور حرام خوشی سے معافی چاہتا ہوں۔ آپ مجھ کو معاف کر دیجیے کیوں کہ آپ کی ناخوشی کی

[۱۴۹] التوبۃ: ۱۱۸

راہوں سے میری خوشیاں نامبارک اور قابلِ لعنت ہیں، منحوس اور غیر شریفانہ ہیں کہ اپنے پالنے والے محسن کو ناراض کرکے میں اپنا دل خوش کر رہا ہوں۔ جو بیٹا اپنے باپ کو ناراض کرکے خوشیاں منا رہا ہو تو اس بیٹے کی یہ خوشیاں غیر شریفانہ اور کمینہ پن کی خوشیاں ہیں لہٰذا اے خدا! میں ان تمام خوشیوں پر نادم ہوں جن سے آپ ناراض ہوئے ہوں کیوں کہ کوئی بندہ آپ کی نافرمانی میں مبتلا ہو اس سے بڑھ کر کوئی عذاب ہی نہیں ہے، دنیا میں سب سے بڑا عذاب آپ کی نافرمانی ہے۔ بندہ ہو کر اپنے مالک کا اور قادرِ مطلق مالک کا نافرمان ہو، اس پر جتنے جوتے پڑ جائیں کم ہیں اور جتنے عذاب اور بے چینیاں دل پر نازل ہو جائیں تھوڑی ہیں۔

دعائے وضو کی عاشقانہ حکمت

وضو کے بعد یہ دعا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے تعلیم فرمائی تاکہ بندوں کا باطن اور قلب بھی پاک ہو جائے کیوں کہ توبہ دل کی طہارت کا نام ہے۔ پس وضو سے ہاتھ پیر دھونا ہمارے اختیار میں تھا لیکن دل تک ہمارا ہاتھ نہیں پہنچ سکتا، دل کو دھونا ہمارے اختیار میں نہیں تو جہاں بندہ کا اختیار نہ ہو وہاں دعا کرنا عبدیت ہے کہ مانگ لو، اے خدا! وضو کر لیا، ہاتھ پیر دھو لیے یعنی جسم کے اعضاء دھو لیے لیکن میرا ہاتھ میرے دل تک نہیں پہنچ سکتا، آپ اپنے کرم سے میرا دل بھی دھو دیجیے کیوں کہ دل اگر پاک نہیں ہے تو ظاہری پاکی کا اعتبار نہیں ہے۔ علامہ آلوسی تفسیر روح المعانی میں فرماتے ہیں: فَاِنَّ حَقِیْقَۃَ الطَّھَارَۃِ طَھَارَۃُ الْاَسْرَارِ مِنْ دَنَسِ الْاَغْیَارِ [۱۵۰] اصل طہارت یہ ہے کہ دل غیر اللہ سے پاک ہو جائے، جس کا گھر ہے وہ رہے۔ جب دل پاک ہوتا ہے تو اللہ پاک ہے، وہ پاک دل میں آتا ہے یعنی تجلی خاص سے متجلی ہوتا ہے ورنہ جسم کی پاکی تو ہندو بھی کر سکتا ہے۔ ایک ہندو دریا میں کود گیا اور نہا لیا تو اس کا جسم نجاستِ حسیہ سے پاک ہو گیا، پیشاب پاخانہ سب دُھل گیا لیکن اللہ تعالیٰ نے مومن کو ایک امتیازی شان عطا فرمائی ہے جو کسی کافر کو نصیب نہیں۔ دشمنوں اور دوستوں میں کچھ فرق تو ہونا چاہیے۔ دوستوں کو امتیازی ڈش دی جاتی ہے، امتیازی نعمت دی جاتی ہے۔ اس لیے طَھَارَۃُ الْاَسْرَارِ یعنی باطن کی پاکی، غیر اللہ سے قلب کی پاکی مومن کی شان ہے لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایمان والوں کے لیے وضو کے بعد دعا سکھائی۔

---

[۱۵۰] ذکرہ الألوسی فی روح المعانی: ۲۶/۱۱، فی سورۃ التوبۃ (۱۱۰)، فی باب الاشارات، دار احیاء التراث، بیروت

وضو کے وقت اہل اللہ کی خشیت

اکابر سے سنا ہے کہ بعض بزرگوں پر وضو کرتے ہی خوف طاری ہو جاتا ہے کہ اب اللہ کے سامنے کھڑا ہونا ہے اس لیے وضو کرتے وقت گپ شپ کرنا، شور و غل کرنا ٹھیک نہیں ہے، یہ علامت اچھی نہیں ہے۔ وضو خانے میں آوازیں سنتا ہوں جیسے مچھلی بازار۔ جب وضو شروع کرو اس وقت سے اللہ تعالیٰ کی عظمت و ہیبت چہرے پر آجانی چاہیے، کیوں کہ اس وضو کے بعد ہم کو اپنے مولیٰ کے پاس کھڑا ہونا ہے، عظیم الشان مولیٰ کے پاس کھڑا ہونا ہے۔ خاموشی سے وضو کرو، جب شور و غل کروگے تو وضو کی دعا کب پڑھوگے؟ کیوں کہ زبان تو مشغول ہوگئی فضولیات میں۔

وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ کے معنیٰ

میرے شیخ شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ دورانِ وضو حدیث شریف سے ایک ہی دعا ثابت ہے:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ[۱۵۱]

اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما دیجیے اور میرا گھر بڑا بنا دیجیے اور میرے رزق میں برکت عطا فرمائیے۔

وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ یعنی گھر کو وسیع بنانے کے دو معنیٰ ہیں: ایک تو یہ کہ ظاہری طور پر بڑا گھر ہو جائے اور دوسرے یہ کہ ہمارے گناہوں کو معاف فرما دیجیے کہ گناہوں سے ہمارے دل میں اندھیرا ہے جس کی وجہ سے سارا عالَم ضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ کا مصداق ہے۔ گناہ گار اور مجرم کو سارا عالَم تنگ معلوم ہوتا ہے۔

جب سارا عالَم اس کو تنگ معلوم ہوتا ہے تو اس کو اپنا گھر کیسے بڑا معلوم ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں جس سے ناراض ہوتا ہوں تو میری ناراضگی تو عرش پر ہوتی ہے مگر دو علامتوں سے دنیا میں اس کا ظہور ہوتا ہے۔ ۱) ضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ پوری دنیا اس کو اندھیری لگتی ہے اور اتنی لمبی چوڑی زمین تنگ معلوم ہونے لگتی ہے، اس کا جینا جانوروں سے بھی زیادہ بدتر ہو جاتا ہے۔ (۲) وَضَاقَتْ عَلَیْھِمْ اَنْفُسُھُمْ اور وہ اپنی جان سے بے زار ہو جاتا ہے۔

---

[۱۵۱] هذا حديث أبي موسى الأشعري رضي الله عنه أنه قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ الله صلى الله عليه وسلم بِوَضُوءٍ، فَتَوَضَّأَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي. أخرجه أبو يعلى في مسنده: ۱۲۶/۱، دار الكتب العلمية، برقم (۲۴۴)

محبوبیت عند اللہ کے دوام کا طریقہ

تو وضو کی دعا کے متعلق اللہ نے مجھے یہ علمِ عظیم عطا فرمایا کہ مُتَطَهِّرِيْنَ بابِ تفعّل سے ہے یعنی تکلیف اُٹھا کر طہارت حاصل کرو، طہارتِ قلبیہ بھی اور طہارتِ قالبیہ بھی، دل بھی پاک ہو اور جسم بھی پاک ہو، تو اس کا فائدہ کیا ملے گا؟ تم چوبیس گھنٹے اللہ کے محبوب رہو گے۔ یہ نہیں کہ وضو کے وقت یہ دعا پڑھ لی اور نماز کے وقت تک پاک صاف رہے لیکن جب مارکیٹ گئے، کلفٹن گئے، الفنسٹن اسٹریٹ گئے تو نظر خراب کر لی اور تمہاری طہارت متاثر ہوگئی تو جب طہارتِ باطنی سے اور توبہ کی برکت سے محبوبیت میں جو جگہ ملی تھی، جب بھی توبہ کے دائرہ سے اور طہارت کے دائرہ سے خروج اختیار کرو گے تو دائرۂ محبوبیت سے بھی تمہارا خروج ہو جائے گا، اس وقت گناہ کی حالت میں تم اللہ کے پیارے نہیں رہو گے۔ دیکھا آپ نے طہارت اور توبہ کا يُحِبُّ سے کیا جوڑ لگا کہ اللہ تعالیٰ تم کو محبوب رکھتے ہیں جب تک تم دائرۂ توبہ سے اور دائرۂ طہارت سے خروج اختیار نہیں کرتے اور اللہ تعالیٰ نے مضارع استعمال فرمایا جو حال اور استقبال کے لیے ہوتا ہے یعنی زندگی بھر جب تک تم توبہ کرتے رہو گے تو ہماری محبوبیت سے تمہارا خروج اور (exit) نہیں ہو گا۔ کیوں کہ ساؤتھ افریقہ کے علماء بیٹھے ہیں ان کی مادری زبان انگریزی ہے اس لیے تھوڑا سا انگریزی لفظ بول دیتا ہوں۔ تو آپ لوگ بتائیے! آپ کیا چاہتے ہیں کہ ہم ہر وقت اللہ کے پیارے رہیں یا کبھی پیارے رہیں اور کبھی غیر پیارے رہیں، یعنی کبھی اللہ کے پیارے رہیں اور کبھی اللہ کے پیار سے محروم رہیں؟ تو جب پیار دائمی چاہتے ہیں تو یہ دونوں صفات اپنے اندر پیدا کر لیجیے۔ ۱) تَوَّابِيْنَ کی اور ۲) مُتَطَهِّرِيْنَ کی۔

مُتَطَهِّرِيْنَ کے بارے میں مفسرین لکھتے ہیں کہ یہاں مراد طہارتِ باطنی اور طہارتِ قلب ہے کیوں کہ اصل طہارت یہ ہے کہ غیر اللہ سے ہمارا فاصلہ رہے، کسی طرح سے بھی ہمارا قلب ایک اعشاریہ، ایک ڈگری بھی اللہ سے نہ ہٹے۔ جہاں ہٹنے کا اثر محسوس ہونے لگے اور دیکھے کہ کسی حسین کی طرف دل جھکا جا رہا ہے وہاں سے راہِ فرار اختیار کرو۔ جب تک اس کے ٹارگٹ اور اس کے محاذات سے آگے نہیں بڑھو گے تمہارے قلب کا قبلہ صحیح نہیں رہے گا۔ یہ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ کی تفسیر ہے کہ غیر اللہ سے بھاگو اور غیر اللہ سے ہر وہ چیز مراد ہے جس سے آپ کے قلب کا قبلہ متاثر ہو اور ایک اعشاریہ بھی اللہ سے دور ہو۔ جو دل اللہ تعالیٰ سے ایک اعشاریہ بھی دور نہ ہوگا ایسے دل کو اپنی ذاتِ پاک سے اللہ تعالیٰ ایسے چپٹا لیں گے کہ سارا عالَم اسے ایک اعشاریہ اپنی طرف مائل نہ کر سکے گا۔ بتاؤ یہ علمِ عظیم پیش کر رہا ہوں یا نہیں؟ جس کی قسمت میں اللہ کی محبت ہوتی ہے وہ اپنے شیخ کی باتوں کو عظمت و محبت سے سنتا ہے۔

استغفار اور توبہ کا فرق

توبہ کے متعلق ایک ضمنی سوال ہے کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ استغفار کرو، بعض بزرگ کہتے ہیں کہ توبہ کرو۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے دونوں ہی حکم دیے ہیں کہ استغفار بھی کرو اور توبہ بھی کرو۔ سوال یہ ہے کہ توبہ اور استغفار ایک ہی چیز ہے یا دونوں میں فرق ہے؟ بتائیے کیسا سوال ہے۔ عام مسلمان اور عام امتی اس کو ایک ہی سمجھتا ہے لیکن یہ ایک نہیں ہے۔ دونوں الگ الگ چیزیں ہیں۔ میں ان شاء اللہ کوئی چیز بلا دلیل نہیں پیش کروں گا۔ اس فقیر پر اللہ پاک کا کرم ہے، میرے اوپر اللہ کے کرم کا آفتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اِسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّکُمۡ اپنے رب سے استغفار کرو، مغفرت مانگو ثُمَّ تُوۡبُوۡۤا اِلَیۡہِ پھر توبہ بھی کرو۔ اگر توبہ و استغفار ایک ہی چیز ہے تو عطف کیوں داخل ہوا کیوں کہ عطف کا داخل ہونا معطوف علیہ اور معطوف میں مغایرت کی دلیل ہے۔ اگر یہ ایک ہی چیز ہوتی تو عطف داخل ہی نہ ہوتا۔ علامہ آلوسی تفسیر روح المعانی میں فرماتے ہیں کہ یہاں حرفِ عطف ثُمَّ کا نازل ہونا دلیل ہے کہ استغفار الگ چیز ہے اور توبہ الگ چیز ہے کیوں کہ عطف کا قاعدہ کلیہ ہے کہ معطوف علیہ اور معطوف میں مغایرت لازم ہے۔ جیسے ایک آدمی کہے کہ روٹی اور سالن لاؤ اور وہ خالی روٹی لاتا ہے۔ آپ نے پوچھا کہ سالن کیوں نہیں لائے تو کہتا ہے کہ روٹی اور سالن ایک چیز ہیں تو آپ کہیں گے کہ اگر ایک چیز تھی تو روٹی کے بعد اور کیوں لگایا؟ یہ حرفِ عطف مغایرت کو لازم کر رہا ہے۔ معلوم ہوا کہ روٹی اور سالن الگ الگ چیز ہے۔ لیجیے اردو میں بھی عربی نحو کا قاعدہ لگا دیا۔

اسی طرح استغفار اور توبہ ایک چیز نہیں ہے تو استغفار اور توبہ میں کیا فرق ہے؟ استغفار کہتے ہیں کہ جن گناہوں کی وجہ سے ہم اللہ سے دور ہوگئے، خدا کے قرب سے محروم ہوگئے اور ہماری حضوری دوری میں تبدیل ہوگئی، منزلِ قرب سے منزلِ غضب میں جا پڑے تو دوری کے غم اور عذاب کی وجہ سے ندامت کے ساتھ اپنی اس نالائقی سے معافی چاہنا یہ استغفار کا مفہوم ہے کہ آہ! گناہ کر کے ہم اپنے اللہ سے کیوں دور ہوئے، نہ ہم گناہ کرتے، نہ قرب سے محروم ہوتے۔ معلوم ہوا کہ ماضی کے گناہوں پر ندامت سے معافی مانگنے کا نام استغفار ہے اور توبہ کیا ہے؟ توبہ کے معنیٰ رجوع الی اللہ کے ہیں۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ میں لکھا ہے جو مشکوٰۃ کی عربی زبان میں شرح ہے گیارہ جلدوں میں کہ تَوَّابُوۡنَ کے معنیٰ رَجَّاعُوۡنَ کے ہیں یعنی کَثِیۡرُ الرُّجُوۡعِ اِلَی اللہِ جس کا ترجمہ میرے قلب کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا کہ گناہ سے تم اللہ سے جتنی دور ہوگئے تھے پھر اپنے اللہ کے پاس واپس آجاؤ، اپنے مرکز اور مستقر سے بھاگ گئے تھے پھر منزلِ جاناں پر آجاؤ، منزلِ محبوب پر آجاؤ، پھر منزلِ مولیٰ پر آجاؤ، پھر اپنے قلب کو اللہ کے قدموں میں ڈال دو۔

خلاصہ یہ ہے کہ توبہ نام ہے اللہ کے پاس واپس لوٹ آنا، گناہوں کی وجہ سے جس مقامِ قرب سے بندے دور ہوگئے تھے پھر اسی مقام پر واپس لوٹ آنا۔ رجوع الی اللہ کا نام توبہ ہے کہ گناہوں سے دوری کو ندامت کے ساتھ حضوری سے بدل کر یہ عزم کرنا کہ اے اللہ! آیندہ کبھی آپ کو ناراض نہیں کریں گے، آیندہ کبھی آپ سے دور نہیں ہوں گے، آپ کے دامنِ رحمت سے چپٹ جائیں گے اور آپ کی آغوشِ رحمت میں لپٹ جائیں گے، آپ کے قدموں میں سر رکھ دیں گے اور آیندہ ہمیشہ تقویٰ سے رہیں گے اور کبھی آپ کو ناراض نہیں کریں گے۔ اس کا نام توبہ ہے۔ اب فرق معلوم ہوگیا؟ استغفار ماضی کی تلافی کرتا ہے اور توبہ عزم علی التقویٰ سے مستقبل روشن کرتا ہے۔

لفظ تَوَّابِیْنَ کے نزول کی حکمت

اصطلاح میں تَوَّابِیْنَ کی تین قسمیں ہیں۔ محدثین کی شرح سے پیش کررہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ تَوَّابِیْنَ کو محبوب رکھتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ تَائِبِیْنَ کیوں نہیں فرمایا؟ جواب یہ ہے کہ جب تم کثیر الخطا ہو تو تم کو کثیر التوبہ ہونا چاہیے، جب تمہارا بخار تیز ہے تو جیسا مرض ویسی دوا۔ جب تم نے خطائیں زیادہ کی ہیں تو زیادہ توبہ کرنے میں تم کو کیا رکاوٹ ہے؟ اسی لیے فرمایا کہ میں محبوب رکھتا ہوں کثرت سے توبہ کرنے والوں کو کیوں کہ جو کثیر الرجوع نہیں ہیں وہ ہماری جدائی کا احساس بھی زیادہ نہیں رکھتے، وہ ہم سے کچھ فاصلے بھی رکھتے ہیں، اسی لیے پریشانی میں ہیں اور اسی لیے جلدی توبہ بھی نہیں کرتے کہ دو چار گناہ اور کرلیں، ہر بس اسٹاپ پر گناہ کے مزے لوٹ کر جائیں پھر شام کو گھر آکر توبہ کرلیں گے، کیوں کہ اگر ایک اسٹاپ پر توبہ کرلیں گے تو اگلے اسٹاپ پر مزہ کیسے ملے گا؟ بتاؤ! یہ کس قدر کمینہ پن ہے اور تصوف کی روح ہی نہیں ہے اس ظالم کے اندر۔ یہ حق تعالیٰ کی جدائی پر صبر کرنے والا، حرام لذت سے مزے اُڑانے والا، بہت ہی نامناسب مزاج رکھنے والا غیر شریفانہ ذوق رکھتا ہے۔

ولایتِ عامّہ اور ولایتِ خاصّہ

اب رجوع الی اللہ کی تین قسمیں ہیں اور جب شانِ محبوبیت ہماری توبہ یعنی رجوع الی اللہ سے متعلق ہے تو محبوبیت کی بھی تین قسمیں ہوجائیں گی، اللہ کے پیاروں کی تین قسمیں ہوجائیں گی۔ ایک عوامی پیار کہ اللہ ہر مومن کو پیار دیتا ہے۔ جیسے فرمایا:

اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا

اللہ ہر ولی کو پیار کرتا ہے، ہر مومن کا ولی ہے۔ مگر یہ ولایتِ عامہ ہے۔ جو تقویٰ سے رہتے ہیں وہ خاص ولی ہیں، ان کی دوستی کا معیار بلند ہو جاتا ہے، مومن متقی ولی خاص ہوتا ہے لیکن ہر مومن کو ولی فرمایا اگرچہ گناہ گار ہو، مگر میرے دائرۂ دوستی سے خارج نہیں ہے بوجہ کلمہ اور ایمان کے، کچھ نہ کچھ دوستی یعنی ولایتِ عامہ تو حاصل ہے۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا میں تقویٰ شامل نہیں ہے۔ ولایتِ خاصہ تقویٰ پر موقوف ہے جس کی دلیل ہے:

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ کَانُوۡا یَتَّقُوۡنَ [۱۵۲]

اور فرمایا:

اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ یُخۡرِجُہُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ [۱۵۳]

فرماتے ہیں: میری ولایت اور دوستی کا معیار اور علامت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اندھیروں سے نکالتا رہتا ہے فی الحال بھی اور مستقبل میں بھی۔ ''ظلمات'' جمع ہے اور ''نور'' واحد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اندھیرے کو جمع اور نور کو مفرد کیوں نازل فرمایا؟ اس کی وجہ علامہ آلوسی سید محمود بغدادی رحمۃ اللہ علیہ روح المعانی میں فرماتے ہیں جَمَعَ الظُّلُمَاتِ لِتَعَدُّدِ فُنُوۡنِ الضَّلَالِ ظلمات کو جمع نازل فرمایا کیوں کہ گمراہی کی بہت قسمیں ہیں۔ کفر کی گمراہی اور ہے، فسق کی گمراہی اور ہے، زِنا کی اور ہے، بد نظری کی اور ہے، تکبر کی اور ہے۔ پس چوں کہ گمراہی کی بے شمار طرحیں اور اقسام ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ نے ظلمات کو جمع نازل فرمایا اور نور کو واحد نازل فرمایا لِوَحۡدَۃِ الۡحَقِّ کیوں کہ حق ایک ہوتا ہے۔

جتنی تَوَّابُوۡنَ کی قسمیں ہوں گی، توبہ کی بھی اتنی ہی قسمیں ہیں اور اتنی ہی محبوبیت کی قسمیں لازمی ہو جائیں گی۔ تو اب سنیے توبہ کی تین قسمیں ہیں:

۱)... تَوۡبَۃُ الۡعَوَامِّ۔

۲)... تَوۡبَۃُ الۡخَوَاصِّ۔

۳)... تَوۡبَۃُ اَخَصِّ الۡخَوَاصِّ۔

---

۱۵۲ یونس: ۶۳

۱۵۳ البقرۃ: ۲۵۷

تو اللہ تعالیٰ کی محبوبیت کی بھی تین قسمیں ہو جائیں گی:

۱)... محبوبیتِ عامہ سے محبوبِ عام۔

۲)... محبوبِ خاص۔

۳)... محبوب اخص الخواص۔

یعنی اللہ کا پیار عوامی والا اور اللہ کا پیار علی الخواص اور اللہ کا پیار اخص الخواص والا یعنی اللہ کے پیارے پھر خاص پیارے پھر خاص میں بھی اخص الخواص۔ آپ لوگ اللہ تعالیٰ کا کون سا پیار چاہتے ہیں؟ اخص الخواص والا، سب سے اعلیٰ والا یا یوں ہی معمولی؟ دیکھو ایک دن مرنا ہے، اگر اعلیٰ درجہ کے پیار کو نہیں پاؤ گے تو پچھتانا پڑے گا۔

توبہ کی پہلی قسم: توبہ کی پہلی قسم کا نام ہے اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْمَعْصِیَۃِ اِلَی الطَّاعَۃِ توبۂ عوام یہ ہے کہ گناہ چھوڑ دے اور اللہ کی فرماں برداری میں لگ جائے۔ تشکر اور تکبّر میں تضاد ہے۔ تشکر کریں گے تو اللہ کا قرب ملے گا۔ تکبر سے بُعد ہوتا ہے اور تشکر سے قرب ہوتا ہے اور بُعد اور قرب میں تضاد ہے اور اجتماعِ ضدّین محال ہے۔ تکبر ہمیشہ ظالم اور احمق کو ہوتا ہے۔ جو اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا، اللہ سے نظر ہٹ کر اپنی صفت پر اس کی نظر آجاتی ہے۔ شکر سے اللہ کی صفتِ قرب اس کو عطا ہوتا ممکن ہے کہ اس میں تکبر بھی آجائے چوں کہ تکبر نام ہے بندہ کا اپنے مولیٰ سے غافل ہو کر اپنی کسی صفت پر نظر کرنا کہ میں ایسا ہوں اس لیے دوسروں سے برتر ہوں۔ جیسے ایک شخص دعویٰ کرتا ہے کہ آپ میرے محبوب ہیں اور میں آپ کے حسن و جمال پر فدا ہوں۔ اس کے بعد پھر آئینہ لے کر کہتا ہے کہ آپ کا تمام حسن و جمال اور شانِ کمال تسلیم مگر واہ رے! میری ناک اور واہ رے! میرا کتابی چہرہ اور واہ رے! میری پتلی کمر جو۔

کہاں ہے کس طرف ہے اور کدھر ہے

کا مصداق ہے۔ ایسے عاشق کو محبوب بھی ایک جوتا مارے گا، کہے گا کہ تم مجھ پر عاشق ہو تو میری خوبیوں سے نظر ہٹا کر اپنی خوبی کیوں دیکھتے ہو؟ تو مولیٰ سے نظر ہٹا کر اپنی خوبی دیکھنے والا احمق ہے اور احمق ہمیشہ متکبر ہوتا ہے۔

تو عوام کی توبہ کا نام ہے اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْمَعْصِیَۃِ اِلَی الطَّاعَۃِ جو گناہوں کو چھوڑ کر فرماں بردار ہو گئے اور ان کی توبہ سے اللہ نے ان کو محبوب بنالیا، یہ توبۃ العوام ہے، پس جو توبۃ العوام تک رہے گا، اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عام لوگوں والا پیار اور محبت ملے گی۔

توبہ کی دوسری قسم: اس کے بعد توبۃ الخواص ہے، وہ ہے اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْغَفْلَۃِ اِلَی الذِّکْرِ یعنی فرماں بردار تو پہلے ہی تھے مگر اپنے شیخ کا بتایا ہوا ذکر و تلاوت سب بھول گئے تھے لیکن پھر دوبارہ اللہ کو یاد کرنا شروع کر دیا۔ ذکر کی قضا نہیں ہے، ندامت کافی ہے۔ ذکر چھوٹ گیا تو اب پھر شروع کر دو، اللہ کی یاد سے پھر جان میں جان آ جائے گی۔

مدّت کے بعد پھر تری یادوں کا سلسلہ
اک جسمِ ناتواں کو توانائی دے گیا

اللہ کے ذکر کا ناغہ روح کا فاقہ ہے۔ اس بات کو یاد رکھو۔ میں نے جن کو سو بار ذکر بتایا اگر کسی دن بہت تھک گئے ہو تو دس دفعہ ہی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھ لو اور دس مرتبہ اَللہ اَللہ کر لو۔ آپ کہیں گے دس سے کیا ہو گا؟ ایک پر دس کا وعدہ ہے آپ کا سو پورا ہو جائے گا۔

ایک صاحب نے لکھا کہ میں حسینوں کو دیکھ کر اللہ کی معرفت حاصل کرتا ہوں کہ واہ رے اللہ کیا شان ہے آپ کی! لہٰذا دنیا کے جتنے حسین ہیں یہ سب آئینۂ جمالِ خداوندی ہیں، ان کے آئینہ میں اللہ کا جمال دیکھتا ہوں۔ حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے کیا جواب لکھا کہ آئینہ ہونا تسلیم، مگر یہ آتشی آئینے ہیں جل کر خاک ہو جاؤ گے، نہ تم رہو گے نہ تمہارا ایمان رہے گا۔ لہٰذا تقویٰ سے رہو۔

آخر میں سب سے پیارا درجہ اخص الخواص کا ہے جن کو اولیائے صدیقین کہتے ہیں۔ تو اخص الخواص کی توبہ کیا ہے:

توبہ کی تیسری قسم: اَلرُّجُوْعُ مِنَ الْغَیْبَۃِ اِلَی الْحُضُوْرِ [۱۵۴] جو ایک لمحہ اپنے دل کو اللہ سے غائب نہ ہونے دے، ہر وقت قلب کو اللہ کے سامنے رکھے۔ جب اِدھر اُدھر ہو فوراً ٹھیک کر لے۔ ان کا رجوع گناہ سے نہیں ہوتا، گناہ سے تو وہ عموماً محفوظ کر دیے جاتے ہیں بس کبھی دل پر کچھ غبار سا، کچھ حجاب سا آ گیا، اس غبار کو ہٹا کر وہ دل کو اللہ تعالیٰ کے محاذات میں لے آتے ہیں۔

توبہ کے معنیٰ ہیں رجوع کرنا۔ ''رجوع'' کے لفظ کا اطلاق جب ہوتا ہے جب کوئی اپنے گھر سے باہر نکل جائے پھر لوٹ آئے تو اللہ کے قرب کی منزل سے دور ہونا لیکن پھر نادِم ہو کر منزلِ قرب پر واپس لوٹ

---

[۱۵۴] ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح: ۲۰۶/۵، فی باب اسماء اللہ تعالیٰ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، لفظہ اَلْاِسْتِغْفَارُ بِاللِّسَانِ، وَالتَّوْبَۃُ بِالْجَنَانِ، وَهِيَ الرُّجُوْعُ عَنِ الْمَعْصِيَۃِ إِلَی الطَّاعَۃِ، أَوْ مِنَ الْغَفْلَۃِ إِلَی الذِّکْرِ، وَمِنَ الْغَيْبَۃِ إِلَی الْحُضُوْرِ

آنا اس کا نام رجوع الی اللہ ہے اور توبہ ہے۔ معلوم ہوا کہ توبہ کی فرضیت اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ کبھی کبھی اللہ کے قرب سے ہمارا خروج ہو گا، شیطان و نفس کبھی ہم کو اللہ سے دور کر دیں گے لہٰذا جلد لوٹ آؤ۔ اب اس لوٹنے کی تین قسمیں ہیں جو ابھی بیان ہو گئیں۔ اللہ کی طرف سے جیسا جس پر یُحِبُّ کا ظہور ہو گا ویسی ہی اس کی توبہ ہو گی۔ عوام پر اللہ کی شانِ محبوبیت عام ہے، خواص پر خاص ہے، اخص الخواص پر اعلیٰ درجہ کی محبوبیت اور پیار ہے جس پر میں نے ایک شعر بھی کہا ہے ؎

ازلبِ نادیدہ صد بوسہ رسید
من چہ گویم روح چہ لذّت چشید

اللہ تعالیٰ کے عاشق اپنی نظر کو حسینوں سے بچا کر زخمِ حسرت کھاتے ہیں اور خونِ آرزو کرتے ہیں، اس مجاہدہ کی برکت سے ان کی جان اللہ کے پیار کی وہ لذت محسوس کرتی ہے جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن یہ وہی لوگ ہیں جو حوصلے میں ہیجڑے اور مخنث نہیں ہوتے۔ اپنے بازِ شاہی سے شاہ بازی سیکھتے ہیں، اور بازِ شاہی کون ہے؟ شیخ ہے۔ اس سے شاہ بازی سیکھتے ہیں، حسینوں کے محاذات سے ہٹ جاتے ہیں، دیکھنا تو در کنار اس کے ٹارگٹ اور محاذات میں نہیں رہتے کیوں کہ میگنٹ ادھر بھی ہے، اس کے سامنے رہیں گے تو اندیشہ ہے کہ کھنچ جائیں گے، ایک میگنٹ دوسرے کو کھینچتا ہے لہٰذا فوراً اس کے ٹارگٹ اور محاذات سے آگے بڑھ جاؤ، ہٹ جاؤ۔ اٹھنی اور میگنٹ کو سامنے کرو تو اٹھنی پھنستی جاتی ہے اور اگر زیادہ نزدیک کیا تو میگنٹ سے چپٹ جاتی ہے لیکن اگر اس اٹھنی کو جلدی سے گزار دو تو میگنٹ کے دائرۂ کشش سے اس کا خروج ہو گیا اب اس سے نقصان کم ہو گا۔ جب کوئی حسین سامنے آئے تو اللہ تعالیٰ نے سکھایا ہے فَفِرُّوْٓا اِلَی اللہِ[۱۵۵] آہستہ مت چلو اللہ کے پاس بھاگ کر جاؤ مگر کتنا بھاگو؟ اتنا بھاگو کہ اللہ کو دل میں پا جاؤ، مولیٰ کے پاس جا کر لپٹ جاؤ، سجدے میں پڑ جاؤ۔ اللہ ایسا پیارا ہے جو اُن سے چپٹتا ہے سارا عالم اسے لپٹاتا ہے۔ دیکھو! اگر کوئی پانی میں کرنٹ چھوڑ دے تو اس پانی کو مت چھوؤ۔ کرنٹ لگ جائے گا لیکن اللہ والوں سے مصافحہ کرنے سے مت ڈرو۔ ان پر اللہ کی معیت کی بجلی ہے۔ یہ وہ کرنٹ ہے جو حیات عطا کرتا ہے، دنیا کا کرنٹ موت دیتا ہے، دنیاوی بجلی کا اگر کرنٹ لگ جائے تو موت آتی ہے لیکن اللہ والوں پر جو جذب کی تجلی ہے ان سے مصافحہ کرنا، ان کے پاس بیٹھنا ان کو دیکھنا، ان شاء اللہ ضرور جذب کا ذریعہ ہو جائے گا۔ مولانا رومی فرماتے ہیں کہ سیب کی منڈی میں سیب مت

---

۱۵۵ الذّٰریٰت: ۵۰

خریدو، باغ میں چلے جاؤ۔ منڈی میں خراب سیب بھی ہوتے ہیں لیکن باغ میں تازہ سیب ملیں گے۔ باغ میں سوتے بھی رہو گے تو سیب کی خوشبو سے ہی دماغ تازہ ہو جائے گا۔ یہ اللہ والے اللہ کی محبت کے باغ ہیں۔ اللہ والوں کے یہاں پڑے ہوئے سوتے بھی رہو تو اللہ والوں کا نور ہوا کے ذریعہ تمہارے اندر جاتا رہے گا۔ اس لیے بڑے بڑے عبادت گزار اس مقام تک نہیں پہنچے جو اللہ والوں کی صحبت میں رہنے والوں کو مل گیا۔ حاجی امداد اللہ صاحب ہمارے دادا پیر فرماتے ہیں کہ مولانا رومی کو سو برس کی تہجد سے وہ قرب نہ ملتا جو چند دن شمس تبریزی کے پاس بیٹھنے سے مل گیا۔ دوسرے یہ کہ اب کوئی قیامت تک صحابی نہیں ہو سکتا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدا دیدہ آنکھوں کی پیغمبرانہ نسبت سے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنے بڑے ہائی پاور بلب تھے کہ اب قیامت تک کسی کو ویسا بلب نہیں مل سکتا۔ جو شخص ایک کروڑ پاور کا بلب دیکھ لے اور بلب بھی ایسا کہ اس جیسا قیامت تک دوسرا بلب نہ پیدا ہو تو اس بلب کے دیکھنے والوں کے برابر بھی کوئی نہیں ہو سکتا لہٰذا قیامت تک کوئی بڑے سے بڑا ولی کسی ادنیٰ صحابی کے برابر بھی نہیں ہو سکتا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہم سب کو وہ دردِ دل عطا فرمادے جو آپ اخص الخصواص کو دیتے ہیں اور اختر اور ہم سب بہت اعلیٰ قسم کی ڈش مانگ رہے ہیں تو اے خدا! اخص الخواص اولیائے صدیقین کی جو آخری سرحد ہے ہم سب کو اور پورے عالم کو بلا استحقاق عطا فرمادیں، آمین۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو ''أَرْحَمُ أُمَّتِیْ'' ہیں یعنی امت کے ساتھ سب سے زیادہ رحم دل، انہوں نے یہ روایت بیان کی یعنی حدیث کے پورے مجموعہ میں دو چار روایتیں ہیں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اور ان ہی دو چار روایتوں میں یہ حدیث بھی ہے چوں کہ یہ امت پر رحمت کا معاملہ تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میرے نبی کی امت گناہ کرنے سے مایوس ہو جائے اس لیے بوجہ رحمت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو بیان فرمایا۔ یہ روایت مشکوٰۃ میں بھی ہے:

مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَاِنْ عَادَ فِی الْیَوْمِ سَبْعِیْنَ مَرَّةً[۱۵۶]

یعنی جو شخص استغفار کرتا رہے، معافی مانگتا رہے، روتا رہے، گڑگڑاتا رہے اور ہمت سے ارادہ کرلے کہ آیندہ گناہ نہیں کرنا ہے تو گناہ گاروں میں تو کیا، اس کا شمار گناہ پر اصرار کرنے والوں میں بھی نہیں ہو گا، اگرچہ دن

---

۱۵۶ هذا حديث أبي بكر الصديق رضى الله عنه أنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ''مَا أَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَإِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً''. أخرجه أبو داؤد في سننه (۱/۲۱۲) برقم (۱۵۱۶) في باب في الاِسْتِغْفَارِ

میں ستر مرتبہ اس کی توبہ ٹوٹ جائے۔ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر روح المعانی میں اصرار کی تعریف بیان کی ہے اَلْاِصْرَارُ الشَّرْعِیُّ الْاِقَامَۃُ عَلَی الْقَبِیْحِ بِدُوْنِ الْاِسْتِغْفَارِ وَ الرُّجُوْعِ بِالتَّوْبَۃِ[۱۵۷] یعنی برائی پر قائم رہنا اور استغفار و توبہ نہ کرنا، یہ ہے اصرارِ شرعی۔

حدیث نمبر ۴۳

اِنَّ اللہَ عَزَّ وَجَلَّ یَبْسُطُ یَدَہٗ بِاللَّیْلِ لِیَتُوْبَ مُسِیْءُ النَّھَارِ وَیَبْسُطُ یَدَہٗ بِالنَّھَارِ لِیَتُوْبَ مُسِیْءُ اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِھَا[۱۵۸]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت رات بھر اپنے ہاتھ پھیلائے رہتی ہے کہ دن کا خطاکار رات کو توبہ کرلے اور دن بھر ہاتھ پھیلائے رہتی ہے کہ رات کا خطاکار دن میں توبہ کرلے اور یہ اس وقت تک ہے جب تک کہ سورج مغرب سے نہ طلوع ہوجائے۔

اللہ کے نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو یہ بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت رات بھر اپنے ہاتھ پھیلائے رہتی ہے کہ دن کا خطاکار رات کو توبہ کرلے اور دن بھر ہاتھ پھیلائے رہتی ہے کہ رات کا خطاکار دن میں توبہ کرلے۔ سبحان اللہ! کیا رحمت ہے آپ کی بندوں پر کہ ایک کروڑ گناہ بھی اگر کوئی کرلے لیکن ندامت کا ایک آنسو کبھی نکل آیا، دل میں ندامت پیدا ہوگئی کہ آہ! میں نے کیا کیا تو اسی وقت تمام گناہوں کو آپ معاف فرما دیتے ہیں، سو برس کا کافر جو رات دن کفر کررہا تھا، اگر کلمہ پڑھ لے تو اسی وقت ولی اللہ ہوجاتا ہے۔

میرے شیخ حضرت شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہ واقعہ سنایا تھا کہ ایک ہندو نوّے برس تک اپنے بت کو ”صنم صنم“ پکاررہا تھا کہ ایک دن غلطی سے اس کے منہ سے ”صمد“ نکل گیا تو آواز آئی ”لَبَّیْكَ یَا عَبْدِیْ“ میرے بندے! میں حاضر ہوں تو اس کافر نے ڈنڈا اٹھایا اور سب بتوں کو توڑ دیا کہ

---

۱۵۷ ذکرہ الألوسی فی روح المعانی: ۶۱/۴، فی اٰیۃ اٰل عمرٰن (۱۳۰)، دار احیاء التراث، بیروت

۱۵۸ ھذا حدیث أَبِی مُوسَی الْأَشْعَرِی رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ إِنَّ اللہَ عَزَّ وَجَلَّ یَبْسُطُ یَدَہ بِاللَّیلِ لِیتُوبَ مُسِیْءُ النَّھارِ وَیبْسُطُ یدَہ بِالنَّھارِ لِیتُوبَ مُسِیْءُ اللَّیلِ حَتَّی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِھا .أخرجہ مسلم فی صحیحہ: ۳۵۸/۲ برقم (۲۷۶۵)، فی باب قَبُولِ التَّوْبَۃِ مِنَ الذُّنُوبِ وَإِنْ تَکَرَّرَتِ الذُّنُوبُ وَالتَّوْبَۃ.

نوے سال تک میں نے تمہیں پکارا اور تم نے کوئی جواب نہیں دیا اور آج غلطی سے مسلمانوں کے خدا کا نام نکل گیا تو فوراً جواب آ گیا کہ لَبَّیْكَ میرے بندے! میں موجود ہوں۔ سبحان اللہ! تو عفو کرنے میں آپ بے حد کریم ہیں کہ نوے برس کے کافر کو بھی نہیں بھولتے اور ایک لمحہ میں معاف فرما کر اپنا پیارا بنا لیتے ہیں۔

اور آپ حَیٌّ لَّمْ یَزَلْ ہیں یعنی زندہ حقیقی ہیں کہ ہمیشہ سے زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے اور آپ کی حیات میں کبھی زوال نہیں آ سکتا بلکہ ہر وقت آپ کی ایک نئی شان ہے:

کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ[۱۵۹]

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ روح المعانی میں اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ یہاں **یوم** سے مراد وقت ہے، دن مراد نہیں ہے اَیْ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ مِّنَ الْاَوْقَاتِ وَفِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ مِّنَ اللَّحْظَاتِ وَفِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ مِّنَ اللَّمْحَاتِ[۱۶۰] یعنی ہر وقت اور ہر لحظہ اور ہر لمحہ آپ کی ایک نئی شان ہے۔ پس چوں کہ آپ زندہ حقیقی ہیں اس لیے آپ ہی محبوبِ حقیقی ہیں۔ آپ کے علاوہ کوئی اس قابل نہیں کہ اس کو محبوب بنایا جائے کیوں کہ اگر آپ کے علاوہ کسی اور کو دل دیا تو ایک دن معلوم ہو گا کہ وہ مر گیا اور اس کا جنازہ دفن ہو رہا ہے اب کہاں جاؤ گے؟ اور کس کو دل کا سہارا بناؤ گے؟ کیوں کہ جس کو سہارا بنایا تھا وہ تو مر گیا۔ اب کیا اس لاش سے چمٹو گے اور اگر چمٹو گے تو تین دن کے بعد لاش سڑ جائے گی اور مردہ جسم پھول کر پھٹ جائے گا پھر سب سے پہلے تم ہی اسے دفن کرو گے اور بدبو سے ناک بند کر کے وہاں سے بھاگو گے، لہٰذا کہاں مرنے والوں پر مر رہے ہو۔

مرنے والوں سے عشق نہ کرو کہ یہ پائیدار نہیں ہوتا، عشق اس زندہ حقیقی سے کرو جو ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا، جس کو کبھی موت نہیں آئے گی، جو موت و زوال و فنا سے پاک ہے اس سے محبت کرو تو تم بھی زندہ جاوید ہو جاؤ گے۔ جنت میں وہ تمہیں حیاتِ جاودانی عطا کرے گا۔ وہ ایسا زندہ حقیقی ہے جو ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا اور حَیَاۃُ کُلِّ شَیْءٍ بِہٖ مُؤَبَّدًا ہر شے کی حیات اسی سے قائم ہے اور وہ **قیوم** بھی ہے یعنی قَآئِمٌ بِذَاتِہٖ وَ یُقَوِّمُ غَیْرَہٗ بِقُدْرَتِہِ الْقَاھِرَۃِ[۱۶۱] اپنی ذات سے قائم ہے اور اپنی قدرتِ قاہرہ سے دوسروں کو قائم کیے ہوئے ہے اور کیوں کہ اس کی ہر وقت ایک نئی شان ہے لہٰذا اس کے عاشق بھی ہر وقت ایک نئی شان میں رہتے ہیں، ہر لمحہ ان کو ایک نئی حیات عطا ہوتی ہے جس کا دنیوی عشاق تصور بھی نہیں کر سکتے۔

---

[۱۵۹] الرحمٰن:۲۹

[۱۶۰] ذکرہ الألوسی فی روح المعانی:۲۷/۱۱۰، سورۃ الرحمٰن (۲۹)، دار احیاء التراث، بیروت

[۱۶۱] ذکرہ الألوسی فی روح المعانی:۲۸/۶۳، فی اٰیۃ سورۃ الحشر (۲۳)، دار احیاء التراث، بیروت

حدیث نمبر ۴۴

مَنْ لَّمْ یَسْاَلِ اللّٰہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ[۱۶۲]

ترجمہ: جو شخص اللہ سے نہیں مانگتا تو اللہ تعالیٰ اس پر غصہ ہوتے ہیں۔ اے اللہ! آپ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ[۱۶۳]

مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور آپ کے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی ہے مَنْ لَّمْ یَسْئَلِ اللّٰہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ جو اللہ سے نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے۔ معلوم ہوا کہ آپ نے دعا کی صرف اجازت ہی نہیں دی بلکہ حکم فرمادیا کہ بندے آپ سے مانگیں۔ اگر آپ حکم نہ دیتے تو ہم خاکی پتلوں کی کیا مجال تھی کہ آپ کے سامنے لب کھول سکتے۔ یہ حکم بھی آپ کی رحمت اور کرمِ عظیم ہے جس طرح اِتَّقُوا اللّٰہَ کا حکم بھی آپ کا احسان و کرم ہے کہ یہ حکم دے کر آپ نے دراصل اپنے بندوں کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا ہے، آپ نے اپنے غلاموں کو دوستی کی پیشکش کی ہے، ورنہ منی اور حیض سے پیدا ہونے والے ناپاک بندے اتنے عظیم الشان مالک سے دوستی کا تصور کرنے کی بھی مجال نہیں کرسکتے تھے کیوں کہ دوستی کے لیے کوئی تو قدرِ مشترک ہونی چاہیے اور آپ کا اے خدا! کوئی مثل اور ہمسر نہیں۔ کہاں خالق کہاں مخلوق! کہاں آپ قدیم اور واجب الوجود اور کہاں ہم حادث وفانی۔

چہ نسبت خاک را باعالمِ پاک

ہم تو آپ کی دوستی کا سوچ بھی نہیں سکتے تھے لیکن آپ نے دوستی کی پیشکش فرماکر کرم کے دریا بہادیے اور ناامیدیوں کے اندھیروں میں امید کا آفتاب طلوع فرمادیا کہ بس تقویٰ کو شرطِ ولایت ٹھہرایا:

اِنْ اَوْلِیَآؤُہٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ[۱۶۴]

---

[۱۶۲] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه و سلم إنه من لم يسأل الله يغضب عليه، أخرجه الترمذي في سننه (۲/۱۷۵) برقم (۳۳۷۳) والبخاري في الأدب المفرد: ۱۹۸ برقم (۶۵۸)، دار الكتب العلمية

[۱۶۳] المؤمن: ۶۰

[۱۶۴] الانفال: ۳۴

اسی لیے یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللہَ کا عاشقانہ ترجمہ دلالتِ التزامی سے یہی ہے کہ اے ایمان والو! تم ہمارے دوست بن جاؤ لہٰذا تقویٰ کا حکم بھی آپ کی عظیم الشان رحمت ہے۔

چوں دعا امر کردی اے عُجاب
ایں دعائے خویش را کن مُستجاب

اے ہمارے بے مثل رب! جب آپ نے خود ہم کو دعا مانگنے کا حکم فرمایا ہے تو یہ دلیل ہے کہ آپ ہماری دعاؤں کو قبول فرمانا چاہتے ہیں کیوں کہ شاہ جب کسی چیز کو مانگنے کا حکم دے تو یہ دلیل ہے کہ وہ عطا کرنا چاہتا ہے اور باپ جب بچہ سے کہتا ہے: معافی مانگ۔ تو یہ دلیل ہے کہ وہ معاف کرنا چاہتا ہے۔ پس حکم دینے کا مطلب یہ ہے کہ ہماری دعا آپ کو مطلوب ہے اور آپ کی رحمتِ واسعہ سے بعید ہے کہ اپنی مطلوب کو آپ رد فرمادیں۔ پس ہماری دعاؤں کو اے کریم! قبول فرمالیجیے۔

حدیث نمبر ۴۵

مَا مِنْ عَبْدٍ مُّؤْمِنٍ یَّخْرُجُ مِنْ عَیْنَیْهِ دُمُوْعٌ وَّاِنْ کَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْیَةِ اللهِ ثُمَّ تُصِیْبُ شَیْئًا مِّنْ حُرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللهُ عَلَى النَّارِ [۱۶۵]

ترجمہ: اگر کسی بندۂ مؤمن کی آنکھوں سے ایک آنسو اللہ تعالیٰ کے خوف سے نکل آئے، خواہ وہ مکھی کے سر کے برابر ہی کیوں نہ ہو پھر وہ اس کے رخسار کے کسی حصے کو لگ جائے تو اللہ تعالیٰ اسے دوزخ کی آگ پر حرام کردیتے ہیں۔

سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بشارت دی ہے کہ خشیتِ الٰہی سے نکلے ہوئے آنسو قلب کو شفا دینے والے ہیں تَشْفِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ اور خشیتِ الٰہی سے نکلے ہوئے آنسو کا ایک قطرہ خواہ وہ مکھی کے سر کے برابر ہو دوزخ کی آگ کے حرام ہونے کا ذریعہ ہے یعنی کسی بندۂ مومن کی آنکھوں سے اگر

---

۱۶۵ هذا حديث عَبْدِ الله بْنِ مَسْعُودٍ أنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ الله صَلَّى الله عَليه وسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ يَخْرُجُ مِنْ عَينَيه دُمُوعٌ وَإِنْ كَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ، مِنْ خَشْيَةِ الله، ثُمَّ تُصِيبُ شَيئًا مِنْ حُرِّ وَجْهه إِلَّا حَرَّمَه اللهُ عَلَى النَّارِ. أخرجه ابن ماجة فى سننه: ۳۰۹ برقم (۴۱۹۷) فى بَابِ الْحُزْنِ وَالْبُكَاءِ- والبيهقى فى شعب الإيمان: ۴۹۱/۱ برقم (۸۰۲)، دار الكتب العلمية

ایک آنسو اللہ کی خشیت سے نکل آئے خواہ مکھی کے سر کے برابر ہو اور اس کے چہرہ پر لگ جائے تو اللہ اس کو دوزخ کی آگ پر حرام کر دیتے ہیں اور اپنی خطاؤں پر ندامت کے آنسو نجات کا ذریعہ ہیں:

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَقِيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا النَّجَاةُ؟ فَقَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ[۱۶۶]

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ نجات کا راستہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ اپنی زبان کو قابو میں رکھ اور تیرا گھر تیرے لیے وسیع ہو جائے اور اپنی خطاؤں پر روتے رہو۔ اور ندامت سے رونے والے گناہ گاروں کی آواز اللہ تعالیٰ کو تسبیح پڑھنے والوں کی بلند آوازوں سے زیادہ محبوب ہے۔ حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

لَاَ نِيْنُ الْمُذْنِبِيْنَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِيْنَ

گناہ گاروں کا گریۂ ندامت مجھے تسبیح پڑھنے والوں کی بلند آوازوں سے زیادہ محبوب ہے۔

اے جلیل اشکِ گناہ گار کے اک قطرہ کو
ہے فضیلت تری تسبیح کے سو دانوں پر

اور تنہائی میں اللہ کے لیے نکلے ہوئے آنسوؤں پر قیامت کے دن سایۂ عرشِ الٰہی کی بشارت ہے:

وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ

وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کو یاد کرے اور اس کی آنکھیں بہہ پڑیں یعنی آنسو جاری ہو جائیں اس کو قیامت کے دن عرش کا سایہ ملے گا۔ اور اللہ کے نزدیک دو محبوب قطروں میں سے ایک محبوب قطرہ وہ آنسو ہے جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو اور دوسرا وہ قطرۂ خون ہے جو اللہ کے راستے میں گرا ہو:

لَيْسَ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَى اللهِ مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَاَثَرَيْنِ قَطْرَةِ دُمُوْعٍ مِّنْ خَشْيَةِ اللهِ وَقَطْرَةِ دَمٍ تُهْرَاقُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ...الخ[۱۶۷]

۱۶۶؎ أخرجه الترمذی فی سننه (۶۶/۲) برقم (۲۴۰۶) فی بَابِ مَا جَاءَ فِي حِفْظِ اللِّسَانِ، وأحمد فی مسنده: ۱۹۶/۴ برقم (۱۷۴۶۳)، دار الكتب العلمية

۱۶۷؎ هذا مختصر من حديث أبي أمامة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال ليس شیء أحب إلى الله من قطرتين وأثرين قطرة من دموع فی خشية الله وقطرة دم تهراق فی سبيل الله وأما الأثران فأثر فی سبيل الله وأثر فی فريضة من فرائض الله، أخرجه الترمذی فی سننه (۲۹۶/۱) برقم (۱۶۶۹) فی أبواب فضائل الجهاد باب منه

اللہ تعالیٰ کے نزدیک دو قطروں سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں: ایک آنسو کا وہ قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو اور ایک خون کا وہ قطرہ جو اللہ کے راستے میں بہا ہو۔ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے موسلا دھار برسنے والی بارش کی طرح رونے والی آنکھیں مانگی ہیں:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ ھَطَّالَتَیْنِ تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ مِنْ خَشْیَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّ الْاَضْرَاسُ جَمْرًا

اے اللہ! مجھے ایسی آنکھیں عطا فرما جو موسلا دھار اَبر کی طرح برسنے والی ہوں تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ جو آنسوؤں سے دل کو سیراب کر دیں قبل اس کے کہ دوزخ میں آنسو خون اور داڑھیں انگارے بن جائیں۔ مناجاتِ مقبول میں جو روایت منقول ہے اس میں تَشْفِیَانِ الْقَلْبَ کے بجائے تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ ہے۔

غَیْمٌ ھَاطِلٌ کے معنیٰ موسلا دھار برسنے والا بادل یعنی موسلا دھار بارش اور ھَطَّالَۃٌ مبالغہ کا صیغہ ہے جو یہاں صفت ہے عینین کی اور عینین عربی قاعدہ سے مؤنث ہے، اس لیے اس کی صفت ھَطَّالَۃٌ بھی مؤنث استعمال فرمائی گئی۔ سرورِ عالم سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بارگاہِ حق میں عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! آپ مجھے ایسی آنکھیں عطا فرمائیے جو ھَاطِلَۃٌ نہیں ھَطَّالَۃٌ ہوں ھَاطِلَۃٌ میں بھی موسلا دھار بارش جیسے گریہ کا مفہوم تھا لیکن نبوت کی جانِ عاشق نے اس پر قناعت نہیں فرمائی بلکہ ایسی آنکھیں مانگیں جو ھَطَّالَۃٌ ہوں یعنی موسلا دھار برسنے والے ابر سے بھی زیادہ رونے والی ہوں۔

تو ھَطَّالَتَیْنِ، عَیْنَیْنِ کی صفتِ اولیٰ ہے یعنی اللہ والی آنکھوں کی پہلی صفت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ھَطَّالَتَیْنِ فرمائی کہ وہ موسلا دھار بارش سے بھی زیادہ آنسو برسانے والی ہیں۔ اس کے بعد سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آنکھوں کی دوسری صفت اللہ تعالیٰ سے مانگ رہے ہیں کہ تَشْفِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ یا تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ وہ آنکھیں ایسی ہوں جو بہتے ہوئے آنسوؤں سے دل کو شفا دینے والی ہوں یا بہتے ہوئے آنسوؤں سے دل کو سیراب کر دیں۔ صرف وہی آنسو دل کو سیراب کرتے ہیں جو اللہ کی محبت یا اللہ کے خوف سے بہتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ ہر رونے والی آنکھ دل کو سیراب نہیں کرتی، جو آنسو غیر اللہ کے لیے نکلتے ہیں وہ دل کو سیراب نہیں کرتے بلکہ دل کا ستیاناس کر دیتے ہیں۔

کسی عربی شاعر نے کہا ہے کہ جو آنکھیں آپ کے لیے بیدار نہ ہوں، آپ کے غیروں کے لیے جاگ رہی ہوں وہ آنکھیں اور ان کی بیداری بے کار اور تضییعِ اوقات ہے اور جو آنسو آپ کی جدائی کے غم کے بجائے مرنے والوں کے لیے بہہ رہے ہوں وہ باطل ہیں۔

تو عَیۡنَیۡنِ کی صفتِ ثانیہ یعنی اللہ والی آنکھوں کی دوسری صفت تَسۡقِیَانِ الۡقَلۡبَ بِذُرُوۡفِ الدَّمۡعِ فرما کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اخلاص کے آنسو مانگے ہیں کہ صرف وہی دل کو سیراب کرتے ہیں۔ اور عَیۡنَیۡنِ کی صفتِ ثالثہ یعنی آنکھوں کی تیسری صفت سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مانگ رہے ہیں قَبۡلَ اَنۡ تَکُوۡنَ الدُّمُوۡعُ دَمًا وَّ الۡاَضۡرَاسُ جَمۡرًا کہ اے اللہ! رونے کی یہ توفیق اسی حیاتِ دنیا میں عطا فرما دیجیے قبل اس کے کہ دوزخ میں یہ آنسو خون اور داڑھیں انگارے بن جائیں کیوں کہ دوزخ میں دوزخی خون کے آنسو روئے گا لیکن وہ آنسو کسی کام کے نہ ہوں گے کہ وہ تو عذاب کے آنسو ہوں گے۔ پس مبارک وہ آنسو ہیں جو اسی دنیا کی زندگی میں اللہ کے لیے بہہ جائیں، کہ اللہ تعالیٰ کے پیار کا اور عذابِ جہنم سے حفاظت کا ذریعہ ہیں۔

اور قَبۡلَ اَنۡ تَکُوۡنَ الدُّمُوۡعُ دَمًا وَّ الۡاَضۡرَاسُ جَمۡرًا ظرف ہے اور ہر ظرف، مظروف کے لیے بمنزلۂ قید ہوتا ہے اور قید بمنزلۂ صفت ہوتی ہے پس یہ نحوی صفت تو نہیں ہے لیکن معنوی صفت ہے۔ اس لیے اس کو عَیۡنَیۡنِ کی صفتِ ثالثہ قرار دینا صحیح ہے۔

جب احقر معارفِ مثنوی لکھ رہا تھا یہ خاص شرح اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے عطا فرمائی۔ فَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ

تشریحِ حدیثِ بالا بعنوانِ دِگر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دو قطروں سے زیادہ کوئی قطرہ پسند نہیں: ایک آنسو کا قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو اور دوسرا خون کا قطرہ جو اللہ کے راستے میں نکلا ہو، غالباً اسی حدیث کے پیشِ نظر مولانا رومی نے فرمایا ؎

کہ برابر میکند شاہِ مجید
اشک را در وزن با خونِ شہید

اللہ تعالیٰ گناہ گار بندوں کے آہ و نالوں کے وقت نکلے ہوئے آنسوؤں کو شہیدوں کے خون کے برابر وزن کرتے ہیں۔

میرے بزرگو اور دوستو! بے حساب مغفرت اور عرش کے سائے کا نسخہ بھی حق تعالیٰ کے خوف سے تنہائی میں رونا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)! کیا آپ کی اُمت میں کوئی ایسا بھی ہے جو بے حساب کتاب جنت میں داخل ہوگا؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! جو اپنے گناہوں کو یاد کرکے روتا ہے۔

بخاری شریف میں **باب مَنْ جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ یَنْتَظِرُ الصَّلٰوۃَ وَ فَضْلِ الْمَسَاجِدِ** کے ذیل میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث تحریر فرمائی ہے **سَبْعَةٌ یُّظِلُّهُمُ اللهُ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ** قیامت کے دن سات (قسم کے) آدمی ایسے ہوں گے جن کو حق تعالیٰ شانہ عرش کا سایہ عطا فرمائیں گے، ان میں ایک شخص وہ ہوگا **وَ رَجُلٌ ذَكَرَ اللهَ خَالِیًا فَفَاضَتْ عَیْنَاهُ** وہ آدمی جو اللہ تعالیٰ کو تنہائی میں یاد کرے اور پھر اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگیں۔

شرح بخاری فتح الباری جلد: ۲، صفحہ: ۱۴۷ پر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں **ذَكَرَ اللهَ اَیْ بِقَلْبِهٖ مِنَ التَّذَكُّرِ اَوْ بِلِسَانِهٖ مِنَ الذِّكْرِ** ذکر اللہ سے مراد دل میں یاد کرنا اللہ تعالیٰ کو یا زبان سے ذکر کرنا اور **خَالِیًا** یعنی تنہائی کی قید اس لیے ہے کہ ریا سے محفوظ رہے **لِاَنَّهٗ یَكُوْنُ حِیْنَئِذٍ اَبْعَدَ مِنَ الرِّیَاءِ وَالْمُرَادُ خَالِیًا مِّنَ الْاِلْتِفَاتِ اِلٰی غَیْرِ اللهِ وَلَوْ كَانَ فِیْ مَلَاٍ** یعنی مراد تنہائی سے یہ ہے کہ قلب متوجہ الی اللہ ہو اور غیر اللہ سے خالی ہو اگرچہ مجمع میں ہو۔ اور اس مفہوم کی تائید امام بیہقی کی اس روایت سے ہوتی ہے **ذَكَرَ اللهَ بَیْنَ یَدَیْهِ** لیکن مطلق تنہائی جہاں کوئی نہ ہو اس مفہوم کی تائید عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اور حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ کی روایت **ذَكَرَ اللهَ فِیْ خَلَاءٍ** سے ہوتی ہے **اَیْ فِیْ مَوْضِعٍ خَالٍ** یعنی بالکل تنہائی ہو، کوئی مخلوق نہ ہو اور حافظ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں **هِیَ الْاَصَحُّ** یہی زیادہ صحیح ہے۔ احقر عرض کرتا ہے کہ اہلِ محبت کو ذوقاً بھی یہی خلوت محبوب ہے۔[۱۶۸]

حدیث نمبر ۴۶

اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّكَ بِیْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّكَ عَلَیَّ قَادِرٌ[۱۶۹]

---

[۱۶۸] ذکرہ الحافظ ابن الحجر العسقلانی فی فتح الباری: ۲/۱۴۷، ولفظہ ذَكَرَ اللهَ أَیْ بِقَلْبِهٖ من التَّذَكُّرِ أَوْ بِلِسَانِهٖ من الذّكر وخالیا أی مِنَ الْخُلُوِّ لِأَنَّه یكونُ حِینَئِذٍ أَبْعَدَ مِنَ الرِّیَاءِ وَالْمُرَادُ خَالِیًا مِنَ الِالْتِفَاتِ إِلَى غَیرِ اللهِ وَلَوْ كَانَ فِی مَلَأٍ وَیؤَیِّدُه رِوَایَةُ الْبَیهَقِی ذُكَرَ اللهَ بَینَ یدَیه وَیؤَیِّدُ الأول رِوَایة بن الْمُبَارَكِ وَحَمَّادِ بْنِ زَیدٍ ذَكَرَ اللهَ فِی خَلَاءٍ أَی فِی مَوْضِعٍ خَالٍ وَهِی أَصَحُّ

[۱۶۹] هذا مختصر من دعاء مطرف بن عبد الله بن الشخیر رحمه الله أنه یقُولُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ السُّلْطَانِ، وَمِنْ شَرِّ مَا تَجْرِی بِه أَقْلَامُهُمْ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَقُولَ بِحَقٍّ أَطْلُبُ بِه غَیرَ طَاعَتِكَ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَتَزَینَ لِلنَّاسِ بِشَیءٍ یشِینُنِی عِنْدَكَ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْتَغِیثَ

ترجمہ: اے اللہ! مجھے رسوا نہ کیجیے کہ یقیناً آپ مجھے خوب جانتے ہیں اور مجھے عذاب مت دیجیے کہ یقیناً آپ مجھ پر خوب قادر ہیں۔

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو دعا تعلیم فرمائی میرے حق میں اس کو قبول فرمالیجیے اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ اے اللہ! مجھے رسوا نہ کیجیے کیوں کہ آپ مجھے خوب جانتے ہیں، میری تمام نالائقیوں کا آپ کو علم ہے اس لیے مجھے رسوا کرنا آپ کو کچھ مشکل نہیں وَلَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّکَ عَلَیَّ قَادِرٌ[۱۷۰] اور مجھے عذاب نہ دیجیے کہ میں پوری طرح آپ کی قدرتِ قاہرہ غالبہ کاملہ کے تحت ہوں، جو پوری طرح قدرت میں ہو اس کو عذاب دینا قادرِ مطلق کو کیا مشکل ہے لیکن آپ کریم ہیں، اپنے کرم کے صدقہ میں اس بندۂ عاجز اور مغلوب کو رُسوا بھی نہ کیجیے اور عذاب بھی نہ دیجیے۔ لہٰذا اے خدا! میری مدد فرمایئے اور نفس و شیطان کی مکاریوں سے اور ان کی چالوں اور دھوکوں سے مجھے بچا لیجیے کہ نفس و شیطان مجھے مغلوب نہ کرسکیں۔ اَللّٰھُمَّ وَاقِیَۃً کَوَاقِیَۃِ الْوَلِیْدِ اور میری ایسی حفاظت فرمایئے جیسے ماں اپنے چھوٹے سے بچے کی حفاظت کرتی ہے کہ اس کے بچہ کو اگر مٹی کھانے کی عادت ہے تو گھر میں جھاڑو لگا کر گھر کو مٹی سے پاک کردیتی ہے اور اگر کوئی دوسرا بچہ چھپا کر مٹی لاتا ہے تو اس کا کسٹم کرتی ہے اور مٹی اس سے چھین کر پھینک دیتی ہے اور ایسے بچے کو اپنے بچے کے پاس بھی نہیں آنے دیتی اور اگر بچہ کبھی چھپا کر مٹی منہ میں رکھ لیتا ہے تو اس کے منہ میں انگلی ڈال کر نکال لیتی ہے اور کبھی نگل لیتا ہے تو اس کو قے کرادیتی ہے تاکہ کوئی مضر چیز میرے بچے کو نقصان نہ پہنچادے۔ تو اے اللہ! ماں کی رحمت تو آپ کی رحمت کی ادنیٰ بھیک ہے، ماؤں کو محبت کرنا تو آپ ہی نے سکھایا ہے۔ پس اے خالقِ رحمتِ مادراں! گناہوں سے میری بھی اسی طرح حفاظت فرمایئے کہ اگر میں گناہ کرنا بھی چاہوں تو آپ نہ کرنے دیجیے اور گناہ اور اسبابِ گناہ کو مجھ سے اس طرح دور کردیجیے جیسے ماں مضر چیزوں کو اپنے چھوٹے بچہ سے دور کردیتی ہے۔

پس اے کریم! ہمارے گناہوں کو محض اپنے کرم سے معاف فرمادیجیے بلکہ گناہوں کے آثار و نشانات کو بھی محو فرمادیجیے کیوں کہ عفو کے معنیٰ ہیں گناہوں کے نشانات اور شہادتوں کو مٹادینا۔ اے اللہ! آپ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب بندہ آپ سے معافی مانگتا ہے اور آپ جب اس کو معاف فرمادیتے ہیں تو آپ گناہ کے چاروں گواہوں کو ختم کردیتے ہیں، کِرَامًا کَاتِبِیْنَ سے اس کے گناہ کو

بِشَیءٍ مِنْ مَعَاصِیكَ عَلَی ضُرٍّ نَزَلَ بِی، وَأَعُوذُبِكَ أَنْ تَجْعَلَنِی عِبْرَةً لأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ، وَأَعُوذُبِكَ أَنْ تَجْعَلَ أَحَدًا أَسْعَدَ بِمَا عَلَّمْتَه مِنِّی، اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِی فَإِنَّك بِی عَالِمٌ، اللّٰھُمَّ لَا تُعَذِّبْنِی فَإِنَّك عَلَیَّ قَادِرٌ. أخرجه ابن أبی شیبة فی مصنفه(۱۹/۳۴۵ برقم (۳۶۲۶۴)ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامیة)

[۱۷۰] مصنَّف بن ابی شیبة:۷/۱۷۷، کلام مطرف بن الشخیر، مکتبة الرشد، الریاض

بھلا دیتے ہیں اور اس کے اعمال نامہ سے اس گناہ کو خود مٹا دیتے ہیں اور جس زمین پر اس نے گناہ کیا تھا اس زمین سے بھی گناہ کے آثار کو مٹا دیتے ہیں اور اس کے اعضا جو قیامت کے دن اس کے خلاف گواہی دینے والے تھے ان اعضا کو بھی وہ گناہ بھلا دیتے ہیں **حَتّٰی یَلْقَی اللہَ وَلَیْسَ عَلَیْہِ شَاھِدٌ مِّنَ اللہِ بِذَنْبٍ**[۱۷۱] یہاں تک کہ وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے خلاف کوئی گواہ نہ ہو گا۔

پس اے اللہ! میں آپ سے معافی مانگ رہا ہوں، اپنے جرائم پر نادم ہو کر توبہ کر رہا ہوں آپ اپنے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی بشارت کو میرے حق میں قبول فرمالیجیے اور مجھے معاف فرما دیجیے اے کریم۔

اور آپ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ دعا بھی سکھائی **اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ** اور بعض احادیث میں لفظ **کَرِیْمٌ** کا بھی اضافہ ہے کہ اے اللہ! آپ بہت معاف کرنے والے، بڑے کریم ہیں، ناقابلِ معافی اور مستحقِ عذاب کو بھی بوجہ اپنے کرم کے معاف فرما دیتے ہیں اور یہی نہیں کہ صرف معاف فرماتے ہیں بلکہ **تُحِبُّ الْعَفْوَ** معاف کرنے کو آپ محبوب رکھتے ہیں۔ اس کی شرح محدثین نے یہ کی ہے کہ **اَنْتَ تُحِبُّ ظُھُوْرَ صِفَۃِ الْعَفْوِ عَلٰی عِبَادِكَ** اپنے بندوں پر اپنی صفتِ عفو و مغفرت کا ظہور آپ کو خود محبوب ہے یعنی اپنے گناہ گار بندوں کو معاف کرنا آپ کا محبوب عمل ہے۔ پس آپ کے اس محبوب عمل کے لیے ہم گناہ گار اپنے گناہوں پر ندامت و استغفار و توبہ کی گٹھڑی لے کر حاضر ہوئے ہیں **فَاعْفُ عَنِّیْ** پس ہم کو معاف کر دیجیے کہ آپ کا محبوب عمل ہو جائے گا اور ہمارا بیڑا پار ہو جائے گا۔ ملّا علی قاری ایک حدیثِ پاک کی شرح میں لکھتے ہیں:

اِنَّ الْمُسْتَغْفِرِیْنَ نُزِّلُوْا مَنْزِلَۃَ الْمُتَّقِیْنَ[۱۷۲]

گناہوں سے توبہ کرنے والے بھی متقین کے درجہ میں کر دیے جاتے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: **اَللّٰھُمَّ لَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّکَ عَلَیَّ قَادِرٌ** اے اللہ! مجھے عذاب نہ دیجیے کیوں کہ میں تو پوری طرح آپ کے قبضۂ قدرت میں ہوں، آپ سے بچ کر میں کہاں جاسکتا ہوں۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ عنوان ہے جلبِ رحمتِ حق کے لیے جیسے چھوٹا بچہ باپ سے کہتا ہے کہ ابا! مجھے نہ ماریے، میں تو آپ کا چھوٹا سا بچہ ہوں، آپ کے قبضہ میں ہوں تو باپ کو اس کی بے بسی پر رحم آجاتا ہے تو سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اُمت کو سکھا دیا کہ اپنے رب سے ایسے ہی کہو تا کہ ان کی رحمت کو جوش آجائے۔

---

۱۷۱ هذا مختصر حديث إِذا تابَ العَبْدُ أنسَى الله الحَفَظَةَ ذُنُوبَه وأنسَى ذَلِك جَوارِحَه ومَعالِمَه مِنَ الأرْضِ حَتَّى يلْقى الله وَلَيس عَلَيه شاهدٌ مِنَ الله بِذَنْبٍ، اخرجه العلى المتقى فى كنز العمال فى سنن الاقوال: ۲۰۹/۴برقم(۱۰۱۷۹)،فى باب فضل التوبة والترغيب فيها،مؤسسة الرسالة

۱۷۲ مرقاة المفاتيح: ۱۳۵/۵،باب الاستغفار و التوبة،المكتبة الامدادية،ملتان

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے وہ ذات جس کو ہمارے گناہوں سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا! اگر وہ سارے عالَم کو بخش دے تو اس کے خزانۂ مغفرت میں ایک ذرّہ کمی واقع نہ ہو پس میرے ان گناہوں کو بخش دے جس سے اے اللہ! آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا اور مجھے وہ مغفرت عطا فرمادے جس کی آپ کے یہاں کوئی کمی نہیں ہوتی۔

موردِ رحمت چار قسم کے افراد

حدیثِ پاک میں ہے:

لَوْلَا رِجَالٌ خُشَّعٌ وَّ شُیُوْخٌ رُّکَّعٌ وَّ اَطْفَالٌ رُّضَّعٌ وَّ بَھَاۤئِمُ رُتَّعٌ لَصَبَبْنَا عَلَیْکُمُ الْعَذَابَ صَبًّا[۱۴۳]

اگر خشوع کرنے والے مرد نہ ہوتے اور کمر جھکے ہوئے بوڑھے نہ ہوتے اور دودھ پیتے بچے نہ ہوتے اور بے زبان جانور نہ ہوتے تو تمہارے اوپر بارش کی طرح عذاب نازل ہو جاتا۔ معلوم ہوا کہ چار قسم کی مخلوق کی وجہ سے ہم لوگ عذابِ الٰہی سے بچے ہوئے ہیں۔ نمبر ایک رِجَالٌ خُشَّعٌ ڈرنے والے مردِ خدا، دودھ پیتے بچے جس کو اَطْفَالٌ رُّضَّعٌ کہا گیا ہے، نمبر تین بڑے بوڑھے جنہیں شُیُوْخٌ رُّکَّعٌ کہتے ہیں، نمبر چار بے زبان جانور جن کو بَھَاۤئِمُ رُتَّعٌ کہتے ہیں۔ آج دیکھو لاکھوں مرغیاں جلادی گئیں، بے گناہ مخلوق کو زندہ جلا دیا گیا، اللہ تعالیٰ ان بے گناہ مظلوموں کی آہ سن لے اور ہم پر کوئی ایسا حاکم بنادے جس سے پورے ملک میں امن و امان قائم ہو جائے، علمِ الٰہی میں جس کا نظم و انتظام و صلاحیت ہمارے لیے خیر ہو، آپ بہتر جانتے ہیں، ہم تو آپ سے مانگتے ہیں۔ اپنی ذات پر بھروسہ مت کرو، ہم جن کو اچھا سمجھتے ہیں دُم اٹھاؤ تو مادّہ نظر آتی ہے ؎

ہر کہ او دم برداشتہ مادہ نظر می آید

اس لیے عرض کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے رجوع کرو، اپنے علم پر ناز مت کرو، اللہ تعالیٰ کے حوالے کرو کہ اے خدا! اپنے علم کے اعتبار سے ہماری خیر و بہتری کے لیے عالمِ غیب سے اسباب پیدا فرما۔

---

[۱۴۳] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه و سلم۔ قال: مَهلًا عَنِ الله مَهلًا، لَوْلَا شَبَابٌ خُشَّعٌ، وَشُيوخٌ رُكَّعٌ، وَأَطْفَالٌ رُضَّعٌ، وَبَهائِمُ رُتَّعٌ، لَصَبَّ عَلَيكُمُ الْعَذَابَ صَبًّا. أخرجه أبو يعلى في مسنده: ۵/۵۰۶، برقم (۶۶۰۲)، دار الكتب العلمية.

رحمتِ حق کو متوجہ کرنے والا عجیب عنوانِ دعا

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قربان جائیے، سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر لاکھوں کروڑوں صلوٰۃ وسلام نازل ہوں، کیسی پیاری دعا سکھادی اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ اے اللہ! ہم کو ذلیل نہ فرما کہ جس کوٹھڑی میں ہم گناہ کررہے تھے وہاں آپ بھی موجود تھے، آپ ہمارے سارے عیوب کو جانتے ہیں لہٰذا اے خدا! ہم کو رسوانہ فرما۔ مخلوق سے تو ہم چھپ گئے لیکن آپ اس وقت بھی موجود تھے جب ہم گناہ کررہے تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دعا سکھارہے ہیں۔ قربان جائیے کیا پیاری دعا ہے! اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ پس تحقیق کہ آپ خوب جانتے ہیں جو ہم تنہائیوں میں، خلوتوں میں، کوٹھڑیوں میں، حجروں میں چھپ چھپ کے گناہ کرتے ہیں اے خدا! آپ وہیں ہوتے ہیں، آپ اپنی قدرتِ قاہرہ کے ساتھ ہمیں دیکھتے ہیں۔ یہ آپ کا کمالِ حلم وکرم ہے کہ جلدی بدلہ نہیں لیتے۔ موقع دیتے ہیں کہ شاید اب توبہ کرلے، شاید اب توبہ کرلے وَلَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّکَ عَلَیَّ قَادِرٌ اور مجھ کو عذاب نہ دیجیے کیوں کہ آپ مجھ پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔

حدیثِ بالا کی مزید تشریح

اے اللہ! آپ ہم کو ذلیل اور رُسوانہ کیجیے، کیوں کہ آپ ہمارے ہر گناہ سے باخبر ہیں، جب ہم گناہ کرتے ہیں تو آپ موجود ہوتے ہیں اور جب نیکی کرتے ہیں تو بھی موجود رہتے ہیں، آپ کبھی غیر موجود ہوتے ہی نہیں۔ وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ کا یہی ترجمہ ہے کہ اے اللہ! آپ اپنے بندوں سے کبھی غیر موجود نہیں ہوتے، مسجد میں بھی آپ ساتھ ہیں، دفتر میں بھی ساتھ ہیں، ہوائی جہاز پر بھی ساتھ ہیں، بحری جہاز پر بھی ساتھ ہیں، شہر میں بھی ساتھ ہیں، جنگل میں بھی ساتھ ہیں، کہیں کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں آپ ساتھ نہ ہوں۔ وَھُوَ مَعَکُمْ جملۂ اسمیہ ہے اس سے خروج محال ہے۔ اب منطق سنیے کہ وَھُوَ مَعَکُمْ جملۂ اسمیہ ہے اور جملۂ اسمیہ دلالت کرتا ہے دوام پر اور دوام دلالت کرتا ہے عدمِ خروج پر کہ اس حالت سے اس کا خروج نہیں ہوسکتا۔ یعنی بندہ ایک سانس ایسا نہیں لے سکتا کہ خدا اُس کے ساتھ نہ ہو، انسان کا کوئی سانس ایسا نہیں گزر سکتا کہ جس سانس میں وَھُوَ مَعَکُمْ سے اس کا خروج اور ایگزٹ (exit) ہوجائے۔ بتاؤ ایسا رفیق کہاں ملے گا جو زمین کے اوپر بھی اور جو زمین کے نیچے بھی، عالمِ برزخ میں بھی، میدانِ محشر میں بھی اور جنت میں بھی ساتھ ہو؟ لاؤ ہمارے پیارے اللہ کے سوا کوئی ایسا ساتھی، ایسا رفیق، ایسا مولیٰ جو کبھی اور کہیں ساتھ نہ چھوڑتا ہو۔

ورنہ جنازہ جب قبر میں اُترتا ہے تو بڑی بڑی عاشق بیویاں زمین کے اوپر رہ جاتی ہیں، مال ودولت وکاروبار

اور دفتر اور آفس جس کی وجہ سے اُن کو فش ملتا ہے اور ڈش ملتا ہے، اگر آفس نہ چلے تو فش بھی غائب اور ڈش بھی غائب۔ موت کے وقت آفس اور ڈش سب ساتھ چھوڑ دیتے ہیں یا نہیں؟ یا آفس ساتھ جاتا ہے کہ صاحب جو کاروبار چھوڑ کر جارہے ہیں اس کی ترقی کے لیے وقتاً فوقتاً ہدایت جاری کرتے رہیں گے۔

تو اَللّٰھُمَّ کے معنیٰ ہیں اے اللہ! اور اللہ اسمِ اعظم ہے۔ کیا مطلب؟ کہ میرے اسمِ اعظم کے صدقہ میں بھیک مانگو کہ اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ اے اللہ! مجھے رسوا کرنے کی جو قدرت آپ کو حاصل ہے تو رُسوانہ کرنے کی بھی آپ کو قدرت ہے۔ ایک طرفہ قدرت پر اللہ تعالیٰ مجبور نہیں ہے کہ ایک قدرت رسوا کرنے کی تو حاصل ہو اور دوسری قدرت رسوانہ کرنے کی حاصل نہ ہو اور قدرت کی تعریف کیا ہے؟ فلسفہ کا قاعدۂ مسلمہ ہے اور اس پر میں بڑے بڑے ایم ایس اور بڑے سے بڑے سائنس دان کو للکارتا ہوں کہ اپنی سائنس کے زور سے میری اس بات کو ذرارد کرکے دکھاؤ کہ قدرت ضدین سے متعلق ہوتی ہے یعنی قدرت کہتے ہیں کہ ضدین پر قدرت حاصل ہو، جو کام کرسکتا ہو اس کو نہ بھی کرسکتا ہو اس کا نام قدرت ہے۔ اگر کسی کی گردن ایک طرف کو اکڑ گئی ہے دوسری طرف نہیں مُڑ سکتی تو اس کو کہتے ہیں کہ تشنج ہو گیا ہے، کزاز ہو گیا ہے، ٹٹنس ہو گیا ہے اس کو قدرت نہیں کہتے۔ یہ سب طب کی کتابوں میں مجھ کو پڑھایا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ آج میری طبِ یونانی طبِ ایمانی میں تبدیل ہورہی ہے۔ تو فلسفے کے قاعدۂ مسلمہ کے مطابق قدرت نام ہے جو ضدین سے متعلق ہو۔ جو کام کرسکتا ہو نہ بھی کرسکتا ہو۔ چناں چہ ایک فلسفہ داں نے حکیم الامت کو لکھا کہ میں جب کسی حسین پر نظر ڈالتا ہوں تو پھر ہٹا نہیں سکتا، میرے اندر طاقت ہٹانے کی نہیں ہوتی۔ حضرت نے لکھا کہ آپ غلط کہتے ہیں، اگر آپ دیکھنے کی طاقت رکھتے ہیں تو نہ دیکھنے کی بھی آپ کو طاقت ہے، کیوں کہ قدرت ضدین سے متعلق ہوتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ کی شرح کا دردانگیز عاشقانہ اور نادر عنوان

وہ خالقِ سائنس اور خالقِ فلسفہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے نبی اُمی کو جو کسی مکتب کا پڑھا ہوا نہیں تھا علومِ نبوت عطا فرمارہا ہے کہ آپ اس طریقہ سے اُمت کو سکھایئے مگر کمال ہے شفقت اور رحمت کا کہ اس نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُمت کی خطاؤں کو خود اوڑھ لیا اور عرض کیا: لَا تُخْزِنِیْ اے خدا! اپنے نبی کو رُسوانہ کیجیے۔ کیا شانِ رحمت ہے رحمۃ للعالمین کی اور کلامِ نبوت کا کیا کمالِ بلاغت ہے کہ رحمتِ حق کو جوش دلانے کے لیے امت کی رسوائی کو اپنی رسوائی سے تعبیر کیا ورنہ کیا نبی بھی کہیں رسوا ہوتا ہے؟ نبی تو معصوم

ہوتا ہے۔ اور ذلت ورسوائی اس پر ممتنع اور محال ہے، تو یہ سب ہماری تعلیم کے لیے ہے، ہم کو سکھا دیا کہ ایسے مانگو مگر کیا پیارا انداز ہے کہ اپنے غلاموں کو داغدار نہیں ہونے دیا، سب اپنے اوپر اوڑھ لیا کہ اے خدا! ہم کو رسوانہ کرنا۔ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ کیوں کہ آپ کو ہمارے سب گناہوں کا علم ہے۔ جب ہم گناہ کرتے ہیں آپ ہمیں دیکھتے رہتے ہیں۔ نامناسب کا لفظ یاد رکھیے کہ گناہ نام ہی ہے مرضیٔ خدا کے خلاف کام کرنے کا۔ اللہ کی مرضی کے مطابق کھانا پینا اور ہر جائز نعمت کا استعمال حلال ہے۔ تو اس مضمون کا حاصل یہ ہوا کہ اے خدا! آپ ہمیں رسوانہ کیجیے۔ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ میں فاء تعلیلیہ ہے یعنی بوجہ اس کے کہ آپ کو ہمارے سب گناہوں کا علم تھا، ہے اور ہوتا رہے گا، اس لیے ہمیں رسوا کرنے کا ضابطہ سے آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ اپنی رسوا کرنے والی قدرت کو ہم پر نافذ کردیں، کوئی زمانہ، کوئی وقت اور کوئی لمحہ ایسا نہیں کہ ہمیں رسوا کرنے کا قانون اور ضابطہ کی رو سے آپ کو حق حاصل نہ ہو، بحق ضابطہ ہمیں رسوا کرنے کی آپ کو قدرت ہے جس کی دلیل فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ ہے کیوں کہ آپ کو ہمارے سارے گناہوں کا علم ہے اور جس کو کسی کے عیوب کا علم ہو جائے وہ جب چاہے اس کو رسوا کرسکتا ہے۔ پس بحقِ ضابطہ اگر آپ ہم کو رُسوا کردیں تو آپ ظالم نہیں ہوں گے، آپ کا عین عدل، عین انصاف، عینِ قانون اور ضابطہ ہوگا۔

رحمت ارحم الراحمین کا کامل نمونہ

مگر حق ضابطہ کے بجائے ہم حقِ رابطہ آپ سے مانگتے ہیں کہ آپ وہ ارحم الراحمین ہیں جو مولائے رحمۃ للعالمین ہیں۔ آج زندگی میں پہلی دفعہ اللہ کی رحمت سے اختر اس عنوان سے فریاد کر رہا ہے کہ آپ ارحم الراحمین ہیں مگر آپ کس پیغمبر کے مولیٰ ہیں؟ سید الانبیاء رحمۃ للعالمین کے مولیٰ ارحم الراحمین ہیں۔ یوں تو آپ ہم سب کے مولیٰ ہونے کی نسبت سے، عظیم الشان منسوب الیہ کی نسبت سے بے مثل ارحم الراحمین کی شانِ رحمت کی معرفت میں اضافہ ہوتا ہے کہ آپ اس نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مولیٰ ہیں جو رحمتِ ارحم الراحمین کا مظہرِ اتم ہے، آپ کی رحمت کا کامل نمونہ ہے۔ جس کی شان یہ ہے کہ مکہ کے ظالموں کو، ستانے والوں کو، حالتِ نماز میں آپ پر اونٹ کی اوجھڑی ڈالنے والوں کو، راہ میں کانٹے بچھانے والوں کو، طائف کے بازار میں پتھر مار کر آپ کے سر مبارک کے خونِ مبارک سے نعلین بھرنے والے ظالموں کو فرمادیا کہ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ [۱۷۴] آج کے دن تم سے کوئی انتقام نہیں، جو بھائی

---

[۱۷۴] یوسف: ۹۲

یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کے ساتھ کیا وہی تمہارا بھائی آج تمہارے ساتھ رحمت کا معاملہ کرے گا۔ آہ! بھائی بھی فرمارہے ہیں تو ایسے نبیٔ رحمت کے آپ مولیٰ ہیں! پھر آپ کی رحمت کا کیا ٹھکانہ ہو گا! ہمارے وہم وگمان سے اور قیل و قال سے آپ کی رحمت بے پایاں بالاتر ہے۔ پس بحقِ ضابطہ ہم مستحقِ رسوائی ہیں لیکن اے ارحم الراحمین! اے مولائے رحمۃ للعالمین! ہم آپ سے بحقِ رابطہ، بحقِ رحمت، بحقِ رحمۃ للعالمین فریاد کرتے ہیں کہ ہم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں اور اس نسبتِ غلامی کا آپ کو واسطہ دیتے ہیں کہ لَا تُخْزِنِیْ ہمیں رُسوانہ کیجیے اور معاف کر دیجیے، کیوں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمت کو جو دعا سکھائی تو اس منفی میں مثبت درخواست پوشیدہ ہے کہ اے خدا! آپ کو ہمیں رُسوا کرنے کی جتنی قدرت ہے اتنی ہی قدرت رُسوانہ کرنے کی بھی ہے۔ آپ کو دونوں قدرت حاصل ہیں۔ چاہیں تو بحقِ ضابطہ آپ ہم کو ذلیل ورُسوا کر دیں کہ سارے عالم کو ہم منہ دکھانے کے قابل نہ رہیں اور چاہیں تو بحقِ رابطہ، بحقِ رحمت اور بحقِ محبت جو ہمیں پیدا کرنے اور پالنے کی وجہ سے آپ کو ہم سے ہے اپنی اس رسوا کرنے والی قدرت کے قضیہ کا عکس کر دیں اور ہمیں رُسوانہ کریں کیوں کہ ہمیں آپ کے خاص بندوں اور بڑے بڑے علماء نے بتایا ہے کہ فلسفہ کا قاعدہ مسلمہ ہے کہ قدرت ضدین سے متعلق ہوتی ہے یعنی قادر وہ ہے جو ضدین پر قادر ہو کہ جو کام کر سکتا ہو وہ نہ بھی کر سکتا ہو اور جو دوطرفہ قدرت نہ رکھتا ہو وہ مجبور ہوتا ہے اور آپ مجبور نہیں ہیں۔ آپ جس طرح رُسوا کرنے والی صفت کے ظہور پر قادر ہیں اسی طرح اپنی اس صفت کو ظاہر نہ کرنے پر بھی قادر ہیں یعنی آپ کو دونوں پر قدرت ہے۔ آپ ہم کو جتنا رُسوا کرنے کی قدرت رکھتے ہیں اتنا ہی رسوانہ کرنے کی بھی قدرت رکھتے ہیں۔ لہٰذا اے ارحم الراحمین! اپنی رحمت کے صدقہ میں اپنی رسوا کرنے والی صفت ہم پر ظاہر نہ کیجیے بلکہ اس کا ضد اور عکس یعنی رُسوانہ کرنے والی صفت کا ہم پر ظہور فرمادیجیے۔

ایک بزرگ سے کسی نے کہا کہ ہم نے تم کو نامناسب حالت میں دیکھا ہے۔ اس بزرگ نے کہا کہ تم نے تو میری صرف ایک غلطی دیکھی ہے لیکن میری زندگی میں کتنے گناہ ہیں کہ جن کی اللہ تعالیٰ نے پردہ پوشی فرمائی ہے۔ جو تم کہہ رہے ہو یہ تو ان ہزاروں خطاؤں اور گناہوں میں سے ایک ہے جن کو تم نہیں جانتے۔ ہر گناہ گار اپنے گناہوں کی تعداد کو جانتا ہے، کمیات کو بھی جانتا ہے، کیفیات کو بھی جانتا ہے اور کس جغرافیہ سے گناہ کیا ہے وہ بھی جانتا ہے۔ لیکن علمِ جغرافیہ کے باوجود اللہ تعالیٰ نے اس کی تاریخِ گناہ پر اپنی ستاریت کا پردہ ڈالا ہوا ہے اسی لیے دعا کرتا ہوں اَللّٰھُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّکَ بِیْ عَالِمٌ اے اللہ! مجھے رُسوانہ کیجیے کہ آپ میرے تمام گناہوں سے باخبر ہیں۔

حدیثِ پاک کے دوسرے جز کی عشق انگیز وعارفانہ شرح

اب دوسرا جملہ بھی اسی سرکارِ عالیہ کا ہے جس کا پہلا جملہ آپ ابھی سن چکے ہیں۔ اب درِ عالیہ کا دوسرا جملہ بھی مسجد اشرف سے نشر کرنے کا شرف حاصل ہورہا ہے وَلَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّکَ عَلَیَّ قَادِرٌ اور اے خدا! ہم کو عذاب نہ دیجیے کہ ہمیں عذاب دینے کی بحقِ قانون وضابطہ آپ کو پوری قدرت حاصل ہے لہٰذا پوری قدرت کے اعتبار سے ہم کو پورا عذاب دینے پر آپ قادر ہیں لیکن اے مولیٰ! جتنا عذاب دینے کی آپ کو قدرت ہے تو اس قضیہ کے عکس کی یعنی عذاب نہ دینے کی بھی آپ کو اتنی ہی قدرت حاصل ہے۔ عذاب دینے کی یک طرفہ قدرت کے اظہار پر آپ مجبور نہیں ہیں۔ لہٰذا ہم بے کسوں، غریبوں اور گناہ گاروں پر آپ رحم فرمائیں اور عذاب نہ دینے کی قدرت کا ہم پر ظہور فرمادیجیے۔

ارحم الراحمین کی عظمتِ شان کے عجیب عارفانہ نکات

اور مخلوق میں چوں کہ تاثر وانفعال ہے اس لیے اس پر جب اس کی کسی صفت کا غلبہ ہو جاتا ہے تو دوسری صفت میں منتقل ہونے میں دیر لگتی ہے، جیسے کسی پر غصہ چڑھ گیا تو اب رحم وکرم کی صفت میں منتقل ہونے میں اس صاحبِ غضب کو کچھ تاخیر ہوگی، کچھ وقت لگے گا، کیوں کہ خون گرم ہو گیا، گردن کی رگیں پھول گئیں، آنکھیں سرخ ہو گئیں، تو اب صفتِ غضب سے صفتِ عفو میں آنے میں کچھ دیر لگے گی لیکن اللہ تعالیٰ کی شان سن لو کہ جس لمحہ اور جس سیکنڈ میں اگر اللہ تعالیٰ غضب اور اظہارِ قدرت کا ارادہ کرلیں تو اسی لمحہ اور سیکنڈ میں اللہ تعالیٰ اظہارِ قدرتِ عذاب کو اظہارِ کرم و عفو میں منتقل کرنے پر قادر ہیں، ان کی صفتِ غضب و انتقام کو صفتِ عفو وکرم میں تبدیل ہونے میں ایک لمحہ کی تاخیر نہیں ہوسکتی، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات تأثر و انفعال سے پاک ہے، وہ فاعل تو ہے منفعل نہیں ہو سکتا، وہ مؤثر ہے متأثر نہیں ہو سکتا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ دعا سکھا کر ہمارا بیڑا پار کر دیا کہ میرا اُمتی اگر یہ دعا پڑھ لے تو حق تعالیٰ کی صفتِ تعذیب اور صفتِ غضب سیکنڈوں میں نہیں، اس سے بھی زیادہ جلدی اور تیزی سے صفتِ عفو وکرم میں تبدیل ہوجائے گی کیوں کہ سیکنڈ ہمارا بنایا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ سیکنڈ سے بھی بے نیاز ہے، وہ سیکنڈ سے بھی زیادہ تیز کام کرسکتا ہے جس کا احاطہ اعداد و شمار نہیں کرسکتے۔ پس آپ عذاب دینے کی قدرت کو عذاب نہ دینے کی قدرت میں تبدیل کر کے ہمارا بیڑا پار کردیجیے اور یہ ہم آپ سے بحقِ رابطہ مانگتے ہیں کہ آپ مولائے رحمۃ للعالمین ہیں اور اس نبیٔ رحمت کی یہ شان ہے جنھوں نے اپنے خون کے پیاسوں کو معاف فرما

دیا تو آپ کی شانِ ارحم الراحمین کا کیا عالم ہو گا؟ پس اپنی رحمت کے صدقہ میں آپ اپنے غضب اور عذاب دینے کی قدرت کو عذاب نہ دینے کی قدرت میں تبدیل فرما دیجیے کیوں کہ جتنی قدرت عذاب دینے کی آپ کو ہے اتنی ہی قدرت عذاب نہ دینے کی بھی ہے، دونوں میں ذرا بھی فرق نہیں ہو سکتا۔

حق تعالیٰ کی شانِ رحمت شانِ غضب سے زیادہ ہے

بلکہ ایک بات مزید یہ ہے کہ عذاب دینے کی جتنی قدرت آپ کو ہے عذاب نہ دینے کی قدرت بوجہ رحمت و کرم اس سے بھی زیادہ ہے، آپ کی رحمت آپ کے غضب سے زیادہ ہے۔ یہ ادائے اُلوہیت بزبانِ نبوت اختر پیش کر رہا ہے، یہ ادائے خواجگی عبدِ کامل کی زبان سے اختر پیش کر رہا ہے جس سے بڑا کوئی کامل بندہ نہیں ہے۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کی رحمت اور غضب کی صفت میں دوڑ ہوئی، مسابقہ ہوا تو حدیثِ قدسی ہے:

سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ غَضَبِیْ وَهُوَ عِنْدَهٗ فَوْقَ الْعَرْشِ[۱۷۵]

اللہ کی صفتِ رحمت غضب سے آگے بڑھ گئی جس سے بندوں کا بیڑا پار ہو گیا، اسی لیے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں یہ دعا سکھائی وَ لَا تُعَذِّبْنِیْ اور ہمیں آپ عذاب نہ دیجیے فَاِنَّكَ عَلَیَّ قَادِرٌ کیوں کہ آپ کو تو ہم پر پوری قدرت ہے، ہم تو آپ کے تحت القدرۃ ہیں، جو چاہیں آپ ہمیں کر دیں، کتا بنا دیں، سور بنا دیں، زمین پھاڑ کر دھنسا دیں، عذاب کی جتنی قسمیں ساری اُمتوں پر آئی ہیں، آپ سب کی سب اجتماعی طور پر اس گناہ گار پر نازل کرنے کی قدرت رکھتے ہیں لیکن آپ ہم کو عذاب دینے کی تمام قدرتوں میں سے ایک قدرت کا بھی ظہور نہ کیجیے، عذاب دینے کی جتنی قدرت آپ کو حاصل ہے اس میں سے ایک ذرّہ بھی نافذ نہ کیجیے بلکہ عذاب نہ دینے والی قدرت میں ایک ذرّہ نہ چھوڑیے۔ آہ! سوچو تو سہی کیا یہ حق تعالیٰ کا کرم اور علمِ عظیم نہیں ہے کہ عذاب دینے کی جو قدرت آپ کو ہے اس میں سے ایک ذرّہ، ایک اعشاریہ ظاہر نہ ہونے دیجیے اور عذاب نہ دینے کی جو آپ کو قدرت ہے وہ سب کی سب ہم پر ڈال دیجیے۔ کیا مطلب؟ کہ غضب کا سارا ظہور ختم اور ساری رحمت ہم پر تمام کر دیجیے، بحرِ رحمتِ ذخارِ غیر محدود کو ہم پر اُنڈیل دیجیے، اپنی رحمت کی بارش

---

[۱۷۵] هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضی الله عنه عَنِ النَّبِی صلی الله علیه وسلم قَالَ: لَمَّا قَضَى اللهُ الْخَلْقَ كَتَبَ كِتَابًا عِنْدَهٗ غَلَبَتْ، أَوْ قَالَ سَبَقَتْ رَحْمَتِي غَضَبِي فَهُوَ عِنْدَهٗ فَوْقَ الْعَرْشِ. أخرجه البخاری فی صحيحه: ۲/۱۱۲۷، برقم (۷۵۵۳) فی باب قَوْلِ اللهِ تَعَالٰی: بل هو قرآن مجيد فی لوح محفوظ

فرمادیجیے کہ آپ کی رحمت کا تماشا دیکھ کر ساری دنیا حیرت زدہ ہو جائے کہ ارے! اس کو تو ہم معمولی سمجھتے تھے، یہ کیا سے کیا ہوا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کی تاریخ بدلتا ہے تو سارا عالَم حیرت زدہ ہو جاتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی تاریخ ذلت کو بدلتا ہے اور عزت کی تاریخ دیتا ہے تو سارے مؤرخینِ عالَم اور مؤرخینِ کائنات انگشت بدنداں، حواس باختہ اور حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ بس اب لغت ختم، دنیائے لغت سرنگوں ہے۔ اللہ اللہ ہے، ہماری کوئی لغت ان کے کمالات کی تعبیر و تفسیر کرنے سے قاصر ہے۔ اب دنیائے لغت سرنگوں و عاجز ہے، اس لیے بس ؎

گفتنِ امکاں نیست خامش والسلام

ایسے موقع پر مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ کی سنت ادا کر رہا ہوں کہ اب میرے پاس الفاظ نہیں ہیں لہٰذا اب میں خاموش ہوتا ہوں اور اللہ کے سپرد اختر اپنے کو بھی کرتا ہے اور آپ سب کو بھی اللہ کے سپرد کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ہم سب پر اپنی خاص نوازش فرمادیں، آمین۔

حدیث نمبر ۴۷

اِنَّ الدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْھَا اِلَّا ذِکْرُ اللہِ وَمَا وَالَاہُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ[۱۷۶]

ترجمہ: حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ دنیا ملعون ہے، اور جو کچھ دنیا میں ہے سب ملعون (اللہ کی رحمت سے دور) ہے مگر اللہ کا ذکر اور وہ چیز جو اس کے قریب ہو اور عالم اور طالب علم۔

فائدہ: اللہ تعالیٰ کے ذکر میں جو چیزیں معین ہوں مثلاً کھانا، پینا، لباس اور زندگی کے تمام اسبابِ ضروریہ سب ذکر کے قریب ہیں اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کے قرب سے تمام عبادتیں اس میں شامل ہیں اور دونوں صورتوں

---

[۱۷۶] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه و سلم يقول أَلَا إن الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ، أخرجه الترمذي في سننه (۵۸/۲) برقم (۲۳۲۲) في باب ما جاء في هوان الدنيا على الله عز و جل، وابن ماجة في سننه (ص۳۰۳-۳۰۲) برقم (۴۱۱۲) في بَابِ مَثَلِ الدُّنْيَا، و روى عن أبي مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه و سلم الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِيْهَا اِلَّا عَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ وَذِكْرُ اللهِ وَمَا وَالَاهُ، أخرجه الطبراني في معجمه الأوسط: ۱۲۷/۳، برقم (۴۰۷۲)، دار الكتب العلمية

میں علم ان میں خود داخل ہے اس وجہ سے کہ علم ہی اللہ تعالیٰ کے ذکر کے قریب لے جاتا ہے، بغیر علم کے خدا کو پہچاننا ممکن نہیں لیکن علم کی اتنی ضرورت اور اہمیت کے باوجود عالم اور طالب علم کو علیحدہ اہتمام کی وجہ سے بیان فرمایا کہ امت کو معلوم ہو کہ علمِ دین بہت بڑی دولت ہے (اصل علم، علمِ دین ہے اور اس کے علاوہ تمام علوم فنون ہیں) ایک حدیث میں ہے کہ علم کا صرف اللہ کے لیے سیکھنا اللہ کے خوف کے حکم میں ہے اور علم کی تلاش میں کہیں جانا عبادت ہے اور علم کا یاد کرنا تسبیح ہے۔ تحقیقاتِ علمیہ کے لیے بحث کرنا جہاد ہے اور پڑھنا صدقہ ہے اور اس کا اہل پر خرچ کرنا اللہ کے یہاں قربت ہے اس لیے کہ علم جائز ناجائز کے پہچاننے کی علامت ہے اور جنت کے راستوں کا نشان ہے، وحشت میں جی بہلانے کا سامان ہے اور سفر کا ساتھی ہے (سفر میں کتاب کا مطالعہ) تنہائی کا ایک ہم کلام دوست ہے۔ خوشی اور رنج میں دلیل ہے، دشمنوں پر ہتھیار ہے۔ دوستوں کے لیے حق تعالیٰ شانہٗ اس کی وجہ سے ایک جماعت علماء کو بلند مرتبہ کرتا ہے کہ وہ خیر کی طرف بُلانے والے ہوتے ہیں اور ایسے امام ہوتے ہیں کہ ان کے نشانِ قدم پر چلا جائے اور ان کے افعال کی اتباع کی جائے۔ ان کی رائے کی طرف رجوع کیا جائے، فرشتے اُن سے دوستی کرنے کی رغبت کرتے ہیں، فرشتے اپنے پروں کو (برکت حاصل کرنے کے لیے یا محبت کے طور پر) ان پر مَلتے ہیں اور ہر تر و خشک چیز دنیا کی ان کے لیے مغفرت کی دعا کرتی ہے حتیٰ کہ سمندر کی مچھلیاں اور جنگل کے درندے اور چوپائے اور زہریلے جانور (سانپ وغیرہ تک) بھی دعائے مغفرت کرتے ہیں اور یہ سب اس لیے کہ علم دلوں کی روشنی ہے، آنکھوں کا نور ہے، علم کی وجہ سے بندہ امت کے بہترین افراد تک پہنچ جاتا ہے، دنیا اور آخرت کے بلند مرتبوں کو حاصل کرلیتا ہے، اس کا مطالعہ روزوں کے برابر ہے، اس کا یاد کرنا تہجد کے برابر ہے، اسی سے رشتے جوڑے جاتے ہیں اور اسی سے حلال و حرام کی پہچان ہوتی ہے۔ وہ عمل کا امام ہے اور عمل اس کا تابع ہے، سعید لوگوں کو اس کا الہام کیا جاتا ہے اور بدبخت اس سے محروم رہتے ہیں۔

حدیث نمبر ۴۸

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ[۱۷۸]

---

[۱۷۸] هذا مختصر من حديث أنس بن مالك رضي الله عنه أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا: اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِكَ، وَأَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ مِنْ فَضْلِكَ، وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ. أخرجه ابن السنی فی عمل اليوم والليلة: ۱۵۳/۱ برقم (۱۰۱)، دار ابن حزم

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے دلوں کے تالوں کو کھول دے اپنے ذکر کے ذریعہ۔

اللہ کے ذکر سے کبھی غافل نہیں ہونا چاہیے۔ ذکر دراصل ایک کنجی ہے جس سے دل کا قفل (تالا) کھلتا ہے اور طاعت و فرماں برداری میں جی لگتا ہے اور اس کے لیے جذبہ پیدا ہوتا ہے پھر اس کنجی کے دندانے کو بھی درست رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ دل کا قفل آسانی سے کھلے، کوئی مشکل اور دشواری پیش نہ آئے۔ اور ذکر کی کنجی کے دندانے کو درست رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ ذکر و فکر اور توبہ کو خشوع و خضوع کے ساتھ کیا جائے، ایسے ہی ذکر کے خاطر خواہ اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

ذکر کی کنجی کی جو بات میں نے کہی ہے وہ اپنی طرف سے نہیں کی بلکہ اس کی دلیل حدیث میں موجود ہے، ارشاد ہے: اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ یعنی اے اللہ! ہمارے دلوں کے تالوں کو کھول دے اپنے ذکر کے ذریعہ۔ ذکر میں صرف کمیت یعنی مقدار و تعداد مطلوب نہیں ہے بلکہ کیفیت بھی مقصود ہے، یعنی اللہ کا خیال اور دھیان جس قدر ذکر میں جمایا جائے گا اسی قدر ذاکر کو نفع اور فائدہ ہوگا اور اتنی ہی اس کے اندر طاقت و قوت پیدا ہوگی۔ دیکھیے لومڑی کس قدر بزدل اور ڈرپوک ہے لیکن شیر اگر اس کی پشت پر ہاتھ پھیر دے اور یہ کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، تو اس وقت لومڑی چیتے کا جگر بھی نکال سکتی ہے اور اس کے لیے اس کے اندر ہمت پیدا ہوسکتی ہے۔ اسی طرح ذاکر کے ساتھ اللہ کی مدد و نصرت ہوتی ہے اور کسی حال میں تنہائی محسوس نہیں کرتا، بلکہ نورِ ذکر کی برکت سے ذاکر اپنے قلب میں حق تعالیٰ کا خاص تعلق محسوس کرتا ہے جس کو مشایخ معیتِ خاصہ کہتے ہیں، معیتِ عامہ تو ہر مسلمان کو حاصل ہے۔

حدیث نمبر ۴۹

اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ[۱۶۸]

ترجمہ: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو یوں کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

۱۶۸؎ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلْيَقُلْ لَه أَخُوه، أَوْ صَاحِبُه يَرْحَمُكَ اللهُ فَإِذَا قَالَ لَه يَرْحَمُكَ اللهُ فَلْيَقُلْ يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ. أخرجه البخاري في صحيحه: ۲/۹۱۹، برقم (۶۲۲۴) في باب إِذَا عَطَسَ كَيْفَ يُشَمَّتُ. و روى عن أبي أيوب: أن رسول الله صلى الله عليه و سلم قَالَ: إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَلْيَقُلِ الَّذِي يَرُدُّ عَلَيْهِ يَرْحَمُكَ اللهُ وَلْيَقُلْ هُوَ يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ. أخرجه الترمذي في سننه: ۲/۱۰۳، برقم (۲۷۴۱) في باب ما جاء كيف يشمت العاطس، أخرجه ابن ماجة في سننه: ۲۶۴، برقم (۳۷۱۵) في بَابِ تَشْمِيتِ الْعَاطِسِ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی کہ اگر کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں) لوگوں نے اس موقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کی تعلیم دیے جانے کی مختلف حکمتیں بیان کی ہیں لیکن ایک حکمت ان سب میں نرالی ہے۔ شاید آپ نے یہ حکمت نہ کسی کتاب میں پڑھی ہو نہ کسی سے سنی ہو، وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہترین شکل وصورت میں بنایا ہے مگر جب اس کو چھینک آتی ہے تو اس وقت اس کی شکل بگڑ جاتی ہے چوں کہ چھینک کے بعد شکل اپنی حالت پر عود کر آتی ہے اور اس کا بگاڑ ختم ہو جاتا ہے اس لیے حکم دیا گیا کہ الحمد للہ کہو، تاکہ اللہ کی عظیم نعمت جو تم سے خواہ ایک آن کے لیے ہی سہی، مگر چھین لی گئی تھی، اور اب واپس دے دی گئی ہے۔ اس پر تمہاری طرف سے شکر ادا ہو سکے۔

سوچیے! چھینک کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا بظاہر کتنی معمولی بات ہے، لیکن اس میں کتنی بڑی حقیقت پوشیدہ ہے۔ شریعت کی ہر تعلیم میں اس طرح کی حکمتیں چھپی ہوئی ہیں۔ خواہ ہمیں ان کا ادراک ہو سکے یا نہیں، تاہم ہم ہر تعلیم پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ یہی پابندی ایک بندہ کو خدا کا بندہ بنا دیتی ہے۔ یہ حکمت اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے کی حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمائی جس کو احقر نے اپنے شیخ مرشد حضرت پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے۔

حدیث نمبر ۵۰

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِیْ نَفْسِهٖ صَغِیْرٌ وَّ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ عَظِیْمٌ وَّمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ صَغِیْرٌ وَّ فِیْ نَفْسِهٖ كَبِیْرٌ حَتّٰى لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِمْ مِّنْ كَلْبٍ اَوْ خِنْزِیْرٍ [۱۷۹]

ترجمہ: جس نے اللہ کے لیے تواضع اختیار کی اللہ تعالیٰ اس کو بلندی عطا فرماتے ہیں، بس وہ اپنے نفس میں حقیر ہوتا ہے اور لوگوں کی نگاہوں میں عظیم ہو جاتا ہے اور جس نے تکبر کیا اللہ تعالیٰ اسے پست کر دیتے ہیں اور وہ

---

۱۷۹ هذا حديث عمر رضي الله عنه أنه قال على المنبر أيها النَّاسُ تَوَاضَعُوا فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ الله صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ الله فَهُوَ فِي نَفْسِهِ صَغِيرٌ وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيمٌ، وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ الله فَهُوَ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيرٌ وَفِي نَفْسِهِ كَبِيرٌ حَتّٰى لَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيهِمْ مِنْ كَلْبٍ أَوْ خِنْزِيرٍ، أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۲/۲۷۶ برقم (۸۱۴۰)، دار الكتب العلمية

لوگوں کی نگاہوں میں حقیر ہو جاتا ہے اور اپنی نگاہوں میں بڑا ہوتا ہے، یہاں تک کہ وہ لوگوں کے نزدیک کتے اور خنزیر سے بھی زیادہ ذلیل ہو جاتا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے جس کو حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے **خطبات الاحکام** میں حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل فرمایا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ **مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ** جس نے اللہ کے لیے تواضع اختیار کی اور اپنے نفس کو مٹایا **رَفَعَہُ اللّٰہُ** اللہ تعالیٰ اس کو بلندی دیتا ہے **فَھُوَ فِیْ نَفْسِہٖ صَغِیْرٌ** پس وہ اپنے نفس میں حقیر ہوتا ہے، تواضع کی وجہ سے اپنے دل میں تو اپنے کو چھوٹا سمجھتا ہے، لیکن اس فنائیت کی برکت سے اللہ اس کو لوگوں کی نظر میں عظیم کر دیتا ہے، عزت دیتا ہے تمام مخلوق میں اس کی عظمت اور بڑائی ڈال دیتا ہے **وَ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ عَظِیْمٌ** اپنے نفس میں تو اپنے کو حقیر سمجھا مگر اس تواضع کا کیا انعام ملا؟ تمام لوگوں میں اس کو عظمت عطا ہو گئی، ساری دنیا کے انسانوں میں اللہ تعالیٰ اس کو عظمت دیتے ہیں۔

وَمَنْ تَکَبَّرَ وَضَعَہُ اللّٰہُ اور جو اپنے کو بڑا سمجھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو گرا دیتے ہیں اور جس کو خدا گرائے اس کو کون اُٹھائے؟ ہے کسی میں دم کہ جس کو خدا گرا دے پوری کائنات میں اس کو کوئی اُٹھا دے، جس کو اللہ ذلیل کرے اس کو پوری کائنات میں کوئی عزت نہیں دے سکتا کیوں کہ جو بندہ اپنے کو بڑا سمجھتا ہے حقیقت میں وہ بڑا نہیں ہے، جس کا مادّۂ تخلیق باپ کی منی اور ماں کا حیض ہو وہ کیسے بڑا ہو سکتا ہے؟ اس لیے **وَمَنْ تَکَبَّرَ** فرمایا۔ تکبر بابِ تفعّل سے ہے جس میں خاصیت تکلف کی ہوتی ہے یعنی وہ اپنی حقیقت کے اعتبار سے بڑا نہیں ہے، بہ تکلف بڑا بن رہا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ اس کو گرا دیتے ہیں، ذلیل کر دیتے ہیں۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے لیے جب یہ صفت آتی ہے تو وہاں اس کے یہ معنیٰ نہیں ہوں گے۔ قرآن پاک میں ہے **اَلْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ**، **عَزِیْزٌ** کے معنیٰ طاقت والا، **جَبَّارُ** کے معنیٰ ظالم کے نہیں ہیں جیسا کہ عام لوگ سمجھتے ہیں کہ فلاں بڑا ظالم، جابر ہے، **جَبَّارُ** کے معنیٰ ہیں ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والا اور اپنے بندوں کی بگڑی بنانے والا۔ **اَلَّذِیْ یُصْلِحُ اَحْوَالَ خَلْقِہٖ بِقُدْرَتِہِ الْقَاھِرَۃِ** جو اپنے بندوں کی ہر حالت کو بنانے پر قادر ہو۔ انتہائی خراب حالت کسی بندہ کی ہو تو اس کی منتہائے تباہی اور منتہائے تخریب کو اللہ تعالیٰ کے ارادۂ تعمیر کا نقطۂ آغاز کافی ہے، بس وہ ارادہ فرمالیں کہ مجھے اپنے اس بندہ کو سنوارنا ہے وہ اسی وقت اللہ والا بن جائے گا۔

علامہ آلوسی تفسیر روح المعانی میں تحریر فرماتے ہیں کہ اس آیتِ مبارکہ میں متکبر کے معنیٰ صاحبِ عظمت کے ہیں اگرچہ یہ بابِ تفعّل ہے لیکن تکلف کی خاصیت جو کہ عموماً بابِ تفعّل کا خاصہ ہے یہاں ہرگز

جائز نہیں ہو گی بلکہ یہاں نسبت الی الماخذ ہے یعنی صاحبِ عظمت۔ اللہ تعالیٰ عظمت والے ہیں لہٰذا اللہ تعالیٰ کے لیے لفظ متکبر کا ترجمہ ہمیشہ صاحبِ عظمت کیا جائے گا کیوں کہ بڑائی صرف اللہ ہی کے لیے خاص ہے سوائے اللہ کے کوئی بڑا نہیں ہے اور جو بندہ اپنے کو بڑا بنائے گا اللہ تعالیٰ اس کو گرا دیں گے۔

کبر جب دل میں ہوتا ہے تو اس کی چال، اس کی رفتار، اس کی گفتار، اس کی زندگی کے ہر شعبہ میں اس کا تکبر شامل ہوتا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمارہے ہیں کہ متکبر انسان لوگوں کی نگاہوں میں ذلیل ہوجاتا ہے **فَهُوَ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ صَغِیْرٌ** تمام دنیا کے انسانوں میں اللہ اس کو ہلکا چھوٹا اور حقیر کر دیتا ہے، لوگ ہر طرف اسے کہتے ہیں کہ بہت ہی نالائق ہے، بڑا متکبر ہے، اینٹھ کے چلتا ہے، **وَفِیْ نَفْسِهٖ کَبِیْرٌ** مگر اپنے دل میں وہ اپنے کو خوب بڑا سمجھتا ہے کہ میری عظمتوں سے لوگ واقف نہیں ہیں۔ میری عظمتوں کی لوگ قدر نہیں کرتے، میرے علم و عمل کو نہیں پہچانتے، اس قسم کی باتیں شیطان اس کے دل میں ڈال دیتا ہے، سمجھتا ہے کہ بس "ہم چنیں ما دیگرے نیست" مجھ جیسا کوئی دوسرا نہیں، ہمارے ایک دوست کہتے تھے کہ جو کہتا ہے کہ ہم چنیں ما دیگرے نیست وہ دراصل یہ دعویٰ کرتا ہے کہ "ہم چنیں ڈنگرے نیست" کہ مجھ جیسا کوئی ڈنگر یعنی جانور نہیں ہے۔

تو حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمارہے ہیں کہ جو شخص اپنے کو بڑا سمجھتا ہے اللہ اس کو گرا دیتا ہے، پس وہ لوگوں کی نظروں میں ذلیل اور اپنے دل میں کبیر ہوتا ہے، یعنی اپنے دل میں وہ اپنے کو بڑا سمجھتا ہے لیکن ساری دنیا کی نظروں میں حقیر اور ذلیل ہو جاتا ہے، **حَتّٰی لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِمْ مِّنْ کَلْبٍ اَوْ خِنْزِیْرٍ**[۱۸۰] یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی نظروں میں کتے اور سور سے بھی زیادہ ذلیل کر دیتا ہے، ایسی خطرناک بیماری ہے یہ تکبر، اس کو سوچئے کہ یہ تو سمجھ رہا ہے کہ میں بہت بڑا ہوں اور بڑی عزت والا ہوں، لیکن لوگوں کی نگاہوں میں کتے اور سور سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔

اس لیے متکبر کے ساتھ تکبر صدقہ ہے، یعنی متکبر کے سامنے زیادہ تواضع اور خاکساری مت دکھایئے، دل میں تو اس کی تحقیر نہ ہو بلکہ اس وقت بھی دل میں اپنی ہی حقارت پیشِ نظر ہو لیکن بظاہر اس کا زیادہ اکرام نہ کیجیے، اگر اس کا زیادہ اکرام کیا جائے گا تو اس کا مرض تکبر اور بڑھ جائے گا۔

یہ بیماری بہت خطرناک ہے اور اس کے علاج کے لیے خانقاہوں کی ضرورت ہے، بڑے بڑے علماء

۱۸۰؎ مشکوٰۃ المصابیح: ۴۳۴، باب الغضب والکبر، المکتبة القدیمیة

نے اہل اللہ سے تعلق جوڑا کہ ہمارا نفس مٹ جائے اور مٹنے سے جو پھر ان کو مقبولیت عطا ہوئی، ایسی شہرت وعزت اللہ نے دی کہ قیامت تک ان کا نام زندہ رہے گا۔ تکبر سے عزت نہیں ملتی اور تکبر کا مقصد عزت حاصل کرنا ہی تو ہے لیکن اس راستہ سے خدا عزت نہیں دیتا بلکہ گردن مروڑ دیتا ہے، اگر کسی کو عزت ہی لینی ہے تو اپنے کو مٹائے پھر دیکھیے کہ اللہ تعالیٰ کیسی عزت دیتا ہے لیکن یہ مٹانا عزت کے لیے نہ ہو بلکہ اللہ کے لیے ہو۔ **مَنْ تَوَاضَعَ** کے بعد **لِلّٰہِ** فرمایا اس کے بعد **رَفَعَهُ اللّٰهُ** ہے۔ معلوم ہوا کہ تواضع پر رفعت وعزت اُس وقت ملے گی جب یہ تواضع اللہ کے لیے ہو جس نے اللہ کے لیے اپنے کو گرادیا اللہ اس کو عزت دیتا ہے۔ حضرت حکیم الامت تھانوی فرماتے ہیں کہ یہ نعمت صوفیاء کے اندر خاص ہوتی ہے کہ بزرگوں کی صحبت میں رہ کر اپنے نفس کو مٹاتے چلے جاتے ہیں۔ بہت کچھ ہوتے ہیں لیکن اپنے کو کچھ نہیں سمجھتے۔

حدیث نمبر ۵۱

اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰی وَكُلٌّ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی[۱۸۱]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو اس نے واپس لے لیا اور اسی کی ملکیت ہے جو کچھ اس نے عطا کیا اور ہر شئے کا اس کے پاس ایک وقت مقرر ہے۔

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے والد حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جب انتقال ہوا تو بہت لوگوں نے تعزیت کی لیکن ایک بدوی (دیہاتی) بزرگ آئے اور انہوں نے ایسی تعزیت کی جس سے حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بہت تسلی ہوئی، انہوں نے کہا کہ اے عبد اللہ ابن عباس! تمہارے والد کا انتقال ہو گیا۔ یہ بتاؤ کہ تمہارے والد کے لیے تم زیادہ بہتر ہو یا عباس کا اللہ زیادہ بہتر ہے اور عباس کی وفات سے جو تمہیں غم پہنچا اور اس مصیبت پر صبر کے بدلہ میں جو تمہیں اجر وثواب ملا بلکہ اس سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ مل گیا تو یہ بتاؤ کہ یہ انعامِ عظیم تمہارے لیے کیا عباس سے بہتر نہیں ہے؟ سبحان اللہ! کیا

[۱۸۱] هذا مختصر من حديث أسامة بن زيد رضي الله عنهما أنه قَالَ: أَرْسَلَتِ ابْنَةُ النَّبِي صلى الله عليه وسلم إِلَيه إِنَّ ابْنًا لِي قُبِضَ فَأْتِنَا فَأَرْسَلَ يقْرِءُ السَّلَامَ وَيقُولُ إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَه مَا أَعْطَي وَكُلٌّ عِنْدَه بِأَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ فَأَرْسَلَتْ إِلَيه تُقْسِمُ عَلَيه لَيأْتِينَّها فَقَامَ وَمَعَه سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأُبَي بْنُ كَعْبٍ وَزَيدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرِجَالٌ فَرُفِعَ إِلَى رَسُولِ الله صلى الله عليه وسلم الصَّبِي وَنَفْسُه تَتَقَعْقَعُ قَالَ حَسِبْتُه أَنَّه قَالَ كَأَنَّها شَنٌّ فَفَاضَتْ عَينَاه فَقَالَ سَعْدٌ يا رَسُولَ الله مَا هذَا فَقَالَ هذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَها اللهُ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ وَإِنَّمَا يرْحَمُ اللهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ. أخرجه البخاري في صحيحه: ۱/۱۷۱، برقم (۱۲۸۴) في باب قَوْلِ النَّبِي صلى الله عليه وسلم يعَذَّبُ الْمَيتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهلِه عَلَيه إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِه. ومسلم في صحيحه: ۱/۳۰۱، برقم (۲۱۷۴) في باب الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيتِ

عنوان ہے؟ دیہات کے تھے وہ، لیکن اللہ جس کو چاہے مضمون عطا فرماتا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَ لَہٗ مَا اَعْطٰی اللہ جو چیز ہم سے لیتا ہے وہ ہماری نہیں اللہ ہی کی ہے، اس کا مالک اللہ ہے، جو چیز اس نے لے لی ہے وہ اسی نے عطا فرمائی تھی۔ اگر کوئی اپنی امانت واپس لے لے تو آپ اس پر زیادہ غم نہیں کرتے کیوں کہ وہ آپ کی چیز نہیں تھی، جس کی تھی اس نے لے لی، وہ اس کا مالک ہے۔ ہم کو جو حد سے زیادہ غم ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم لوگ غلطی سے اس کو اپنی ملکیت سمجھتے ہیں۔ حالاں کہ الفاظِ نبوت یہ ہیں اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ جو کچھ اللہ نے تم سے لے لیا، جس کو اللہ نے اپنے پاس بلا لیا وہ اللہ ہی کا تھا، اسے تم کیوں اپنا سمجھتے ہو؟ اگر آپ کو کوئی شخص اپنی گھڑی دے دے کہ آپ دو مہینے اس کو استعمال کر لیجیے پھر دو مہینے کے بعد وہ آپ سے گھڑی مانگے کہ میری گھڑی واپس کر دیجیے تو آپ روئیں گے نہیں، آپ یہی کہیں گے کہ ٹھیک ہے صاحب! لیجیے، یہ آپ کی گھڑی ہے بلکہ آپ کا شکریہ کہ اتنے دن تک آپ نے اپنی گھڑی مجھے دی تھی۔ تو آپ بھی شکر کریں کہ ہماری والدہ کو اللہ نے اتنی زندگی دی ورنہ اس سے پہلے بھی تو اللہ تعالیٰ ان کو اُٹھا سکتے تھے، بچپن ہی میں آپ کو چھوٹا سا چھوڑ کر اللہ تعالیٰ اُٹھا سکتے تھے، یہ اُن کا احسان ہے کہ آپ لوگ بڑے ہو گئے، ماشاء اللہ بال بچے دار ہو گئے تب بلایا، اتنے روز تک آپ کے پاس رکھا لہٰذا شکر ادا کیجیے کہ اللہ! آپ کا شکر ہے کہ آپ نے ہماری والدہ کو اتنے عرصہ ہمیں دے رکھا، جیسے وہ شخص کہتا ہے جس کو آپ نے گھڑی دی کہ ہم آپ کے شکر گزار ہیں کہ اتنے عرصہ تک اپنی گھڑی آپ نے ہمیں دی ہوئی تھی۔ جو کچھ لے لیا وہ بھی اللہ کا وَلَہٗ مَا اَعْطٰی اور جو کچھ عطا فرمایا وہ بھی اللہ ہی کا ہے، جو چیزیں دی ہیں ان کا بھی شکر ادا کیجیے، ان کا شکر کیا ہے کہ یا اللہ! آپ کا احسان ہے کہ آپ نے میرے والد کا سایہ میرے سر پر عطا فرمایا ہوا ہے اور کتنی نعمتیں دی ہوئی ہیں۔ میری اولاد ہے، بیوی بچے ہیں، مکان ہے، ہزاروں نعمتیں دی ہوئی ہیں جن کا شمار نہیں کیا جا سکتا، ان کا شکر ادا کیجیے کہ اے اللہ! آپ کی بے شمار نعمتوں کا بے شمار زبانوں سے شکر ادا کرتا ہوں وَکُلٌّ عِنۡدَہٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی [۱۸۲] اور اللہ تعالیٰ کے یہاں ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے، جو کچھ اللہ لیتا ہے اور جو کچھ عطا فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کے یہاں پہلے ہی سے مقدر ہے یہاں تک کہ برتنوں کا وقت بھی مقرر ہے مثلاً آپ مدینہ شریف سے ایک گلاس لائے لیکن اچانک کسی بچہ سے وہ گر گیا تو سمجھ لیجیے کہ اس کا یہی وقت مقرر تھا۔ حدیث پاک میں ہے کہ برتنوں کی بھی ایک عمر ہوتی ہے اس لیے اپنے بچوں کی بے طرح پٹائی نہ کرو کہ نالائق! تو نے مدینہ شریف کا گلاس کیوں توڑ

۱۸۲؎ صحیح البخاری: ۱۷۵/۱ (۱۲۸۵)، باب یعذب المیت ببکاء اھلہ علیہ، المکتبۃ المظھریۃ

دیا۔ مار پٹائی کر رہے ہیں، گھر میں ایک شور مچا ہوا ہے۔ اکثر اس معاملہ میں بچوں پر زیادتی کر جاتے ہیں۔ ایسا نہیں کرنا چاہیے، نرمی سے سمجھادو کہ بیٹے! گلاس کو دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑا کرو لیکن زیادہ پٹائی نہ کرو بلکہ کہو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ اس کی زندگی کا وقت ختم ہو گیا تھا اور اس کا یہی وقت مقرر تھا۔

جس کے گھر میں کوئی غمی ہو جائے تو ایسے وقت میں اس کے ذمہ دو کام ہیں: ایک تو یہ کہ جانے والے کے لیے ثواب پہنچایئے کیوں کہ جو چلا گیا اب وہ بے عمل ہو گیا، اس کی عمل کی فیلڈ ختم ہو گئی، اب وہ خود کوئی عمل نہیں کر سکتا لہٰذا اس کو صبح و شام ثواب کا پارسل بھیجنا چاہیے یعنی زیادہ سے زیادہ ایصالِ ثواب کیجیے، بدنی عبادت اور مالی عبادت دونوں کا ثواب پہنچانا چاہیے۔ بدنی ثواب تو اس طرح سے کہ تلاوت کرلی مثلاً سورۃ یٰسین پڑھ کر بخش دیا یا تین مرتبہ قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھ کر ہمیشہ صبح و شام بخش دیا، تین بار قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھنے سے ایک قرآن کے برابر ثواب ملتا ہے، اللہ سے کہہ دیا کہ یا اللہ! یہ جو میں نے پڑھا ہے اس کا ثواب میری والدہ کو پہنچا دیجیے، اس طرح روز کا روز صبح و شام آپ کی طرف سے ثواب کا پارسل پہنچتا رہے گا۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جب یہ ثواب پہنچتا ہے تو وہ مرنے والے پوچھتے ہیں کہ اللہ میاں! یہ ہماری نیکیاں کہاں سے بڑھ رہی ہیں، ہم تو مر گئے ہیں، اب عمل نہیں کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تمہاری اولاد تمہیں ثواب بھیج رہی ہے۔ دیکھیے زمین پر دوسروں کا عمل آخرت میں مرنے والوں کے اعمال نامہ میں لکھا جا رہا ہے، اس طرح ان کے عمل کا میٹر چل رہا ہے، کیوں کہ اب وہ عمل نہیں کر سکتے لہٰذا ہمارے پارسلوں کا انتظار کرتے ہیں کہ ہماری اولاد ہمیں کچھ بھیجے۔

حدیث شریف میں ہے کہ یہ ثواب کا تحفہ ان کو دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کا معمول بنالیجیے کہ روزانہ ہمیشہ کچھ پڑھ کر اپنے اعزاء و اقرباء کو جو مر گئے ہیں بخش دیا کریں، کم از کم صبح و شام تین مرتبہ قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ شریف تین مرتبہ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ تین مرتبہ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر بخش دیا اور اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ مخلوق کے ہر شر سے حفاظت رہے گی، کسی قسم کا کالا جادو یا جنات یا شیطان کوئی پڑوسی اور کوئی حاسد آپ کو ایک ذرّہ نقصان نہیں پہنچا سکتا، کیوں کہ الفاظِ نبوت ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ہے تَکۡفِیۡکَ مِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ[۱۸۳] یعنی یہ تینوں سورتیں ہر شر سے حفاظت کے لیے کافی ہیں۔

---

۱۸۳ هذا مختصر من حديث عبد الله بن خبيب رضي الله عنه أنه قَالَ خَرَجْنَا فِي لَيلَةِ مَطَرٍ وَظُلْمَةٍ شَدِيدَةٍ نَطْلُبُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم ''لِيصَلِّيَ لَنَا فَأَدْرَكْنَاه فقَال'' أَصَلَّيتُمْ. ''فَلَمْ أَقُلْ شَيئًا فقَالَ'' قُلْ. ''فَلَمْ أَقُلْ شَيئًا ثُمَّ قَالَ'' قُلْ. ''فَلَمْ أَقُلْ شَيئًا ثُمَّ قَالَ'' قُلْ. ''فَقُلْتُ يا رَسُولَ اللهِ مَا أَقُولُ؟ قَالَ: قُلْ هوَ اللهُ أَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَينِ حِينَ تُمْسِي وَحِينَ تُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ''. أخرجه أبو داؤد في سننه: ۳۳۷/۲، برقم (۵۰۸۲) في باب مَا يقُولُ إِذَا أَصْبَحَ. و الترمذي في سننه: ۱۹۸/۲، برقم (۳۵۷۵) في باب في دعاء النبي صلى الله عليه وسلم و تعوذه في دبر كل صلاة، و قال هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه

نبی کی بات کو اللہ نہیں ٹالتا کیوں کہ نبی وہی کہتا ہے جو اللہ کہلاتا ہے، نبی اپنی طبیعت سے کوئی بات کہتا ہی نہیں۔ صبح کو پڑھ لیا تو شام تک حفاظت ہوگئی اور شام کو پڑھ لیا تو رات بھر حفاظت رہے گی۔

اگر کوئی حاسد جادو یا سفلی عمل کرے گا تو اس عمل کی برکت سے اُلٹا اسی پر پڑ جائے گا۔ کوئی دشمن آپ کے خلاف اسکیم بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو ناکام کر دیں گے۔ اس لیے صبح و شام یہ تینوں سورتیں آپ بھی پڑھیے اور اپنے بیوی بچوں کو بھی پڑھائیے اور اسی کو اپنی والدہ کو بخش دیجیے ان کو ثواب بھی پہنچ جائے گا اور آپ لوگ حاسدین اور شیاطین کے شر سے اور جنات اور کالا عمل کرانے والوں کے شر سے اور ساری مخلوق کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ آج کل تو بس ذرا ذرا سی دشمنی پر جادو اور کالا عمل کرا دیتے ہیں پھر ہم لوگ عاملوں کی طرف دوڑتے ہیں، تو عاملوں کے پاس جانے کے بجائے ہم یہ عمل کیوں نہ کر لیں جو ہمیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عطا فرمایا ہے، جس کے بعد کسی عامل کے پاس جانے کی کبھی ضرورت نہیں پڑے گی کیوں کہ آج کل ننانوے فیصد عامل ٹھگ بیٹھے ہیں۔

دوسرا کام ان کے جانے کے بعد پسماندگان کو یعنی رہ جانے والوں کو سبق حاصل کرنا کہ آج ان کی اور کل ہماری باری ہے، ایک دن آئے گا کہ اسی طرح ہم بھی اس دنیا سے جا رہے ہوں گے اور آج کل تو ایمر جنسی ویزے آ رہے ہیں۔ ۴۵ سال کے مولانا سعدی مکہ شریف میں رہتے تھے، بڑے رئیس تھے، اچھے خاصے تھے۔ اچانک ٹیلی فون آتا ہے کہ چائے پی رہے تھے، ہاتھ سے چائے کی پیالی گری اور انتقال ہوگیا، نہ کوئی دل کی بیماری تھی، خوب اچھی صحت تھی اس لیے دوستو! اپنے پیاروں کے انتقال سے ہم سب کو سبق حاصل کرنا چاہیے کہ ایک دن ہم کو بھی زمین کے نیچے جانا ہے، مردہ جب قبر کے اندر جاتا ہے تو زبانِ حال سے کہتا ہے۔

شکریہ اے قبر تک پہنچانے والو! شکریہ
اب اکیلے ہی چلے جائیں گے اس منزل سے ہم

اور بزبانِ حال دوسرا شعر بھی پڑھتا ہے۔

دبا کے قبر میں سب چل دیے دعا نہ سلام
ذرا سی دیر میں کیا ہوگیا زمانے کو

جن ماؤں نے ہمیں مر مر کے پالا تھا ان ہی ماؤں پر آج ہم نے خدا کے حکم سے مٹی ڈالی ہے۔ یہ دن سب کو آنا ہے۔ اس لیے اس سے سبق حاصل کریں یعنی جہاں ہمیشہ رہنا ہے وہاں کے لیے تیاری کریں۔

حدیث نمبر ۵۲

اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ[۱۸۴]

ترجمہ: نکاح کرنا میری سنت ہے۔

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نکاح میری سنت ہے اور جو نکاح کی سنت ادا نہ کرے، میری سنت سے اعراض کرے وہ مجھ سے نہیں ہے۔ اس حدیث کی شرح کیا ہے؟ اگر کوئی مجبور ہے، اس کے کچھ حالات خاص ہیں مثلاً اللہ تعالیٰ کی محبت کا کوئی حال غالب ہوگیا، شادی کی ذمہ داریاں قبول نہیں کرسکتا، بیوی بچوں کے حقوق کما حقہٗ ادا نہیں کرسکتا تو یہ اعراض نہیں ہے، لیکن اگر کوئی مجبوری نہیں ہے، بلا عذر سنت سے اعراض کرتا ہے تب وہ اس وعید کا مستحق ہے لہٰذا بدگمانی نہ کیجیے کیوں کہ بعض بڑے بڑے علماء اور اولیاء اللہ ایسے ہوئے ہیں جنہوں نے شادیاں نہیں کیں۔ چناں چہ حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ، مسلم شریف کی شرح لکھنے والے علامہ محی الدین ابوزکریا نووی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ ان حضرات کی بھی شادیاں نہیں ہوئیں۔

حدیث میں آتا ہے کہ شوہر اگر ناراض سو جائے تو عورت کا کوئی عمل قبول نہیں چاہے ساری رات تسبیح کھٹکھٹاتی رہے۔ بیویوں کو یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اللہ نے شوہروں کا درجہ اتنا بلند کیا ہے کہ اگر سجدہ کسی کو جائز ہوتا تو شوہروں کو جائز ہوتا لیکن جائز نہیں ہے اس لیے اس کا حکم نہیں دیا گیا۔ سجدہ کے لائق صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، اس لیے اللہ کے علاوہ کسی کو سجدہ جائز نہیں۔ لیکن ہمیشہ یاد رکھو اور ماں باپ پر بھی فرض ہے کہ اپنی بیٹیوں کو سمجھاتے رہیں کہ شوہر کی طرف سے اگر کچھ کڑواہٹ بھی آجائے تو برداشت کرو، اس کے ہاتھوں سے تمہیں نعمتیں بھی تو مل رہی ہیں۔

سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ سب سے برکت والا نکاح ہے **اَیْسَرُہٗ مَؤْنَۃً**[۱۸۵] جس میں کم خرچ ہو۔ ولیمہ بھی بالکل سادہ کیجیے، اپنی حیثیت کے موافق دس بیس کو بلا لیجیے بس کافی ہے کوئی دس ہزار کا ولیمہ واجب نہیں ہے، ڈیکوریشن کوئی ضروری نہیں، اپنے کمرے میں ہی کھلا دیں، میرج ہال میں پیسے

۱۸۴؎ ھذا مختصر من حدیث عائشۃ رضی اللہ عنہا أنہا قالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ، فَمَنْ لَّمْ یَعْمَلْ فَلَیْسَ مِنِّیْ، وَتَزَوَّجُوْا فَإِنِّیْ مُکَاثِرٌ بِکُمُ الْأُمَمَ، وَمَنْ کَانَ ذَا طَوْلٍ فَلْیَنْکِحْ، وَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَعَلَیْہِ بِالصِّیَامِ، فَإِنَّ الصَّوْمَ لَہٗ وِجَاءٌ. أخرجہ ابن ماجۃ فی سننہ (۱/۱۳۳) برقم (۱۸۴۶) فی بَابِ مَا جَاءَ فِیْ فَضْلِ النِّکَاحِ

۱۸۵؎ مشکوٰۃ المصابیح: ۲/۲۶۸، کتاب النکاح، المکتبۃ القدیمیۃ / کنز العمال: ۱۶/۲۹۹، باب فی اٰداب النکاح، مؤسسۃ الرسالۃ

ضایع کرنا کیا ضروری ہے؟ اور ساتھ ساتھ یہ بھی سن لیجیے کہ یہی پیسہ بچا کر اپنی بیٹی کو دے دیجیے، داماد کو دے دیجیے یا اپنے لیے ہی رکھ لیجیے۔

مدینہ پاک میں ایک صحابی نے شادی کی۔ اتنے غریب تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دعوتِ ولیمہ نہ دی۔ آپ نے دریافت فرمایا کیا: تم نے شادی کر لی؟ عرض کیا: ہاں یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضگی ظاہر نہیں کی کہ تم نے مجھ کو کیوں نہیں پوچھا؟ آج تو خاندان والے لڑتے ہیں تم نے ہمیں نہیں پوچھا۔ چلو اب آیندہ ہم تمہاری کسی خوشی میں شریک ہی نہیں ہوں گے۔ یہ سب جہالت کی باتیں ہیں۔ غرض جتنا کم خرچ والا نکاح ہو گا سمجھ لو برکت والا ہو گا۔

خرچ پر یاد آیا کہ حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نوّر اللہ مرقدہٗ نے بیویوں کا ایک اور حق لکھا ہے۔ ملفوظات کمالاتِ اشرفیہ میں ہے کہ بیوی کا ایک حق یہ ہے کہ ہر ماہ اس کو کچھ جیب خرچ دے دو اور پھر اس کا حساب بھی نہ لو کیوں کہ وہ مجبور ہے، آپ کی دست نگر ہے، کما نہیں سکتی۔ اب اس کا بھائی آیا ہے یا چھوٹے چھوٹے بھانجے بھتیجے آئے ہیں اس کا جی چاہتا ہے کہ ان کو کچھ تحفہ ہدیہ دے دوں۔ کہاں سے دے گی۔ لہٰذا اپنی اپنی حیثیت کے موافق کچھ رقم اپنی بیویوں کو ایسی دے دیجیے کہ بعد میں اس کا کوئی حساب نہ لیا جائے اور اس سے کہہ بھی دیں کہ یہ رقم تمہارے لیے ہے، جہاں جی چاہے خرچ کرو۔

حضرت حوا علیہا السلام کی تاریخ

عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو جب جنت سے نکالا اور حضرت آدم علیہ السلام تنہا جنت میں رہ گئے تو کوئی نہ رہا جس سے اُنس حاصل کرتے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان پر نیند طاری فرمادی اور ایک پسلی بائیں طرف سے نکالی اور اس کی جگہ گوشت رکھ دیا۔ اور اسی پسلی سے حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا فرمایا۔ پس جب آدم علیہ السلام بیدار ہوئے تو اپنے سر کے پاس ان کو بیٹھے ہوئے پایا اور دریافت کیا کہ تم کون ہو؟ کہا: میں عورت ہوں۔ پوچھا کہ تجھے کیوں پیدا کیا گیا؟ کہا: تاکہ آپ مجھ سے سکون اور تسلی حاصل کریں۔

پھر ملائکہ نے حضرت آدم علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں؟ فرمایا: یہ عورت ہے۔ دریافت کیا کہ ان کا نام امرأۃ کیوں ہے؟ فرمایا: کیوں کہ یہ خُلِقَتْ مِنَ الْمَرْءِ مرد سے پیدا کی گئی ہے۔ دریافت کیا: ان کا نام کیا ہے؟ فرمایا: حوّاء۔ پوچھا کہ نام حوا کیوں ہے؟ فرمایا لِاَنَّهَا خُلِقَتْ مِنْ شَیْءٍ حَیٍّ کیوں کہ وہ

زندہ سے پیدا کی گئی ہیں۔ بخاری شریف کی حدیث میں اسی طرف اشارہ ہے:

اَلْمَرْاَۃُ کَالضِّلْعِ اِنْ اَقَمْتَھَا کَسَرْتَھَا وَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِھَا اسْتَمْتَعْتَ بِھَا وَفِیْھَا عِوَجٌ[۱۸۶]

عورت مثل ٹیڑھی پسلی کے ہے، اگر اس کو سیدھا کروگے تو توڑ دوگے اور اگر اس سے فائدہ اٹھاؤ گے تو اسی حالت میں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہو کہ اس کے اندر ٹیڑھا پن رہے گا۔

اس حدیث کو امام بخاری **بَابُ الْمُدَارَاۃِ مَعَ النِّسَاءِ** کے ذیل میں لائے ہیں جس سے بیویوں کے ساتھ حسنِ سلوک کا سبق ملتا ہے اور ان کی بداخلاقیوں پر صبر و تحمل کی تعلیم بھی ملتی ہے۔

دوسری حدیث میں تصریح ہے کہ ٹیڑھی پسلی سے ان کو پیدا کیا گیا ہے:

وَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَیْرًا فَاِنَّھُنَّ خُلِقْنَ مِنْ ضِلْعٍ[۱۸۷]

عورتوں کے ساتھ بھلائی کی وصیت کو قبول کرو، کیوں کہ ان کو ٹیڑھی پسلی سے پیدا کیا گیا ہے۔

حدیث نمبر ۵۳

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ[۱۸۸]

ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ کامل اور پکا مسلمان، اللہ کا بہت پیارا مسلمان وہ ہے کہ جس

---

۱۸۶ هذا حديث أبي هريرة رضى الله عنه أَنَّ رَسُولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: اَلْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ إِنْ أَقَمْتَها كَسَرْتَها وَإِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِها اسْتَمْتَعْتَ بِها وَفِيها عِوَجٌ. أخرجه البخارى فى صحيحه: ۲/۷۷۹، برقم (۵۱۸۴) فى باب الْمُدَارَاة مَعَ النِّسَاءِ. و مسلم فى صحيحه: ۱/۴۷۵، برقم (۳۷۱۷) فى باب الْوَصِيَة بِالنِّسَاءِ. و الترمذى فى سننه: ۱/۲۲۶، برقم (۱۱۸۸) فى باب ما جاء فى مدارة النساء و قال حديث أبى هريرة حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وإسناده جيد

۱۸۷ هذا مختصر من حديث أَبِي هرَيرَة عَنِ النَّبِى صلى الله عليه وسلم قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُؤْذِى جَارَه. وَاسْتَوْصُوا بِالنِّسَاءِ خَيرًا فَإِنَّهن خُلِقْنَ مِنْ ضِلَعٍ وَإِنَّ أَعْوَجَ شَىءٍ فِى الضِّلَعِ أَعْلَاه فَإِنْ ذَهبْتَ تُقِيمُه كَسَرْته وَإِنْ تَرَكْتَه لَمْ يَزَلْ أَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوا بِالنِّسَاءِ خَيرًا. أخرجه البخارى فى صحيحه: ۲/۷۷۹، برقم (۵۱۸۶) فى باب الوصاة بالنساء

۱۸۸ هذا مختصر من حديث عَبْدِ الله بْنِ عَمْرٍو رَضِىَ اللهُ عَنْهمَا، عَنِ النَّبِى صلى الله عليه وسلم قَالَ: الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِه وَيدِه وَالْمُهاجِرُ مَنْ هجَرَ مَا نَهى اللهُ عَنْه. أخرجه البخارى فى صحيحه: ۱/۶، برقم (۱۰) فى بَابِ الْمُسْلِمِ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِه وَيدِه، و روى عن جابر رضى الله عنه أنه قال سَمِعْتُ النَّبِىَّ صلى الله عليه وسلم يقُولُ ''الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِه وَيدِه''. أخرجه مسلم فى صحيحه: ۱/۴۸، برقم (۱۷۱) فى باب بَيانِ تَفَاضُلِ الإِسْلَامِ وَأَيِّ أُمُورِه أَفْضَلُ. أخرجه الترمذى فى سننه: ۲/۹۰، برقم (۲۶۲۷) فى باب ما جاء فى أن المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده

کی زبان سے اور اس کے ہاتھ سے کسی مسلمان کو تکلیف نہ پہنچے۔ یہاں پر علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک علمی اِشکال قائم کیا ہے کہ کیا پاؤں سے مارنے کی اجازت ہے؟ کیوں کہ حدیث میں صرف یہ فرمایا گیا ہے کہ زبان سے تکلیف نہ دو اور ہاتھ سے تکلیف نہ دو۔ اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ جو اعضاء تکلیف پہنچانے میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں وہ صرف دو ہیں: زبان اور ہاتھ لات کی نوبت تو بہت کم آتی ہے۔ تو جب کثیر الاستعمال (زیادہ استعمال ہونے والے) اعضاء کو تکلیف پہنچانے سے حفاظت کی مشق ہو جائے گی، تو پاؤں سے مارنے کی تو بہت کم نوبت آتی ہے، اس کا قابو میں کرنا تو بہت آسان ہو جائے گا۔

ایک ہندو نے حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا تھا کہ مسلمان وہ ہے کہ جس کی ایذا رسانی سے صرف مسلمان بچے رہیں، تو اس کے معنیٰ یہ ہوئے کہ غیر مسلموں یعنی ہندوؤں اور کافروں کو خوب ایذا پہنچائی جائے۔ حضرت نے فرمایا کہ نہیں! چوں کہ مسلمان کا واسطہ کثرت سے مسلمانوں ہی سے پڑتا ہے تو جب اکثر آپس میں ساتھ رہنے والے اپنے رہن سہن میں ایک دوسرے کو اذیت سے بچا لیں گے، تو ہندوؤں سے ملاقات اور لین دین تو کبھی کبھی ہوتا ہے، ان کو بدرجۂ اولیٰ مسلمانوں سے سلامتی رہے گی۔ جیسے دو برتن جو ساتھ رہتے ہیں جب ان میں کھٹ پٹ نہیں ہوتی تو جو برتن دور رہتے ہیں ان سے کیسے لڑائی ہو گی۔ البتہ حالتِ جہاد مستثنیٰ ہے لیکن عام حالات میں جب غیر مسلم صلح کر لیں یا مسلمانوں کو نہ ستائیں تو بدرجۂ اولیٰ مسلمانوں کے زبان و ہاتھ سے امن میں رہیں گے کیوں کہ ان سے زیادہ معاملہ نہیں پڑتا۔ یہ جواب شیخ نے دیا جو مجھ سے نقل فرمایا۔

ایک علمی اِشکال علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے اور فرمایا کہ یہ بتایئے کہ کیا زبان سے کوئی تکلیف دے سکتا ہے۔ زبان میں تو ہڈی بھی نہیں، گوشت کا ایک نرم سا ٹکڑا ہے۔ زبان سے اگر کوئی کسی کو مارے تو کیا چوٹ لگے گی یا زبان کے الفاظ سے تکلیف ہوتی ہے؟ تو پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کیوں نہیں فرمایا؟ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ اَلْفَاظِ لِسَانِہٖ یعنی مسلمان وہ ہے جس کی زبان کے الفاظ سے مسلمان محفوظ رہیں۔ اس اِشکال کا جواب دیتے ہیں کہ بعض وقت بغیر الفاظ کے بھی زبان سے لوگ تکلیف دیتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علومِ نبوت کو کمالِ بلاغت دیا گیا تھا اس لیے آپ نے مِنْ اَلْفَاظِ لِسَانِہٖ نہیں فرمایا تاکہ اس حدیث میں وہ لوگ بھی شامل ہو جائیں مَنْ اَخْرَجَ لِسَانَہٗ اسْتِھْزَاءً جو کسی کا مذاق اُڑانے کے لیے زبان کو نکال کر ہلا دیتے ہیں۔ اس وقت وہ شخص زبان سے کوئی لفظ نہیں نکالتا، صرف زبان کو نکال دیتا ہے اور چڑانے کے لیے ذرا سا ہلا کر بھاگ گیا۔ اکثر بچے ایسا کرتے رہتے ہیں جب دیکھتے ہیں کہ

پٹائی ہو رہی ہے اور بدلہ نہیں لے سکتے تو ایسا کر کے بھاگ جاتے ہیں۔ کبھی بعضے بڑے بھی کر جاتے ہیں کہ زبان کو باہر نکالا اور دائیں بائیں کو ہلا دیا۔ اور اس طرح مذاق اُڑا دیتے ہیں اور کچھ نہیں بولتے۔ دیکھیے کلامِ نبوت کی کیا بلاغت ہے اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ[۱۸۹] فرمایا کہ اس میں وہ لوگ بھی داخل ہو گئے جو صرف زبان سے تکلیف پہنچا دیتے ہیں، اگرچہ کوئی لفظ زبان سے نہیں نکالتے۔ اگر مِنْ اَلْفَاظِ لِسَانِہٖ ہوتا تو زبان سے تکلیف پہنچانے والے اس حدیث میں شامل نہ ہوتے۔ یہ کلامِ نبوت کی بلاغت کا اعجاز ہے۔

حدیث نمبر ۵۴

لَیْسَ شَیْءٌ اَحَبَّ اِلَی اللہِ مِنْ قَطْرَتَیْنِ وَاَثَرَیْنِ قَطْرَۃِ دُمُوْعٍ مِّنْ خَشْیَۃِ اللہِ وَقَطْرَۃِ دَمٍ تُھْرَاقُ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ۔۔۔الخ[۱۹۰]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی چیز دو قطروں سے زیادہ محبوب نہیں: ایک آنسو کا وہ قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو اور دوسرا خون کا وہ قطرہ جو اللہ کے راستے میں گرا ہو۔

گڑگڑا کر معافی مانگنے والوں کے لیے علامہ آلوسی تفسیر روح المعانی پارہ ۳۰ سورۂ قدر کی تفسیر میں ایک حدیثِ قدسی نقل کرتے ہیں۔ حدیثِ قدسی وہ حدیث ہے جو زبانِ نبوت سے نکلے، مگر نبی کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ یہ فرماتے ہیں کہ جب کوئی بندہ گڑگڑا کر معافی مانگتا ہے کہ اللہ! مجھ سے بڑے گناہ ہو گئے، آپ مجھ کو معاف کر دیجیے، قبر میں کیا منہ لے کر جاؤں گا، قیامت کے دن آپ کو کیا منہ دکھاؤں گا تو اس کا یہ گڑگڑانا اتنا اللہ کو پسند ہے کہ اس کے گڑگڑانے کی اس آواز کو اللہ تعالیٰ لوگوں کی سبحان اللہ، سبحان اللہ کی تسبیحات سے زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اب حدیثِ قدسی کے الفاظ بھی سن لیجیے۔ اہلِ علم حضرات تفسیر روح المعانی پارہ ۳۰ سورۃ القدر کے ذیل میں اس حدیث کو دیکھ لیں۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ یہ فرماتے ہیں:

---

۱۸۹ صحیح البخاری: ۶/۱، باب المسلم من سلم المسلمون...الخ، المکتبۃ القدیمیۃ

۱۹۰ ھذا مختصر من حدیث أبی أمامۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لَیسَ شَیءٌ أَحَبَّ إِلَی اللہ مِنْ قَطْرَتَینِ وَأَثَرَینِ، قَطْرَۃ مِنْ دُمُوعٍ فِی خَشْیَۃ اللہ، وَقَطْرَۃ دَمٍ تُھرَاقُ فِی سَبِیلِ اللہ، وَأَمَّا الأَثَرَانِ: فَأَثَرٌ فِی سَبِیلِ اللہ، وَأَثَرٌ فِی فَرِیضَۃ مِنْ فَرَائِضِ اللہ، أخرجہ الترمذی فی سننہ (۲۹۶/۱) برقم (۱۶۶۹) فی أبواب فضائل الجھاد باب منہ

لَاَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِیْنَ

گناہ گاروں کا رونا، آہ کرنا، گڑ گڑانا مجھے تسبیح پڑھنے والوں کی سبحان اللہ، سبحان اللہ کی آوازوں سے زیادہ محبوب ہے۔ اور بانیٔ دیوبند مولانا قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے تو ایک عجیب بات ارشاد فرمائی جس کو میں نے اپنے شیخ و مرشدِ اوّل شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ سے بارہا سنا جو حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے خلفاء میں سے تھے اور حضرت مولانا اصغر میاں صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کے معاصرین میں سے تھے۔ یہ دونوں بزرگ یعنی میرے مرشد شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا اصغر میاں صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ جون پور میں ساتھ پڑھاتے تھے، اسی لیے مفتیٔ اعظم پاکستان مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ، شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فرماتے تھے کہ حضرت! آپ خالی میرے پیر بھائی نہیں ہیں، آپ کو میں اپنے استاد کے درجہ میں سمجھتا ہوں، کیوں کہ آپ میرے استاد مولانا اصغر میاں صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ پڑھاتے تھے۔

مولانا قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جس ملک میں بادشاہ کوئی چیز باہر سے منگاتا ہے کسی دوسرے ملک سے درآمد یعنی امپورٹ کرتا ہے، اس کی زیادہ عزت و قدر کرتا ہے کیوں کہ بادشاہ کے ملک میں وہ چیز نہیں ہے۔ تو مولانا قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلالتِ شان کی جو بارگاہ ہے وہاں آنسو نہیں ہیں، اس لیے وہ ہمارے آنسوؤں کی بہت قدر کرتے ہیں کیوں کہ آنسو تو گناہ گار بندوں کے نکلتے ہیں، فرشتے رونا نہیں جانتے کیوں کہ ان کے پاس ندامت تو ہے نہیں۔ ان کو قربِ عبادت حاصل ہے قربِ ندامت حاصل نہیں، قربِ ندامت تو ہم گناہ گاروں کو حاصل ہے۔ اس لیے مولانا شاہ محمد احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

کبھی طاعتوں کا سرور ہے کبھی اعترافِ قصور ہے

ہے مَلَک کو نہیں جس کی خبر وہ حضور میرا حضور ہے

اللہ والوں کو ندامت سے جو حضور حاصل ہے فرشتوں کو یہ نعمت حاصل نہیں، کیوں کہ ان سے خطائیں نہیں ہوتیں، وہ بے چارے ندامت کیا جانیں، وہ تو مقدس مخلوق ہیں، ہر وقت سبحان اللہ پڑھ رہے ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی مخلوق پیدا کی کہ جس کی ندامت کو دیکھیں یعنی بعض بندے باوجود عزم علی التقویٰ کے کبھی تقاضائے بشری سے مغلوب ہو کر خطا کر بیٹھیں گے، تو اس غم سے کہ ہائے! ہم نے اپنے اللہ کو ناراض کر دیا،

ان کا دل خون ہو جائے گا اور وہ ندامت سے آہ وزاری کر کے معافی مانگ کر ہم کو راضی کریں گے اور ہم اس ندامت کی راہ سے ان کو اپنا قرب عطا فرمائیں گے۔

حدیث نمبر ۵۵

وَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ: ظُنُّوْا بِالْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرًا[۱۹۱]

ترجمہ: بندۂ مؤمن سے نیک گمان رکھو۔

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر مؤمن کے ساتھ نیک گمان رکھو۔ اس حدیث کی شرح میں علمائے ربانیّین فرماتے ہیں کہ اگر کسی چیز کے اندر ننانوے دلائل ہوں بد گمانی کے، لیکن ایک راستہ ہو حسنِ ظن کا تو عافیت کا راستہ یہی ہے کہ حسنِ ظن کے اس ایک راستہ کو اختیار کر لو۔ کیوں؟ اس کی وجہ شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ میرے مرشد اوّل فرمایا کرتے تھے کہ بد گمانی پر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مقدمہ دائر فرمائیں گے اور اس سے پوچھیں گے کہ بد گمانی کے تمہارے پاس کیا دلائل تھے اور نیک گمان پر بلا دلیل انعام عطا فرمائیں گے۔ حسنِ ظن پر بغیر دلیل کے ثواب ملتا ہے کیوں کہ امر ہے ظُنُّوْا بِالْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرًا لہٰذا مقدمہ میں جان پھنسانا بے وقوفی، حماقت اور نادانی ہے۔ حضرت ہنس کر فرماتے تھے کہ احمق ہے وہ شخص جو مفت میں ثواب لینے کے بجائے اپنی گردن پر مقدمات قائم کرنے کے انتظامات کر رہا ہے اور اپنے لیے مصیبتیں تیار کر رہا ہے۔ نیک گمان کر کے مفت میں ثواب لو اور بد گمانی کر کے دلائل پیش کرنے کے مقدمات میں اپنی جان کو نہ پھنساؤ۔

حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اعتراض کا منشاء دو طرح کا ہوتا ہے، ”قلتِ محبت“ اور ” قلتِ علم “یعنی اعتراض عموماً دو قسم کے لوگوں کو ہوتا ہے، یا تو اس کے اندر محبت کی کمی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ہر آدمی کے اندر کیڑے نکالنے کی کوشش کرتا ہے

[۱۹۱] هذا مروی عَنْ سَعِيدِ بن جُبَيرٍ فی تفسير قوله تعالٰى "اَلْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ" (النور اٰية ۲۶)، يَعْنِي: السَّيِّىءَ مِنَ الْكَلَامِ قَذْفَ عَائِشَةَ، وَنَحْوَه لِلْخَبِيثِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، يَعْنِي الَّذِينَ قَذَفُوهَا، "وَالْخَبِيثُونَ"، يَعْنِي: مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، "لِلْخَبِيثَاتِ"، يَعْنِي: السَّيِّءَ مِنَ الْكَلَامِ لأَنَّه يلِيقُ بِهِمُ الْكَلَامُ السَّيِّءُ، ثُمَّ قَالَ: "وَالطَّيِّبَاتُ"، يَعْنِي: الْحَسَنَ مِنَ الْكَلَامِ "لِلطَّيِّبِينَ" مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ الَّذِينَ ظَنُّوا بِالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ خَيرًا، "وَالطَّيِّبُونَ" مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ "لِلطَّيِّبَاتِ" الْحَسَنُ مِنَ الْكَلَامِ لأَنَّه يلِيقُ بِهِمُ الْكَلَامُ الْحَسَنُ. أخرجه الطبرانی فی معجمه الكبير: ۱۶/۲۹۷، برقم (۱۸۶۶۳)

یا پھر نہایت درجہ کا جاہل ہوتا ہے، کیوں کہ قرآن وحدیث اور فقہ کے اصول اس کے سامنے نہیں ہوتے، اس لیے جہالت کی وجہ سے اعتراض کرتا ہے اور فرمایا کہ ہماری خانقاہ میں دو ہی قسم کے لوگوں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے یا تو انتہائی درجہ کا فقیہ ہو کہ میرے ہر عمل کو سمجھ جائے کہ یہاں فقہ کا فلاں قانون لاگو ہو سکتا ہے یا پھر انتہائی درجہ کا عاشق ہو جس کو سوائے بھلائیوں کے کچھ نظر ہی نہ آئے، کیوں کہ عاشق کو تو محبوب کی ہر ادا پسند آتی ہے اور اگر نہ اس میں محبت کامل ہے نہ علم کامل ہے تو ایسے لوگ پھر محروم ہی رہتے ہیں، پس دینی خدّام پر اعتراض اور ان کے فیوض وبرکات سے محرومی کے یہ دو ہی سبب ہیں، یا محبت کی کمی یا علم کی کمی۔

دیکھیے تھانہ بھون جیسا قصبہ جہاں اپنے زمانہ کا مجدد موجود تھا، جب دور دور سے بڑے بڑے علماء اور بزرگ آتے تھے، تو قریب کے رہنے والے یعنی قصبہ کے بعض لوگ مذاق اُڑاتے تھے اور کہتے تھے کہ ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ کلکتہ سے، مدراس سے، بمبئی سے، اعظم گڑھ سے، جون پور سے چلے آرہے ہیں، کیسے بے وقوف لوگ ہیں، ہمیں تو کوئی خاص بات ان بڑے میاں میں نظر نہیں آتی، لہٰذا دور دور کے لوگ کامیاب ہو گئے اور قریب کے لوگ جنہوں نے قدر نہ کی محروم رہ گئے۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک شخص نے کہا کہ حاجی صاحب! آپ تو کوئی بڑے عالم بھی نہیں ہیں، پھر ان علماء کو کیا ہو گیا کہ مولانا گنگوہی (رحمۃ اللہ علیہ) جیسا عالم، مولانا قاسم نانوتوی (رحمۃ اللہ علیہ) جیسا عالم اور حضرت حکیم الامت (رحمۃ اللہ علیہ) جیسا عالم آپ سے مرید ہو گیا ہے، مجھے تو اس بات پر سخت صدمہ اور تعجب ہے کہ یہ علماء کیوں آپ سے بیعت ہو گئے ؟ اب حاجی صاحب کا جواب سن لیجیے: فرمایا کہ جتنا آپ کو تعجب ہے اس سے زیادہ مجھے تعجب ہے کہ یہ علماء ہیں اور علماء بھی ایسے کہ علم کے سمندر، نہ جانے مجھ جیسے کے ہاتھ پر کیوں بیعت ہو گئے ؟ یہ حاجی صاحب کا کمالِ تواضع تھا لیکن یہ بدگمانی اور اعتراض کرنے والا کوئی بہت ہی محروم شخص تھا۔ اس کے برعکس ان حضرات کے اندر کتنا ادب تھا۔ حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک رسالہ لکھا اور مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کو دیا اصلاح کے لیے، اس میں علمی لحاظ سے کوئی لفظ مسودہ میں غلط ہو گیا، تو مولانا قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس مقام پر یہ نہیں لکھا کہ حضرت! آپ سے یہاں غلطی ہو گئی ہے، بلکہ وہاں دائرہ بنا کر یہ لکھ دیا کہ حضرت! یہ لفظ میری سمجھ میں نہیں آرہا ہے۔ اللہ اللہ کیا ادب تھا! نقص کی نسبت شیخ کی طرف نہیں کی، اپنی سمجھ کی طرف کر دی۔

حدیث نمبر ۵۶

سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا: وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ الذّٰکِرُوْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذّٰکِرَاتُ [۱۹۲]

ترجمہ: مفردون سبقت لے گئے۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے پوچھا: یارسول اللہ! مفردون کون لوگ ہیں؟ تو آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں۔

حدیث میں آتا ہے سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ مفردون یعنی عاشق بازی لے گئے، وہ لوگ جو عاشقانہ ذکر کرتے ہیں۔ اَلْمُفَرِّدُوْنَ کا ترجمہ عاشقون حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے۔ پھر میں نے ملّا علی قاری کی مرقاۃ شرح مشکوٰۃ دیکھی کہ اَلْمُفَرِّدُوْنَ کی انہوں نے کیا شرح کی ہے، ملّا علی قاری فرماتے ہیں:

اَلَّذِیْنَ لَا لَذَّۃَ لَھُمْ اِلَّا بِذِکْرِہٖ وَلَا نِعْمَۃَ لَھُمْ اِلَّا بِشُکْرِہٖ [۱۹۳]

مُفَرِّدُوْنَ سے مراد اللہ تعالیٰ کے عاشقوں کا وہ طبقہ ہے جن کو دنیا میں کہیں مزہ نہ آئے سوائے اللہ کے نام کے۔ بیوی بچے، کھانا پینا، تجارت اور مکان انہیں جب اچھا معلوم ہوتا ہے جب پہلے اللہ کا نام لے لیتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کے بعد ان کو دنیاوی نعمت میں لذت ملتی ہے اور کوئی نعمت انہیں نعمت نہیں معلوم ہوتی، مگر جب اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرلیتے ہیں۔

شیخ محی الدین ابوزکریا نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مسلم میں اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے ایک دوسری روایت نقل کی ہے کہ مُفَرِّدُوْنَ کے معنیٰ ہیں کہ جو حالتِ ذکر میں وجد میں آجائیں اَلَّذِیْنَ اھْتَزُّوْا فِیْ ذِکْرِ اللّٰہِ، اِھْتِزَازْ کے کیا معنیٰ ہیں؟ جب بارش ہوتی ہے تو زمین پھولتی ہے، حرکت میں آجاتی ہے تو معنیٰ یہ ہوئے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ کے نام سے ان میں حرکت پیدا ہوجاتی ہے، جھوم جاتے ہیں اَیْ

---

[۱۹۲] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَسِيرُ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ فَمَرَّ عَلَى جَبَلٍ يُقَالُ لَهُ جُمْدَانُ فَقَالَ ''سِيرُوا هٰذَا جُمْدَانُ سَبَقَ الْمُفَرِّدُونَ'' قَالُوا وَمَا الْمُفَرِّدُونَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ ''الذّٰكِرُونَ اللهَ كَثِيرًا وَالذّٰكِرَاتُ''. أخرجه مسلم في صحيحه (۳۴۱/۲) برقم (۶۹۸۴) في باب الْحَثِّ عَلَى ذِكْرِ اللهِ تَعَالٰى

[۱۹۳] مرقاة المفاتيح: ۵۰/۵، باب ذكر الله تعالى والتقرب اليه، المكتبة الامدادية، ملتان

لَهِجُوْا بِهٖ یعنی خدا پر عاشق ہو جاتے ہیں۔ میں جب ہر دوئی گیا تو حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں بہت مزہ آیا۔ اللہ والوں کی معیت بہت پُر کیف ہوتی ہے۔ میں نے حضرت والا سے عرض کیا کہ حضرت کی خدمت میں بہت مزہ آرہا ہے، کیوں کہ اس چوکھٹ سے بڑھ کر کس کا دروازہ ہو سکتا ہے جس سے اللہ مل جائے۔

حدیث نمبر ۵۷

مَا اَسۡفَلَ مِنَ الۡکَعۡبَیۡنِ مِنَ الۡاِزَارِ فِی النَّارِ [۱۹۴]

ترجمہ: ٹخنہ کا جتنا حصہ اِزار سے چھپے گا جہنم میں جائے گا۔

اسبالِ ازار (شلوار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے) کی وعید

بخاری شریف کی حدیث ہے، حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مَا اَسۡفَلَ مِنَ الۡکَعۡبَیۡنِ مِنَ الۡاِزَارِ فِی النَّارِ [۱۹۵] اے ایمان والو! جتنا تمہارا ٹخنہ چھپے گا، چاہے جبہ ہو، چاہے کرتا ہو، ازار ہو، توب ہو، اتنا حصہ جہنم میں جلے گا۔

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ بذل المجہود شرح ابوداؤد میں لکھتے ہیں کہ اس لباس سے مراد وہ لباس ہے جو اوپر سے آرہا ہے۔ اگر نیچے سے آرہا ہے جیسے موزہ پہن لے اور ٹخنہ چھپ جائے تو اس میں ذرا بھی گناہ نہیں، بلکہ ٹھنڈک میں اپنے پیروں کو چھپالو، اجر بھی ہے۔ تو اوپر سے جو لباس آرہا ہے اس سے ٹخنہ کو چھپا نہیں سکتے۔

ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فتح الباری شرح بخاری جلد نمبر ۱۰ کتاب اللباس میں فرماتے ہیں کہ

---

۱۹۴ هذا حديث أَبِي هرَيرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْه، عَنِ النَّبِي صلى الله عليه وسلم قَالَ: مَا أَسۡفَلَ مِنَ الۡكَعۡبَينِ مِنَ الإِزَارِ فَفِي النَّارِ. أخرجه البخاری فی صحیحه: ۸۶۱/۲، برقم (۵۷۸۷) فی باب مَا أَسۡفَلَ مِنَ الۡكَعۡبَينِ فَهوَ فِي النَّارِ. و روی عن أبی سَعِيدِنِ الۡخُدۡرِيّ أنه سئل عَنِ الإِزَارِ فَقَالَ عَلَى الۡخَبِيۡرِ سَقَطۡتَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ''إِزۡرَةُ الۡمُسۡلِمِ إِلَى نِصۡفِ السَّاقِ وَلَا حَرَجَ أَوۡ لَا جُنَاحَ فِيمَا بَينَه وَبَينَ الۡكَعۡبَينِ مَا كَانَ أَسۡفَلَ مِنَ الۡكَعۡبَينِ فَهوَ فِي النَّارِ مَنۡ جَرَّ إِزَارَه بَطَرًا لَمۡ يَنۡظُرِ اللهُ إِلَيه''. أخرجه أبو داؤد فی سننه (۲۱۰/۲) برقم (۴۰۹۳) فی باب فِي قَدۡرِ مَوۡضِعِ الإِزَارِ

۱۹۵ صحيح البخاری: ۸۶۱/۲ (۵۸۰۶)، باب ما اسفل من الكعبين فهو فی النار، المكتبة المظهرية

چار وجہ سے ٹخنوں کا چھپانا حرام ہے:

۱) مِنْ جِهَةِ التَّشَبُّهِ بِالنِّسَاءِ عورتوں سے مشابہت ہوتی ہے۔

۲) مِنْ جِهَةِ التَّلَوُّثِ بِالنَّجَاسَةِ لٹکا ہوا پائجامہ نجاست سے ملوث ہوتا ہے۔

۳) مِنْ جِهَةِ التَّشَبُّهِ بِوَضْعِ الْمُتَكَبِّرِيْنَ متکبرین کی وضع سے مشابہ ہے۔

۴) مِنْ جِهَةِ الْاِسْرَافِ فضول خرچی ہے۔[۱۹۶]

اگر کوئی کہے کہ آدھے انچ سے کیا ہوتا ہے؟ تو اللہ کا قانون سارے عالم کے مسلمانوں کو سامنے رکھ کر ہے۔ اگر نوّے کروڑ مسلمان ہیں تو نوے کروڑ انچ ضایع ہو گیا۔ اس کا فٹ بناؤ، گز بناؤ، اندازہ ہو جائے گا کہ کتنا کپڑا ضایع ہوا۔ اور سن لو جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہوا تو صرف منافقین ازار لٹکانے لگے تھے، کسی صحابی کے بارے میں کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ ان کا پائجامہ سے ٹخنہ چھپا ہو۔ یہاں تک کہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح بخاری میں لکھا ہے کہ ایک صحابی نے عرض کیا کہ یَا رَسُوْلَ اللهِ ! اِنِّیْ حَمِشُ السَّاقَیْنِ میری پنڈلیاں سوکھ گئی ہیں، بیماری ہو گئی ہے، مجھے مستثنیٰ کر دیجیے کہ میں ٹخنہ چھپالوں تاکہ میرا عیب چھپ جائے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے شخص! بیماری تو اللہ کی طرف سے ہے، نافرمانی تیری طرف سے ہو گی اَمَا لَكَ فِیَّ أُسْوَةٌ کیا میرے اندر تیرے لیے نمونہ نہیں؟[۱۹۷] کہ میری لنگی کتنی اونچی رہتی ہے۔ جو آدمی اسبالِ ازار کرتا ہے، ٹخنے چھپاتا ہے، اس پر چار عذاب ہوں گے:

۱) لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن شفقت سے بات نہیں کریں گے۔

۲) وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ اللہ تعالیٰ رحمت کی نظر سے نہیں دیکھیں گے۔

۳) وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ان کو توفیقِ اصلاح نہیں دیں گے۔

۴) وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ دردناک عذاب ہو گا۔[۱۹۸]

مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں اِنْ لَّمْ يَتُبْ یہ عذاب جب ہو گا اگر توبہ نہ کرے اور اگر توبہ کر لی تو سب ختم، معافی ہو گئی۔ لہٰذا دوستو! ذرا اس کا خیال رکھو۔ آسمان ہی کی طرف نظر مت کرو، زمین کی

---

۱۹۶ فتح الباری: ۱۰/۲۶۳، باب من جر ثوبہ من الخیلاء، دار المعرفۃ، بیروت

۱۹۷ سنن ابن ماجۃ: ۳۹۰، باب موضع الازار این هو، المکتبۃ الرحمانیۃ / فتح الباری: ۱۰/۲۶۴، باب من جر ثوبہ من الخیلاء، بیروت

۱۹۸ صحیح مسلم: ۱/۷۱، باب بیان غلظ تحریم اسبال الازار، ایچ ایم سعید

طرف بھی دیکھتے رہو کہ کہیں میرا ٹخنہ چھپ تو نہیں رہا، یہ ذکر، ذکرِ منفی ہے، اللہ کی عظمت کا حق ہے۔ اب کوئی کہے کہ یہ حکم قرآن میں تو نہیں ہے؟ میں کہتا ہوں کہ اللہ پاک نے قرآن میں فرمایا کہ میرا نبی جو تم کو حکم دے دے اس کو قرآن کا حکم سمجھو:

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا[۱۹۹]

میرا نبی جس بات کا حکم کرے اس کو کرو اور جس سے منع کرے اس سے رُک جاؤ۔ یہ قرآن پاک کی آیت ہے نا! لہٰذا احادیث کو ماننا عینِ قرآن کو ماننا ہے اور حدیث کی نافرمانی قرآنِ پاک کی نافرمانی ہے۔

یہ بخاری شریف کی حدیث ہے مَآ اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِي النَّارِ جس کا ٹخنہ اوپر سے آنے والے لباس مثلاً شلوار، پاجامہ، لنگی وغیرہ سے چھپا رہے گا، اُتنا حصہ جہنم میں جلے گا۔ دوسری حدیث میں ہے کہ جو تکبر سے ایسا کرے گا، اِس حدیث کو لے کر آج لوگ خوب ہوشیاریاں اور چالاکیاں دِکھارہے ہیں کہ صاحب! میرا ٹخنہ تکبر کی وجہ سے نہیں ڈھک رہا ہے حالاں کہ کبھی کسی صحابی نے ٹخنہ نہیں ڈھکا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیٹ نکلا ہوا تھا اِس لیے آپ کا پاجامہ لٹک جاتا تھا لیکن آپ ہر وقت اُس کو اہتمام سے اوپر کرتے رہتے تھے اور وحی الٰہی سے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبانِ رسالت سے اس بات کا اعلان ہوا کہ حضرت ابو بکر صدیق تکبر سے پاک ہیں، آج کے زمانہ میں کس کو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مستثنیٰ فرمایا؟ کسی کے لیے وحی نازل ہوئی؟ لہٰذا جو لوگ ٹخنے ڈھک رہے ہیں وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کررہے ہیں۔

علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ جن کو ایک لاکھ حدیثیں بمع راویوں کے ناموں کے زبانی یاد تھیں وہ فتح الباری شرح بخاری جلد نمبر ۶ میں تمام حدیثیں سامنے رکھ کر فیصلہ لکھتے ہیں: فَاِنَّ ظَاهِرَ الْاَحَادِيْثِ يَدُلُّ عَلٰى تَحْرِيْمِ الْاِسْبَالِ یعنی چاہے تکبر ہو یا نہ ہو ہر حال میں ٹخنہ چھپانا حرام ہے۔[۲۰۰] علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ حافظ الحدیث ہیں جنہیں ایک لاکھ حدیثیں مع اسناد کے زبانی یاد تھیں اور جنہوں نے بخاری شریف کی ۱۴ جلدوں میں شرح لکھی ہے، ان سے بڑھ کر آج کوئی کیا حدیث بیان کرے

---

۱۹۹ الحشر: ۷

۲۰۰ ذکرہ الحافظ ابن الحجر العسقلانی فی فتح الباری: ۲۶۳/۱۰ فی باب من جر ثوبہ من الخیلاء، ولفظہ واما الاسبال لغیر الخیلاء فظاھر الاحادیث تحریمہ ایضا، دار المعرفۃ بیروت

گا، آج تو چند کتابیں پڑھ لیں اور علامہ بن گئے، یہ لوگ عَلَّامَہْ نہیں ظَلَّامَہْ ہیں۔ تو علامہ ابن حجر عسقلانی تمام مجموعۂ احادیث کی روشنی میں فرماتے ہیں کہ فَاِنَّ ظَاهِرَ الْاَحَادِيْثِ يَدُلُّ عَلٰى تَحْرِيْمِ الْاِسْبَالِ تمام احادیث دلالت کرتی ہیں کہ ٹخنہ چھپانا حرام ہے۔

حدیث نمبر ۵۸

لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَّذْكُرُوْنَ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَذَكَرَهُمُ اللهُ فِيْ مَنْ عِنْدَهٗ[۲۰۱]

ترجمہ: کوئی قوم بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتی، مگر یہ کہ فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں اور رحمتِ الٰہی ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور ان پر سکینہ نازل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی ان کا ذکر کرتے ہیں فرشتوں کی جماعت میں، جو اس کے پاس ہوتی ہے۔

پہلی فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جہاں کہیں کچھ اللہ کے بندے مل کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو وہاں فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں، تو آپ سوچیے کہ ان کی ملاقات بھی ہوتی ہے یا نہیں؟ تو فرشتوں کی ملاقات سے ہم پر اچھا اثر نہیں آئے گا؟ کیا وہ نیک صحبت نہیں ہے؟ لہٰذا ذکر کی مجلس میں شرکت کی کوشش کیجیے۔

عقل میں جو آجائے وہ خدا ہو ہی نہیں سکتا، کیوں کہ عقل محدود ہے، محدود میں غیر محدود کیسے آئے گا؟ اگر کسی کے عقل میں آجائے کہ خدا یہ ہے تو ہرگز وہ خدا نہیں ہو سکتا، کیوں کہ اللہ غیر محدود ہے، وہ محدود عقل میں کیسے آئے گا۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمادیا کہ خبردار! مخلوق میں تو غور و فکر کرو مگر اللہ کی ذات میں مت سوچو، تمہاری قوتِ عقلیہ اور فکریہ محدود ہے۔ بھلا ایک گلاس میں

۲۰۱؎ هذا حديث أبي هريرة و أبي سعيد الخدري رضي الله عنهما أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّه قَالَ ''لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللهُ فِيمَنْ عِنْدَه''. أخرجه مسلم في صحيحه: ۲/۳۴۵، برقم (۷۰۳۰) في باب فَضْلِ الاِجْتِمَاعِ عَلَى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَعَلَى الذِّكْرِ

مٹکے کا پانی آسکتا ہے اور مٹکے میں حوض اور حوض میں دریا آئے گا؟ دریا میں سمندر بھر سکتے ہو؟ جب چھوٹے محدود میں بڑا محدود نہیں آسکتا، تو محدود میں غیر محدود کیسے آئے گا؟ اللہ تعالیٰ کی ذات یاد کرنے کے لیے ہے۔ قرآن کریم میں یَذْکُرُوْنَ اللہَ فرمایا۔ اللہ کو یاد کرو، بس اس یاد سے وہ دل میں آجائیں گے، تمہیں خود پتا چل جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کیا ہیں۔ اور غور و فکر مخلوق میں کیا کرو۔ حضرت حکیم الامت تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوا کہ فکر برائے مخلوق ہے اور ذکر برائے خالق ہے۔ اگر اس کے خلاف چلوگے تو گمراہ ہو جاؤ گے، تو ذکر اللہ کا ایک فائدہ بیان ہو گیا، لہٰذا جب ذکر کی مجلس میں آئیں تو یہ نیت بھی کر لیں کہ چلو فرشتوں کی ملاقات بھی کر لیں۔

دوسری فضیلت

وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں اپنے یاد کرنے والوں کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ کس طرح ڈھانپتے ہیں؟ دیکھیے اس جملے میں بڑا پیار ہے، اس کو محبت کے انداز میں سمجھیے۔ ماں جب اپنے بچے کو گود میں لیتی ہے تو کس طرح لیتی ہے؟ لے کر چپکا لیتی ہے، اس کے بعد دوپٹہ سے چھپا لیتی ہے پھر ٹھڈی بھی اس کے سر پر رکھ دیتی ہے۔ یہی مفہوم ہے غَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ کا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ڈھانپ لیتا ہے۔

نورِ او در یُسر و یُمن و تحت و فوق

بر سرم بر گردنم مانندِ طوق

اس کا نور ہمارے دائیں بائیں اور اوپر نیچے گھیر لیتا ہے۔ سر سے گردن ہر جگہ مانندِ طوق اپنی رحمت کے دامن میں چھپا لیتے ہیں۔ تو ذکر کی مجلس میں اس نیت سے آؤ کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہمیں ڈھانپ لے اور پیار کر لے۔

تیسری فضیلت

وَنَزَلَتْ عَلَیْھِمُ السَّکِیْنَۃُ ہم ان کے دل پر سکینہ نازل کرتے ہیں۔ علامہ سید محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ روح المعانی میں سکینہ کی تفسیر فرماتے ہیں فَاِنَّ السَّکِیْنَۃَ ھِیَ نُوْرٌ یَّسْتَقِرُّ فِی الْقَلْبِ[۲۰۲] سکینہ ایک نور ہے جو دل میں ٹھہر جاتا ہے۔ یہ دنیا کے نہیں کہ بس مسجد میں تو اللہ والے ہیں اور جہاں

---

[۲۰۲] روح المعانی: ۲۵/۱۱، الفتح (۴)، دار احیاء التراث، بیروت

مارکیٹ میں گئے مار پیٹ شروع کر دی۔ ہر جگہ وہ نور ساتھ ہوتا ہے۔ وَيَثْبُتُ بِهِ التَّوَجُّهُ اِلَى الْحَقِّ جس کو سکینہ کا نور ملتا ہے پھر وہ ہر وقت باخدا رہتا ہے۔ چاہے وہ دنیا کا بھی کام کر رہا ہو، لیکن وہ خدا کو فراموش نہیں کرتا۔

چوتھی فضیلت

وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ چوتھی فضیلت ذکر کرنے کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے پاس والوں میں یاد کرتے ہیں۔ اگر تم ہم کو تنہا یاد کروگے تو ہم بھی تنہائی میں تمہیں یاد کریں گے اور اگر تم مجمع میں یاد کروگے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم بھی تم کو فرشتوں کے مجمع میں اور نبیوں کے مجمع میں یاد کریں گے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ جن کی قبر جنت المعلیٰ میں ہے، اس کی شرح میں لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حاضرین کی مجلس میں ان کا ذکر کرتے ہیں اور عِنْدَهٗ سے مراد ہے عِنْدَ اَرْوَاحِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ عِنْدَ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ عام مراد یہی ہے کہ فرشتوں کے مجمع میں ذکر کریں گے، مگر محدثِ عظیم ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ جزائے خیر دے کہ انہوں نے شرح فرمائی کہ پیغمبروں اور رسولوں کی روحوں کو بھی حاضر کرلیتے ہیں اور وہاں ذکر کرنے والوں کا تذکرہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ عمل کرنے کی توفیق دیں، آمین۔

شرحِ حدیث بعنوانِ دگر

مسئلہ یاد کرلو کہ جب دین کی بات ہو رہی ہو تو نفل مت پڑھو، اجتماعی ثواب حاصل کرو، کیوں کہ حدیثِ پاک میں ہے کہ دین کی کوئی بات سن لوگے تو ایک ہزار رکعت سے زیادہ ثواب نامہ اعمال میں چڑھ جائے گا۔ اس حدیث کے ساتھ بے پرواہی اور مذاق اور ناشکری مت کرو۔ اس فرمانِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شکر یہ ہے کہ جب کوئی دینی اجتماع ہو تو نفل کے بجائے اس اجتماع میں شریک ہو جاؤ اور اس کے چار فائدے الگ مستزاد ملیں گے۔ مسلم شریف کی حدیث ہے:

لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ

جب کوئی قوم اجتماعی ذکر میں مشغول رہتی ہے تو فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں یعنی فرشتوں سے ان کی ملاقات ہوتی ہے اور اللہ کی رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے۔

تو دائرۂ رحمت سے ایگزٹ (exit) کیوں کر رہے ہو اور دائرۂ رحمت سے خروج کیوں کر رہے ہو؟

جس کے پاس حسنِ ظن سے آتے ہو اس کی بات ماننا چاہیے اور تیسر افائدہ ہے **وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ** اس اجتماع کی برکت سے ان کے قلب پر سکینہ نازل ہوتا ہے۔ اور جب سکینہ نازل ہو گا تو ہر وقت اللہ کی طرف آپ کا قلب متوجہ رہے گا، کیوں کہ **اِنَّ السَّكِيْنَةَ هِيَ نُوْرٌ يَّثْبُتُ بِهِ التَّوَجُّهُ اِلَى الْحَقِّ وَيَتَخَلَّصُ عَنِ الطَّيْشِ** جس کے دل پر سکینہ نازل ہوتا ہے، اس کی توجہ اللہ کی طرف قائم رہتی ہے اور وہ انتشارِ ذہنی اور ڈپریشن سے بلا آپریشن محفوظ رہتا ہے ان شاء اللہ۔ اور چوتھا فائدہ ہے **وَذَكَرَهُمُ اللهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ**[۲۰۳] اللہ تعالیٰ اپنے پاس والوں کے سامنے یعنی ملائکہ مقربین اور ارواحِ انبیاء والمرسلین کے سامنے ان بندوں کا تذکرہ بطورِ افتخار کے فرماتے ہیں۔ ملّا علی قاری کی شرح مرقاۃ کی عبارت یہ ہے **اَیْ مِنَ الْمَلٰئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَرْوَاحِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ** اسی حدیث سے اجتماعی ذکر کا ثبوت ملتا ہے۔ یہ حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے **التشرّف بمعرفۃ احادیث التصوّف** میں لکھا ہے۔ میں نے **التشرف** کے اس صفحہ کا فوٹو لیا اور اپنے شیخ کو دکھایا تو حضرت نے ہر دوئی میں فوراً اجتماعی ذکر شروع کروا دیا۔

حدیث نمبر ۵۹

مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا وَّمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: كُلُّ بَنِيْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ[۲۰۴]

ترجمہ: جس نے استغفار کو لازم کر لیا تو اللہ تعالیٰ اس کو ہر تنگی سے نجات دیں گے اور ہر غم سے کشادگی عطا فرمائیں گے اور اللہ تعالیٰ اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائیں گے کہ جس کا اسے گمان بھی نہ ہو گا اور آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ تمام ابن آدم خطاکار ہیں اور بہترین خطاکار کثرت سے استغفار کرنے والے ہیں۔

---

[۲۰۳] صحیح مسلم: ۲/۳۴۵، باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القراٰن، ایچ ایم سعید

[۲۰۴] هذا حديث ابن عباس رضی الله عنهما أنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ''مَنْ لَزِمَ الاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللهُ لَه مِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجًا وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَرَزَقَه مِنْ حَيثُ لَا يَحْتَسِبُ''. أخرجه أبو داؤد فی سننه: ۱/۳۱۳، برقم (۱۵۲۰) فی باب فی الاِسْتِغْفَارِ

بہترین خطاکار

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اے لوگو! تم سب کے سب خطاکار ہو، لیکن تم بہترین خطاکار بن جاؤ۔ بہترین خطاکار کیسے بنیں؟ جو توبہ کرلے وہ بہترین خطاکار ہے۔

اس پر میرے شاگردوں نے پوچھا کہ خطا تو شر ہے، خیر کیسے لگادیا؟ اس کا جواب میں نے دیا کہ اللہ تعالیٰ کی توبہ کے کیمیکل میں یہ کرامت ہے، جیسے شراب میں سرکہ ڈال دو تو ساری شراب سرکہ بن جائے گی اور قلب ماہیت سے حلال ہوجائے گی۔ تو خطا تو شر ہے، لیکن توبہ کی برکت سے بہترین خطاکار ہوجائے گا، شر کو اللہ تعالیٰ خیر بنادیں گے۔

پھر ایک سوال اور پیدا ہوا کہ خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ میں خَطَّائِیْنَ بھی مٹادیتے اور خالی خیر رکھتے۔ خطاکار کی نسبت سے تو شرم آرہی ہے۔ میں نے کہا کہ خَطَّائِیْنَ عربی ترکیب میں مضاف الیہ ہے اور عبارت میں مقصود مضاف ہوتا ہے جیسے جَاءَ غُلَامُ زَیْدٍ زید کا غلام آیا۔ اس میں غلام کا آنا مقصود ہے تو یہاں مراد خیر ہی خیر ہے لیکن خَطَّائِیْنَ کو اس لیے باقی رکھا تاکہ توبہ کی کرامت معلوم ہو کہ تم تھے تو خطاکار لیکن توبہ کی برکت سے بہترین خطاکار ہوگئے۔

فوائدِ استغفار

دوسری حدیث پڑھی تھی استغفار و توبہ کے متعلق اور بہتر یہ ہے کہ دو رکعت پڑھ کر توبہ کرے، اللہ سے معافی مانگے اور یہ کہے کہ اے اللہ! تیری رحمت میرے گناہوں سے بہت بڑھی ہوئی ہے، ایک کروڑ گناہ بھی معاف کرنا تیرے لیے کچھ مشکل نہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو کثرت سے استغفار کرے گا تو ۱) ہر مصیبت سے اللہ اس کو نکال دے گا۔ ۲) غم سے نجات دے گا اور ۳) ایسی جگہ سے اس کو رزق دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوگا۔

انعاماتِ تقویٰ

دوستو! استغفار کے یہ تین انعامات زبانِ نبوت نے بیان فرمائے اور اللہ تعالیٰ نے بے شمار انعامات گناہوں کے چھوڑنے اور تقویٰ اختیار کرنے کے رکھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو شخص تقویٰ اختیار

کرے گا ہم اس کو ایسی جگہ سے روزی دیں گے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہو گا، اس کے سب کام آسان کر دیں گے۔ آپ کا کوئی دوست روزانہ آپ کے پاس آکر آپ کا دل بہلاتا ہو اور پھر وہ کسی مصیبت میں پھنس جانے کی وجہ سے نہ آئے، تو اگر آپ واقعی دوست ہیں تو فوراً اس کی مصیبت کو ٹالنے کی کوشش کریں گے تاکہ وہ پھر آتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کو بھی اپنے بندے کی آہ و زاری، اس کی مناجات اور اس کا اللہ اللہ کرنا محبوب ہے۔ جب وہ کسی مصیبت میں پھنستا ہے تو اللہ تعالیٰ جلدی اس کی مصیبت ٹال دیتے ہیں تاکہ میرا بندہ پھر میرے حضور میں آئے، جلدی سے مصیبت ٹالنے کا راز یہ ہے۔ رازِ دوستی ہے۔ تو اللہ تقویٰ کی برکت سے اپنے دوستوں کا کام آسان کرتے ہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ تقویٰ اختیار کرنے پر اس کو مصیبت سے مخرج (exit) دیتے ہیں۔ جدہ میں لکھا رہتا ہے ایک طرف مخرج اور ایک طرف (exit)۔ یعنی ہر مصیبت سے نجات دیتے ہیں اور ایک جگہ اللہ پاک نے قرآن پاک میں فرمایا: اگر تم گناہ چھوڑ دو تو تم کو ہم ایک نور عطا کریں گے جس سے تمہیں بھلائی اور برائی میں تمیز پیدا ہو گی اور ایک جگہ فرماتے ہیں کہ تقویٰ پر یہ سارے انعامات تو ہم دیں گے ہی، سب سے بڑا انعام یہ دیں گے کہ تمہاری غلامی کے سر پر اپنی دوستی کا تاج رکھ دیں گے یعنی تم کو ولی اللہ بنا دیں گے۔ اس سے بڑھ کر تقویٰ کا کیا انعام ہو سکتا ہے؟

توبہ و استغفار پر بھی تقویٰ کے انعامات

اب دیکھیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کرم کہ قرآن پاک میں متقیوں کے لیے جو فضیلتیں بیان کی گئی ہیں، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے توبہ کرنے والوں کے لیے بھی وہ فضیلتیں بیان کیں۔ توبہ کرنے والوں کو بھی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم توبہ کر لو تمہیں بھی وہ نعمتیں ملیں گی جو متقیوں کو ملتی ہیں، مخرج یعنی نکلنے کا راستہ اور ہر غم سے نجات مل جائے گی اور تمہیں رزق ایسی جگہ سے دیں گے کہ وہاں سے تمہیں گمان بھی نہیں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے تقویٰ پر جو نعمتیں بیان فرمائیں، رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گناہوں سے استغفار و توبہ کرنے والوں کو بھی وہی نعمتیں دلا دیں۔

ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث کی شرح میں لکھ دیا کہ اِنَّ الْمُسْتَغْفِرِیْنَ نُزِّلُوْا مَنْزِلَةَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی معافی مانگنے والے اللہ کے یہاں اولیاء اللہ کے ساتھ اُٹھائے جائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اِنَّ اللہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ

یعنی اے گناہ گارو! تم توبہ کرو، ہم تمہیں صرف معافی ہی نہیں دیں گے، بلکہ تمہیں اپنا محبوب بھی بنا لیں گے۔

دیکھو فرمارہے ہیں کہ کروڑوں کروڑوں گناہ کرلو، اگر ایک دفعہ اشکِ ندامت گرادو بس! سمجھ لو کہ کام بن گیا، معافی ہوگئی۔ ہم گناہ کرتے کرتے تھک سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ معاف کرتے کرتے تھک نہیں سکتے ؎

کیا ہے رابطہ آہ و فغاں سے
زمیں کو کام ہے کچھ آسماں سے

اللہ تعالیٰ کے سامنے رونا سیکھو۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب گناہ گار بندہ روتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے آنسوؤں کو شہیدوں کے خون کے برابر وزن کرتے ہیں۔ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ سورۃ القدر کی تفسیر میں حدیث شریف نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب گناہ گار بندہ رورو کر معافی مانگتا ہے تو ہمیں اس کے رونے کی آواز سُبْحَانَ اللہ سُبْحَانَ اللہ کہنے والوں کی آوازوں سے زیادہ پسند آتی ہے۔ بتاؤ! اور کیا چاہتے ہو؟ اور یہ بھی فرمارہے ہیں خبر دار! رحمت سے ناامید مت ہونا، ورنہ جہنم میں ڈال دوں گا۔ میرے شیخ فرماتے تھے کہ جیسے کوئی ابا کہے کہ خبر دار بیٹو! مجھ سے ناامید مت ہونا ورنہ ڈنڈے لگادوں گا، تو یہ انتہائی کریم ابّا ہوگا ورنہ ابّا کہتا: ناامید ہوگیا تو، جا بھاگ یہاں سے، دوسرے بیٹے کو دے دوں گا۔ ایسے ہی اللہ فرماتے ہیں کہ خبر دار! اگر مجھ سے ناامید ہوگئے تو جہنم کے ڈنڈے لگادوں گا۔ یہ انتہائی کرم ہے:

اِنَّ اللہَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا[۲۰۵]

اللہ تعالیٰ سارے گناہوں کو ایک سیکنڈ میں معاف کر دیتا ہے۔

حدیث نمبر ۶۰

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ[۲۰۶]

ترجمہ: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ۔

۲۰۵؎ الزمر: ۵۳

۲۰۶؎ هذا حديث أنس بن مالك رضى الله عنه أنه قال: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يكثِرُ أَنْ يقُولَ: يا مُقَلِّبَ القُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِينِكَ، فَقُلْتُ: يا رَسُولَ اللهِ، اٰمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهِ فَهَلْ تَخَافُ عَلَيْنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ القُلُوبَ بَينَ أُصْبُعَينِ مِنْ أَصَابِعِ اللهِ يقَلِّبُهَا كَيْفَ يَشَاءُ، أخرجه الترمذي في سننه: ۳۶/۲، برقم (۲۱۴۰) في باب ما جاء أن القلوب بين إصبعي الرحمٰن

دین پر ثباتِ قدمی کی مسنون دعا

بروایتِ بخاری شریف سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا سکھا دی کہ یوں کہو اللہ سے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ اے ہماری ماں! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باری جب آپ کے یہاں ہوتی تھی، تو کون سی دعا زیادہ پڑھتے تھے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا ہماری ماں ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی ہیں، فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کثرت سے یہ دعا پڑھتے تھے **يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ** اے دلوں کے بدلنے والے! میرے دل کو دین پر قائم رکھیے۔ تو جو مانگے گا اس کو دیں گے۔

جو اللہ سے گڑ گڑا کے مانگتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو استقامت دیتے ہیں اسی لیے علماء نے لکھا ہے کہ جس کی استقامت خطرے میں رہتی ہو یعنی کبھی توبہ کرتا ہے اور کبھی توبہ توڑتا ہے، چند دن تو مستقیم رہتا ہے بعد میں ٹیڑھا راستہ گناہوں کا اختیار کر لیتا ہے، ایسے شخص کو کثرت سے **یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ** پڑھنا چاہیے۔ اس میں اسمِ اعظم ہے کہ اے زمین اور آسمانوں کو سنبھالنے والے! میرا دل سنبھالنا آپ پر کوئی مشکل نہیں اور یہ بخاری شریف کی دعا **يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ** کثرت سے پڑھتے رہیے اور دل لگا کر پڑھیے، درد سے پڑھیے۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہونے کے باوجود کثرت سے پڑھتے تھے تو ہم کو آپ کو کتنا پڑھنا چاہیے، لہٰذا کثرت سے پڑھتے رہیے **يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ** اے دلوں کے بدلنے والے! **ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ** ہمارے دل کو اپنے دین پر قائم فرما۔

حدیث نمبر ۶۱

اَشْرَافُ أُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ[۲۰۷]

ترجمہ: میری امت کے بڑے لوگ حافظِ قرآن ہیں اور رات کو اٹھ کر عبادت کرنے والے ہیں۔

---

[۲۰۷] هذا حديث عبد الله بن عباس رضي الله عنهما أنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: '' أَشْرَافُ أُمَّتِي حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَأَصْحَابُ اللَّيلِ ''. أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۲/۵۵۶ برقم (۲۷۰۳)، دار الكتب العلمية

حُفّاظِ قرآن اُمت کے بڑے لوگ ہیں

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری اُمت کے بڑے لوگ حافظِ قرآن ہیں یعنی جو بچے حافظ ہوگئے یہ اُمت کے بڑے لوگ ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن کو بڑے لوگ فرمائیں آج ہم ان کو حقیر سمجھتے ہیں، نعوذ باللہ! ایسے ایسے جملے کہتے ہیں کہ میاں حافظِ قرآن ہوگئے، اب جمعرات کی روٹیوں کا انتظار کریں گے۔ ارے! امریکا کی ڈگری لے آتے تو کچھ ہو جاتے۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حملۃ القرآن اور اصحاب اللیل کا ربط

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری امت کے بڑے لوگ حافظِ قرآن ہیں۔ لیکن جہاں قرآن شریف رکھا جائے وہ جزدان قیمتی ہو، یا گندا اور کٹا پھٹا ہو؟ وہ تو صاف ستھرا ہونا چاہیے اور وہاں خوشبو بھی ہونی چاہیے۔ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآنِ پاک کے حافظوں کے جسم و روح کے لیے ایک قید لگا دی اور وہ ہے اَصْحَابُ اللَّیْلِ، تاکہ جس سینہ میں قرآن پاک ہو اس میں چار قسم کی خوشبو بھی ہونی چاہیے اور یہ خوشبو کیسے آئے گی؟

حافظِ قرآن کے لیے تہجد کی اہمیت

حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ کے بعد فوراً اَصْحَابُ اللَّیْلِ فرمانا ظاہر کر رہا ہے کہ حافظِ قرآن راتوں کی نماز بھی پڑھتے ہوں۔ جو حافظِ قرآن اَصْحَابُ اللَّیْلِ ہوں گے ان میں چار قسم کی خوشبو آجائے گی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

عَلَیْکُمْ بِقِیَامِ اللَّیْلِ فَاِنَّهٗ دَأْبُ الصّٰلِحِیْنَ قَبْلَکُمْ وَهُوَ قُرْبَةٌ اِلٰی رَبِّکُمْ وَمَکْفَرَةٌ لِّلسَّیِّئَاتِ وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْاِثْمِ [۲۰۸]

اے میری امت کے لوگو! رات کی نماز مت چھوڑنا، اس کو لازم پکڑ لو، عَلٰی لزوم کے لیے ہے۔ اور چار قسم کی خوشبو کیا ملیں گی؟

---

[۲۰۸] هذا حديث أبي أمامة الباهلي رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: عَلَیْکُمْ بِقِیَامِ اللَّیْلِ فَاِنَّهٗ دَأْبُ الصّٰلِحِیْنَ قَبْلَکُمْ وَهُوَ قُرْبَةٌ اِلٰی رَبِّکُمْ وَمَکْفَرَةٌ لِّلسَّیِّئَاتِ وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْاِثْمِ. أخرجه الترمذي في سننه (۲/۱۹۵) برقم (۳۵۴۹) في باب في دعاء النبي صلى الله عليه وسلم

۱) فَاِنَّهٗ دَأْبُ الصّٰلِحِیْنَ قَبْلَکُمْ تم سے پہلے تمام صالحین کا شیوہ رہا ہے، حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر جتنے صالحین ہوئے تمہارا نام ان صالحین کے رجسٹر میں لکھ دیا جائے گا۔ اور دوسری خوشبو کیا ہے؟

۲) وَھُوَ قُرْبَۃٌ اِلٰی رَبِّکُمْ تم اللہ تعالیٰ کے پیارے اور مقرب بن جاؤ گے۔ تیسری خوشبو کیا ہے؟

۳) وَ مَکْفَرَۃٌ لِّلسَّیِّئَاتِ تمہاری خطائیں معاف کر دی جائیں گی۔ اور خوشبو نمبر چار کیا ہے؟

۴) وَمَنْھَاۃٌ عَنِ الْاِثْمِ گناہ سے بچنے کی طاقت تمہارے اندر پیدا ہو جائے گی۔

سارے عالم کے اولیاء اللہ کی دعائیں لینے کا طریقہ

قیام اللیل سے ایک فائدہ یہ ملا کہ سارے عالم کے صالحین، اقطاب، ابدال، غوث، اولیاء اللہ، چاہے بیت اللہ میں ہوں یا مدینہ پاک میں یا عالَم کے کسی گوشہ میں ان کی دعائیں آپ کو مل جائیں گی۔ دلیل سنیے۔ سارے عالَم میں جتنے مسلمان نمازی ہیں، چاہے بیت اللہ میں ہوں یا روضۃ المبارک میں وہ التحیات میں وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصّٰلِحِیْنَ پڑھیں گے یا نہیں؟ تو فَاِنَّهٗ دَأْبُ الصّٰلِحِیْنَ سے جب آپ صالحین میں داخل ہوگئے، تو سارے عالَم کے مسلمانوں کی دعا آپ کو مفت میں بلا درخواست مل جائے گی۔ حدیثِ پاک کا یہ جملہ فَاِنَّهٗ دَأْبُ الصّٰلِحِیْنَ قَبْلَکُمْ اور التحیات کا یہ جملہ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللہِ الصّٰلِحِیْنَ دونوں جملوں کو ملاؤ، تو یہ مطلب ہوا کہ جو صالحین میں شامل ہو جاتا ہے سارے عالَم کے اولیاء کی دعائیں اسے خود بخود ملتی ہیں۔ یہ علمِ عظیم اللہ تعالیٰ نے اختر کو عطا فرمایا، یہ میں نے کتابوں میں نہیں پڑھا، لیکن اللہ والوں کی جوتیوں کے صدقہ میں کیا ملتا ہے اس کو مولانا رومی نے بیان فرمایا ہے؎

بینی اندر خود علومِ انبیا

اگر تم اللہ والوں کی غلامی کر لو تو اپنے سینہ میں فیضانِ علومِ انبیاء پاؤ گے۔

قیام اللیل سے گناہوں سے بچنے کی ایک روحانی طاقت پیدا ہوتی ہے اور حدیث میں یہ قید نہیں ہے کہ تین بجے رات ہی کو پڑھنے سے یہ طاقت آئے گی، عشاء کے بعد ہی اگر پڑھ لو تو ان شاء اللہ تعالیٰ چاروں فائدے آپ کو مل جائیں گے۔ یہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ یہ دنیوی اطبائے یونان کا نسخہ نہیں ہے جس میں خطرہ ہو سکتا ہے کہ فائدہ کرے یا نہ کرے۔ طِبِّ یونانی میں احتمال ہوتا ہے کہ ہو سکتا ہے دوا فائدہ کرے اور ہو سکتا ہے کہ فائدہ نہ کرے، لیکن طِبِّ ایمانی کا ہر نسخہ سو فیصد مفید ہے بشرطیکہ بدپرہیزی نہ

کرے اور بدپرہیزی کیا ہے؟اسبابِ گناہ سے قریب رہنا۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:تِلْكَ حُدُوْدُ اللهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا اسبابِ گناہ کے قریب نہ رہو، امردوں کے قریب نہ رہو، لڑکیوں کے قریب نہ رہو جو لَا تَقْرَبُوْا رہے گا لَا تَفْعَلُوْا رہے گا اور جو تَقْرَبُوْا رہے گا ایک دن تَفْعَلُوْا ہو جائے گا۔ مندرجہ بالا حدیث سے معلوم ہوا کہ امت کے بڑے لوگ حافظِ قرآن اور اصحاب اللیل یعنی تہجد گذار لوگ ہیں اور تہجد کے چار فوائد ہیں کہ ان کا شمار صالحین میں ہو جائے گا یعنی وہ برے اخلاق سے پاک ہو جائیں گے اور اللہ کے مقرب ہو جائیں گے، ان کی خطائیں معاف اور گناہوں سے بچنے کی توفیق ہو گی۔ پس حفاظِ کرام کی عظیم الشان ولایت کا یہ نسخہ ہے کہ وہ سب تہجد گزار ہو جائیں۔ یہ نسخہ ان کی عظمت کا علمبر دار ہے۔

تہجد کا آسان طریقہ

اب کوئی کہے کہ تین چار بجے رات کو اُٹھ کر نماز پڑھنا تو بہت مشکل ہے، بارہ بجے رات تک تو ہماری دوکان کھلی رہتی ہے۔ تو میں آپ کو ایک نسخہ بتاتا ہوں کہ آپ سب سو فیصد تہجد گزار ہو جائیں اور رات کو تین بجے بھی کسی کو نہ اٹھنا پڑے۔ وہ کیا نسخہ ہے؟ وہ ابھی بتاتا ہوں، لیکن آپ لوگ زندگی بھر مجھے جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا کہنا۔

عشاء کے چار فرض اور دو سنت پڑھنے کے بعد وتر سے پہلے دو رکعات بہ نیتِ تہجد یا بہ نیتِ قیام اللیل پڑھنا کیا مشکل ہے؟ ان ہی دو رکعاتِ تہجد میں صلوٰۃ توبہ، صلوٰۃِ حاجت، صلوٰۃِ استخارہ کی نیت بھی کر سکتے ہیں۔ دو ہی رکعات میں کئی نیت کر کے ثواب کے مختلف قسم کے لڈو مل سکتے ہیں۔ دو رکعت تہجد کے بعد معافی مانگ لیجیے، کیوں کہ صلوٰۃِ توبہ کی نیت کی تھی، لہٰذا توبہ کر لیجیے کہ دن بھر میں جو کچھ نالائقیاں ہو گئی ہوں تو اے اللہ! معاف فرما دیجیے۔ خاص کر ری یونین میں بے پردگی عام ہے، یہاں خطا کا زیادہ امکان ہے۔ صلوٰۃِ حاجت کی نیت کی تھی، حاجت مانگ لیجیے۔

سونے سے پہلے نمازِ تہجد کی شرعی دلیل

عشاء کے چار فرض اور دو سنت پڑھ کر وتر سے پہلے چند نفل پڑھنے سے کیا ہم قائم اللیل ہو جائیں گے اور قیامت کے دن کیا ہم کو تہجد گزاروں کا درجہ مل جائے گا؟ علماء کو حق ہے کہ اس کا ثبوت اختر سے مانگ لیں، لہٰذا اب میں اس کا ثبوت یعنی شرعی دلیل پیش کرتا ہوں۔

دلیل نمبر ۱: از امداد الفتاویٰ: حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی امداد الفتاویٰ میں لکھا ہے کہ جو عشاء کے بعد چند رکعات نفل بہ نیتِ تہجد پڑھ لے وہ بھی قیامت کے دن تہجد گزاروں میں اٹھایا جائے گا۔ یہ تو امداد الفتاویٰ کی دلیل ہوگئی۔

دلیل نمبر ۲: از شامی: اب میں علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب جو فقہ کی سب سے بڑی کتاب مانی جاتی ہے اس کی جلد نمبر ۱ سے حوالہ دیتا ہوں۔ علامہ شامی ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جو شخص عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھ لے گا اس کی بھی سنت تہجد ادا ہو جائے گی۔ اب دلیل کے لیے عربی عبارت پیش کرتا ہوں تاکہ علماء حضرات کو تشنگی باقی نہ رہے۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ سب سے پہلے حدیث نقل کرتے ہیں، کیوں کہ فقہ تابع ہے حدیث کے۔ جس فقہ کا سہارا حدیث پر نہ ہو وہ معتبر نہیں۔

صلوٰۃِ تہجد بعد عشاء کی دلیل بالحدیث

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ جس حدیث سے اپنا مسئلہ پیش کر رہے ہیں اس کو نقل کرتے ہیں:

وَمَا كَانَ بَعْدَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ فَهُوَ مِنَ اللَّيْلِ[۲۰۹]

ہر وہ نماز جو نماز عشاء کے بعد پڑھی جائے گی قیام اللیل میں داخل ہے۔ اب ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی وہ عبارت کہ لَيْسَ مِنَ الْكَامِلِيْنَ مَنْ لَّا يَقُوْمُ اللَّيْلَ جو رات کی نماز یعنی تہجد نہیں پڑھتا وہ کامل ہو ہی نہیں سکتا، لہٰذا اب آپ آسانی سے کامل ہو سکتے ہیں کہ سونے سے پہلے رات ہی کو تہجد پڑھ لیں۔

اس حدیثِ پاک کی روشنی میں شامی کا فیصلہ یہ ہے کہ فَاِنَّ سُنَّةَ التَّهَجُّدِ تَحْصُلُ بِالتَّنَفُّلِ بَعْدَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ قَبْلَ النَّوْمِ اس شخص کی سنتِ تہجد ادا ہو جائے گی جو عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے چند رکعات نفل پڑھ لے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جو لوگ آدھی رات میں اُٹھ کر پڑھ رہے ہیں وہ پڑھنا چھوڑ دیں۔ جو لوگ بریانی کھا رہے ہیں وہ کھاتے رہیں، یہ تو ان لوگوں کے لیے ہے جن کو بوجہ ضعف یا سستی کے بریانی نہیں ملتی وہ عشاء کے بعد کم از کم گوشت روٹی کھالیں پھر اگر آخر رات میں آنکھ کھل

---

۲۰۹ هذا مروی عن إياس بن معاوية المزنی رحمه الله تعالٰی مرسلًا أَنّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لا بُدَّ مِنْ صَلٰوةِ بِلَيلٍ، وَلَوْ نَاقَةٍ، وَلَوْ حَلْبَ شَاةٍ، وَمَا كَانَ بَعْدَ صَلاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ فَهُوَ مِنَ اللَّيلِ. أخرجه الطبرانی فی معجمه الكبير: ۱/۳۳۳، برقم (۷۸۵)

جائے تو اس وقت دوبارہ پڑھ لیں تو کس نے منع کیا ہے؟

بچوں کو بعد عشاء تہجد کی مشق

جو بچے حافظِ قرآن ہو جائیں ان کو عشاء کے بعد وتر سے پہلے دو رکعات تہجد کی نیت سے پڑھوا دیں، تاکہ وہ اس حدیث کے پورے مصداق ہو جائیں جس میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت کے بڑے لوگ حافظِ قرآن اور اصحابُ اللیل ہیں۔ دارالاقامہ میں اس کا اہتمام کیا جائے کہ عشاء کے فرض اور سنت کے بعد دو رکعات پڑھوا دی جائیں، اس کے بعد وتر پڑھیں اور یہ حدیث سمجھا دیں کہ دیکھو بیٹے! تم حاملِ قرآن تو ہو گئے، لیکن اب اصحابُ اللیل ہو جاؤ تاکہ اس حدیثِ پاک کے دونوں جز کے تم مصداق ہو جاؤ۔

شرح حدیث بعنوانِ دگر

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اَشْرَافُ اُمَّتِیْ حَمَلَۃُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّیْلِ[۲۱۰] میری امت کے بڑے لوگ حافظِ قرآن اور تہجد گزار ہیں، حَمَلَۃُ الْقُرْاٰنِ کے بعد اَصْحَابُ اللَّیْلِ فرما کر یہ بتا دیا کہ یہ شرافت مکمل جب ہوگی جب مقرب بالکلام کے ساتھ مقرب بصاحب الکلام یعنی مقرب بالمتکلم بھی ہو۔ مراد یہ ہے کہ حافظِ قرآن اللہ تعالیٰ کا مقرب بھی ہو، مگر اس قربِ خاص کے حصول کا ذریعہ تہجد کی نماز ہے۔ چناں چہ تہجد کے فضائل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار باتیں بیان فرمائی ہیں۔ عَلَیْکُمْ بِقِیَامِ اللَّیْلِ یہ عَلٰی وجوب کے لیے نہیں ترغیب کے لیے ہے اور وجوب بھی اگر مانا جائے تو وجوبِ رابطہ کہا جاسکتا ہے، شرعی اور ضابطہ کا وجوب مراد نہیں، چناں چہ مفتٰی بہ قول یہی ہے کہ یہ نماز سنتِ مؤکدہ بھی نہیں نفل ہے جو موجبِ قرب ہے اور اس نماز کو اگر آخر شب میں نہ پڑھ سکے تو وتر سے قبل دو رکعت ہی پڑھ لے بہ نیت صلٰوۃ اللیل اور دوسری صورت یہ ہے کہ اشراق کے وقت قضا کرلے۔

وہ چار باتیں نافع نماز تہجد کی یہ ہیں: (۱) فَاِنَّہٗ دَاْبُ الصّٰلِحِیْنَ قَبْلَکُمْ جملہ صلحائے امت کا معمول ہے اور مشابہت بالمحبوبین والمقبولین سببِ محبوبیت و مقبولیت ہے۔ (۲) وَقُرْبَۃٌ لَّکُمْ اِلٰی رَبِّکُمْ یہ نماز مقرب بارگاہِ حق بناتی ہے اِلٰی کے استعمال میں کبھی غایۃ مغیا میں داخل ہوتی ہے جیسے ذَھَبْتُ

---

[۲۱۰] شعب الایمان للبیہقی: ۲۳۳/۴ (۲۴۴۷)، فصل فی تنویر موضع القرآن، المکتبۃ الرشیدیۃ

اِلٰی مَسۡجِدٍ تو مراد یہ نہیں ہوتی کہ صرف مسجد کے دروازے سے واپس آگئے، بلکہ اندر داخلہ مراد ہوتا ہے۔ اسی طرح اِلٰی رَبِّکُمۡ سے مراد دربارِ خاص میں داخلہ ہے۔ (۳) وَمَکۡفَرَۃٌ لِّلسَّیِّءَاتِ اور گناہ مٹا دینے کا ذریعہ ہے۔ (۴) وَمَنۡھَاۃٌ عَنِ الۡاِثۡمِ اور گناہوں سے روکنے کا ذریعہ ہے یعنی سیئاتِ ماضی کو فنا کر دے گی اور مستقبل کے سیئات سے تحفظ کا ذریعہ بنے گی۔

احقر نے یہ تقریر ہردوئی اشرف المدارس کے طلبائے کرام کے اجتماع میں کی تھی۔ حضرت مرشدنا ہردوئی بھی تشریف رکھتے تھے۔ کچھ طلبائے کرام کا حفظ مکمل ہوا تھا، اس کا جلسہ تھا۔ اسی سلسلہ میں عرض کیا تھا کہ آپ حضرات حاملین قرآن تو ہوگئے، لیکن اشرافِ امت ہونے کے لیے حَمَلَۃُ الۡقُرۡاٰنِ کے بعد فوراً وَاَصۡحَابُ اللَّیۡلِ فرمایا۔ اس ترتیب اور تقدم و تاخر میں یہ حکمت بھی ہے کہ جو لوگ محض حفظ کرکے اعمال اور اصلاحِ اخلاق اور حضوری مع الحق کی دولت سے غافل رہیں گے تو خلق بھی ان کو اشرافِ امت نہ سمجھے گی۔ چناں چہ آج لوگوں کی نظر میں اہلِ علم کی جو بے قدری ہے اس کا سبب حق تعالیٰ سے رابطہ کی کمزوری ہے اور اس کے نتیجہ میں اعمال و اخلاق کی خرابی دیکھ کر عوام متوحش ہوتے ہیں اور بجائے عزت کے ذلت کی نظر سے دیکھتے ہیں جیسے رس گلہ جس میں رس نہ ہو اس کو جو کھائے گا تھو تھو کرے گا۔ رس گلہ اضافت مقلوبی ہے دراصل گولۂ رس تھا پھر رس گولا ہوا اور بگڑتے بگڑتے رس گلہ ہوگیا۔ پہلے گولا بنایا جاتا ہے پھر اس کو شکر کے قوام میں ڈالا جاتا ہے جس کے بعد وہ رس گلہ ہو جاتا ہے۔ اگر اس کو شکر کے قوام میں نہ ڈالا جائے تو خالی گولا رہے گا اس میں رس نہ ہوگا، جو کھائے گا وہ ناقدری کرے گا، کیوں کہ گولا محض ہے رس غائب ہے۔ یہی حال ہم لوگوں کا ہے کہ ہم کو مخلوق اللہ کے دردِ محبت کا حامل سمجھتی ہے، لیکن جب قریب سے سابقہ پڑتا ہے تو ہم کو خالی اور صفر پاتی ہے، ہمارے علم و عمل میں فاصلہ دیکھ کر حقیر سمجھتی ہے۔ اس کا سبب یہی ہے کہ ہم ظاہری تعلیم تو حاصل کرلیتے ہیں، مگر اہل اللہ کی صحبت سے حق تعالیٰ کی محبت کا رس نہیں حاصل کرتے، ورنہ اگر ہمارا دل حاملِ دردِ محبت بھی ہو جائے تو جدھر سے ہم نکلیں گے اس کی خوشبو لوگوں کو مست کردے گی، ہماری آنکھوں سے حق تعالیٰ کا تعلق جھلکے گا، اللہ تعالیٰ کی محبت چھلکے گی۔

تابِ نظر نہیں تھی کسی شیخ و شاب میں
ان کی جھلک بھی تھی مری چشمِ پُر آب میں

ایک شعر احقر کا اپنا یاد آیا۔

ہائے جس دل نے پیا خونِ تمنا برسوں
اس کی خوشبو سے یہ کافر بھی مسلماں ہوں گے

حدیث نمبر ۶۲

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوَدِدْتُّ اَنِّیْ اُقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلُ[۲۱۱]

ترجمہ: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے مجھے بہت زیادہ محبوب ہے یہ بات کہ میں اللہ کے راستے میں شہید کیا جاؤں پھر مجھے زندہ کیا جائے پھر میں شہید کیا جاؤں پھر مجھے زندہ کیا جائے پھر میں شہید کیا جاؤں پھر مجھے زندہ کیا جائے پھر میں شہید کر دیا جاؤں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تمنّائے شہادت

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے دنیا والو! سن لو! میں محبوب رکھتا ہوں کہ میں اللہ کے راستے میں جان دے دوں پھر زندہ کیا جاؤں پھر جان دے دوں پھر زندہ کیا جاؤں پھر جان دے دوں پھر زندہ کیا جاؤں پھر جان دے دوں۔ تین چار دفعہ آپ نے فرمایا۔ اگر اللہ کے راستے میں جان دینا پیارا نہ ہوتا تو اللہ کا پیارا اس بات کا اعلان نہ کرتا۔

جنت میں شہداء کی دوبارہ شہید ہونے کی تمنا

جنت میں اللہ تعالیٰ اہلِ جنت سے پوچھیں گے کہ کیا جنت میں کسی چیز کی کمی ہے؟ کیا تم لوگ دنیا میں جانا چاہتے ہو؟ سب لوگ کہیں گے کہ ہمیں دنیا میں جانے کی کوئی خواہش نہیں، جنت میں سب نعمتیں ہیں

---

[۲۱۱] هذا حديث أبي هرَيرَة رَضِيَ اللهُ عَنه، أنه قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَ صلى الله عليه وسلم يقُولُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيدِهِ لَوْلَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَطِيبُ أَنْفُسُهمْ أَنْ يتَخَلَّفُوا عَنِّي، وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهمْ عَلَيه مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِية تَغْزُو فِي سَبِيلِ الله وَالَّذِي نَفْسِي بِيدِهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي أُقْتَلُ فِي سَبِيلِ الله ثُمَّ أُحْيىٰ ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيىٰ ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيىٰ ثُمَّ أُقْتَلُ. أخرجه البخاری فی صحيحه: ۳۹۲/۱، برقم(۲۷۹۷) فی باب تمنی الشهادة.

لیکن شہید کہیں گے کہ جنت میں ایک نعمت نہیں ہے اس کے لیے ہم دوبارہ دنیا میں جانا چاہتے ہیں۔ اللہ پاک پوچھیں گے کہ وہ کیا نعمت ہے جو جنت میں نہیں ہے؟ شہداء کہیں گے کہ جنت میں یہ چیز نہیں ہے کہ آپ کے راستے میں کافروں سے لڑ کر اپنا خون پیش کرنا، جامِ شہادت نوش کرنا اور جان دینا۔

ہمارا اسلام خونِ نبوت اور خونِ صحابہ کا ممنونِ کرم ہے

اُحد کے دامن میں ایک ہی وقت میں ستر صحابہ شہید ہوگئے اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔ اس وقت ہر شہید کا جنازہ بزبانِ حال یہ شعر پڑھ رہا تھا ؎

ان کے کوچہ سے لے چل جنازہ مرا
جان دی میں نے جن کی خوشی کے لیے
بے خودی چاہیے بندگی کے لیے

چھوٹے چھوٹے بچوں نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)! اَیْنَ اَبِیْ میرے ابّا کہاں ہیں؟ آپ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے، چھوٹے چھوٹے بچوں سے کس طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے کہ تمہارے ابو شہید ہوگئے۔ اسلام ہمیں یوں ہی نہیں مل گیا۔ اس دین پر سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خونِ مبارک بہا ہے۔ میدانِ اُحد میں آپ سر سے پاؤں تک لہولہان ہوگئے۔ اگر سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خونِ نبوت اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا خونِ شہادت نہ بہتا تو آج ہم سیتا رام، رام پرشاد اور نہ جانے کیا کیا ہوتے۔ آج خونِ نبوت اور خونِ صحابہ کے صدقہ میں ہم تک اسلام آیا ہے۔

حدیث نمبر ۶۳

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ [۲۱۲]

---

۲۱۲ ھذا مختصر من حدیث أبی الدرداء رضی اللہ عنہ أنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم: کَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوٗدَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِی یبَلِّغُنِی حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ أَحَبَّ إِلَیَّ مِنْ نَفْسِی وَأَھلی وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ. قَالَ وَکَانَ رَسُوْلُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا ذَکَرَ دَاوٗدَ یحَدِّثُ عَنْہ قَالَ "کَانَ أَعْبَدَ الْبَشَرِ". أخرجہ الترمذی فی سننہ: ۲/۱۸۷، برقم (۳۸۲۸) فی باب مَا جَاءَ فِی عَقْدِ التَّسْبِیحِ بِالْیَدِ. باب منہ و قال ھذا حدیث حسن غریب، و البزار فی مسندہ: ۲۸-۱۰/۲۹ برقم (۴۰۸۹)، مکتبۃ العلوم والحکم)، وأخرجہ الحاکم فی المستدرک: ۲/۴۷۰ برقم (۳۶۲۱)، دار الکتب العلمیۃ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے آپ کی محبت کا سوال کرتا ہوں اور ان لوگوں کی محبت مانگتا ہوں جو آپ سے محبت رکھتے ہیں اور ان اعمال کی توفیق مانگتا ہوں کہ جن سے آپ کی محبت بڑھ جائے۔ اے اللہ! آپ کی محبت میرے قلب میں میری جان سے زیادہ اور میرے اہل و عیال سے زیادہ اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ ہو۔

مری زندگی کا حاصل مری زیست کا سہارا
ترے عاشقوں میں جینا ترے عاشقوں میں مرنا

یہ ذوق کہ اللہ والوں یعنی اللہ تعالیٰ کے عاشقوں میں زندگی گزارنا سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مراد اور شوقِ نبوت اور ذوقِ نبوت ہے۔

انعامِ محبت

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس مرتبہ سے نوازا ہے کہ سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آج اس کے آرام کدہ اور گھر سے بے گھر کرکے حکم دے رہا ہے:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ [۲۱۳]

جو بندے میرے عاشق ہیں اور مجھے یاد کر رہے ہیں آپ ان کے پاس جا کر بیٹھیے تاکہ آپ کی صحبت کے صدقے میں انہیں نسبتِ قویہ عطا کر دوں اور آپ کی خوشبو سے انہیں ایسا بسا دوں کہ جس طرف سے وہ گزریں آپ کی خوشبو پھیل جائے اور ان کے ذریعہ سے قیامت تک میری محبت کی تاریخ قائم ہو جائے، کسی کے جہاد سے، کسی کی شہادت سے، کسی کی فراست سے، کسی کی عبادت سے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پوچھا کہ آپ لوگ کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ ہم اللہ کو یاد کر رہے ہیں، تو آپ فوراً سمجھ گئے کہ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ والے یہی لوگ ہیں پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوسرا سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ کو کیوں یاد کر رہے ہو؟ عرض کیا کہ ہم اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہ رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے لیے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہتے ہیں۔

نیت کا اثر

میرے مرشد شاہ عبد الغنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ ایک شخص سُبْحَانَ اللہ، سُبْحَانَ اللہ کہہ رہا

[۲۱۳] الکھف: ۲۸

ہے اور سڑک سے گزر رہا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ لوگ مجھے اللہ والا سمجھ کر چندہ دیں، میری خوب خاطر ہو کہ یہ بہت بڑا عاشقِ حق جارہا ہے تو اس کے ہر سُبْحَانَ اللّٰہ کہنے پر گناہ اور وبال لکھا جارہا ہے کیوں کہ اس کا ذکر اللہ، اللہ کے لیے نہیں ہے، پیٹ اور دنیا اینٹھنے کے لیے ہے۔ اور ایک آدمی اللہ کا حکم سمجھ کر اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے امرود بیچ رہا ہے اور وہ سڑک پہ کہہ رہا ہے کہ لے امرود، لے امرود تو اس کو ہر لے امرود کہنے پر سُبْحَانَ اللّٰہ سے زیادہ ثواب لکھا جاتا ہے، کیوں کہ سبحان اللہ مستحب و نفل ہے اور حلال کمائی فرض ہے:

طَلَبُ کَسْبِ الْحَلَالِ فَرِیْضَۃٌ بَعْدَ الْفَرِیْضَۃِ[۲۱۴]

تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا کہ تمہاری عاشقی ہم تسلیم کرتے ہیں، کیوں کہ یاد وہی کرتا ہے جو عاشق ہوتا ہے مَنْ اَحَبَّ شَیْـئًا اَکْـثَرَ ذِکْرَہٗ[۲۱۵] جو کسی سے محبت کرتا ہے تو اس کا کثرت سے ذکر کرتا ہے۔

جو لوگ کہ حضرت آدم علیہ السلام کی خاص اولاد ہیں، اگر ان سے خطا ہو جاتی ہے تو چین سے نہیں رہتے، چائے نہیں پیتے، مکھن نہیں نگلتے، سموسے نہیں اُڑاتے۔ دو رکعت توبہ کی پڑھ کر سجدہ گاہ کو اپنے آنسوؤں سے تر کرتے ہیں، تڑپ کر مالک کو راضی کرتے ہیں اور اپنے بابا کی میراث رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا کو استعمال کرتے ہیں کیوں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا کام اسی سے بنا تھا اور آپ کو تاجِ خلافت اسی سے عطا ہوا تھا۔ تو جو حضرت آدم علیہ السلام کی خاص اولاد ہیں، ان سے اگر خطا ہو جاتی ہے تو وہ بھی رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا کہہ کر روتے ہیں اور جب تک ان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز نہیں آجاتی کہ ہم نے معاف کر دیا، اُس وقت تک چائے اپنے اوپر حرام سمجھتے ہیں، کباب بریانی کو اپنے اوپر حرام سمجھتے ہیں۔ نعمتیں دینے والے کو ناراض کر کے جو نعمتیں ٹھونستا ہے وہ نالائق ہے، بے غیرت ہے۔ شرافتِ بندگی کا تقاضا ہے کہ گناہ کر کے پہلے توبہ کرو، اتنا روؤ کہ آسمان سے آواز بغیر حروف کے دل میں آجائے کہ ہم نے معاف کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کی آواز حروف کی محتاج نہیں ہے۔ بغیر حروف کے آواز آتی ہے، الہام ہوتا ہے، مضمون کے لیے حروف کی ضرورت نہیں۔ مفہوم آتا ہے پھر وہ اپنے ملفوظ میں پیش کرتا ہے۔

---

۲۱۴ هذا حديث عبد الله بن مسعود رضى الله عنه أنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''طَلَبُ كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِيضَة بَعْدَ الْفَرِيضَة''. أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان (۴۲۰/۶)، دار الكتب العلمية برقم (۸۷۴۱)

۲۱۵ هذا جزء حديثٍ روى عن مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ انه قال: " عَلَامَةُ حُبِّ الله دَوَامُ ذِكْرِه لِأَنَّ مَنْ أَحَبَّ شَيئًا أَكْثَرَ ذِكْرَه " قَالَ الْحَلِيمِى رَحِمَه الله: " وَقَالَ بَعْضُهُمْ: اَلْحُبُّ اللُّزُومُ لِأَنَّ مَنْ أَحَبَّ شَيئًا أَلْزَمَ ذِكْرَه قَلْبَه، فَمَحَبَّةُ الله تَعَالٰى لُزُومٌ لِذِكْرِه " قَالَ الْحَلِيمِى رَحِمَه الله: " وَهٰذَا الَّذِى فَسَّرَه هذَا الْقَائِلُ بِه الْمَحَبَّةَ مِنْ أَنَّه اللُّزُومُ مُوَافِقٌ لِقَوْلِ أَهلِ اللِّسَانِ لِأَنَّهُمْ يَقُولُونَ: أَحَبَّ الْجَمَلُ إِذَا بَرَكَ فَلَزِمَ مَكَانَه اخرجه البيهقى فى شعب الايمان: ۳۸۸/۱ برقم (۵۰۱) فى فصل فى معانى المحبة، دار الكتب العلمية

ایک دفعہ ایک صاحب نے مجمع میں پوچھا کہ گناہوں کی معافی کا طریقہ آپ نے آہ وزاری، اشکباری بتایا تھا، لیکن کتنا روؤں کتنی توبہ کروں اور کیسے معلوم ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا؟ اس کی کوئی علامت ہے؟ میں نے عرض کیا کہ جب اللہ تعالیٰ تمہارے آنسوؤں پر رحم فرمائیں گے تو شانِ رحمت کا احساس قلب کو ہوجائے گا، دل میں ٹھنڈک اور سکون آجائے گا۔ یہی علامت ہے کہ معافی ہوگئی۔

اشد محبت مانگنے کا طریقہ حدیثِ پاک سے

اب اس کے بعد سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث میں اس اشد محبت کے مانگنے کا ڈھنگ سکھادیا۔ بخاری شریف کی حدیث ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگ کر اُمت کو سکھایا کہ اس طرح مانگو۔ واہ! کیا بات ہے۔ اتباع کی لذت الگ اور اللہ تعالیٰ سے مانگنے کی لذت الگ ہے۔ جب اُمتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرے گا، تو الفاظِ نبوت نورِ نبوت کے حامل ہوتے ہیں، اس کے مزہ کا کیا پوچھتے ہو؟ نبی کے الفاظ کی لذت الگ، نبی کے اتباع کی لذت الگ اور اللہ سے مانگنے کی لذت الگ۔

اہل اللہ سے محبت ذوقِ نبوت ہے

اور کیا مانگو گے؟ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ حُبَّکَ اے اللہ! مجھے آپ اپنی محبت دے دیجیے۔ وَحُبَّ مَنۡ یُّحِبُّکَ اور جو لوگ آپ سے محبت کرتے ہیں ان کی محبت بھی دے دیجیے، آپ کے عاشقوں کی محبت بھی میں مانگتا ہوں۔ اب آپ بتائیے کہ جو ظالم یہ کہے کہ کتابوں سے میں اللہ والا بن جاؤں گا، مجھے اللہ والوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے، اس کا یہ استغناء بخاری شریف کی اس حدیث کی روشنی میں حماقت ہے یا نہیں؟ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو اللہ تعالیٰ کے عاشقوں کی محبت مانگ رہے ہیں، تو کون ظالم اس سے مستغنی ہوسکتا ہے؟ یہ دلیل ہے کہ یہ شخص کورا ہے، مرادِ نبوت اور ذوقِ نبوت سے ناآشنا ہے۔ وَحُبَّ عَمَلٍ یُّبَلِّغُنِیۡ حُبَّکَ اور اے اللہ! ایسے اعمال کی محبت دے دے جن سے تیری محبت ملے۔

علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی محبت اور اعمال کی محبت کے درمیان میں اللہ والوں کی محبت کیوں مانگی گئی ہے؟ اس لیے کہ یہ اللہ کی محبت اور اعمال کی محبت کے درمیان رابطہ ہے۔ یعنی اللہ والوں کی محبت میں یہ خاصیت ہے کہ اللہ والوں کے پاس بیٹھنے سے اللہ تعالیٰ کی محبت بھی مل جاتی ہے اور اعمال کی محبت بھی مل جاتی ہے۔

دیکھو جگر صاحب کو ایک مرتبہ ایک اللہ والے بزرگ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت نصیب ہوئی تو کیسے اللہ والے بن گئے؟ شراب سے توبہ کرلی، حج کر آئے، داڑھی بھی رکھ لی اور ان شاء اللہ خاتمہ بالخیر بھی نصیب ہو گیا۔

تو اللہ تعالیٰ کی محبت کتنی ہونی چاہیے؟ یہ بخاری شریف کی حدیث ہے، الفاظِ نبوت میں مانگو، ان شاء اللہ ضرور قبول ہو گی، کیوں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے پیارے اور مقبول ہیں، آپ کے الفاظ بھی مقبول ہیں، مقبول لغت نبوت میں مانگو گے تو آپ کی دعا رد نہیں ہو گی ان شاء اللہ، یاد کرلو۔ خالقِ حیات کی باتیں پیش کرتا ہوں جن سے حیات برستی ہے۔ خالقِ حیات اپنے عاشقوں پر حیات اور نافرمانوں کے دلوں پر موت برساتا ہے۔ چہرہ دیکھو تو پتا چل جائے گا کہ اس پر لعنت و پھٹکار ہے۔ سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو دیکھ کر جو بد نظری کر کے آیا تھا، فرمایا کہ مَا بَالُ اَقْوَامٍ یَّتَرَشَّحُ مِنْ اَعْیُنِہِمُ الزِّنَا[۲۱۶] کیا حال ہے ایسی قوموں کا جن کی آنکھوں سے زِنا ٹپک رہا ہے؟ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت نہیں فرمائی؟ لَعَنَ اللّٰہُ النَّاظِرَ جو بد نظری کرتا ہے اس پر لعنت ہو۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بد دعا ہے، تو کیا لعنت کے اثرات چہرہ پر نہیں آئیں گے؟

اہل و عیال سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی محبت مطلوب ہے

اس کے بعد فرمایا: وَمِنْ اَھْلِیْ اے اللہ! اپنی محبت مجھے میرے اہل و عیال سے بھی زیادہ دے دے۔ یہ نہیں کہ بیوی نے کہا کہ ٹیلی ویژن نہیں لاؤ گے تو میں ناراض ہو جاؤں گی، تو مارے ڈر کے لے آیا۔ بھائی! ہر گز اللہ تعالیٰ کو ناراض مت کرو، بیوی کی تمام ڈیمانڈ پوری کرو، اگر اچھے کپڑے کو کہے، لے آؤ، کوکا کولا لے آؤ، مرنڈا مانگے، لادو، سیون اپ پلادو اور شوگر والی ہے تو ڈائٹ سیون اپ لے آؤ اور ٹھنڈی کر کے پلاؤ۔ حلال نعمتیں اس پر برساؤ، لیکن جب اللہ کی نافرمانی کو کہے کہ ننگی فلمیں لے آؤ، تو کہہ دو کہ میری جان لے لو مگر ایمان نہ لو، ایمان نہیں دے سکتا۔

جہانگیر بادشاہ سے نور جہاں نے کہا کہ شیعہ ہو جاؤ۔ پوچھا: کیوں؟ کہا کہ تم میرے عاشق ہو اور عاشق کو چاہیے کہ معشوق کا مذہب اختیار کرے، تو اس نے کہا کہ جاناں بہ تو جاں دادم نہ کہ ایماں دادم۔ اے نور جہاں میری محبوبہ! تجھ پر میں نے جان دی ہے ایمان نہیں دیا ہے۔

---

[۲۱۶] ذکرہ القرطبی فی تفسیرہ الجامع لاحکام القرآن: ۱۰/۴۴، فی اٰیۃ سورۃ الحجر (۷۵)، دار الکتب العربی، القاھرۃ، ولفظہ وفی عینیہ اثر الزنا

شدید پیاس میں ٹھنڈے پانی سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی محبت مطلوب ہے

تیسرا جملہ ہے وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ اے اللہ! اپنی محبت مجھے اتنی دے دے کہ شدید پیاس میں ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ۔ شدید پیاس میں ٹھنڈے پانی سے رگ رگ میں جان آجاتی ہے، جان میں سینکڑوں جان معلوم ہوتی ہے۔ اس شدید پیاس میں پانی جتنا پیارا ہوتا ہے، اے اللہ! اس سے زیادہ آپ مجھے پیارے ہو جائیے، اپنی ایسی محبت میری جان کو عطا فرما دیجیے۔

اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ کی الہامی تشریح

گناہوں سے دل پر دو قسم کے عذاب آتے ہیں، ایک تو اندھیرا پیدا ہوتا ہے اور دوسرے دل میں جلن اور سوزش پیدا ہوتی ہے، اس لیے کہ گناہ کا تعلق دوزخ سے ہے، لہٰذا دل میں گرمی، جلن اور سوزش اور اندھیرا پیدا ہوتا ہے، اسی لیے سرورِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں استغفار کا عجیب مضمون عطا فرمایا ہے:

اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ[۲۱۷]

اے اللہ! میرے گناہوں کو دھو دے برف کے پانی سے وَالْبَرَدِ اور اولے کے پانی سے۔ میرے شیخ نے مجھے جب یہ حدیث پڑھائی تو ڈاکٹر عبد الحی صاحب عارفی رحمۃ اللہ علیہ جونپور سے اعظم گڑھ آئے ہوئے تھے اور مجلس میں موجود تھے۔ انہوں نے سوال کیا کہ برف اور اولے کے پانی سے گناہوں کے دھلوانے کی کیوں درخواست کی جاری ہے؟ حضرت کو جواب معلوم نہیں تھا۔ آنکھ بند کر کے سر کو جھکایا اور چند سیکنڈ کے بعد فرمایا کہ آگیا آگیا، جواب آگیا۔ فرمایا کہ گناہ سے دو باتیں پیدا ہوتی ہیں: ایک حرارت اور گرمی، دوسری اندھیرے۔ گناہوں سے اندھیرے کیوں آتے ہیں؟ اس کا جواب اختر سے سن لو کہ چوں کہ سورج کے ڈوبنے سے عالم میں اندھیرا پیدا ہو جاتا ہے، تو سورج کا پیدا کرنے والا جس سے منہ پھیر لے اس کے دل میں اندھیرا نہیں آئے گا؟ میرے شیخ نے فرمایا کہ برف کا پانی ٹھنڈا ہوتا ہے، اس کے ذریعہ گناہوں کے دھونے کی درخواست کی جارہی ہے، تاکہ گناہوں کی گرمی ٹھنڈک سے تبدیل ہو جائے اور اولے کا پانی چمکدار ہوتا ہے، اس کے ذریعہ سے اندھیرے اجالوں میں تبدیل ہو جائیں گے۔

---

[۲۱۷] جامع الترمذی: ۲/۱۸۷، باب من ابواب جامع الدعوات، ایچ ایم سعید

حدیث نمبر ۶۴

اَللّٰھُمَّ اَحۡیِنِیۡ مِسۡکِیۡنًا وَّ اَمِتۡنِیۡ مِسۡکِیۡنًا وَّ احۡشُرۡنِیۡ فِیۡ زُمۡرَۃِ الۡمَسَاکِیۡنِ یَوۡمَ الۡقِیَامَۃِ[۲۱۸]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے مسکین زندہ رکھیے اور مسکنت ہی میں موت دیجیے اور آخرت میں بھی مساکین کی جماعت کے ساتھ میرا حشر ہو۔

بمبئی میں ایک دن میرا بیان ہوا جس میں، میں نے یہ حدیث پڑھی اَللّٰھُمَّ اَحۡیِنِیۡ مِسۡکِیۡنًا وَّ اَمِتۡنِیۡ مِسۡکِیۡنًا وَّ احۡشُرۡنِیۡ فِیۡ زُمۡرَۃِ الۡمَسَاکِیۡنِ یعنی اے اللہ! مجھے مسکین زندہ رکھیے اور مسکین ہی ماریے اور مسکینوں میں میرا حشر فرمائیے۔ میں نے اس کی شرح بیان کی جو ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ میں لکھی ہے کہ یہاں مسکین کے معنیٰ یہ نہیں ہیں کہ امت غریب ہو جائے۔ مسکین کے معنیٰ ہیں اَلۡمِسۡکِیۡنُ مِنَ الۡمَسۡکَنَۃِ وَھِیَ غَلَبَۃُ التَّوَاضُعِ عَلٰی وَجۡہِ الۡکَمَالِ مسکنت کے معنیٰ ہیں کہ غلبۂ تواضع ہو، کمال درجہ کی خاکساری ہو، فقیر اور غریب ہو جانا مراد نہیں ہے۔ تو ایک صاحب کہنے لگے کہ تین سال سے مارے ڈر کے میں یہ دعا نہیں مانگ رہا تھا کہ کہیں غریب نہ ہو جاؤں تو مسجد مدرسہ میں کیسے مال دوں گا؟ آج اس کے معنیٰ معلوم ہو گئے، آج سے پھر یہ دعا پڑھنا شروع کر دوں گا۔ کتنے صحابہ مال دار تھے، زکوٰۃ ادا کرتے تھے، صدقہ خیرات دیتے تھے، اگر مسکین سے مفلس ہونا مراد ہوتا تو سارے صحابہ مفلس ہو جاتے۔ مراد یہ ہے کہ دل مسکین ہو، ہاتھ میں پیسہ ہو، جیب میں پیسہ ہو اور دل میں نہ ہو، مال خوب ہو اور مال کا نشہ نہ ہو۔

حدیث نمبر ۶۵

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعۡوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الۡقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَا ۨ

[۲۱۸] هذا حديث أنس رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه و سلم قَالَ: " اللهمَّ أَحۡيِنِي مِسۡكِينًا وَأَمِتۡنِي مِسۡكِينًا وَاحۡشُرۡنِي فِي زُمۡرَةِ الۡمَسَاكِينِ يَوۡمَ الۡقِيامَةِ ". فَقَالَتۡ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنۡهَا: لِمَ يا رَسُولَ الله؟ قَالَ: " لِأَنَّهُمۡ يدۡخُلُونَ الۡجَنَّةَ قَبۡلَ الۡأَغۡنِياءِ بِأَرۡبَعِينَ خَرِيفًا يا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّي الۡمَسَاكِينَ وَلَوۡ بِشِقِّ تَمۡرَةٍ يا عَائِشَةُ أَحِبِّي الۡمَسَاكِينَ وَقَرِّبِيهِمۡ فَإِنَّ الله تَعَالٰى يقَرِّبُكِ يوۡمَ الۡقِيامَةِ-أخرجه الترمذي في سننه :۲/۶۰، برقم (۲۳۵۲) في باب ما جاء أن فقراء المهاجرين يدخلون الجنة قبل أغنيائهم، والبيهقي في سننه الكبرى :۷/۱۸، برقم (۱۳۱۵۲)، دار الكتب العلمية-و في شعب الإيمان :۲/۱۶۷، ۷/۳۴۰ برقم (۱۴۵۳، ۱۵۰۷)، دار الكتب العلمية

اَلْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ[۲۱۹]

ترجمہ: اے اللہ! اے اس دعوتِ کاملہ اور صلوٰۃِ دائمہ کے رب! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند مرتبہ اور اس میں غیر منتہی ترقی عطا فرما اور ان کو مقامِ محمود تک پہنچا جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا۔

اذان کے بعد کی دعا

اذان کے بعد کی دعا کو دعائے وسیلہ بھی کہتے ہیں۔ اذان کے کلمات کا جواب دے دیجیے پھر جب اذان ختم ہو تو آپ درود شریف پڑھ کر دعائے وسیلہ پڑھیے **اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ** یہ آخری جملہ مسند امام بیہقی میں ہے۔ اس دعا پر وعدہ ہے کہ **حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ** بخاری شریف کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو اس دعا کو پڑھے گا اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جائے گی اور جب اس دعا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہو گی تو ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں **فَفِیْهِ اِشَارَةٌ اِلٰی بَشَارَةِ حُسْنِ الْخَاتِمَةِ** اس میں حسنِ خاتمہ کی بشارت موجود ہے کہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہو گا، کیوں کہ شفاعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کافر کو نہیں مل سکتی۔

دعا بعد الاذان

اذان کے بعد درود شریف پڑھنا لازم ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ درود شریف پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھو۔ یہ دعا پڑھنے والے کے حق میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہو جائے گی۔ یہ دعا اپنی بیویوں کو بھی سکھا دو **اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ** اے اللہ! آپ اس دعوتِ کاملہ کے رب ہیں۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ شریف کی شرح میں دعوتِ تامّہ کا ترجمہ دعوتِ کاملہ کیا ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعوت ہے اور اللہ تعالیٰ کی کوئی بات ناقص نہیں ہو سکتی، اس لیے یہ دعوتِ کاملہ ہے اور رب کیوں فرمایا کہ آپ اس دعوتِ کاملہ کے رب ہیں، کلماتِ اذان کے لیے ربّ کا لفظ

---

[۲۱۹] هذا مختصر من حديث جابر بن عبد الله رضي الله عنه أن رَسُولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودَا نِ الَّذِي وَعَدْتَهُ حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ. أخرجه البخاري في صحيحه: ۸۶/۱، برقم (۶۱۴) في باب الدعاء عند النداء

نازل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح سے میں تمہاری جسمانی پرورش کرتا ہوں جب تم نماز پڑھو گے تو میں تمہاری روحانی پرورش بھی کروں گا، لہٰذا آؤ مسجد میں تمہارا رب بلا رہا ہے اور رب جب بلاتا ہے تو کوئی چیز کھلاتا پلاتا ہے کیوں کہ پالنے والا ہے۔ پس میں تمہیں روحانی ناشتہ کراؤں گا، اس لیے یہاں ربّ نازل فرمایا کہ آپ اس دعوتِ کاملہ کے رب ہیں جس سے آپ ہماری روحانی پرورش فرمائیں گے، مسجد میں نماز پڑھنے کی حالت میں ہمارا ایمان ویقین بڑھے گا اور روحانی تربیت ہوگی، ہماری روح زندہ ہوگی، ہمیں حیات پر حیات ملے گی، زندگی میں زندگی ملے گی۔ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اور آپ اس نماز کی طرف بلا رہے ہیں جو قائم ہے۔ ملّا علی قاری نے قَآئِمَۃٌ کا ترجمہ کیا ہے دَآئِمَۃٌ یعنی یہ نماز وہ ہے جو دائم ہے اور دائم کیوں ہے؟ کیوں کہ لَا تَنْسَخُھَا مِلَّۃٌ وَّلَا تُغَیِّرُھَا شَرِیْعَۃٌ اب کوئی شریعت ومذہب دوسرا نہیں آئے گا جو اس نماز کے ارکان کو بدل دے اس لیے فرمایا کہ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اَیِ الصَّلٰوۃِ الدَّآئِمَۃِ کہ یہ نماز قیامت تک قائم رہے گی جب تک اسلام رہے گا، اب کوئی اس کو بدل نہیں سکتا، اس نماز کے ارکان دائم رہیں گے، اب کوئی ملت اور شریعت اس میں تبدیلی نہیں کرے گی کیوں کہ ملّتِ اسلامیہ ہی اب قیامت تک رہے گی، کوئی اور مذہب نہیں آئے گا۔ اس کے بعد ہے اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عظیم الشان مرتبہ عطا فرما۔ وسیلہ کے معنیٰ ہیں عظیم الشان مرتبہ وَالْفَضِیْلَۃَ لیکن مرتبہ غیر متناہی ہو، اس کی کوئی حد نہ ہو، جو بڑھتا ہی رہے فضیلۃ کے معنیٰ ہیں غیر متناہی اور وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ پڑھنا جائز نہیں کہ یہ سنت سے ثابت نہیں ہے وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا اور مقامِ محمود پر ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایئے الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ جس کا آپ نے وعدہ کیا ہے اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ آپ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتے۔ تو محدثِ عظیم ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اپنے محبوب اور پیارے نبی کو مقامِ محمود یعنی مقامِ شفاعت عطا کریں گے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں کیوں مقامِ محمود کے مانگنے کا حکم دیا ہے اس میں کیا راز ہے؟ جب اللہ کا وعدہ ہے تو اللہ تو دے ہی دے گا تو فرمایا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگنے کا حکم اس لیے دیا کہ جو میرے لیے مقامِ محمود یعنی مقامِ شفاعت مانگے گا اس کے حق میں میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔ یہ راز ہے اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا کا کہ اے اللہ! ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قیامت کے دن مقامِ شفاعت عطا فرما۔ فرمایا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا اس کے حق میں میری شفاعت واجب ہو جائے گی ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تو شفاعت کا حق یقیناً ملے ہی گا، کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا لیکن فائدہ ہمارا ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے شفاعت کا مقام مانگنے

والے کا فائدہ ہے کہ اس کے حق میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہو جائے گی۔

آج میں نے دعا بعد الاذان کا ترجمہ بتا دیا اور با قاعدہ مدلل، یہ اناڑی ترجمہ نہیں ہے نہ کباڑی ہے، بلکہ معیاری ہے یعنی مستند بشرح المشکوٰۃ المسمّٰی بالمرقاۃ اور دوسری بڑی کتابوں سے ہے جب کہ سب کو علم ہے کہ میں کتاب دیکھتا بھی نہیں ہوں، اتنی کمزوری ہے۔ کئی برس سے مجھے مطالعہ کرتے ہوئے آپ نے کبھی دیکھا مولانا مظہر میاں! مگر میرا پہلا دیکھا ہوا ہی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یاد رہتا ہے۔

اللہ نے میری کیسی آبرو رکھی کہ آج وہ مضمون بیان کیا جو زندگی میں کبھی بیان نہیں کیا تھا۔

حدیث نمبر ٦٦

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ [۲۲۰]

ترجمہ: اے اللہ! رُشد وہدایت کو مجھ پر الہام فرماتے رہیے اور میرے نفس کے شر سے مجھے بچا لیجیے۔

حدیث اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ...الخ کی اِلہامی تشریح

آج میں رُشد کی تعریف بیان کروں گا، ان شاء اللہ علماء کو وجد آجائے گا۔ رُشد کے چار مفہوم ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا فرمائے ہیں۔ بخاری شریف کی تمام شروحات مثلاً فتح الباری، عمدۃ القاری وغیرہ دیکھ لو پھر اختر کی شرح دیکھو، تب معلوم ہو گا کہ اللہ تعالیٰ نے اختر کی زبان سے کیا کام لیا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ اے خدا! ہم کو رَاشِدُوْنَ میں داخل فرمایئے یعنی صاحبِ رُشد بنایئے اور صاحبِ رُشد (یعنی راہِ راست پر) کون لوگ ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

حَبَّبَ اِلَیۡکُمُ الۡاِیۡمَانَ وَزَیَّنَہٗ فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ وَکَرَّہَ اِلَیۡکُمُ الۡکُفۡرَ

---

[۲۲۰] هذا مختصر من حديث عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَوٰى عَنْ اَبِيْهِ رضى الله عنهما أنه قَالَ قَالَ النَّبِى صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ لِأَبِىْ: يا حُصَينُ كَمْ تَعْبُدُ اليَوْمَ إِلٰهًا؟ قَالَ سَبْعَةً سِتَّةً فِى الأَرْضِ وَوَاحِدًا فِى السَّمَاءِ. قَالَ: فَأَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِك وَرَهبَتِك؟ قَالَ: الَّذِى فِى السَّمَاءِ. قَالَ: يا حُصَينُ أَمَا إِنَّك لَوْ أَسْلَمْتَ عَلَّمْتُك كَلِمَتَينِ تَنْفَعَانِك. قَالَ: فَلَمَّا أَسْلَمَ حُصَينٌ قَالَ: يا رَسُولَ الله عَلِّمْنِى الكَلِمَتَينِ اللَّتَينِ وَعَدْتَنِى، فَقَالَ: قُلْ: اللّٰهمَّ أَلْهِمْنِى رُشْدِى، وَأَعِذْنِى مِنْ شَرِّ نَفْسِى. أخرجه الترمذى فى سننه :۱۸۶/۲، برقم(۳۴۸۳) فى باب جامع الدعوات عن النبى صلى الله عليه وسلم

وَ الۡفُسُوۡقَ وَ الۡعِصۡیَانَ ؕ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الرّٰشِدُوۡنَ[۲۲۱]

اور یہی رَاشِدُوۡنَ کی تعریف ہے۔ تو صاحبِ رُشد وہ ہیں جن کے قلب میں ایمان محبوب ہو جائے وَ زَیَّنَہٗ اور مزین ہو جائے یعنی اس کی تحصیل دل میں لذیذ اور مرغوب ہو جائے اور دل کے ذرّے ذرّے میں رچ جائے، راسخ ہو جائے۔ محبوب ہونا اور مزین ہونا یہ دو نعمتیں ہیں حَبَّبَ اِلَیۡکُمُ الۡاِیۡمَانَ وَ زَیَّنَہٗ فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ یعنی اللہ تعالیٰ دل میں ایمان کو پیارا بنادے اور اسے مزین کر دے یعنی قلب میں مرغوب و لذیذ کر دے۔ پس جب ایمان محبوب ہو گیا اور اتنا مرغوب ہو گیا کہ اس کی لذّت دل کے ذرّے ذرّے میں داخل ہو گئی، تو محبوب کی لذتِ مستزاد کا نام تزیین ہے، مزین ہونا ہے یعنی اسے اتنا مزہ آنے لگے کہ کَرَّہَ اِلَیۡکُمُ الۡکُفۡرَ کفر سے کراہت پیدا ہو جائے وَ الۡفُسُوۡقَ گناہِ کبیرہ سے کراہت پیدا ہو جائے وَ الۡعِصۡیَانَ اور گناہِ صغیرہ سے بھی نفرت ہو جائے، مراد یہ ہے کہ اللہ کی ہر نافرمانی سے سخت نفرت ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ نے حَبَّبَ سے ایمان کی محبوبیت اور تزیین کی نسبت اپنی طرف کی ہے اور یہ نہیں فرمایا کہ تمہیں تمہاری محنتوں، تقویٰ اور مجاہدات سے یہ مقام ملا، بلکہ فرمایا حَبَّبَ اِلَیۡکُمُ الۡاِیۡمَانَ اللہ نے محبوب کر دیا تمہارے دلوں میں ایمان کو وَ زَیَّنَہٗ اور ایمان کی محبوبیت کے ساتھ تم کو لذتِ مستزاد بھی عطا فرمائی، محبوبیت میں جمالِ مستزاد پیدا کر دیا اور اتنی لذتِ مستزاد عطا فرمائی کہ تم کو کفر سے، فسوق سے اور عصیان سے نفرتِ شدیدہ ہو گئی، اُولٰٓئِکَ ہُمُ الرّٰشِدُوۡنَ یہی لوگ صاحبِ رُشد ہیں یعنی راہِ راست پر ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث اَللّٰھُمَّ اَلۡھِمۡنِیۡ رُشۡدِیۡ میں رُشد ہی کی درخواست کی ہے کہ اے اللہ! آپ اپنی طرف سے ہمارے قلب میں رُشد الہام فرمایئے، کیوں کہ آپ نے قرآن پاک میں ان نعمتوں یعنی ایمان کی محبوبیت اور اس کی مرغوبیت (لذّتِ مستزاد) کی نسبت اپنی طرف کی ہے، لہٰذا ہم آپ ہی سے مانگتے ہیں کہ آپ آسمان سے زمین والوں کے قلب پر یہ نعمتیں الہام فرمایئے، اے عرش والے! فرش والوں کو نہ بھولیے، ہماری نالائقیوں کی وجہ سے ہم کو اس نعمت رُشد سے محروم نہ فرمایئے، ہمارے قلب میں ایمان کو محبوب فرما دیجیے اور لذّتِ مستزاد عطا فرما کر مزین بھی فرمایئے اور کفر و فسوق اور عصیان سے کراہت عطا فرمایئے۔ مفسرین نے فسوق کی تفسیر گناہِ کبیرہ سے اور عصیان کی تفسیر گناہِ صغیرہ سے کی ہے یعنی کوئی لمحہ آپ کی نافرمانی میں نہ گزرے۔ اے اللہ! ہمیں اپنے اولیاء کا اتنا بڑا مقام عطا فرما دیجیے تاکہ ہم رَاشِدُوۡنَ بن جائیں۔

---

[۲۲۱] الحجرٰت:۷

تو اس دعا اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ میں اتنی نعمتوں کی درخواست شامل ہے۔ اور اَلْھِمْنِیْ امر ہے اور امر بنتا ہے مضارع سے، جس میں تجددِ استمراری کی شان ہے یعنی ایک ہی مرتبہ ہم کو یہ مرتبہ دے کر وہیں نہ ٹھہرائے رکھیے، بار بار ترقی دیتے رہیے، ہر آن ہم کو اپنی نئی شان عطا فرماتے رہیے۔ قرآنِ پاک میں ہے کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَأْنٍ اس آیت کی تفسیر میں علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہاں یَوْم کے معنٰی دن نہیں ہیں بلکہ اَیْ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ مِّنَ الْاَوْقَاتِ وَ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ مِّنَ اللَّحْظَاتِ وَ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ مِّنَ اللَّمْحَاتِ اَنْتَ فِیْ شَأْنٍ اے خدا! ہر لمحہ تیری نئی شان ہے۔ اسی لیے اللہ والوں پر ہر وقت اللہ کی نئی شان متجلّی رہتی ہے۔ اُدھر ہر لمحہ اگر ادائے خواجگی کی نئی شان ہوتی ہے تو اِدھر ادائے بندگی کی بھی نئی شان ہوتی ہے۔

یہ ایک جز کی شرح ہوگئی۔ اب اس شرح کے بعد آپ علماء حضرات بخاری شریف کی شرح فتح الباری اور عمدۃ القاری کو دیکھیے پھر آپ کو قدر ہوگی کہ اس غلامِ ابن حجر اور غلامِ بدر الدین عینی اختر کو اس فرش پر وہ عرش والا مولیٰ کیا دے رہا ہے، ان محدثین کرام سے اختر کو کوئی نسبت نہیں، ان کا غلام کہلانے کے بھی قابل نہیں لیکن اللہ چاہے تو کبھی ذرّے کو بھی آفتاب کرتا ہے۔

وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ میں اَعِذْنِیْ امر ہے اور سب اہلِ علم جانتے ہیں کہ امر مضارع سے بنتا ہے یعنی اے خدا! کوئی لمحہ ایسا نہ ہو کہ آپ مجھے میرے نفس کے شر کے حوالہ کردیں۔ اے اللہ! رُشد کا ہر لمحہ اختر محتاج ہے اور آپ کی حفاظت از شرورِ نفس کا بھی محتاج ہے اور دنیا کے سب بندے محتاج ہیں۔

تو اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دعا کا یہ مضمون سکھادیا کہ رُشد مانگو، رَاشِدُوْنَ کو جو کچھ ملتا ہے وہ مانگو یعنی ایمان کی محبوبیت، اس کی تزیین اور کفر اور گناہوں سے کراہت بھی مانگو، مگر آگے فرمایا: وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ کہ نفس کے شر سے پناہ بھی مانگو، کیوں کہ بعض لوگوں کو ہدایت تو ہوگئی، کفر اور گناہوں سے کراہت بھی ہوگئی، مگر کبھی نفس غالب آگیا اور گناہ کرادیا، اگرچہ نفس کی لذتِ حرام کی پرانی عادت کی وجہ سے خوفزدہ اور دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ گناہ کیا، حالاں کہ ذکر کی اور اہل اللہ کی صحبت کی برکت سے اس کے دل میں خطرہ کا الارم بج رہا ہے کہ یہ کیا کررہا ہے نالائق! خبیث! یہ تو کیا کررہا ہے؟ اللہ والوں سے تعلق بھی رکھتا ہے اور اللہ اللہ بھی کرتا ہے مگر جب نفس غالب ہوگیا تو دھڑکتے ہوئے خوفزدہ قلب کے ساتھ بھی گناہ میں ملوث ہوگیا، مگر ذکر کی برکت سے ایسے لوگوں کو گناہ کا پورا مزہ نہیں ملتا۔

ذکر کا ایک انعام حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بھی بتایا کہ ذکر کرنے والوں کو گناہ کا پورا مزہ نہیں آتا۔ فرماتے ہیں کہ اللہ کو یاد کرنے والوں سے بھی گناہ ہوسکتا ہے اور غافل لوگوں سے بھی گناہ ہوتا

ہے، مگر ذاکر کے گناہ میں اور غافل کے گناہ میں کیا فرق ہے؟ تو فرماتے ہیں کہ جو لوگ ذکر سے غافل ہیں جب وہ گناہ کرتے ہیں، تو گناہ کی لذت میں بھرپور ڈوب جاتے ہیں اور اگر اللہ اللہ کرنے والوں سے کبھی گناہ ہو گا، تو خوفِ خدا کے استحضار کی وجہ سے دھڑکتے ہوئے قلب سے انہیں گناہ کا پورا مزہ نہیں آئے گا، جس سے اُنہیں توفیقِ توبہ جلد ہوتی ہے کیوں کہ جسے گناہ کا پورا مزہ آجاتا ہے پھر اس کے لیے توبہ کرنی مشکل ہو جاتی ہے، جیسے دَلدل میں پورا ڈوب جائے تو نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسی لیے حکیم الامت نے فرمایا کہ اہلِ ذکر سے اگر گناہ ہو گا تو توبہ کی جلد توفیق ہو جائے گی اور اہلِ غفلت سے جب گناہ ہو گا تو اس کو توبہ کرنا مشکل ہو جائے گا۔ تو مجددِ زمانہ نے ذاکرین اور غافلین کے گناہ کا فرق بتادیا۔

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ کے بعد ہمیں اَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ سکھایا، تاکہ تم اللہ کی پناہ مانگو نفس کے شر سے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نفس کے شر سے بچنے کے لیے اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ فرمایا کہ جس پر میری رحمت کا سایہ ہو گا وہی گناہ سے بچ سکتا ہے۔ گناہوں سے بچنے کے لیے تمہاری ذاتی طاقت کچھ کام نہ دے گی، کتنے ہی ہاتھ پیر مارو جب تک مالک کی رحمت نہیں ہو گی ترکِ معصیت کی توفیق نہیں ہو گی، اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ دعا سکھا دی کہ اَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ اے اللہ! نفس کے شر سے ہم کو بچائیے تاکہ ہم آپ کے سایۂ رحمت میں رہیں۔ ایک دعا سکھادی، اب دوسری دعا سکھاتا ہوں:

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ

اے اللہ! ہم پر وہ رحمت نازل فرمائیے جس سے ہم گناہ چھوڑ دیں، تو معلوم ہوا کہ جو گناہ چھوڑ دیتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سائے میں آجاتا ہے، لعنت کے سائے سے نکل کر سایۂ رحمتِ خداوندی میں آگیا۔ یہ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ کا ترجمہ ہے کہ اے اللہ! اپنی رحمت کے سائے میں ہم کو رکھیے اور گناہ کی لعنت کے سائے سے بچائیے۔ معلوم ہوا کہ جس کو خدا گناہ چھوڑنے کی توفیق دے وہ اللہ کی رحمت پا گیا اور جو گناہ نہیں چھوڑتا، تو چاہے لاکھ بڑی بلڈنگ میں رہتا ہو، مرسڈیز کار میں بیٹھا ہو، پاپڑ سموسے اُڑاتا ہو، اسے اللہ کی رحمت حاصل نہیں ہے اور جو گناہ چھوڑ دے وہ چٹائی پر، بوریئے پر، تالاب کے کنارے، جنگلوں میں ہر جگہ اللہ کی رحمت کے سائے میں ہے اور مرسڈیز اور بڑی بڑی بلڈنگ والے سے افضل ہے، کیوں کہ وہ گناہ کرکے اللہ کو ناراض کر رہا ہے اور یہ اللہ کو یاد کرکے اللہ کی رحمت کے سائے میں ہے، دریاؤں کے کنارے اور جنگلوں میں سلطنت کا مزہ لیتا ہے کیوں کہ جو تاجِ سلطنت اور تختِ سلطنت دیتا ہے یہ اُس خالق

کو دل میں لیے ہوئے ہے اور جس کے دل میں وہ خالقِ سلطنت آتا ہے بغیر تخت و تاج کے وہ نشۂ سلطنت میں مست رہتا ہے کیوں کہ تاجِ سلطنت اور تختِ سلطنت دینے والا اس کے قلب میں ہے۔ بتائیے! تاج و تخت کا مزہ زیادہ ہے یا سلطنت دینے والے کا مزہ زیادہ ہے؟ اسی لیے اللہ والے تاج و تخت والوں سے زیادہ مزے میں ہیں کیوں کہ ان کے تخت و تاج بدلتے رہتے ہیں، جو آج تخت پر ہیں وہ کل تختہ پر ہوتے ہیں، ہزاروں اپوزیشن کے خوف سے ان کی نیندیں حرام ہیں، ویلیم فائیو کھا رہے ہیں اور اللہ والوں کے پاس صرف دو اپوزیشن ہیں، ایک نفس اور ایک شیطان۔ شیطان کے لیے اللہ نے فرمایا کہ اس کا مکر و کید بہت کمزور ہے، جب یہ بہکائے تم اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پڑھ لو، اس سے لڑو مت، کیوں کہ یہ میرا کتا ہے، جیسے تم کسی کے گھر جاتے ہو تو اس کا کتا بھونکتا ہے مگر کتے کے بھونکنے پر آپ کتے سے نہیں لڑتے بلکہ گھنٹی بجا کر مالکِ مکان کو بلاتے ہیں، وہ خاص الفاظ کہتا ہے جس سے کتا دم دبا کر بیٹھ جاتا ہے۔ تو ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیطان اللہ کا کتا ہے، دنیاوی اعتبار سے جو جتنا بڑا آدمی ہوتا ہے وہ اتنا ہی بڑا کتا پالتا ہے، تو اللہ سب سے بڑا ہے، لہٰذا اس کا کتا بھی سب سے بڑا کتا ہے، تم اس سے جیت نہیں سکتے، اس لیے جب وہ بھونکے تو تم کہو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ اے اللہ! ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں، شیطان سے جنگ کا حکم نہیں ہے، اگر لڑنے کا حکم ہوتا تو اللہ سے پناہ کیوں مانگتے۔ تو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ سے ایک اپوزیشن کا علاج ہو گیا۔ اب نفس کا کیا علاج ہے؟ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ نفس کے شر سے اس وقت تک نہیں بچ سکتے اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ جب تک تمہارے رب کی رحمت کا تم پر سایہ نہ ہو گا، تو یا اللہ! نفس بے شک امّارہ بالسّوء ہے، لیکن یہ نفس امّارہ بالسّوء بھی آپ ہی کی مخلوق ہے اور اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ کا استثناء بھی آپ کا ہے اور آپ خالقِ نفس امّارہ ہیں تو اس رحمت کو مانگنے کا طریقہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھا دیا:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ، اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ

اے اللہ! آپ ہمیں اس نفس کے حوالے نہ کیجیے، ہمیں مَا رَحِمَ کا استثنا دے دیجیے۔ تو دونوں اپوزیشن یعنی نفس اور شیطان کا علاج ہو گیا، اللہ نے ہمیں اپوزیشن کے پیچھے پڑنے کے لیے نہیں بنایا۔ دنیا کے بادشاہوں کو تو اپوزیشن سے دن رات لڑنا پڑتا ہے اور اللہ میاں نے ہمیں ایسی اپوزیشن دیں کہ ہمیں ان کا محتاج نہیں بنایا، بلکہ یہ فرمایا کہ ہم ہی سے درخواست کرو، ہم خود تمہاری اپوزیشن کو ٹھیک کر دیں گے، ان کی ساری پوزیشن فال (fall) کر دیں گے۔ تو ایک اپوزیشن سے حفاظت کے لیے تو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ سکھا دی جس سے شیطان کی اپوزیشن ماری گئی اور دوسری اپوزیشن یعنی نفس لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ سے مارا گیا کہ اے خدا! ہمیں اس نفس

کے حوالہ نہ کیجیے، ہمیں اپنے اس سایۂ رحمت میں رکھیے، جس کی نشان دہی آپ نے اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ میں فرمائی ہے کہ میری رحمت کے بغیر تم اپنے آپ کو اس نفسِ امّارہ سے مستثنیٰ نہیں کر سکتے، کیوں کہ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ میرا مستثنیٰ ہے، یہ خالقِ نفسِ امّارہ کا مستثنیٰ ہے۔

تو اللہ نے دونوں اپوزیشن کا ایسا علاج رکھا ہے کہ تم ربّا ہی ربّا کرتے رہو، جیسے جو ابّا ہوشیار ہوتا ہے وہ اپنے لڑکوں کو تھوڑا تھوڑا خرچہ دیتا ہے، تاکہ جب ختم ہو جائے تو پھر ابّا کو فون کرے کہ ابا! خرچہ ختم ہو گیا، بس کا کرایہ بھی نہیں، کھانے کو بھی کچھ نہیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی تھوڑا تھوڑا رزق دیتے ہیں، ورنہ قادرِ مطلق ہیں، چاہتے تو سارا رزق ایک دم دے دیتے، مثلاً اگر اسّی سال زندگی دینا ہے تو اسّی سال کی روزی ایک ہی دفعہ دے دیتے تو پھر کون ان کو یاد کرتا؟ آج کل کے ماڈرن لڑکوں کو دیکھ لو کہ اگر ابّا ایک دم سارا خرچہ دے دے تو کوئی ابّا کو سلام بھی نہیں کرے گا اور لندن کی ٹیڈیوں پر ریڈی رہے گا۔

تو اللہ تعالیٰ ربّ العالمین نے ہمیں جو دو اپوزیشن دی ہیں، ان کے لیے ہمیں یہ حکم نہیں دیا کہ تم ان کے پیچھے پڑو یا ان سے لڑو، بلکہ یہ فرمایا کہ ہم سے فریاد کرو، ہم تمہیں توفیق دیں گے پھر تم ان پر غالب آجاؤ گے۔

اور اس کے بعد ایک دعا اور بھی ہے وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ اے اللہ! اپنی نافرمانی سے مجھ کو بدنصیب نہ کیجیے۔ معلوم ہوا کہ گناہ میں خاصیت ہے بدقسمت کرنے کی بشرطِ عدمِ توبہ، اگر توبہ کی توفیق مل گئی تو توبہ کا کیمیکل ایسا ہے کہ شر کو خیر بنا دیتا ہے، جیسے سرکہ شراب میں ڈال دو تو شراب سرکہ بن جاتی ہے اور سرکہ بن کر حلال ہو جاتی ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے:

كُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّ خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ التَّوَّابُوْنَ

ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ یہاں كُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ سے اُمت مراد ہے، انبیاء مراد نہیں ہیں، انبیاء مستثنیٰ ہیں، کیوں کہ انبیاء معصوم ہوتے ہیں، ان سے گناہوں کا صدور نہیں ہوتا۔ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تم سب کے سب خطاکار ہو، مگر خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ یعنی بہترین خطاکار کون ہے؟ اَلتَّوَّابُوْنَ۔ جو توبہ کرلے، تو جب خَطَّاءٌ ہو تو تَوَّابُوْنَ بنو، کثیر الخطا ہو تو کثیر التوبہ بنو، جیسا مرض ویسی دوا، اگر بخار تیز ہے تو دوا بھی تیز والی دی جائے گی۔ اور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کرم دیکھیے کہ خَطَّاءٌ کو بھی خیر فرما رہے ہیں، خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ یعنی جب توبہ کرلی تو خیر ہو گیا اور جب خیر ہو گیا تو پھر اس کو کیوں کہتے ہو کہ تم بڑے شریر ہو؟ اب اس کو گناہ کا طعنہ دینا جائز نہیں، ہر شخص سے یہ گمان رکھو کہ اس نے توبہ کرلی ہو گی۔

یہاں یہ اِشکال ہوتا ہے کہ جب توبہ کے کیمیکل میں یہ خاصیت ہے کہ وہ ہمارے شر کو خیر بنا دے، تو

خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ میں جو مضاف الیہ خَطَّائِیْنَ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو بھی حذف فرمادیتے تو ہم خیر ہی خیر ہوجاتے، یہ مضاف الیہ تو نشان دہی کررہا ہے کہ یہ پہلے شر تھا اب توبہ کی برکت سے خیر ہوا ہے۔ اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے میرے قلب میں عطا فرمایا کہ ترکیبِ اضافی میں مقصود مضاف ہوتا ہے، تو مقصود یہی ہے کہ تم خیر ہوچکے ہو، مگر مضاف الیہ اس لیے قائم رکھا ہے تاکہ تم کو توبہ کی کرامت اور توبہ کا معجزہ معلوم ہو کہ توبہ میں یہ خاصیت ہے کہ اللہ تعالیٰ خَطَّاءٌ کو خیر بنادیتا ہے، اگر یہ مضاف الیہ نہ ہوتا تو آپ کی خطاؤں کا پتا ہی نہ چلتا اور توبہ کی کرامت کا ظہور نہ ہوتا کہ توبہ نے کیا کام کیا ہے۔ اب رہ گیا یہ اِشکال کہ خَطَّاءٌ کی نسبت ہمارے ساتھ کیوں لگی؟ تو یہ نسبت گویا کہ نہیں ہے، کیوں کہ ترکیبِ اضافی میں مقصود مضاف ہوتا ہے جیسے جَاءَ غُلَامُ زَیْدٍ میں غلام مقصود ہے زید یہاں مقصود نہیں، تو خَطَّاءٌ مقصودِ کلام نہیں ہے، بلکہ صرف توبہ کی کرامت ظاہر کرنے کے لیے ہے، ورنہ مقصد یہی ہے کہ توبہ کی برکت سے تم سراپا خیر بن چکے ہو۔

بتاؤ علماء حضرات! اس وقت کا یہ مضمون اللہ کی رحمت ہے، مالک کا کرم ہے، بزرگوں کی جوتیاں اٹھانے کا یہ انعام ہوتا ہے، میرے پاس یہاں کوئی کتاب نہیں ہے، کوئی شرح نہیں دیکھی، لیکن آج علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ ہوتے تو اس شرح کو سن کر وجد کرتے کہ کہاں سے کہاں اقتباس کیا! حدیث اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ کی شرح قرآن پاک کی آیت اُولٰٓئِکَ ھُمُ الرّٰشِدُوْنَ سے کی کہ یہاں رُشْدِیْ میں وہی رُشد مراد ہے جو قرآن پاک میں نازل ہے تاکہ تم راشدون ہوجاؤ یعنی ایمان کی شانِ محبوبیت کے ساتھ دل ایمان کی لذّتِ مستزاد سے مزین ہوجائے اور اللہ کے نام میں اتنا مزہ آئے کہ گناہوں سے نفرت و کراہت ہوجائے۔ اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی رُشد مانگا ہے۔

(جامع عرض کرتا ہے کہ حضرت والا نے جو شرح بیان فرمائی بالکل الہامی ہے، جس کی دلیل یہ ہے کہ مستدرک حاکم کی حدیث اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ...الخ حضرت والا کی کبھی نظر سے نہیں گزری تھی لیکن حضرت والا نے آیتِ مبارکہ کی جو تفسیر بیان فرمائی وہ بعینہٖ حدیثِ پاک کے مطابق ہے۔ مستدرک حاکم کی حدیث یہاں نقل کی جاتی ہے:

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَ زَیِّنْہُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَ کَرِّہْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَ الْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ[۲۲۲]

۲۲۲ھذا مختصر من حدیث رفاعۃ بن رافع الزرقی رضی اللہ عنہ أنہ قال لَمَّا کَانَ یَوْمُ أُحُدٍ وَانْکَفَأَ الْمُشْرِکونَ قَالَ رَسُولُ اللہِ صَلَّی اللہ

حدیثِ بالا کی مزید تشریح

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَ اَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

اے اللہ! میرے دل میں ہدایت کے راستوں کا الہام کر دے یعنی میرے دل میں ایسی باتیں ڈال دیجیے جن پر چلنے سے آپ راضی ہو جائیں، جن پر عمل کرنے سے آپ مل جائیں۔ اَلْھِمْنِیْ امر ہے جو مضارع سے بنتا ہے اور مضارع میں دو زمانے ہوتے ہیں، حال اور استقبال یعنی موجودہ زمانے میں بھی اچھی اچھی باتیں جن سے آپ راضی ہوں میرے دل میں ڈال دیجیے اور آیندہ بھی ڈالتے رہیے، اپنی رضا کے ارادے اِلہام فرمادیجیے یعنی سیدھے راستے کے طریقے دل میں ڈال دیجیے اور گمراہی سے بچا لیجیے۔ رُشد میں دونوں باتیں ہیں کہ جن باتوں سے آپ راضی ہوتے ہوں وہ ہمارے دل میں ڈال دیجیے اور جن باتوں سے آپ ناراض ہوتے ہیں ان سے نفرت اور کراہت ہمارے دل میں ڈال دیجیے۔

رُشد کے متعلق علمِ عظیم

رُشد کے یہ معنیٰ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کی آیت سے میرے دل میں عطا فرمائے ہیں:

حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَ زَیَّنَہٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَ کَرَّہَ اِلَیْکُمُ الْکُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْیَانَ ؕ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الرّٰشِدُوْنَ

اے صحابہ! ہم نے تمہارے دلوں میں ایمان کو محبوب کر دیا اور اس کو مزیّن کر دیا اور کفر وفسوق وعصیان یعنی کفر کو اور بڑے گناہوں کو اور چھوٹے گناہوں کو تمہارے دلوں میں مکروہ کر دیا۔ حَبَّبَ اور کَرَّہَ کا فاعل اللہ

عَلَیہ وَسَلَّمَ: اسْتَوُوا حَتَّی أُثْنِي عَلٰی رَبِّي، فَصَارُوا خَلْفَه صُفُوفًا فَقَالَ: " اللّٰهمَّ لَك الْحَمْدُ كلُّه، اللّٰهمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ، وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ، وَلَا هَادِيَ لِمَا أَضْلَلْتَ، وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هدَيتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيتَ، وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ، وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ، اللهمَّ ابْسُطْ عَلَينَا مِنْ بَرَكَاتِك وَرَحْمَتِك وَفَضْلِك وَرِزْقِك، اللهمَّ إِنِّي أَسْأَلُك النَّعِيمَ الْمُقِيمَ الَّذِي لَا يَحُولُ وَلَا يَزُولُ، اللهمَّ إِنِّي أَسْأَلُك النَّعِيمَ يَوْمَ الْعَيلَةِ وَالْأَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ، اللهمَّ إِنِّي عَائِذٌ بِك مِنْ شَرِّ مَا أَعْطَيتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ، اللهمَّ حَبِّبْ إِلَينَا الْإِيمَانَ وَزَينْه فِي قُلُوبِنَا وَكَرِّه إِلَينَا الْكفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِينَ، اللهمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ، وَأَحْينَا مُسْلِمِينَ، وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِينَ غَيرَ خَزَايا وَلَا مَفْتُونِينَ، اللهمَّ قَاتِلِ الْكفَرَةَ الَّذِينَ يكذِّبُونَ رُسُلَك، وَيصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِك، وَاجْعَلْ عَلَيهِمْ رِجْزَك وَعَذَابَك، اللهمَّ قَاتِلِ الْكفَرَةَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكتَابَ إِلٰه الْحَقِّ- أخرجه أحمد في مسنده- ۳/۵۱۷-۵۱۸، برقم (۱۵۴۹۸)، دار الکتب العلمیة، والبزار فی مسنده (۹/۱۷۵ ط: مکتبة العلوم والحکم) برقم (۳۷۲۴)

ہے یعنی یہ بتادیا کہ ایمان جو تمہارے دلوں میں محبوب ہو گیا اور کفر و فسوق و عصیان جو تم کو مکروہ ہو گیا تو یہ اپنا کمال نہ سمجھنا، یہ ہمارا فضل ہے، ہمارا احسان ہے، حَبَّبَ کا فاعل میں ہوں اور کَرَّہَ کا فاعل بھی میں ہوں، میں نے تمہارے دلوں میں ایمان کو محبوب کر دیا ہے اور میں نے ہی کفر و عصیان کو مکروہ کر دیا ہے۔ اُولٰٓئِکَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ اور جن کو یہ دونوں باتیں حاصل ہو گئیں وہی راشد ہیں اور ہدایت یافتہ لوگ ہیں۔ علومِ نبوت علومِ قرآن سے مقتبس ہوتے ہیں، اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا مانگی اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ کہ اے اللہ! جو باتیں آپ کو محبوب ہیں، جن باتوں سے آپ راضی ہوتے ہیں وہ آپ ہمارے دل میں حالاً بھی ڈالتے رہیے اور استقبالاً یعنی آیندہ بھی ڈالتے رہیے اور جو باتیں آپ کے نزدیک مکروہ ہیں، جن باتوں سے آپ ناراض ہوتے ہیں ان سے نفرت و کراہت ہمارے دلوں میں ڈالتے رہیے اور ہمیں ان سے بچاتے رہیے۔

آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سکھا رہے ہیں وَ اَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ بعض وقت ہدایت کی بات سمجھ میں آجاتی ہے کہ یہ بات بری ہے، بری بات سمجھ کر برا کام کرتا ہے، سمجھتا ہے کہ عورتوں کو تاکنا جھانکنا گناہ ہے مگر پھر بھی تاک جھانک کرتا ہے، اِلہامِ ہدایت تو ہو گیا، لیکن اس کے باوجود نفس غالب آگیا۔ اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَ اَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ میرے نفس کے شر سے مجھے بچا لیجیے کہ میرا نفس مجھ پر غالب نہ ہو جائے، بعض وقت ہدایت کا راستہ دل میں آجاتا ہے مگر نفس غالب ہو جاتا ہے اس لیے مجھے نفس کے شر سے بچا لیجیے کہ آپ کی ناراضگی کے راستے پر قدم نہ رکھوں، میں آپ کی حفاظت میں اپنے نفس کو سونپتا ہوں۔ جو یہ دعا مانگتا رہے گا نفس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ مجھ سے مانگو میں قبول کروں گا۔ اگر کوئی باپ کہے کہ بیٹا! مجھ سے مانگو میں تمہیں دوں گا پھر اس میں جو شک کرے وہ بیٹا نالائق ہے۔ اسی طرح لائق بندے وہ ہیں جو اللہ کے وعدے پر یقین رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ضرور ضرور ہماری دعا قبول کرے گا۔ پس اس دعا کا معمول بنا لیجیے کہ اے اللہ! ہدایت کی باتیں میرے دل میں ڈالتے رہیے اور میرا نفس مجھ پر غالب نہ ہونے پائے، تاکہ میں آپ کو راضی رکھنے والی باتوں پر عمل کرتا رہوں اور آپ کو ناراض کرنے والی باتوں سے بچتا رہوں، اسی لیے نہ کالی کو دیکھو نہ گوری کو دیکھو، کیوں کہ عورت چاہے کالی کلوٹی ہو اس کے پاس بل تو ہے، شہوت سوار ہو گئی تو کالے بل میں ہی گھس جاؤ گے۔ اس لیے ؎

نہ کالی کو دیکھو نہ گوری کو دیکھو
اُسے دیکھ جس نے انہیں رنگ بخشا

یہ میرا شعر میڈان ساؤتھ افریقہ ہے جو میں آپ کو دبئی میں سنا رہا ہوں۔

حدیثِ بالا کی تشریح بعنوانِ دگر

گناہوں سے بچانے والی مسنون دعا

بعض لوگوں نے مجھ سے سوال کیا ہے کہ گناہوں سے بچنے کے لیے کوئی دعا بتلایئے، تو ایک دعا سن لیجیے:

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ

یہ دعا بخاری شریف میں موجود ہے، اس کا ترجمہ یہ ہے کہ اے اللہ! جن باتوں سے آپ خوش ہوتے ہیں وہ میرے دل میں ڈال دیجیے، ہدایت کے راستوں کو میرے دل میں ڈال دیجیے اور میرے نفس کے شر سے مجھے بچایئے۔

رُشد کے معنیٰ ہدایت کے ہیں اور ہدایت کے معنیٰ ہیں اللہ کی رضا کا راستہ۔ اے اللہ! جن باتوں سے آپ خوش ہوتے ہیں آپ ان باتوں کو میرے دل میں ڈال دیجیے، الہام کر دیجیے وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ لیکن نفس کے شر سے مجھے بچایئے، نفس جانتا ہے کہ عورتوں کو دیکھنا گناہ ہے، جن لڑکوں کے داڑھی مونچھ نہیں آئی ان کو دیکھنا گناہ ہے، جانتا ہے کہ حرام ہے لیکن مانتا نہیں۔ یہ نفس کی شرارت ہے یا نہیں؟ لہٰذا نفس کی شرارت سے اللہ کی پناہ مانگو وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ اور مجھ کو میرے نفس کے شر سے بچایئے، کیوں کہ بعض دفعہ الہامِ رُشد ہو جاتا ہے، ہدایت کا علم ہو جاتا ہے، لیکن نفس کے شر کی وجہ سے عمل نہیں کرتا، اس لیے اے اللہ! جو علم آپ نے دیا اس پر عمل کی توفیق بھی عطا فرمایئے، ایسا نہ ہو کہ اپنے نفس کے شر کی وجہ سے علم پر عمل نہ کروں، جانتے ہوئے بھی آپ کی رضا کے راستے پر نہ چلوں، اے اللہ! اس سے پناہ چاہتا ہوں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ کی برکت

ایک تو اس دعا اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ...الخ کا معمول بنالیں اور دوسرے ہر نماز کے بعد لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ سات مرتبہ پڑھ لیجیے۔ حدیث شریف میں وعدہ ہے کہ اس سے نیک کام کرنے کی اور بُرے کام سے بچنے کی توفیق کا خزانہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتا ہے، لہٰذا ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اس کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کر لیجیے کہ اے خدا! اس کی برکت سے نیک کام کرنے کی توفیق اور بُرے کام سے بچنے کی توفیق کا خزانہ بخشش کر دیجیے۔ تو گناہ سے بچنے کے دو عمل ہو گئے۔

موت کا مراقبہ

اور تیسرا عمل ہے کہ تھوڑی دیر بیٹھ کر موت کا اس طرح مراقبہ کیجیے کہ میں مر گیا ہوں، نہلا کر کفن میں لپیٹا جارہا ہوں اور جنازہ قبر میں اُتارا جارہا ہے، قبر میں لٹا دیا گیا، اب تختے لگائے جارہے ہیں اور لوگ مٹی ڈال رہے ہیں، کئی من مٹی ڈال کر چلے گئے اور اب اکیلا پڑا ہوں۔ جن آنکھوں سے نامحرم عورتوں کو دیکھتے تھے، اب اُن آنکھوں کا تماشا دیکھو کہ کیا ہورہا ہے بہت سے کیڑے آنکھوں کو نکال کر کرکٹ کھیل رہے ہیں یعنی آنکھوں کو لے کر بھاگ رہے ہیں، قبروں میں ہماری آنکھوں کا کرکٹ میچ ہونے والا ہے۔ آنکھیں قبر میں اِدھر اُدھر جارہی ہیں، ان گالوں پر کیڑوں کا حملہ ہونے والا ہے، اس لیے کہتا ہوں کہ جلدی ان پر سنت کا باغ لگا کر اللہ تعالیٰ سے انعام لے لو، یہ گال سلامت رہنے والے نہیں ہیں۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ شریف میں لکھا ہے کہ سردیوں میں تین دن کے بعد اور گرمیوں میں چوبیس گھنٹے کے بعد مردہ کا جسم سڑ جاتا ہے۔ قبر کھود کے دیکھ لیں تو نظر آئے گا کہ گالوں کو کیڑے لے کر بھاگ رہے ہیں، آنکھوں کی جگہ بجائے آنکھوں کے حلقوں میں کیڑے گھسے ہوئے ہیں، کوئی کیڑا آنکھ لے کر بھاگ رہا ہے، کوئی گال لے کر بھاگ رہا ہے کوئی بال لے کر بھاگ رہا ہے، کوئی ہونٹ لے کر بھاگ رہا ہے اور یہ مراقبہ کرو کہ دوزخ سامنے ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمارہے ہیں کہ اس نالائق کو دوزخ میں ڈال دو کیوں کہ یہ عورتوں کو بُری نگاہ سے دیکھتا تھا، اب اس کا علاج دوزخ ہے۔ یہ مراقبہ کرلو یہ علاج ہے گناہوں سے بچنے کا۔ دو وظیفے، تیسرا مراقبہ اور چوتھا یہ ہے کہ ہمت کرلو یعنی گناہ نہ کرنے کا ارادہ کرلو۔ اگر آپ ارادہ نہ کریں تو اس مسجد سے گھر جاسکتے ہیں؟ اگر آپ ارادہ نہیں کریں گے تو نہیں جاسکتے، ارادہ اور ہمت سے کام ہوتا ہے۔ لہٰذا آپ گناہ چھوڑنے کا ارادہ کریں، ہمت کریں تب گناہ چھوٹیں گے۔ یہ ملفوظ کمالاتِ اشرفیہ میں لکھا ہوا ہے۔ حضرت حکیم الامت کے الفاظ ہیں کہ گناہ چھوڑنے کی خود ہمت کرو کہ آج سے کسی نامحرم عورت کو نہیں دیکھیں گے۔

کفّارۂ غیبت

اور جن کے بارے میں آپ کو یقین ہے کہ میں نے فلاں فلاں کی غیبت کی ہے اور ان کو میری غیبت کرنے کی اطلاع بھی ہوگئی ہے تو اس سے معافی مانگیں۔ غیبت کی معافی جب واجب ہوتی ہے جب اس کو اطلاع بھی ہوجائے جس کی غیبت کی ہے، اگر اس کو خبر نہیں تو اس سے معافی مانگنا واجب نہیں، آپ اس کو ثواب بخش دیں اور جس مجلس میں غیبت کی ہے اس میں تردید کردیں کہ فلاں کی جو میں نے بُرائی کی تھی وہ میری حماقت اور نادانی تھی۔

حضرت حکیم الامت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں کہ غیبت کی معافی مانگنا تب واجب ہے جب اس کو پتا چل جائے، جب اس کو خبر ہی نہیں پہنچی تو خواہ مخواہ کیوں اس کا دل خراب کرنے جارہے ہو کہ صاحب! آپ کے پاس معافی مانگنے آیا ہوں، معاف کرنا، میں نے آپ کی غیبت کی ہے۔ اس سے اچھا بھلا دل خراب ہو جاتا ہے اور نفرت ہو جاتی ہے کہ ہم تو اس کو دوست سمجھتے تھے یہ بھی مخالف نکلا، لہٰذا جس کی غیبت کی ہے جب تک اس کو اطلاع نہ ہو اس سے معافی مانگنا ضروری نہیں بلکہ نہیں مانگنا چاہیے اور جو طریقہ ابھی بتایا ہے اس طرح تلافی کریں یعنی دو رکعات صلوٰۃِ توبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں اور جن لوگوں سے غیبت کی ہے ان سے تردید کریں اور اپنی غلطی کا اعتراف کریں اور کچھ ثواب بخش دیں اور کچھ خیرات کردیں مثلاً سو روپیہ یا سو ٹکا کسی غریب کو دے دے اور اللہ سے کہہ دے کہ یا اللہ! اس کا ثواب ان کو دے دیجیے جن کو میں نے کبھی ستایا ہو یا بُرا بھلا کہہ دیا ہو۔ تو اس طرح اس کو ثواب بخش دو، اس کے بعد دو رکعات صلوٰۃ الحاجت پڑھ لو۔ صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے خوب مانگو، جس وقت بندے کا ہاتھ اُٹھتا ہے تو اس وقت ساری کائنات اس کے ہاتھوں کے نیچے ہوتی ہے۔ دعا مانگنے والے کا ہاتھ اللہ کے سامنے ہوتا ہے اور ساتوں آسمان و زمین سب نیچے ہو جاتے ہیں۔ دیکھیے جس کا ہاتھ خدا کے سامنے ہے تو ساری مخلوق اس کے سامنے ہیچ ہے، ساری کائنات، سارے عالم، زمین و آسمان اس کے ہاتھوں کے نیچے ہیں۔ دعا مانگنے سے اتنا اونچا مقام ملتا ہے۔

حدیث نمبر ۶۷

اِبۡکُوۡا فَاِنۡ لَّمۡ تَبۡکُوۡا فَتَبَاکَوۡا[۲۲۳]

ترجمہ: روؤ اگر رونا نہ آئے تو رونے والوں کی شکل بنالو۔

توبہ کے آنسوؤں کی اقسام

۱) **مصنوعی گریہ:** توبہ کے لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک حکم دیا ہے جو اختیاری مضمون نہیں ہے، کمپلسری (compulsory) یعنی لازمی کردیا کہ اِبۡکُوۡا روؤ، تاکہ تم نے جو حرام مزہ گناہوں سے اُڑایا ہے، آنکھوں کے آنسوؤں کے ذریعہ تمہاری حرام لذتوں کا مال دوبارہ اللہ تعالیٰ کی سرکار میں جمع ہو جائے جس

۲۲۳؎ هذا حديث سعد بن و قاص رضى الله عنه أنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وسَلَّمَ: ابۡكُوا، فَإِنۡ لَمۡ تَبۡكُوا فَتَبَاكَوۡا، أخرجه ابن ماجة فى سننه: ۳۰۹، برقم (۴۱۹۶) فى بَابِ الۡحُزۡنِ وَالۡبُكَاءِ، و أبو يعلى فى مسنده: ۴۰۶/۳ برقم (۴۱۲۰)، دار الكتب العلمية

طرح چور چوری کا مال تھانہ میں جمع کر دے اور وعدہ کرے کہ آیندہ چوری نہیں کروں گا تو سرکار اس کو معاف کر دیتی ہے۔ اِبْکُوْا امر ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اِبْکُوْا فَاِنْ لَّمْ تَبْکُوْا فَتَبَاکَوْا روؤ، لیکن اگر رونا نہ آئے، کبھی دل میں گناہوں کی وجہ سے سختی آجاتی ہے، یہ گناہ ہمارے دل کی تراوٹ کو چوس لیتے ہیں، دل بے کیف ہو جاتا ہے تو اس وقت کیا تم مایوس ہو جاؤ گے؟ کیا تم ارحم الراحمین کے بندے نہیں ہو، رحمۃ للعالمین کے اُمتی نہیں ہو۔ ہم ایسے خشک دل والوں کو بھی جن کے آنسو نہ نکل سکیں محروم نہیں ہونے دیں گے۔ میں رحمۃ للعالمین ہوں، سید الانبیاء ہوں، پیغمبر ہوں، حق تعالیٰ کا ترجمان ہوں، سفیر ہوں ارحم الراحمین کا، ہر پیغمبر اللہ تعالیٰ کا سفیر ہوتا ہے اور سفیر کی زبان اپنے ملک کے سلطان کی ترجمان ہوتی ہے۔ لہٰذا میرے الفاظ کو، میرے ارشاد کو، میری زبان کو ترجمان سمجھو ارحم الراحمین کا۔ میں رحمۃ للعالمین ہونے کی حیثیت سے ارحم الرّاحمین کی سفارت کا حق ادا کر رہا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نہیں چاہتے کہ میرا کوئی بندہ محروم ہو، جس کے آنسو نہیں نکل رہے وہ بھی کیوں محروم ہو؟ لہٰذا گھبراؤ مت، میں رحمۃ للعالمین ہوں اور ارحم الراحمین کی ترجمانی کر رہا ہوں کہ فَاِنْ لَّمْ تَبْکُوْا فَتَبَاکَوْا اگر تمہارے آنسو نہیں نکلتے تو تم رونے والوں کی شکل بنالو، شکل بنانا تو تمہارے اختیار میں ہے، میں تمہارا شمار رونے والوں میں کر دوں گا اور مصنوعی گریہ کا حکم دے کر اس کو قبول کرنا، یہ کمالِ رحمتِ حق ہے اور یہ رونے کی پہلی قسم ہے جو اکثر بیان کرتا ہوں۔

۲) **موسلا دھار ابر کے مانند رونے والی آنکھیں:** حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بارگاہِ حق تعالیٰ شانہٗ میں عرض کرتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ ھَطَّالَتَیْنِ تَشْفِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ مِنْ خَشْیَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّ الْاَضْرَاسُ جَمْرًا

اے اللہ! مجھے ایسی آنکھیں عطا فرما جو موسلا دھار ابر کے مانند برسنے والی ہوں، جو خشیت کے آنسوؤں سے دل کو سیراب کر دیں۔ تَشْفِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدُّمُوْعِ جو آنسوؤں سے دل کو شفا دینے والی ہوں قَبْلَ اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا قبل اس کے کہ (عذابِ دوزخ سے) آنسو خون ہو جائیں اور داڑھیں انگارے بن جائیں۔ معلوم ہوا کہ ہر آنسو دل کو سیراب نہیں کرتا، صرف وہی آنسو دل کو سیراب کرتے ہیں اور دل کی شفا کا ذریعہ ہوتے ہیں جو اللہ کی خشیت یا محبت سے نکلتے ہیں۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں؎

در نماند آب آبم دہ ز عین
ہم چو عینینِ نبی ھطّالتین

اگر ہمارے آنسو خشک ہوگئے تو آنکھوں کو رونے کے لیے آنسو عطا فرمائیے، کیوں کہ آپ کے خوف و خشیت سے رونے والی آنکھیں مرادِ نبوت ہیں اور مطلوبِ نبوت ہیں اور یہ آنسو اتنے قیمتی ہیں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی ہے کہ یہ قلب کو سیراب کرنے والے ہیں۔

۳) **مکھی کے سر کے برابر آنسو کی فضیلت:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

مَا مِنْ عَبْدٍ مُّؤْمِنٍ يَّخْرُجُ مِنْ عَيْنَيْهِ دُمُوْعٌ وَّاِنْ كَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ ثُمَّ يُصِيْبُ شَيْئًا مِّنْ حُرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللهُ عَلَى النَّارِ[۲۲۴]

یعنی کسی بندۂ مومن کی آنکھوں سے بوجہ خشیتِ الٰہی آنسو نکل آئے، خواہ وہ مکھی کے سر کے برابر ہو اور اس کے چہرہ پر تھوڑا سا بھی لگ جائے، تو اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ کی آگ پر حرام کر دیتے ہیں، لہٰذا اگر کبھی مکھی کے سر کے برابر بھی آنسو نکل آئے تو اس کو پورے چہرہ پر پھیلا لو۔ میں نے بارہا اپنے شیخ شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ ہمیشہ آنسوؤں کو ہتھیلی سے ملا اور پھر پورے چہرہ اور داڑھی پر پھیر لیا اور فرمایا کہ میں نے اپنے شیخ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کو ہمیشہ ایسے ہی کرتے دیکھا کہ جب اللہ تعالیٰ کے خوف سے یا محبت سے آنسو نکلے، تو ہتھیلی سے مَل کر ان کو پورے چہرے پر پھیلا لیا، کیوں کہ روایت میں ہے کہ اللہ کے خوف یا محبت سے نکلے ہوئے آنسو جہاں جہاں لگ جائیں گے، دوزخ کی آگ وہاں حرام ہو جائے گی، چاہے وہ آنسو مکھی کے سر کے برابر ہو تب بھی کام بن جائے گا اور مغفرت ہو جائے گی۔ حدیث میں **دموع** کا لفظ آیا ہے جو جمع ہے **دمع** کی جس کے معنیٰ آنسو کے ہیں اور عربی میں جمع تین سے کم کا نہیں ہوتا، اس لیے کم سے کم زندگی میں تین آنسو تو رو لو تاکہ اس حدیث پر عمل ہو جائے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو آنسو نکلیں وہ کم از کم تین ہوں اگرچہ ان کی مقدار مکھی کے سر کے برابر ہو اور فرماتے ہیں کہ دونوں آنکھوں سے رونا ضروری نہیں ہے، کیوں کہ ہو سکتا ہے کہ کوئی آنکھ پتھر کی بنی ہو کیوں کہ بعض وقت آنکھ ضایع ہو جاتی ہے تو پتھر کی بنوا لیتے ہیں، تو پتھر کی آنکھ سے آنسو کیسے نکلے گا؟ اس لیے فرمایا **اَوْ مِنْ اَحَدِهِمَا** دیکھو **المرقاۃ شرح مشکوٰۃ**، یہ عبارت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی ہے، حدیث کی نہیں ہے۔ حدیث میں تو دونوں آنکھوں سے رونا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ان محدثین کو جنھوں نے مرادِ نبوت کو سمجھا کہ اگر ایک آنکھ سے بھی رو لو تو بھی کام بن جائے گا، کیوں کہ دوسری آنکھ مجبور ہے۔

۲۲۴؎ سنن ابن ماجۃ: ۴۴۶، (۴۱۹۶)، باب الحزن والبکاء، المکتبۃ الرحمانیۃ

ہم بتاتے کسے اپنی مجبوریاں
رہ گئے جانبِ آسماں دیکھ کر

جب مجبور ہے تو معذور ہے اور جب معذور ہے تو ماجور ہے یعنی اجر کی مستحق ہے، اس کو دونوں آنکھوں سے رونے کا اجر ملے گا۔ یہ رونے کا تیسرا طریقہ ہو گیا۔

۴) **تنہائی میں زمین پر گرنے والے آنسو:** اب چوتھا طریقہ سن لو۔ پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی۔ چوتھا طریقہ اللہ کی یاد میں رونے کا کیا ہے؟ تمہارے آنسو زمین پر گر پڑیں تاکہ یہ زمین قیامت کے دن تمہارے رونے کی گواہی دے۔ حاکم کی روایت میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے:

مَنْ ذَکَرَ اللّٰہَ فَفَاضَتْ عَیْنَاہُ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ حَتّٰی یُصِیْبَ الْاَرْضَ مِنْ دُمُوْعِہٖ لَمْ یُعَذِّبْہُ اللّٰہُ تَعَالٰی یَوْمَ الْقِیَامَۃِ[۲۲۵]

یعنی جو اللہ تعالیٰ کو یاد کرے اور اللہ تعالیٰ کے خوف سے اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑیں، یہاں تک کہ کچھ آنسو زمین پر گر جائیں تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو عذاب نہ دیں گے۔

اب آپ کہیں گے کہ یہاں تو قالین بچھی ہوئی ہے، زمین کہاں ہے؟ تو سنگِ مرمر بھی مٹی کے حکم میں داخل ہے۔ جس چیز سے تیمم ہو سکتا ہے وہ خالقِ ارض کے یہاں مٹی ہی کے زُمرہ میں ہے، لٰہذا فرش پر چلے جاؤ، جہاں قالین نہیں ہے یا ہمارے ساتھ سندھ بلوچ چلو، ہم آپ کو رونے کے لیے زمین ہی زمین دیں گے مگر یہ نہ سمجھ لینا کہ پلاٹ الاٹ کر دیں گے، صرف زمین دیں گے رونے کے لیے۔ آپ جس کی زمین پر دو رکعت پڑھ کے رولیں، مجھے امید ہے کہ زمین کا مالک آپ کو کچھ نہیں کہے گا، بلکہ دوڑ کے آئے گا اور دعا کی درخواست کرے گا کہ ہمیں بھی دعا میں یاد رکھنا مولوی صاحب! تو رونے کی یہ چار قسمیں ہو گئیں۔

۵) **گناہ گاروں کی آوازِ گریہ کی محبوبیت:** آج ایک نیا علمِ عظیم پیش کرتا ہوں جو گریہ وزاری کی پانچویں قسم ہے۔ توبہ کی تینوں قسموں سے اور رونے کی چار قسموں سے آپ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہو جائیں گے، حبیب ہو جائیں گے مگر آج ایک علمِ عظیم اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا، جس سے آپ صرف محبوب ہی نہیں، اَحبّ

---

۲۲۵ ھٰذَا حَدِیْثُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ذَکَرَ اللهَ فَفَاضَتْ عَیْنَاہُ مِنْ خَشْیَۃِ اللهِ حَتّٰی یُصِیْبَ الْأَرْضَ مِنْ دُمُوْعِهٖ لَمْ یُعَذِّبْهُ اللهُ تَعَالٰی یَوْمَ الْقِیَامَةِ. أخرجه الحاکم فی المستدرك ۴/۲۸۹ برقم (۷۶۶۸)، دار الکتب العلمیة وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح

ہو جائیں گے۔ ایک ہے حبیب اور ایک ہے اَحب یعنی سب سے زیادہ پیارا، مبالغہ کا صیغہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ پیار مل جائے۔ تمام محبوبوں میں اور اللہ کے تمام پیاروں میں سب سے بڑا پیارا بننے کا نسخہ آج اختر پیش کرے گا۔

اللہ کے پیاروں میں پیارا بننے کا نسخہ

تین طریقے توبہ کے بیان کر تا رہا ہوں اور اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ کے ذیل میں چار طریقے رونے کے بھی بیان کیے ہیں، لیکن آج اپنی پچھتر سالہ زندگی میں پہلی دفعہ میں آپ کو تَوَّابِیْنَ میں محبوبیت کے ساتھ ساتھ ایک نعمت مستزاد اور ایکسٹرا پیش کر رہا ہوں کہ آپ اَحَبُّ الْمَحْبُوْبِیْنَ ہو جائیں، اللہ کے تمام محبوب بندوں میں اَحب ہو جائیں اور اس میں بھی ایک نہیں بے شمار ہو سکتے ہیں، سب کے سب اَحَبّ ہو جائیں اتنا آسان نسخہ ہے اور اس کے بھی دو طریقے بتاؤں گا ایک اختیاری ایک غیر اختیاری۔ وہ کیا ہے؟ حدیثِ قدسی ہے اور حدیثِ قدسی کی کیا تعریف ہے؟ ھُوَ الْکَلَامُ الَّذِیْ یُبَیِّنُہُ النَّبِیُّ بِلَفْظِہٖ وَیُنْسِبُہٗ اِلٰی رَبِّہٖ[۲۲۶] وہ کلامِ نبوت جس کو زبانِ نبوت ادا کرے اور نبی یہ کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ایسی حدیثوں کو حدیثِ قدسی کہا جاتا ہے۔ تو حدیثِ قدسی میں ہے:

لَاَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِیْنَ

ترجمہ: گناہ گار بندوں کا رونا مجھے زیادہ پسند ہے تسبیح پڑھنے والوں کی سبحان اللہ سے۔

جو گناہ گار اپنی استغفار اور توبہ میں اپنے رونے کی آہ وزاری کی آوازیں شامل کر دیتے ہیں وہ اس نعمتِ مستزاد کے مستحق ہیں۔ ایک آدمی چپکے چپکے توبہ کر رہا ہے، چپکے چپکے استغفار کر رہا ہے وہ مستغفر بھی ہے، تائب بھی ہے مگر اَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ کا شرف اسے حاصل نہیں۔ انین کے معنیٰ آہ وزاری اور نالہ کے ہیں جس میں کچھ آواز بھی ہو یعنی تھوڑی سی بلند آواز کہ کم سے کم خود سن لے، یہ انین ہے جس کا نام اردو میں ’’سسکی‘‘ ہے۔ جب تک آواز نہ نکلے عربی لغت میں وہ انین نہیں، انین میں ہلکی سی آواز ہونا ضروری ہے لیکن اتنی زور سے بھی نہ چیخے کہ سارا محلہ گھبرا جائے اس میں اعتدال رہے۔ تو رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحیثیت ترجمانِ ارحم الرّاحمین کے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں لَاَنِیْنُ الْمُذْنِبِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ زَجَلِ الْمُسَبِّحِیْنَ کہ جو سُبْحَانَ اللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھ رہے ہیں وہ سب میرے محبوب ہیں، مقبول ہیں مگر سب

۲۲۶؎ ذکرہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح: ۲۳۰/۱، فی کتاب الایمان، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

میں زیادہ اَحَبّ وہ ہے جو گناہوں پر ندامت کے ساتھ آہ وزاری کر رہا ہو اور سسکیاں لے رہا ہو اور رونے کی ہلکی آواز بلند ہو رہی ہو۔ اسی مضمون کو ایک اللہ والے شاعر نے یوں پیش کیا ہے۔

اے جلیل اشکِ گناہ گار کے اک قطرے کو
ہے فضیلت تری تسبیح کے سو دانوں پر

اللہ سننے والا ہے تو گناہ گاروں کا آہ و نالہ اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے وقت تھوڑی سی آواز نکل جانا، ہلکی سی آہ نکل جانا یہ اللہ تعالیٰ کو اَحَبّ ہے تو جن کی انین اَحَبّ ہے وہ اَحَبّ نہ ہوں گے؟ گناہوں پر نادم ہو کر آہ! کیجیے تو آپ بھی احب ہو جائیں گے۔ اَنِيْنُ الْمُذْنِبِيْنَ سے مذنبین اَحَبُّ الْمَحْبُوْبِيْنَ ہو جائیں گے۔ دو دوست ہیں، ایک سبحان اللہ، سبحان اللہ پڑھ رہا ہے اور ایک اپنے گناہوں پر ندامت کے ساتھ کچھ آہ و فغاں کر رہا ہے، تو میرا ذوق یہ ہے کہ میں اسی کے پاس بیٹھوں گا جو اس وقت اللہ تعالیٰ کا احب ہے اور اس کے پاس جا کر میں بھی آہ و فغاں کروں گا، توبہ و استغفار کروں گا کہ اے اللہ! اس رونے والے کی برکت سے میری بھی بگڑی بنا دے کہ یہ اس وقت آپ کا اَحَبّ ہو رہا ہے۔

انینِ غیر اختیاری اور انینِ اختیاری

اب دو چیزیں ہیں، ایک اختیاری اور ایک غیر اختیاری۔ اَنِيْن یعنی آہ و نالہ تو غیر اختیاری ہے کہ معافی مانگتے مانگتے خود بخود رونا آجاتا ہے اور آہ و نالہ کی آواز پیدا ہو جاتی ہے، جیسے ملتزم پر میں نے دیکھا ہے کہ شاید ہی کوئی معافی مانگنے والا ایسا ہو جس کی آواز خود بخود نہ نکل جاتی ہو۔ اللہ کی محبت اور اللہ کی رحمت کے سہارے پر حاجی بے اختیار رونے لگتا ہے، خواہ کتنا ہی سنگدل ہو، وہاں آنسو نکل آتے ہیں اور سسکیوں کی کچھ آوازیں بھی آتی ہیں لیکن یہ غیر اختیاری ہے۔ بعض اوقات ہو سکتا ہے کہ معافی مانگتے وقت اَنِيْن نہ نکلے یعنی رونا نہ آئے اور آوازِ گریہ نہ پیدا ہو تو اس وقت کیا کرنا چاہیے؟ تو جس طرح رونا اختیاری نہیں ہے مگر رونے کی شکل بنانے سے کام چل جائے گا، ایسے ہی اَنِيْن یعنی رونے کی آواز نکالو، نقل کرو، نقل سے ہی کام بن جائے گا۔ دنیا میں بھی دیکھ لیجیے کہ ایک شخص کا بچہ معافی مانگتے ہوئے آہ و نالے کر رہا ہے اور سسکیاں بھی بھر رہا ہے تو نفسیاتی طور پر باپ بے چین ہو جاتا ہے، جلدی سے اسے گود میں اٹھا لیتا ہے کہ کہیں سسکیاں بھرتے بھرتے میرے بچہ کے سر میں درد نہ ہو جائے، کہیں اس کو ہارٹ اٹیک نہ ہو جائے، وہ اس کی پیٹھ پر تھپکیاں دیتا ہے کہ میرا بچہ جلدی سے رونا بند کر دے۔ اسی طرح جو گناہ گار ندامت سے گریہ وزاری کرے گا تو حق تعالیٰ کی رحمت کی تھپکیاں اس کے دل کو محسوس ہو جائیں گی۔

اب کہیں پہنچے نہ ان کو تجھ سے غم
اے مرے اشکِ ندامت اب تو تھم

تو انین کی یہ دو قسمیں پیش کر دیں (۱) انینِ غیر اختیاری کہ خود بخود دل پر کیفیت طاری ہو گئی اور اللہ میاں سے معافی مانگتے مانگتے چیخ نکل گئی اور آہ و فغاں کرنے لگا اور (۲) انینِ اختیاری کہ بعض وقت آہ و نالہ کو دل نہیں چاہتا، آہ و نالہ کا اختیار نہیں ہوتا تو آہ و نالہ کی نقالی تو اختیار میں ہے، آہ و نالہ کی نقل کرو، جس طرح اگر رونا نہ آئے تو ابن ماجہ شریف میں رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے **فَاِنْ لَّمْ تَبْکُوْا فَتَبَاکَوْا** اگر رونا تمہارے اختیار میں نہیں ہے تو ایک کام تمہارے اختیار میں ہے۔ وہ کیا ہے؟ رونے والوں کی شکل بنالو۔ تم کو بکاءِ غیر اختیاری سے ہم بُکاءِ اختیاری کی طرف راستہ بتارہے ہیں۔ اسی طرح اگر انینِ غیر اختیاری تم کو حاصل نہ ہو، تو انینِ اختیاری حاصل کرلو یعنی آہ و نالے کی نقل ہی کرلو، اللہ تعالیٰ کو اپنی سسکیاں سنادو۔ اللہ میاں جانتے ہیں کہ یہ اس کی اصلی سسکی نہیں ہے، یہ جو آہ و فغاں کر رہا ہے اصل نہیں ہے یہ نقل کر رہا ہے، مگر وہ کریم ایسا پیارا اللہ ہے کہ ہماری نقل کو بھی محرومی سے ہم آہنگ نہیں کرتا اور ہمارے اوپر فضل کر دیتا ہے۔

حدیث نمبر ۶۸

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ[۲۲۷]

ترجمہ: میرے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں، اسی پر میں نے بھروسہ کرلیا اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص صبح و شام سات مرتبہ **حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ** پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دنیا اور آخرت کے ہر غم کے لیے کافی ہو جائیں گے۔

---

۲۲۷ هذا أثر أبي الدرداء رضي الله عنه أنه قال مَنْ قَالَ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسَى حَسْبِيَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هوَ عَلَيه تَوَكَّلْتُ وَهوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ سَبْعَ مَرَّاتٍ كَفَاهُ اللهُ مَا أَهَمَّهُ صَادِقًا كَانَ بِهَا أَوْ كَاذِبًا. أخرجه أبو داؤد في سننه: ۵/۲۹۷ برقم (۵۰۸۳)، مكتبة الشيخ كراتشي في باب مَا يَقُولُ إِذَا أَصْبَحَ

علمی لطیفہ

اس چھوٹی سی آیت کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت کے ہموم کے لیے کیوں کافی ہو جاتے ہیں؟ فرماتے ہیں کہ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ وہ رب ہے عرشِ عظیم کا اور عرشِ عظیم مرکزِ نظامِ کائنات ہے، جہاں سے دونوں جہاں کے فیصلے صادر ہوتے ہیں۔ پس جب بندہ نے اپنا رابطہ ربِّ عرشِ عظیم سے قائم کر لیا، تو مرکزِ نظامِ کائنات کے رب کی پناہ میں آگیا پھر غموم و ہموم کہاں باقی رہ سکتے ہیں؟ خواجہ صاحب کا شعر ہے ؎

جو تو میرا تو سب میرا فلک میرا زمیں میری
اگر اک تو نہیں میرا تو کوئی شے نہیں میری

اور ابن نجار نے اپنی تاریخ میں حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت نقل کی کہ جو شخص صبح کو سات مرتبہ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ آخر تک پڑھ لے گا، نہیں پہنچے گی اس کو اس دن اور اس رات میں کوئی بے چینی اور نہ کوئی مصیبت اور نہ وہ ڈوبے گا۔

حدیث نمبر ٦٩

أَلَا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلُحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ[۲۲۸]

ترجمہ: تحقیق جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے، جب وہ اچھا ہوتا ہے تو تمام جسم اچھا ہوتا ہے اور اگر وہ بگڑ جاتا ہے تو تمام جسم بگڑ جاتا ہے اور یاد رکھو کہ وہ ٹکڑا دل ہے۔

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابو عبد اللہ ہے، انصاری صحابی ہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ

---

۲۲۸ هذا حديث النعمان بن بشير رضی الله عنه أنه قال سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشَبِّهَاتٌ لَا يَعْلَمُهَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى الْمُشَبِّهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِه وَعِرْضِه، وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ كَرَاعٍ يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى يوشِكُ أَنْ يوَاقِعَه أَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى أَلَا إِنَّ حِمَى اللهِ فِي أَرْضِه مَحَارِمُه أَلَا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّه، وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّه أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ. أخرجه البخاری فی صحیحه: ۱/۱۳، برقم (۵۲) فی باب فضل من استبرأ لدینه . و مسلم فی صحیحه: ۲/۲۸، برقم (۴۱۷۸) فی باب أخذ الحلال و ترك الشبهات و ابن ماجة فی سننه: ۲۸۷، برقم (۳۹۸۴) فی باب الوقوف عند الشبهات

علیہ وسلم کے مدینہ تشریف لانے کے بعد مسلمین انصار میں یہ سب سے پہلے بچے ہیں جو تولّد ہوئے۔ یہ اور ان کے والد دونوں صحابی ہیں اور کوفہ میں رہتے تھے اور شام کے ایک شہر (جس کا نام حمص ہے) کے گورنر بنائے گئے اور جس وقت یہ آٹھ سال سات مہینہ کے تھے، اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی اور بالغ ہونے کے بعد منبر پر بیان کی جس کو صحابہ کرام نے قبول کیا۔

مسئلہ: اس میں دلیل ہے کہ جب بچے میں عقل ممیّز پیدا ہو جائے تو اس وقت اس کی روایت معتبر ہے، جیسا کہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فِیْہِ دَلِیْلٌ عَلٰی صِحَّۃِ تَحَمُّلِ الصَّبِیِّ الْمُمَیِّزِ لِاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَلِلنُّعْمَانِ ثَمَانُ سِنِیْنَ

تشریح: اَلَا وَ اِنَّ فِی الْجَسَدِ میں جو واؤ ہے وہ جملہ مقدر پر عطف ہے، جو یہ ہے وَ ہِیَ اَنَّ حَقِیْقَۃَ الْاَمْرِ (مضغۃ) قلب کو مُضْغَۃً سے اس لیے تعبیر فرمایا تاکہ معلوم ہو جائے کہ جسم کے مقابلے میں قلب بہت چھوٹا ہے، لیکن قالب کی اصلاح و فساد قلب کے تابع ہے، لِاَنَّ الْقَلْبَ سُلْطَانُ الْبَدَنِ لَمَّا صَلَحَ السُّلْطَانُ صَلُحَتِ الرَّعِیَّۃُ اس لیے کہ قلب جسم کا بادشاہ ہے، جب بادشاہ صحیح ہو گا تو رعیت بھی صحیح ہو گی۔

تشریح: اِذَا صَلُحَتْ اَیْ تَنَوَّرَتْ بِالْاِیْمَانِ وَالْعِرْفَانِ وَالْاِیْقَانِ یعنی جب قلب منور ہو جائے نورِ ایمان، نورِ عرفان اور نورِ ایقان سے۔ صَلَحَ الْجَسَدُ اَیْ اَعْضَاءُہٗ کُلُّہٗ بِالْاَعْمَالِ وَ الْاَخْلَاقِ وَالْاَحْوَالِ یعنی جسم کے اعضاء سے اعمالِ صالحہ، اخلاقِ حمیدہ اور احوالِ جمیلہ ظاہر ہوں گے۔ وَ اِذَا فَسَدَتْ اَیْ اِذَا تَلَفَتْ وَاَظْلَمَتْ بِالْجُحُوْدِ وَالشَّکِّ وَ الْکُفْرَانِ یعنی جب قلب برباد ہو جائے ظلمتوں سے بسبب جحود اور شک اور کفر کے۔ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ اَیْ بِالْفُجُوْرِ وَالْعِصْیَانِ فَعَلَی الْمُکَلَّفِ اَنْ یَّقْبَلَ عَلَیْہَا وَیَمْنَعَہَا عَنِ الْاِنْہِمَاکِ فِی الشَّہَوَاتِ حَتّٰی لَایُبَادِرَ اِلَی الشُّبُہَاتِ وَ لَا یَسْتَعْمِلَ جَوَارِحَہٗ بِاقْتِرَافِ الْمُحَرَّمَاتِ یعنی جسم فاسد ہو گا نافرمانی سے اور گناہوں سے۔ پس مکلف پر یعنی ہر شخص پر واجب ہے کہ قلب کی نگرانی رکھے اور اس کو روک کر رکھے، خواہشاتِ نفسانیہ میں منہمک ہونے سے، یہاں تک کہ شبہاتِ معصیت سے بھی دور رہے اور اس کے جوارح نہ استعمال ہوں ارتکابِ محرمات میں۔ اَلَا وَہِیَ اَیْ اَلْمُضْغَۃُ الْمَوْصُوْفَۃُ الْقَلْبُ فَہُوَ کَالْمَلِکِ وَ الْاَعْضَاءُ کَالرَّعِیَّۃِ اس لیے کہ قلب مثلِ بادشاہ کے ہے اور اعضا اس کی رعایا ہیں۔ فَاَہَمُّ الْاُمُوْرِ مُرَاعَاتُہٗ پس نہایت اہم اُمور میں سے ہے قلب کی اصلاح اور نگرانی۔

قلب کا مفہوم

قَدْ سُمِّیَ الْقَلْبُ قَلْبًا مِّنْ تَقَلُّبِہٖ

فَاحْذَرْ عَلَی الْقَلْبِ مِنْ قَلْبٍ وَّ تَحْوِیْلٖ

جیسا کہ ایک شاعر کہتا ہے کہ قلب کا نام قلب اس لیے ہے کہ وہ ہر وقت بدلتا رہتا ہے، پس سخت اہتمام رکھو کہ قلب حق سے باطل کی طرف نہ پھر جائے۔

کَانَ رَسُوْلُ اللہِ یُکْثِرُ اَنْ یَّقُوْلَ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس دعا کو کثرت سے پڑھتے تھے۔ اے دلوں کے بدلنے والے! میرے دل کو دین پر قائم رکھیے۔ علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے قلب کو امیر البدن اور قالب کو اس کی رعیت فرمایا اور رعیت کی صلاح و فساد موقوف ہے امیر کی صلاح و فساد پر۔ فرماتے ہیں:

لِاَنَّہٗ اَمِیْرُ الْبَدَنِ وَبِصَلَاحِ الْاَمِیْرِ تَصْلُحُ الرَّعِیَّۃُ وَبِفَسَادِہٖ تَفْسُدُ وَاَشْرَفُ مَا فِی الْاِنْسَانِ قَلْبُہٗ فَاِنَّہُ الْعَالِمُ بِاللہِ تَعَالٰی وَالْجَوَارِحُ خَدَمٌ لَّہٗ

اس حدیث سے اصلاحِ قلب پر استدلال

سُمِّیَ الْقَلْبُ قَلْبًا لِّتَقَلُّبِہٖ فِی الْاُمُوْرِ ... وَخُصَّ الْقَلْبُ بِذَالِكَ لِاَنَّہٗ اَمِیْرُ الْبَدَنِ وَبِصَلَاحِ الْاَمِیْرِ تَصْلُحُ الرَّعِیَّۃُ وَ بِفَسَادِہٖ تَفْسُدُ وَ فِیْہِ تَنْبِیْہٌ عَلٰی تَعْظِیْمِ قَدْرِ الْقَلْبِ وَالْحَثِّ عَلٰی صَلَاحِہٖ[۲۲۹]

قلب کا نام قلب اس لیے رکھا گیا کہ وہ متقلب فی الامور ہوتا ہے اور اس نام کے ساتھ قلب کو خاص کیا گیا، کیوں کہ قلب امیر البدن ہے اور امیر کی اصلاح سے رعایا کی اصلاح ہوتی ہے اور اس کے فساد سے رعایا کا فساد ہوتا ہے۔ اور ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں اصلاحِ قلب کا عظیم الشان ثبوت ہے جیسا کہ صوفیائے کرام کا معمول ہے۔ اگر قالب سے گناہ سرزد ہوتے ہیں (مثلاً داڑھی منڈانا، ٹخنے سے نیچے پاجامہ لٹکانا، بدنگاہی کرنا وغیرہ) تو یہ سب قلب کے فساد کی علامت ہے۔ صلاحِ قالب کے لیے صلاحِ قلب

۲۲۹؎ ذکرہ العسقلانی فی فتح الباری: ۱/۱۲۸، فی کتاب الایمان، باب فضل من استبرأ لدینہ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت

لازمی ہے اور فسادِ قالب کے لیے فسادِ قلب لازمی ہے۔ خواجہ عزیز الحسن مجذوب رحمۃ اللہ علیہ کا شعر ہے ؎

دل میں اگر حضور ہو سر تیرا خم ضرور ہو
جس کا نہ کچھ ظہور ہو عشق وہ عشق ہی نہیں

قلبِ سلیم کی تفسیر

جب قلب صالح ہو جاتا ہے اس کو قلبِ سلیم کہتے ہیں۔ قلبِ سلیم کی پانچ تفسیریں علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہیں اس آیت کے ذیل میں:

یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ[۲۳۰]

ترجمہ: اس دن میں کہ نجات کے لیے نہ مال کام آوے نہ اولاد، مگر ہاں اس کی نجات ہو گی جو اللہ کے پاس کفر و شرک سے پاک دل لے کر آئے گا۔

اَلَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَہٗ فِیْ سَبِیْلِ الْبِرِّ۔ قلبِ سلیم وہ ہے کہ جو مال خرچ کرے نیک راستے میں۔

اَلَّذِیْ یُرْشِدُ بَنِیْہِ اِلَی الْحَقِّ۔ قلبِ سلیم وہ ہے جو اپنی اولاد کو نیک راستے پر لانے کی کوشش کرے۔

یہ دو تفسیر یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوْنَ کے پیشِ نظر اس کے ربط کو ملحوظ رکھتے ہوئے کی گئیں۔

اَلَّذِیْ یَکُوْنُ قَلْبُہٗ خَالِیًا مِّنَ الْعَقَائِدِ الْبَاطِلَۃِ اَیْ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْبِدْعَۃِ۔ قلبِ سلیم وہ ہے جو عقائدِ باطلہ یعنی کفر و شرک اور بدعت سے خالی ہو۔

اَلَّذِیْ یَکُوْنُ قَلْبُہٗ خَالِیًا مِّنَ الشَّھَوَاتِ الَّتِیْ تُؤَدِّیْ اِلَی النَّارِ۔ قلبِ سلیم وہ ہے جو اُن تقاضائے شہوانیہ کے غلبہ سے نجات پا جائے جو جہنم کی طرف لے جانے والے ہیں۔

قَالَ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ: اَلَّذِیْ یَکُوْنُ قَلْبُہٗ خَالِیًا عَمَّا سِوَی اللّٰہِ[۲۳۱] حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: قلبِ سلیم وہ ہے جس میں اللہ کے سوا کوئی اور نہ ہو۔

جیسا کہ خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ؎

---

[۲۳۰] الشعرآء: ۸۸-۸۹

[۲۳۱] ذکرہ الآلوسی فی روح المعانی: ۲۷/۲۵، فی اشارات سورۃ الذّٰریٰت، دار احیاء التراث، بیروت

دل مرا ہو جائے اک میدانِ ہو
تُو ہی تُو ہو تُو ہی تُو ہو تُو ہی تُو

اور مرے تن میں بجائے آب و گِل
دردِ دل ہو دردِ دل ہو دردِ دل

غیر سے بالکل ہی اُٹھ جائے نظر
تُو ہی تُو آئے نظر دیکھوں جدھر

اور ؎

ہر تمنا دل سے رخصت ہوگئی
اب تو آجا اب تو خلوت ہوگئی

اَلْاِسْمُ الْاَعْظَمُ هُوَاللهُ بِشَرْطِ اَنْ تَقُوْلَ اللهَ وَلَيْسَ فِيْ قَلْبِكَ سِوَى اللهِ

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اسمِ اعظم لفظ اللہ ہے بشرطیکہ لفظِ اللہ زبان سے نکلے تو قلب غیر اللہ سے خالی ہو ؎

گزرتا ہے کبھی دل پر وہ غم جس کی کرامت سے
مجھے تو یہ جہاں بے آسماں معلوم ہوتا ہے

علامہ محی الدین ابو زکریا نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث دلیل ہے اصلاحِ باطن پر جس کا صوفیاء اہتمام کرتے ہیں۔ وَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَاكِيْدٌ عَلَى السَّعْيِ فِيْ صَلَاحِ الْقَلْبِ وَحِمَايَتِهٖ مِنَ الْفَسَادِ[۲۳۲] یہ حدیث دلالت کرتی ہے اصلاحِ قلب کے حاصل کرنے پر۔

علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اعمال کی صحت وفساد کا مدار قلب کے صلاح وفساد پر ہے۔

۲۳۲؎ شرح الصحیح لمسلم للنووی: ۲۹/۱۱ (۱۰۶)، باب اخذ الحلال وترک الشبھات، دار احیاء التراث بیروت

دینِ اسلام میں اس حدیث کی حیثیت

اس حدیث اَلَا وَاِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً...الخ کو محدثین نے عماد الدین فرمایا ہے، چناں چہ حضرت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ علامہ نووی رحمہ اللہ کے حوالے سے رقم فرماتے ہیں:

قَالَ النَّوَوِیُّ رَحِمَہُ اللہُ: اِتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ عَلٰی عِظَمِ مَوْقِعِ ھٰذَا الْحَدِیْثِ وَکَثْرَۃِ فَوَائِدِہٖ فَاِنَّہٗ اَحَدُ الْاَحَادِیْثِ الَّتِیْ عَلَیْھَا مَدَارُ الْاِسْلَامِ قِیْلَ ھِیَ ثَلَاثٌ: حَدِیْثُ الْاَعْمَالِ بِالنِّیَّاتِ وَحَدِیْثُ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ وَھٰذَا الْحَدِیْثُ[۲۳۳]

علماء کا اجماع ہے کہ یہ حدیث عظیم الشان ہے اور کثیر الفوائد ہے اور یہ حدیث ان تین احادیث میں سے ایک ہے جن پر اسلام کا دار و مدار ہے اور ایک جماعت نے کہا کہ یہ حدیث ثُلثِ اسلام ہے (یعنی اس میں تہائی اسلام ہے)۔

وہ تین احادیث جن پر مدارِ اسلام ہے یہ ہیں:

۱)... اَلَا وَاِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً...الخ

۲)... اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ...الخ

۳)... مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ

۱)... ترجمہ گزر چکا۔

۲)... اعمال کی قبولیت کا مدار اخلاصِ نیت پر ہے۔

۳)... آدمی کا حسنِ اسلام لایعنی اور فضول باتوں کے ترک کر دینے سے ہے۔

حدیث نمبر ۷۰

مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یَّدْعُوْا بِدَعْوَۃٍ لَّیْسَ فِیْھَا اِثْمٌ وَّلَا قَطِیْعَۃُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاہُ اللہُ بِھَا اِحْدٰی ثَلٰثٍ اِمَّا اَنْ یُّعَجِّلَ لَہٗ دَعْوَتَہٗ وَاِمَّا اَنْ

[۲۳۳] نقلہ الملا علی القاری فی مرقاۃ المفاتیح: فی باب الکسب وطلب الحلال من شرح الصحیح لمسلم للنووی: ۱۱/۲۷(۱۰۶)، باب اخذ الحلال وترک الشبہات، دار احیاء التراث، بیروت

یَدَّخِرَھَا لَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ وَاِمَّا اَنْ یَّصْرِفَ عَنْہُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَھَا قَالُوْا: اِذًا نُّکْثِرُ قَالَ: اَللہُ اَکْثَرُ[۲۳۴]

قبولیتِ دعا کی صورتیں

بعض لوگ شروع میں تو خوب خشوع و خضوع سے دعا کرتے ہیں، لیکن کچھ دن کے بعد ان کے دل میں دعا کی قبولیت کے سلسلے میں وسوسے آنے لگتے ہیں کہ معلوم نہیں، ہماری دعا قبول ہوئی یا نہیں؟ اس لیے یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ دعا کی قبولیت کی بہت سی صورتیں ہیں، اگر ان کا علم نہیں ہوگا تو شیطان کے داؤ پیچ تم پر کارگر ہوجائیں گے اور شیطان تمہیں مایوس کردے گا، پہلی صورت تو یہ ہے کہ بندہ جو دعا مانگے اللہ تعالیٰ اس کو وہی دے دیں یعنی جو چیز اس نے مانگی وہی چیز اللہ تعالیٰ نے اس کو دے دی، ایک صورت تو یہ ہے، لیکن کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جو چیز ہم مانگتے ہیں وہ ہمارے لیے مفید نہیں ہوتی تو اللہ تعالیٰ اس کو ہمارے لیے آخرت میں ذخیرہ بنادیتے ہیں۔ حدیث میں آتا ہے کہ ہماری جو دعائیں دنیا میں قبول نہیں ہوئیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان پر اتنا زیادہ اجر عطا کریں گے، ان کا اتنا زیادہ بدلہ دیں گے کہ مومن یہ کہے گا کہ کاش! دنیا میں میری کوئی دعا قبول ہی نہ ہوتی، لہٰذا دوسری صورت دعا کی قبولیت کی یہ ہے کہ اس کا اجر آخرت میں ملے گا۔

تیسری صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں کوئی بلا ٹال دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوسری روایات میں اور بھی صورتیں ہیں، مثلاً بعض بندوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے بہت اونچا درجہ لکھا ہوا ہے، لیکن وہ اپنے عمل میں کمی کی وجہ سے اس درجہ کو حاصل نہیں کرسکتے، تو اللہ تعالیٰ ان کی جان و مال میں یا اولاد میں کوئی آزمایش دیتے ہیں اور پھر اس پر صبر کی طاقت بھی دے دیتے ہیں یہاں تک کہ اس بلا اور مصیبت کی وجہ سے وہ بندہ اس بڑے درجہ کو پالیتا ہے، لہٰذا مومن کو چاہیے کہ کسی صورت میں مصیبت سے نہ گھبرائے، اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگے اور مصیبت سے نجات تو مانگے، لیکن اس کو اپنے لیے مفید سمجھے، اگر دعا بظاہر قبول نہ ہو تو بھی اللہ سے مانگتا رہے، دعا مانگنا خود بہت بڑا انعام ہے، اگر کسی کو مصیبت میں خدا سے تعلق زیادہ بڑھ جائے اور اللہ والوں

۲۳۴ھذا حدیث أبی سعید الخدری رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ مُسْلِمٍ یدْعُوا بِدَعْوَۃٍ لَیسَ فِیھَا إِثْمٌ وَلَا قَطِیعَۃُ رَحِمٍ إِلَّا أَعْطَاہُ اللہُ بِھَا إِحْدَی ثَلَاثٍ: إِمَّا أَنْ تُعَجَّلَ لَہ دَعْوَتُہ، وَإِمَّا أَنْ یدَّخِرَھَا لَہ فِی الْاٰخِرَۃِ، وَإِمَّا أَنْ یصْرِفَ عَنْہ مِنَ السُّوءِ مِثْلَھَا " قَالُوا: إِذًا نُکْثِرُ، قَالَ: " اللہُ أَکْثَرُ ".أخرجہ أحمد فی مسندہ :۲۲/۳ برقم (۱۱۱۳۹)،دارالکتب العلمیۃ، و الحاکم فی المستدرک :۶۷۰/۱ برقم(۱۸۱۶)، دارالکتب العلمیۃ

کے پاس جانے کی توفیق ہو جائے، ان سے دعا کرا رہا ہو، اللہ تعالیٰ سے دو رکعات صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر مانگ رہا ہو اور اُس مصیبت کی وجہ سے بہت سے گناہ چھوٹ گئے ہوں، تو جو مصیبت اللہ تعالیٰ سے رشتہ جوڑ دے اور جو مصیبت غفلت کے پردوں کو چاک کر دے وہ مصیبت نہیں نعمت ہے۔

دعا کسی صورت میں ردّ نہیں ہوتی

لیکن قبولیتِ دعا کی صورتیں نہ جاننے سے بعض اوقات بڑا دھوکا ہو جاتا ہے، آدمی کو شکایت ہو جاتی ہے کہ ہماری دعا اتنے دن سے قبول نہیں ہوئی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ کبھی تو وہی چیز مل جاتی ہے جو تم مانگتے ہو اور کبھی وہ تو نہیں ملتی، لیکن آخرت میں تمہیں اس کا بدلہ دیا جائے گا، کیوں کہ ہو سکتا ہے کہ دنیا میں اس چیز کا ملنا اللہ کے نزدیک تمہارے لیے نقصان دہ ہو اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ دعا کی برکت سے کوئی بڑی مصیبت یا بلا ٹال دی جاتی ہے۔ جب صحابہ نے یہ بات سنی کہ دعاؤں کے قبول ہونے کی اتنی قسمیں ہیں اور کسی صورت میں دعا رد نہیں ہوتی، یا تو دنیا میں مل جائے گی یا آخرت میں اس کا بدلہ مل جائے گا یا کوئی بلا دور ہو جائے گی یعنی دعا ہر صورت میں قبول ہوگی تو صحابہ کرام نے کہا اِذًا نُّکْثِرُ اَکْثَرَ یُکْثِرُ کا جمع متکلم نُکْثِرُ ہے یعنی یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اب تو ہم خوب دعا مانگیں گے، دعا میں خوب کثرت کریں گے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اَللّٰہُ اَکْثَرُ اللہ سے تم جتنا زیادہ مانگو گے اللہ تعالیٰ اس سے بھی زیادہ دینے والا ہے، تمہارے مانگنے کی تعداد سے خدا کے دینے کی تعداد زیادہ ہے، جیسے کوئی دنیا کے کریم شخص سے ایک بوتل شہد مانگنے گیا، اس نے دو من کی مشک دے دی، اس شخص نے کہا کہ حضور! میں نے تو ایک ہی بوتل مانگی تھی، آپ نے مشک بھر کر دے دی؟ اس کریم نے کہا کہ تم نے اپنے ظرف کے مطابق مانگا تھا، میں نے اپنے ظرف کے مطابق دیا، میری سخاوت کا تقاضا یہ تھا کہ میں پوری مشک دے دوں۔ معلوم ہوا کہ بندے اپنی حیثیت کے مطابق مانگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی شانِ کرم کے مطابق دیتے ہیں۔

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیے ہیں دُر بے بہا دیے ہیں

پانچ قسم کی دعائیں ردّ نہیں ہوتیں

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پانچ قسم کی دعائیں ردّ نہیں فرماتے

نمبر (۱) مظلوم کی دعا، مظلوم کی دعا اللہ فوراً قبول کر لیتا ہے۔

ظلم کرنے سے بچنا فرض ہے

اب مظلوم کون ہے؟ اس کو بھی سمجھ لو، کبھی انسان ماں باپ سے لڑ جاتا ہے تو ماں باپ مظلوم ہو گئے، ماں باپ سے بدتمیزی سے بات کر لی یا ماں باپ کا دل دُکھ گیا، بس ظلم ہو گیا دل کا دُکھانا اور دل کو ستانا اسی کا نام ظلم ہے، اس سے ساری عبادت ناس ہو جاتی ہے۔ ایک بڑھیا رات بھر عبادت کرتی تھی اور دن بھر روزہ رکھتی تھی مگر زبان کی نہایت خراب تھی، سارا محلہ اس سے تنگ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: هِيَ فِي النَّارِ یہ عورت جہنم میں جائے گی۔ اب وہ عورتیں بھی اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں جو اپنے شوہروں کو ستاتی ہیں اور وہ مرد بھی اپنے گریبان میں منہ ڈالیں جو ذرا ذرا سی بات پر بیویوں کو ستاتے ہیں اور اس کی آہ لیتے ہیں حالاں کہ وہ بیچاری نمازی بھی ہے اور تلاوت بھی کرتی ہے مگر پھر بھی ستائے جا رہے ہیں، اب اگر اس کے آنسو نکل آئے تو جس قدر باپ اپنی بیٹی کی مظلومیت سے غمگین ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کو اس سے زیادہ ناراضگی ہوتی ہے ان لوگوں سے جو اپنی بیویوں کو ستاتے ہیں۔ اسی طرح بیوی بھی شوہر کو نہ ستائے۔

بخاری شریف کی حدیث ہے کہ ایک بدکار عورت نے دیکھا کہ ایک کتا پیاس سے مر رہا تھا، قریب ہی ایک کنواں تھا مگر اس میں رسی یا ڈول نہیں تھا:

فَنَزَعَتْ خُفَّهَا فَاَوْثَقَتْهُ بِخِمَارِهَا فَنَزَعَتْ لَهٗ مِنَ الْمَاءِ فَغُفِرَ لَهَا بِذٰلِكَ[۲۳۵]

اس عورت نے اپنا موزہ نکالا پھر اسے اپنے دوپٹے سے باندھ کر کنویں میں ڈالا اور اس میں پانی بھر کر کتے کو پلایا جس سے وہ زندہ ہو گیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اِس عمل سے اُس بدکار عورت کی مغفرت ہو گئی۔ دیکھو! ایک کتے کو خوش کرنے پر، اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ اچھے اخلاق پر اس کی مغفرت ہو گئی، آج ہمارا اپنے مسلمان بھائیوں سے کیا معاملہ ہے؟ کتے کو پانی پلانے سے تو وہ بدکار عورت جنتی ہو گئی اور ہم اپنی بیویوں کو ستا رہے ہیں، بیویاں شوہروں کو ستا رہی ہیں، مسلمان بھائی دوسرے بھائی سے لڑ رہا ہے، کیا حال ہے ہمارا؟ اس کا خاص خیال رکھو کہ کسی پر بھی ظلم نہ کرو۔ میں اپنے دوستوں سے بار بار کہتا ہوں کہ نہ شوہر عورت پر ظلم کرے اور

---

۲۳۵ هذا مختصر من حديث أبي هريرة رضي الله عنه عَنْ رَسُولِ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: غُفِرَ لِامْرَأَةٍ مُومِسَةٍ مَرَّتْ بِكَلْبٍ عَلَى رَأْسِ رَكِيٍّ يَلْهَثُ قَالَ كَادَ يَقْتُلُه الْعَطَشُ فَنَزَعَتْ خُفَّها فَأَوْثَقَتْه بِخِمَارِها فَنَزَعَتْ لَه مِنَ الْمَاءِ فَغُفِرَ لَها بِذٰلِكَ. أخرجه البخاري في صحيحه: ۱/۴۶۷، برقم (۳۳۲۱) في باب إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي شَرَابِ أَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْه فَإِنَّ فِي إِحْدٰى جَنَاحَيْه دَاءً وَفِي الْأُخْرٰى شِفَاءً

نہ عورت اپنے شوہر پر ظلم کرے حتیٰ کہ چیونٹیوں پر بھی ظلم نہ کرو، دیکھ کر چلو کہ کوئی چیونٹی میرے پیر کے نیچے تو نہیں آرہی ہے، جان بوجھ کر کسی چیونٹی پر پاؤں نہ رکھو۔ شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب انسان کسی چیونٹی پر پیر رکھتا ہے، تو اس کا وہی حال ہوتا ہے جو ہاتھی کے پیر رکھنے سے انسان کا ہوتا ہے۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پانچ قسم کی دعائیں رد نہیں فرماتے، ایک مظلوم کی دعا رد نہیں فرماتے، دوسرے حاجی کی دعا رد نہیں ہوتی جب تک کہ وہ گھر واپس نہیں آجاتا۔

فرض حج نہ کرنے پر وعید

یہاں یہ بات بتانا ضروری ہے کہ بعض لوگوں پر حج فرض ہوتا ہے، لیکن وہ اسے ادا کرنے میں لاپرواہی کرتے ہیں، بعض مال کی محبت سے اور بعض دوسری وجوہات سے۔ تو خوب سمجھ لیجیے کہ جس پر حج فرض ہے اور وہ بغیر کسی عذر اور مجبوری کے حج میں تاخیر کرتا ہے، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بددعا فرماتے ہیں کہ یہ چاہے یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے۔ کتنی سخت وعید ہے! لہٰذا جس پر حج فرض ہو چکا ہے اسے جلدی کرنی چاہیے۔

تیسرے نمبر پر مجاہد کی دعا رد نہیں ہوتی، جب تک وہ جہاد سے واپس نہیں آجاتا اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔ نمبر چار مریض کی دعا رد نہیں ہوتی، ڈاکٹروں کو مریضوں کی دعا لینے کا زیادہ موقع ملتا ہے لہٰذا جب وہ مریض دیکھنے جائیں تو مریض سے اپنے لیے دعا کرائیں اور اس سے کہیں کہ اللہ تعالیٰ تم کو شفا دے اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ [۲۳۶]

اس کا مطلب یہ ہے کہ میں سوال کرتا ہوں اللہ عظیم سے، عرشِ عظیم کے رب سے کہ وہ تم کو شفا دے، حدیث شریف میں آتا ہے کہ مریض کے پاس اس کو پڑھ لیا جائے تو اگر اس کی زندگی مقدر ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو بہت جلد شفا دے دیتے ہیں۔

---

۲۳۶ هذا مختصر من حديث ابن عباس رضى الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ ''مَنْ عَادَ مَرِيضًا لَمْ يَحْضُرْ أَجَلُه فَقَالَ عِنْدَه سَبْعَ مِرَارٍ أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يشْفِيكَ إِلَّا عَافَاه اللهُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ''. أخرجه أبو داؤد فى سننه: ۸۶/۲، برقم (۳۱۰۸) فى باب الدُّعَاءِ لِلْمَرِيضِ عِنْدَ الْعِيادَة. والترمذى فى سننه (۲۸/۲) برقم (۲۰۸۳) فى باب ما جاء فى التداوى بالعسل

میرے بیٹے مولانا مظہر میاں کو بخار تھا، مولانا ابرار الحق صاحب ڈھاکہ میں تھے اور اختر بھی وہیں تھا، حضرت سے میں نے عرض کیا کہ حضرت! میرے بیٹے کو بخار ہو رہا ہے، حضرت نے فرمایا کہ ٹیلی فون ملاؤ، ڈھاکہ سے کراچی ٹیلی فون ملایا گیا اور حضرت نے ٹیلی فون پر یہ دعا سات مرتبہ پڑھی، جب میں واپس کراچی آیا تو مظہر میاں نے کہا کہ دعا پڑھتے ہی بخار بھاگنے لگا۔ ڈاکٹروں کو خاص طور سے یہ دعا نوٹ کر لینی چاہیے اور مریض سے کہنا چاہیے کہ تم بھی ہمارے لیے دعا کرو، کیوں کہ مریض کی دعا قبول ہوتی ہے جب تک کہ وہ شفا نہ پائے، مریض کی دعا پر فرشتے آمین کہتے ہیں، لہٰذا مریض سے دعا کی درخواست کرنی چاہیے اور نمبر پانچ یہ کہ اللہ تعالیٰ بھائی کی دعا بھائی کے لیے رد نہیں فرماتے جب کہ وہ اس کے لیے غائبانہ دعا کرے، اس لیے ہمارے بزرگوں کا دستور ہے کہ سب سے کہتے ہیں کہ بھائی! ہمارے لیے دعا کرنا، کیوں کہ غائبانہ دعا جلد قبول ہوتی ہے۔

کون سی دعا جلد قبول ہوتی ہے؟

اب دعا کی ان پانچوں قسموں میں کس دعا کی رفتار زیادہ تیز ہے، دعا کی پانچ ٹرینوں کا جو تذکرہ ہوا، ان میں کون سی ٹرین منزل پر جلد پہنچتی ہے؟ اس کا فیصلہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرما رہے ہیں:

اِنَّ اَسْرَعَ الدُّعَاءِ اِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِّغَائِبٍ[۲۳۷]

بھائی کی دعا جو بھائی کے لیے غائبانہ کی جائے وہ سب سے زیادہ جلد قبول ہوتی ہے یعنی اس کا مسلمان بھائی اس کے پاس موجود نہیں ہے پھر بھی اس کے لیے دعا کر رہا ہے تو ایسی دعا فوراً قبول ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ جب کوئی اللہ والوں کے پاس کثرت سے آنا جانا رکھتا ہے، تو اللہ والے اس کے لیے اپنی دعا کی رفتار اور زیادہ تیز کر دیتے ہیں کیوں کہ اسے بار بار دیکھنے سے اس کی یاد اور زیادہ آتی ہے، لہٰذا اللہ والوں سے بھی دعا کے لیے کہتا رہے اور دوسرے لوگوں سے بھی دعا کراتا رہے، بڑے بھی اپنے چھوٹوں سے دعا کے لیے کہتے ہوئے نہ شرمائیں، اُستاد شاگرد سے، شیخ مرید سے اور باپ بیٹے سے دعا کرائے، اپنے چھوٹوں سے دعا کرانا بھی سنت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عمرہ کرنے جا رہے تھے، انہوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مجھے اجازت دیجیے کہ میں عمرہ کر آؤں۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

۲۳۷؎ هذا حديث عبد الله بن عمرو بن العاص رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال "أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ أَسْرَعَ الدُّعَاءِ اِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِغَائِبٍ". أخرجه أبو داؤد في سننه (۲۱۴/۱) برقم (۱۵۳۷) في باب الدُّعَاءِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ

اَیْ اُخَیَّ! اَشْرِکْنَا فِیْ دُعَائِكَ وَلَا تَنْسَنَا[۲۳۸]

اے میرے بھائی! مجھے اپنی دعاؤں میں شریک رکھنا، بھولنا نہیں۔ تو بتاؤ سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دعا کے لیے فرمارہے ہیں، لہٰذا اپنے چھوٹوں سے بھی دعا کراؤ، سب سے جلد دعا اس کی قبول ہوتی ہے جو اپنے مسلمان بھائی کے لیے غائبانہ کرے۔

حدیث نمبر ۷۱

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْھَا وَارْزُقْنَا جَنَاھَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا اِلَیْنَا[۲۳۹]

ترجمہ: اے اللہ! اس بستی میں ہمارے لیے برکت عطا فرما اور یہاں کے پھل فروٹ بھی ہم کو نصیب فرما اور اس بستی والوں کے دلوں میں ہماری محبت ڈال دے اور ہمارے دِل میں محبت اس بستی کے صرف صالحین کی ڈال دے۔

دعائے سفر کی عجیب و غریب تشریح

سفر کی جو دعا سکھائی گئی اس میں صالحین کی صحبت مانگی گئی ہے اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْھَا وَارْزُقْنَا جَنَاھَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا اِلَیْنَا[۲۴۰] اے اللہ! اس بستی میں برکت عطا فرما اور یہاں کے پھل فروٹ اور نعمتیں بھی ہم کو نصیب فرما اور اس بستی والوں کے دلوں میں ہماری محبت ڈال دے مگر ہمارے دِل میں محبت صرف صالحین کی آئے، ایسا نہ ہو کہ یہودی اور عیسائیوں کی محبت آجائے، وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا اِلَیْنَا اس بستی کے جو صالحین ہیں ان کی ہمیں محبت نصیب فرما۔ یہ مضمون

۲۳۸ھ هذا حديث عمر بن الخطاب رضى الله عنه أَنَّه اسْتَأْذَنَ النَّبِي صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّمَ فِي العُمْرَة فَقَالَ: أَى أُخَى أَشْرِكنَا فِي دُعَائِك وَلَا تَنْسَنَا. أخرجه الترمذى فى سننه: ۱۹۶/۲، برقم (۳۵۶۲) فى باب فى أحاديث شتى من أبواب الدعوات

۲۳۹ھ هذا مختصر من حديث ابن عمر رضى الله عنهما أَنَّهُ قَالَ كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ رَسُولِ الله صلى الله عليه وسلم فَإِذَا رَأَى الْقَرْيَة يريدُ أَنْ يدْخُلَها قَالَ اَللّٰهمَّ بَارِكْ لَنَا فِيها ثلاثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهمَّ ارْزُقْنَا جَنَاها وَجَنِّبْنَا وَبَاها وَحَبِّبْنَا إِلَى أَهلِها وَحَبِّبْ صَالِحَ أَهلِها إِلَينَا. أخرجه الطبرانى فى معجمه الكبير: ۲۹۴/۱۱، برقم (۶۳۲) وفى الأوسط: ۳۳۱/۳، برقم (۴۷۵۵)، دار الكتب العلمية

۲۴۰ھ المعجم الكبير للطبرانى: ۲۹۴/۱۱ (۶۳۲)

دلالت کرتا ہے کہ یہ نبی کا مضمون ہے، غیر نبی ایسی دعا مانگ سکتا ہے؟ وہ تو کہے گا کہ سب کے دل میں میری محبت اور میرے دل میں سب کی محبت ہو۔ لیکن اللہ کے نبی نے یہ دعا مانگی کہ اس بستی والے صالح ہوں یا غیر صالح سب کے دل میں ہماری محبت ڈال دے، تاکہ وہ ہم سے قریب ہو جائیں اور وہ ہم سے دین سیکھیں اور غیروں کے دل میں بھی جب ہماری محبت ہو گی تو ان کے شر سے محفوظ رہیں گے، لیکن ہمارے دل میں صرف صالحین کی محبت ہو کیوں کہ غیروں کی محبت اللہ سے دور کرتی ہے۔ اور اہل اللہ کی محبت سے اہل اللہ کے قلب کا ایمان و یقین ان کے پاس بیٹھنے والوں کو آہستہ آہستہ مل جاتا ہے۔ مجھے اپنا ایک بہت پرانا شعر یاد آیا۔

وہ دل جو تیری خاطر فریاد کر رہا ہے
اُجڑے ہوئے دلوں کو آباد کر رہا ہے

حدیث نمبر ۷۲

اِنَّ الْغِنَاءَ رُقْيَةُ الزِّنَا[۲۴۱]

ترجمہ: گانا سننے سے زنا کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔

گانے بجانے کی حرمت

پیارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گانے بجانے کو بھی منع فرمایا ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے جارہے تھے، کہیں سے گانے بجانے کی آواز آرہی تھی، آپ نے اپنی انگلیاں کانوں میں رکھ لیں اور صحابہ سے پوچھتے رہے کہ اب بھی آواز آرہی ہے یا نہیں؟ جب صحابہ نے اطلاع دی کہ اب آواز نہیں آرہی ہے، تب آپ نے انگلی مبارک کو کان سے نکالا۔ آہ! جس چیز کو سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں گانا بجانا مٹانے کے لیے پیدا کیا گیا ہوں، آج اُمت رات دن اسی گانے بجانے میں غرق ہے۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جیسے صحابی فرماتے ہیں: اِنَّ الْغِنَاءَ رُقْيَةُ الزِّنَا[۲۴۲] گانا

---

[۲۴۱] قال الملا علی القاری فی الأسرار المرفوعة: ۳۱۲، برقم (۱۶۴)، المکتبة القدیمیة، قال النووی فی شرح مسلم هو من أمثالهم المشهورة انتهی وعزاه الغزالی للفضیل بن عیاض

[۲۴۲] کشف الخفاء ومزیل الالباس: ۲/۹۵ (۱۸۱۴)، مکتبة العلم الحدیث

سننے سے زنا کا مادہ پیدا ہوتا ہے اور آپ کا قول علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر روح المعانی میں نقل فرمایا ہے کہ خدا کی قسم یہ آیت وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّشۡتَرِیۡ لَهۡوَ الۡحَدِیۡثِ...الخ گانے کے حرام ہونے کے لیے نازل ہوئی ہے۔ بعض لوگ گانا بجانے والی لونڈیوں کو خریدتے تھے اور ان سے گانے سنوا کر لوگوں کا مال لوٹتے تھے، اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اِنَّ الۡغِنَاءَ یُنۡبِتُ النِّفَاقَ کَمَا یُنۡبِتُ الۡمَاءُ الزَّرۡعَ [۲۴۳] گانا بجانا ایسے بے ایمانی پیدا کرتا ہے جیسے پانی کھیتی کو اُگاتا ہے۔ اب اس کو عبادت اور درجۂ قربِ الٰہی سمجھا جاتا ہے، افسوس کی بات ہے یا نہیں؟ جب دین مکمل ہو گیا اور میدانِ عرفات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر آیت اَلۡیَوۡمَ اَکۡمَلۡتُ لَکُمۡ دِیۡنَکُمۡ نازل ہو گئی، تو جن نافرمانیوں سے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے منع فرمایا اب اُسی نافرمانی کو امت کے بعض نادان لوگ قربِ الٰہی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت میں اشعار ہمارے تمام اکابر نے سنے ہیں لیکن چار شرطوں کے ساتھ جو میں آگے بیان کروں گا، لیکن حدودِ شریعت کو توڑ کر اشعار اور قوالی سننا حرام ہے۔ میں نے ایک زمانہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ایک طرف عشاء کی نماز ہو رہی تھی اور دوسری طرف قوالی ہو رہی تھی، کسی نے بھی نماز ادا نہیں کی، طبلے بج رہے تھے اور بیٹھے گردن ہلا رہے تھے۔ تحقیق کی تو قریبی لوگوں نے بتایا کہ قوالوں نے اس وقت شراب پی ہوئی ہے، یہ رات بھر جاگ نہیں سکتے، نہ اتنی گردن ہلا سکتے ہیں، یہ سب نشے میں ہیں۔ بتایئے! عشاء کی نماز ضروری ہے یا شرابیوں سے قوالی سننا ضروری ہے؟ بعض جگہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ قوالی ہو رہی ہے، پیر صاحب کو سجدہ کیا جا رہا ہے اور نماز کا اہتمام نہیں۔

علامہ شامی ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فقہ شامی میں اور سلطان نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ چار شرطیں ہیں جن کے ساتھ اشعار کا سننا جائز ہے، چاہے اللہ تعالیٰ کی حمد میں ہوں یا سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت میں نعت شریف ہو، تو یہ صرف جائز ہی نہیں بلکہ باعثِ برکت ہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ طبلہ سارنگی نہ ہو، طبلہ سارنگی یعنی موسیقی پر حمد و نعت پڑھنا بے ادبی اور اللہ اور رسول کی نافرمانی ہے۔

۲۴۳؎ السنن الکبری للبیہقی ۲۲۳/۱۰، (۲۱۵۳۶) کتاب الشهادات

چار شرائط سے سماع جائز ہے

سلطان نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چار شرطوں سے سماع یعنی اشعار محبت و معرفت کے سننا جائز ہے۔ شرطِ اوّل کیا ہے؟ سامع اہلِ ھویٰ نہ باشد، سننے والا نفس کا بندہ نہ ہو، عشقِ مجازی میں مبتلا نہ ہو ورنہ عشقیہ اشعار سے اس کو اپنے معشوق یاد آئیں گے، لہٰذا پہلی شرط یہ ہے کہ سننے والا نفس کا غلام نہ ہو اور قلب اس کا مجلّٰی مصفّٰی ہو، غیر اللہ سے پاک ہو چکا ہو تاکہ محبت اور عشق الٰہی کی باتوں سے اس کا قلب اللہ ہی کی طرف متوجہ رہے، معشوقانِ مجازی کی طرف نہ جائے۔ نمبر ۲۔ مضمون خلافِ شرع نہ باشد، اشعار میں جو مضمون ہو وہ شریعت کے خلاف نہ ہو، آسمان و زمین کے قلابے نہ ملا رہا ہو، کسی کو خدا کے برابر نہ کر رہا ہو، اولیاء اللہ کو با اختیار اور خدا کی حکومت میں شریک نہ سمجھ رہا ہو اور اللہ تعالیٰ کو **نعوذ باللہ** برطانیہ کے بادشاہ کی طرح نہ سمجھ رہا ہو کہ جہاں اصل حکومت وزیر اعظم اور پارلیمنٹ کے ممبر کرتے ہیں اور بادشاہ اپنا خرچہ پانی لے کر صرف دستخط پر گزارہ کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ کو ایسا مت سمجھو، سارا اختیار اللہ تعالیٰ کا ہے۔

خدا فرما چکا قرآں کے اندر
مرے محتاج ہیں پیر و پیغمبر

وہ کیا ہے جو نہیں ہوتا خدا سے
جسے تو مانگتا ہے اولیاء سے

ہاں آپ وسیلہ مانگ سکتے ہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے سے دعا مانگیں، اولیائے کرام کے وسیلے سے کہیں کہ اے اللہ! تیرے جتنے اولیاء ہیں ان کے صدقہ اور طفیل میں میری دعا قبول فرمالیں، مگر مانگیں گے خدا ہی سے، وسیلہ پکڑیں گے اللہ کے اولیاء سے، لیکن مانگیں گے خدا سے اور تیسری شرط یہ ہے کہ آلۂ لہو و لعب نہ باشد یعنی سارنگی طبلہ نہ ہو، ساز و موسیقی نہ ہو، شریعت کے خلاف چیزیں نہ ہوں۔ میں بڑے درد سے پوچھتا ہوں کہ کیا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کبھی طبلہ بجایا؟ کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کبھی طبلہ بجایا؟ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب تک اِس دنیا میں تشریف فرما تھے، کیا آپ کی حیاتِ مبارکہ میں کبھی یہ کام ہوا؟ ایک صاحب نے مجھ سے بحث کی کہ قوالی سے دل میں عشق و تڑپ پیدا ہو جاتی ہے، طبلہ اور سارنگی کے ساتھ جب شعر ہوتا ہے تو دل میں عشقِ الٰہی میں جوش آجاتا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ بات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کو نہیں بتائی، صحابہ نے تابعین کو نہیں بتائی اور تابعین نے تبع

تابعین کو نہیں بتائی، یہ راز بس تمہارے سینے میں آگیا، عشقِ الٰہی کی تڑپ کا راز بس آپ کو ملا، پھر اس نے توبہ کی۔ یہ بات کشمیر کے رہنے والے ایک صاحب کی ہے، ماشاء اللہ! یہ اور ان کا سارا خاندان بدعات اور خلافِ شرع باتوں سے تائب ہو گیا اور چوتھی شرط ہے کہ مسمع کو دک وزن نہ باشد یعنی جو اشعار سنا رہا ہے وہ بے داڑھی مونچھ کا لڑکا نہ ہو اور عورت نہ ہو۔ عورتوں اور بے داڑھی مونچھ کے لڑکوں سے نعت شریف سننا جائز نہیں ہے۔ عورت اگر قرآن شریف بھی سنائے تو عورت سے قرآن شریف بھی سننا جائز نہیں ہے۔ نبی کی بیبیوں کی آواز کے لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نازل فرمایا لَا تَخۡضَعۡنَ بِالۡقَوۡلِ کہ اے نبی کی بیبیو! اگر تم کو صحابہ سے بات کرنا پڑے تو اپنی آوازوں کی طبعی نرمی کے خلاف آواز بھاری کر کے بات کرو فَيَطۡمَعَ الَّذِيۡ فِيۡ قَلۡبِهٖ مَرَضٌ ورنہ جن کے دل میں مرض ہے ان میں طمع پیدا ہو گی اور اسی احتیاط کی وجہ سے صحابہ کو حکم ہو رہا ہے وَاِذَا سَاَلۡتُمُوۡهُنَّ مَتَاعًا فَاسۡـَٔلُوۡهُنَّ مِنۡ وَّرَآءِ حِجَابٍ اے اصحابِ رسول! جب تم نبی کی بیبیوں سے کسی بات کا سوال کرو تو پردے کے پیچھے سے کرو۔ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ پہلی اچانک نظر تو معاف ہے لیکن خبردار! کسی کی ماں، بہن، بیٹی پر دوسری نظر مت ڈالنا، یہ حرام ہے۔ کیا آج ہم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی بڑھے ہوئے ہیں؟ کہتے ہیں کہ مولانا! ہماری نظر صاف ہے، دل پاک ہے، ارے! تو کیا نعوذ باللہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر غیر صاف اور غیر پاک تھی؟ یہ سب نفس کی چال ہے کہ خود کو پاک صاف کہہ کر بد نظری کرتا ہے۔

حدیث نمبر ۳۷

عَنۡ أَبِيۡ ذَرٍّ قَالَ دَخَلۡتُ عَلٰى رَسُوۡلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قُلۡتُ يَا رَسُوۡلَ اللهِ! اَوۡصِنِيۡ قَالَ: اُوۡصِيۡكَ بِتَقۡوَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّهٗ اَزۡيَنُ لِاَمۡرِكَ كُلِّهٖ قُلۡتُ: زِدۡنِيۡ قَالَ: عَلَيۡكَ بِتِلَاوَةِ الۡقُرۡاٰنِ وَذِكۡرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّهٗ ذِكۡرٌ لَّكَ فِي السَّمَاءِ وَ نُوۡرٌ لَّكَ فِي الۡاَرۡضِ قُلۡتُ: زِدۡنِيۡ قَالَ: عَلَيۡكَ بِطُوۡلِ الصَّمۡتِ فَاِنَّهٗ مَطۡرَدَةٌ لِّلشَّيۡطٰنِ

وَعَوْنٌ لَّكَ عَلٰى اَمْرِ دِيْنِكَ قُلْتُ: زِدْنِيْ قَالَ: اِيَّاكَ وَ كَثْرَةَ الضِّحْكِ فَاِنَّهٗ يُمِيْتُ الْقَلْبَ وَيَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ قُلْتُ: زِدْنِيْ قَالَ: قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا قُلْتُ: زِدْنِيْ قَالَ: لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لِيُحْجِزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِكَ[۲۴۴]

ترجمہ: حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے نصیحت فرما دیجیے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں تقویٰ سے رہنے کی نصیحت کرتا ہوں، پس تیرے سب کام بن جائیں گے۔ میں نے عرض کیا کہ مزید نصیحت فرمائیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تلاوت اور ذکر اللہ کو اپنے اوپر لازم کرلو کہ اس سے آسمان میں تمہارا ذکر ہوگا اور زمین میں اللہ تعالیٰ تمہیں نور عطا فرمائیں گے۔ میں نے عرض کیا کہ مزید نصیحت فرمائیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم اکثر خاموش رہا کرو، اس کی وجہ سے شیطان تم سے ڈرے گا اور تمہارے دین کے معاملات میں تم کو اس سے مدد ملے گی۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے اور نصیحت کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کثرتِ ضحک سے بچو، کیوں کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کرتا ہے اور چہرے کا نور ختم کر دیتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے اور نصیحت کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حق بات کہو اگرچہ کڑوی ہو۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے اور نصیحت کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کو راضی کرنے میں کسی کی ملامت کا خوف نہ کرو۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے اور نصیحت کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہیں اپنے عیوب کا استحضار لوگوں (کے عیوب جاننے) سے روک دے۔

---

۲۴۴ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَوْصِنِي. قَالَ: ''أُوصِيكَ بِتَقْوَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِنَّه أَزْيَنُ لِأَمْرِكَ كُلِّه'' قُلْتُ: زِدْنِي. قَالَ: ''عَلَيكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ، وَذِكْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِنَّه ذِكْرٌ لَكَ فِي السَّمَاءِ وَنُورٌ لَّكَ فِي الْأَرْضِ'' قُلْتُ: زِدْنِي، قَالَ: ''عَلَيكَ بِطُولِ الصَّمْتِ، فَإِنَّه مَطْرَدَةٌ لِلشَّيطَانِ، وَعَوْنٌ لَكَ عَلَى أَمْرِ دِينِكَ'' قُلْتُ: زِدْنِي. قَالَ: إِيَاكَ وَكَثْرَةَ الضِّحْكِ، فَإِنَّه يمِيتُ الْقَلْبَ، وَيذْهَبُ بِنُورِ الْوَجْه '' قُلْتُ: زِدْنِي. قَالَ: ''قُلِ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا'' قُلْتُ: زِدْنِي. قَالَ: ''لَا تَخَفْ فِي اللهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ'' قُلْتُ: زِدْنِي. قَالَ: ''لِيَحْجِزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَفْسِكَ''. أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۴/۲۴۲-۲۴۳ برقم (۴۹۴۲)، دار الكتب العلمية

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو سات نصیحتیں

حضرت ابوذر غِفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی درخواستِ نصیحت پر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر غِفاری کو سات نصیحتیں فرمائیں، جس میں سے ایک نصیحت یہ ہے:

أُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّهٗ أَزْيَنُ لِأَمْرِكَ كُلِّهٖ

تقویٰ سے رہو تیرے سب کام بن جائیں گے۔ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ چاہے وہ دنیا کا کام ہو یا آخرت کا، تقویٰ کی برکت سے دونوں جہاں بن جاتے ہیں کیوں کہ تقویٰ کی برکت سے وہ خدا کا دوست ہو گیا اور جب خدا کا دوست ہو گیا تو خدا کا یہ جہاں بھی ہے اور وہ جہاں بھی ہے، خدا دونوں جہاں میں اس کو راضی رکھتا ہے، جب ابّا راضی ہو تو پردیس میں بھی بیٹے کو خرچہ بھیجتا ہے اور کہتا ہے کہ اچھا کھانا کھاؤ، ایک ملازم بھی رکھو اور خوب آرام سے رہو اور وطن میں بھی اسی فکر میں رہتا ہے کہ میرے بیٹے کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ اسی طرح جو اپنے رب کو ناراض نہیں کرتا بلکہ ہر وقت راضی رکھتا ہے، تو رب بھی اس کو پردیس اور وطن دونوں میں آرام سے رکھتا ہے۔

اس کے بعد حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ مزید نصیحت فرمائیں، تو دوسری نصیحت آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمائی:

عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّهٗ ذِكْرٌ لَّكَ فِي السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَّكَ فِي الْأَرْضِ

تلاوت اور ذکر اللہ کو اپنے اوپر لازم کرلو۔ آج ہمارا یہ حال ہے کہ قرآن شریف طاقوں میں، جزدانوں میں لپٹے ہوئے ہیں، قرآن پاک کو طاقوں میں مت رکھو، روزانہ تلاوت کرو، چاہے ایک ہی رکوع ہو یا صرف دس آیتیں ہی کیوں نہ ہوں البتہ مسافر مستثنیٰ ہے کیوں کہ بروایتِ بخاری شریف اس کے فرض آدھے ہو جاتے ہیں اور مسافر کو ثواب اتنا ہی ملتا ہے جتنا وہ وطن میں وظیفہ پڑھتا تھا، پھر آپ نے فرمایا کہ کثرتِ تلاوت کا نتیجہ یہ ہو گا کہ آسمانوں میں تیرا ذکر ہو گا اور زمین میں تیرے لیے نور ہو گا۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تلاوتِ قرآنِ پاک اور ذکر اللہ کا انعام بتا رہے ہیں کہ آسمان میں تمہارا ذکر ہو گا اور زمین میں اللہ تعالیٰ تمہیں نور عطا فرمائیں گے۔

صحابہ کرام کی دین کی حرص

آج ہم لوگ کہتے ہیں کہ مولویوں سے زیادہ مسائل نہ پوچھو، اگر تم نے نماز کا پوچھا تو روزہ گلے لگا دیں گے، لیکن صحابہ کرام کی دین کی پیاس بجھتی ہی نہ تھی۔ حضرت ابوذر غفاری حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں: قُلْتُ زِدْنِیْ ہمیں اور زیادہ نصیحت کیجیے۔ دو نصیحتوں کے بعد عرض کیا: اور فرمایئے۔ واہ یہ ہے طلب علم! ایک کباب کے بعد دوسرے کباب کی طرف بھی ہاتھ لپکتا ہے، جب دنیوی کبابوں کی اتنی طلب ہے تو علم جو آخرت کی چیز ہے اس کی طلب تو اور زیادہ ہونی چاہیے تاکہ آخرت بن جائے، تو آپ علیہ السلام نے مزید فرمایا:

عَلَیْكَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِّلشَّیْطٰنِ وَعَوْنٌ لَّكَ عَلٰی اَمْرِ دِیْنِكَ

اے ابوذر! تم اکثر خاموش رہا کرو، کیوں کہ اس کی وجہ سے شیطان تم سے ڈرے گا اور تمہارے دین کے تمام معاملوں میں اس سے مدد ملے گی۔ حضرت ابوذر غفاری نے پھر عرض کیا: قُلْتُ زِدْنِیْ اے اللہ کے نبی! مجھے اور نصیحت کیجیے۔ کیا حرص ہے اور کیا حریص طالب علم ہے، لیکن یہ حرص مبارک ہے، ہر لالچ بری نہیں ہوتی۔

کثرتِ ضحک کی شرح

چوتھی نصیحت آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمائی:

اِیَّاكَ وَكَثْرَةَ الضِّحْكِ فَاِنَّهٗ یُمِیْتُ الْقَلْبَ وَیَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ

کثرتِ ضحک سے بچو، کیوں کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے، اس سے مراد وہ ہنسی ہے جو غفلتِ قلب کے ساتھ ہو، اگر دل اللہ سے غافل نہیں تو ہنسنے میں مضایقہ نہیں، لیکن اس میں بھی اتنا غلو نہ کرو کہ ہر وقت ہنستے ہی رہو اور نہ اتنی کمی کرو کہ ہنسنا ہی بھول جاؤ، لہٰذا اللہ والے دوستوں کے ساتھ تھوڑا ہنسنا بھی چاہیے، کیوں کہ یہ مقوی قلب اور مقوی اعصاب ہے، بالکل خاموشی سے اعصاب ٹوٹ جاتے ہیں، لہٰذا خاموشی میں بھی غلو نہ کرو، نہ ہر وقت ہنستے رہو نہ بالکل خاموش رہو بلکہ ہر چیز اعتدال میں ہو۔

ایک مرتبہ سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما تھے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حاضرِ خدمت ہوئے، اتنے میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کسی بات پر ہنسی آگئی، تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا دی:

اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ[۲۴۵]

اے اللہ کے رسول! اللہ آپ کو ہنستا ہی رکھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ چھوٹوں کو بھی حق ہے کہ اپنے بزرگوں کو دعا دیں جیسا کہ ایک صحابی حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس میں تشریف لائے تو کہیں بیٹھنے کی جگہ نہ ملی، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اپنی چادر عنایت فرمائی کہ اس پر بیٹھ جاؤ تو انہوں نے وہ چادر لے کر اس کو بوسہ دے کر واپس کر دی اور آپ علیہ السلام کو دعا دی:

اَکْرَمَکَ اللّٰہُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَمَا اَکْرَمْتَنِیْ[۲۴۶]

اے اللہ کے رسول! اللہ آپ کو عزت دے جیسا آپ نے مجھے عزت دی۔ معلوم ہوا کہ مرید اپنے شیخ کو، شاگرد استاد کو اور بیٹا باپ کو دعا دے سکتا ہے، لہٰذا آپ علیہ السلام کے ہنسنے پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دعا دی **اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ** یہ حدیث بخاری شریف کی **کِتَابُ الضِّحْکِ** میں موجود ہے۔

اب اس پر ایک اِشکال پیدا ہوتا ہے کہ ایک شخص برابر ہنستا رہے اور ایک سیکنڈ بھی اس کی ہنسی نہ رکے، تو ہم کو اور آپ کو اس کے بارے میں کیا خیال ہوگا کہ اسے کسی ڈاکٹر کو دِکھانا چاہیے، اس کو کیا ہو گیا ہے؟ تو ہر وقت ہنسنے سے کیا مراد ہے؟ محدثین نے اس کا جواب دیا ہے کہ یہ ہر وقت ہنسنے کی دعا نہیں ہے، بلکہ اس کا معنیٰ ہے:

---

۲۴۵ هذا مختصر من حديث سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه أنه قَالَ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدَهُ نِسَاءٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَه وَيَسْتَكْثِرْنَه عَالِيَةً أَصْوَاتُهنَّ فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ يَبْتَدِرْنَ الْحِجَابَ فَأَذِنَ لَه رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَرَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَضْحَكُ فَقَالَ عُمَرُ أَضْحَكَ اللهُ سِنَّكَ يا رَسُولَ اللهِ قَالَ عَجِبْتُ مِنْ هؤُلَاءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ قَالَ عُمَرُ فَأَنْتَ يا رَسُولَ اللهِ كُنْتَ أَحَقَّ أَنْ يهبْنَ ثُمَّ قَالَ أَي عَدُوَّاتِ أَنْفُسِهنَّ أَتَهبْنَنِي، وَلَا تَهبْنَ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قُلْنَ نَعَمْ أَنْتَ أَفَظُّ وَأَغْلَظُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِه مَا لَقِيَكَ الشَّيطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيرَ فَجِّكَ. أخرجه البخاري في صحيحه: ۴۶۵/۱، برقم (۳۲۹۴) في باب صِفَةِ إِبْلِيسَ وَجُنُودِه: ۵۲۰/۱، برقم (۳۶۸۳) في باب مَنَاقِبِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَبِي حَفْصٍ الْقُرَشِي الْعَدَوِي رَضِيَ اللهُ عَنْه. و (۸۹۹/۲) برقم (۶۰۸۵) في باب التَّبَسُّمِ وَالضَّحِكِ. و مسلم في صحيحه (۲۷۶/۲) برقم (۶۳۵۵) في باب مِنْ فَضَائِلِ عُمَرَ رضي الله تعالى عنه

۲۴۶ هذا مختصر من حديث جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِي، أَنَّه جَاءَ إِلَى النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ وَهوَ فِي بَيتٍ مَدْحُوسٍ مِنَ النَّاسِ، فَقَامَ بِالْبَابِ، فَنَظَرَ النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَلَمْ يرَ مَوْضِعًا، فَأَخَذَ النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ رِدَاءَه، فَلَفَّه ثُمَّ رَمَى بِه إِلَيه فَقَالَ: «اِجْلِسْ عَلَيه» . فَأَخَذَه جَرِيرٌ فَضَمَّه وَقَبَّلَه، ثُمَّ رَدَّه عَلَى النَّبِي صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ، وَقَالَ: أَكْرَمَكَ اللهُ يا رَسُولَ اللهِ كَمَا أَكْرَمْتَنِي، [ص:۲۶۲] فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيه وَسَلَّمَ: «إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوه». أخرجه الطبراني في معجمه الأوسط: ۱۱۹/۴، ۵، برقم (۵۲۶۱، ۵۴۱۶)، دار الكتب العلمية و في معجمه الصغير: ۱۲/۲، برقم (۹۳۷)، دار الكتب العلمية و البيهقي في شعب الإيمان: ۴۶۱/۷-۴۶۲ برقم (۱۰۹۹۷)، دار الكتب العلمية والحاكم في المستدرك: ۳۲۴/۴، برقم (۷۷۹۱)، دار الكتب العلمية

أَيْ أَدَامَ اللهُ فَرْحَكَ [۲۴۷]

اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ آپ کی فرحت اور خوشی کو ہمیشہ قائم رکھے۔ ہمیشہ ہنسنے سے یہاں فرحتِ قلب مراد ہے، کیوں کہ جب فرحتِ قلب نہ ہوگی تو ہنسی کیا آئے گی؟ تو دلالتِ التزامی سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دعا دی کہ أَدَامَ اللهُ فَرْحَكَ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے اور آپ کے قلب کی فرحتوں کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ قائم رکھیں، اسی لیے عرض کردیا کہ بعض لوگ ایک حدیث دیکھ کر مفتی بن جاتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تبسم فرماتے تھے، ہنستے نہیں تھے، دوسری احادیث ان کے مطالعے میں نہیں، تو جب کسی عالم کو ہنستے دیکھتے ہیں تو اعتراض کرتے ہیں کہ صاحب! یہ کیا ہے؟ حالاں کہ میں آپ کو ایک حدیث سناتا ہوں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماموں تھے، انہوں نے جنگ بدر میں ایک مشرک کو تیر سے مار گرایا، وہ ننگا ہوگیا،

فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَظَرْتُ اِلٰى نَوَاجِذِهٖ [۲۴۸]

آپ علیہ السلام اتنا ہنسے کہ داڑھیں مبارک نظر آنے لگیں، لہٰذا علم پورا ہونا چاہیے، اردو کی کتابیں پڑھ کر علماء کی اِصلاح مت کیجیے، مفتی نہ بنیے۔

ہنسنے میں بھی دل اللہ سے غافل نہ ہو

غرض ہمارے بزرگ ہنستے بھی ہیں اور ہنساتے بھی ہیں، لیکن ان کا دل اللہ سے غافل نہیں ہوتا۔
ایک مجلس میں حضرت خواجہ عزیز الحسن مجذوب رحمۃ اللہ علیہ خوب ہنسے اور مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے پیر بھائیوں کو بھی خوب ہنسایا، بعد میں خواجہ صاحب نے پوچھا کہ سچ سچ بتائیں، ہنسی کی اس محفل میں کیا آپ کے دل اللہ سے غافل تھے؟ تو مفتی صاحب نے فرمایا کہ بوجہ ادب کے ہم سب خاموش ہوگئے، اس پر حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا کہ الحمد للہ! اس وقت بھی میرا دل اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغول

---

۲۴۷ مرقاۃ المفاتیح: ۳۸۸/۱۰، باب مناقب عمر رضی اللہ عنہ

۲۴۸ هذا مختصر من حديث سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم جَمَعَ لَه أَبَوَيه يوْمَ أُحُدٍ. قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ قَدْ أَحْرَقَ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ لَه النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم ''اِرْمِ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي''. قَالَ فَنَزَعْتُ لَه بِسَهْمٍ لَيسَ فِيه نَصْلٌ فَأَصَبْتُ جَنْبَه فَسَقَطَ فَانْكَشَفَتْ عَوْرَتُه فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى نَظَرْتُ إِلَى نَوَاجِذِه. أخرجه مسلم في صحيحه: ۲۸۱/۲، برقم (۶۳۹۰) في باب فِي فَضْلِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه

تھا اور پھر یہ شعر پڑھا۔

ہنسی بھی ہے گو لبوں پہ ہر دم اور آنکھ بھی میری تر نہیں ہے
مگر جو دل رو رہا ہے پیہم کسی کو اس کی خبر نہیں ہے

اللہ والوں کی ہنسی اور اپنی ہنسی کو برابر مت سمجھو، کیوں کہ وہ بظاہر ہنس رہے ہوتے ہیں مگر ان کا دل پھر بھی رو رہا ہوتا ہے۔ اس پر میرا بھی ایک شعر ہے۔

لب ہیں خنداں، جگر میں ترا دردو غم
تیرے عاشق کو لوگوں نے سمجھا ہے کم

اللہ والا اگر کاروبار بھی کر رہا ہے، مخلوق میں بھی بیٹھا ہے، بات چیت بھی کر رہا ہے اور ہنس بھی رہا ہے، مگر اُس وقت بھی وہ خدا کے ساتھ ہے، جسم کے مرتبہ میں وہ آپ کے ساتھ ہے اور روح کے مرتبہ میں وہ اللہ کے ساتھ ہے۔ اس مضمون کو اختر نے ایک اور شعر میں پیش کیا ہے۔

دنیا کے مشغلوں میں بھی یہ باخدا رہے
یہ سب کے ساتھ رہ کے بھی سب سے جُدا رہے

حق بات کہنے کا سلیقہ

پانچویں نصیحت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمائی:

قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا[۲۴۹]

حق بات کہو اگرچہ کڑوی ہو، لیکن دوستو! حق بات بھی اگر کہنا ہو تو اس کو بھی سلیقہ سے کہو، جیسے اگر کوئی اپنی ماں سے کہے کہ اے میرے ابّا کی بیوی! ناشتہ لاؤ۔ ہے تو حق، مگر ظالم نے حدیث کے مفہوم کو ضایع کر دیا۔ دین ہمیں ادب کا درس دیتا ہے، بے ادبی نہیں سکھاتا۔ دیکھو! حضرت خضر علیہ السلام نے کشتی کو توڑنے کو اپنی طرف منسوب کیا، لیکن جب دو غلاموں کی دیوار کو سیدھا کیا تو اس کو اللہ کی طرف منسوب کیا، حالاں کہ تینوں کام اللہ کے حکم سے کیے تھے، لیکن جو عیب کی بات تھی اس کو اپنی طرف منسوب کیا فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَھَا

۲۴۹؎ شعب الایمان للبیھقی: ۱۰۶/۵ (۳۱۵۷)، باب الاختیار فی صدقۃ التطوع، مکتبۃ الرشد، الریاض

پس ارادہ کیا میں نے کہ کشتی کو عیب دار کروں اور جب معاملہ دیوار سیدھی کرنے کا آیا تو اپنے رب کی طرف نسبت کی:

فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ [۲۵۰]

لٰہذا دوستو! حق بات بے شک کہو، ڈٹ کر کہو، مگر موقع محل دیکھ کر ادب اور سلیقہ سے کہو جیسے شکاری جس چڑیا کا شکار کرنا چاہتا ہے تو اس کی بولی بھی سیکھتا ہے ورنہ وہ بھاگ جائے گی، اگر شاعر آیا ہے تو دو تین شعر پڑھ کر اس کو اللہ کے عشق میں پھنساؤ، اگر ڈاکٹر ہے تو اس کو تھوڑی سی ڈاکٹری بھی سناؤ مثلاً اس سے کہو کہ فرانس کے ڈاکٹر پاگلوں کو مسواک کراتے ہیں جس سے گندا مواد ان کے دماغ سے نکلتا ہے اور وہ ٹھیک ہو رہے ہیں اور ہم اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس مبارک سنت کو چھوڑے ہوئے ہیں، حالاں کہ مسواک سے نماز کا ثواب ستّر گنا بڑھ جاتا ہے اور کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنے سے ایک ایسا لعاب نکلتا ہے جس سے کھانا ہضم ہو جاتا ہے۔ یہ ڈاکٹروں کا تجربہ ہے، لیکن ہم ڈاکٹروں کے تجربہ کی وجہ سے انگلیاں نہیں چاٹتے، بلکہ اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اِتباع میں چاٹتے ہیں۔ بالفرض اگر ڈاکٹر منع بھی کریں تو ہم ان کی نہیں مانیں گے، اپنے نبی کی مانیں گے۔ اسی طرح کھانے کا برتن صاف کرنا بھی سنت ہے، کیوں کہ برتن دعا دیتا ہے کہ اے اللہ! اس کو جہنم کی آگ سے اس طرح بچا جس طرح اس نے مجھے شیطان سے بچایا، اس حدیث کو علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شامی جلد نمبر ۵/ کتاب الحظر والاباحۃ میں نقل فرمایا ہے۔

راہِ حق میں طعن و ملامت سے نہ ڈریں

اور چھٹی نصیحت آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمائی لَا تَخَفْ فِی اللّٰہِ لَوْمَةَ لَائِمٍ اللہ کو راضی کرنے میں کسی کی ملامت کا خوف نہ کرو، اگر کوئی ہنستا ہے تو ہنسنے دو، اگر کسی آدمی کو سخت پیاس لگی ہے اور کوئی شخص اسے ٹھنڈا شربت پلائے اور یہ جگہ اور بستی ایسی ہے کہ جہاں شربت پینے والوں کا مذاق اُڑایا جاتا ہے، تو آپ بتائیں کہ کیا یہ پیاسا شخص لوگوں کے مذاق اُڑانے کے خوف سے شربت پینا چھوڑ دے گا؟ تو اللہ تعالیٰ سے اس کی محبت کی ایسی ہی پیاس مانگو کہ سارے عالم کی ملامتیں تمہیں اللہ کی فرماں برداری کرنے سے نہ روک سکیں۔

اگر کوئی شکاری مچھلی شکار کر کے اسے دوبارہ دریا میں چھوڑ دے، تو وہ دوبارہ دریا میں جائے گی یا

---

[۲۵۰] الکھف: ۸۲

نہیں؟ اور وہ دوسری سمندری مچھلیوں کی ہنسی مذاق اور طعنوں کی فکر بھی نہیں کرے گی، کیوں کہ اس کو پتا ہے کہ سمندر کے بغیر ہمیں راحت اور آرام نہیں مل سکتا، خشکی میں تو موت ہے، اس لیے وہ کسی کے لعن طعن کی پرواہ نہیں کرے گی، بلکہ دوبارہ سمندر میں جانے کی کوشش کرے گی۔ اسی طرح مومن کی شان یہ ہے کہ وہ اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتا، اللہ کے معاملہ میں مخلوق کا خوف نہیں کرتا، کسی کی لعنت ملامت سے نہیں ڈرتا، اپنی بیوی سے نہیں ڈرتا، برادری اور معاشرہ سے نہیں ڈرتا، اپنے علاقے اور ملک سے نہیں ڈرتا، سارا ملک اگر داڑھی منڈادے، لیکن وہ تنہا شیر کی طرح داڑھی رکھتا ہے۔ ہمارے لیے کتنے شرم کی بات ہے کہ دس لاکھ کی آبادی میں ایک سکھ رہتا ہے، لیکن وہ کافر ہو کر بھی اپنے گرونانک کی محبت میں داڑھی نہیں منڈاتا۔ بھائیو! ہم کیا دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق ہیں؟ لہٰذا اللہ تعالیٰ سے ایسا ایمان مانگو کہ اگر سارا جہاں کافر ہو جائے پھر بھی اے اللہ! ہم آپ کو نہ چھوڑیں، اسی کو عشق کہتے ہیں۔

میں ہوں اور حشر تک اِس در کی جبیں سائی ہے
سرِ زاہد نہیں یہ سر سرِ سودائی ہے

اپنے عیوب کا استحضار رکھیں

اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ساتویں اور آخری نصیحت یہ فرمائی:

لِيُحْجِزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِكَ[٢٥١]

تمہیں اپنے نفس کے بارے میں معلوم ہے کہ تم نے کتنی بدمعاشیاں کی ہیں، بالغ ہونے سے لے کر اب تک اپنا سب حال معلوم ہے، لیکن دوسروں کا عیب نظر آتا ہے تو پہاڑ کے مانند بہت بڑا لگتا ہے اور اپنا عیب مچھر نظر آتا ہے، حالاں کہ حکم یہ ہے کہ اپنے عیب کا اتنا مطالعہ کرو کہ دوسروں کے عیب دیکھنے کا موقع ہی نہ ملے۔

حدیث نمبر ٤٧

بِصَلَاتِهِنَّ وَصِيَامِهِنَّ وَعِبَادَتِهِنَّ اَلْبَسَ اللهُ وُجُوْهَهُنَّ النُّوْرَ[٢٥٢]

---

٢٥١ شعب الایمان للبیهقی: ٧/٢١(٤٥٩٢)، فضل السکوت عن کل مالا یعنیہ، مکتبة الرشد، الریاض

٢٥٢ هذا مختصر من حدیث أم سلمة رضی الله عنها أنها قالت قلت یا رسول الله أخبرنی عن قول الله عزوجل حور عین قال حور بیض

ترجمہ:(جنت میں مسلمان عورتوں کو)ان کی نماز و روزہ اور عبادات کے سبب اللہ تعالیٰ ان کے چہروں پر نور ڈال دیں گے۔

جنت میں مسلمان عورتوں کی شانِ حُسن

جب مسلمان عورتیں جنت میں جائیں گی تو حوروں سے زیادہ حسین کردی جائیں گی۔ تفسیر روح المعانی میں علّامہ آلوسی سید محمود بغدادی نے لکھا ہے کہ امّ المومنین حضرت امّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پوچھا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) جنت میں حوریں زیادہ حسین ہوں گی یا مسلمان بیویاں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان بیویاں جنت میں حوروں سے زیادہ خوبصورت کردی جائیں گی۔ امّ المومنین نے عرض کیا کہ بِمَ ذَاكَ؟ انہیں یہ فضیلت کیوں ملے گی؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادت کا نور ان کے چہروں پر ڈال دے گا، کیوں کہ ہماری بیویوں نے نمازیں پڑھی ہیں، روزے رکھے ہیں، بچّہ جننے کی تکلیفیں اٹھائی ہیں، شوہروں کی خدمت کی ہے، اللہ کے لیے تکلیفیں اٹھائی ہیں اور حوروں نے نہ نماز روزہ کیا، نہ اللہ کے لیے کوئی اور تکلیف برداشت کی، اس لیے ہماری عورتیں جنت میں حوروں سے زیادہ حسین ہوں گی۔

دنیا کے چند دن کے لیے اپنی کم حسین بیویوں پر راضی رہو، جیسے سفر کرتے ہو تو اسٹیشن کی چائے پیتے ہو یا نہیں؟ یا وہاں بھی گھر والی چائے ملتی ہے؟ دنیا اسٹیشن کا پلیٹ فارم ہے، پردیس میں ہو، جیسی بیوی بھی مل جائے اس کو ساری دنیا کی حسیناؤں سے بہتر سمجھو، اگر آپ کہیں کہ کیوں صاحب! اپنی بیوی کو سب سے حسین کیوں سمجھیں؟ اس بات کی کیا دلیل ہے؟ تو دلیل یہ ہے کہ دنیا میں جو کچھ ہوتا ہے اللہ کے حکم سے ہوتا ہے، اللہ کی طرف سے نعمت ملتی ہے، تو تقدیر میں جو بیوی لکھی ہے وہی ملتی ہے، آپ لاکھ ہاتھ پیر مارو،

عين ضخام شفر الحوراء بمنزلة جناح النسر قلت يا رسول الله فأخبرنى عن قول الله عز و جل كأنهن الياقوت والمرجان قال صفاؤهن كصفاء الدر الذى فى الأصداف الذى لا تمسه الأيدى قلتُ يا رسول الله فأخبرنى عن قوله فيهن خيرات حسان قال خيرات الأخلاق حسان الوجوه قلت يا رسول الله فأخبرنى عن قوله كأنهن بيض مكنون قال رقتهن كرقة الجلد التى فى داخل البيضة مما يلى القشر وهو الغرقئ قلت يا رسول الله أخبرنى عن قوله عربا أترابا قال هن اللواتى قبضن فى دار الدنيا عجائز رمصا شمطا خلقهن الله بعد الكبر فجعلهن عذارى قال عربا معشقات محببات أترابا على ميلاد واحد قلت يا رسول الله أنساء الدنيا أفضل أم الحور العين قال بل نساء الدنيا أفضل من الحور العين كفضل الظهارة على البطانة قلت يا رسول الله وبم ذاك قال بصلاتهن وصيامهن وعبادتهن لله عز و جل ألبس الله عز و جل وجوههن النور وأجسادهن الحرير بيض الألوان خضر الثياب صفر الحلى مجامرهن الدر وأمشاطهن الذهب يقلن ألا نحن الخالدات فلا نموت أبدا ألا ونحن الناعمات فلا نبؤس أبدا ألا ونحن المقيمات فلا نظعن أبدا ألا ونحن الراضيات فلا نسخط أبدا طوبى لمن كنا له وكان لنا قلت المرأة منا تتزوج الزوجين والثلاثة والأربعة ثم تموت فتدخل الجنة ويدخلون معها من يكون زوجها منهم فقال يا أم سلمة أنها تخير فتختار أحسنهم خلقا فتقول أى رب إن هذا كان أحسنهم معى خلقا فى دار الدنيا فزوجنيه يا أم سلمة ذهب حسن الخلق بخير الدنيا والآخرة -أخرجه الطبرانى فى معجمه الأوسط (۱۴۲/۲ ط : دار الكتب العلمية) برقم (۱۴۱۳)

تعویذیں دباؤ، وظیفے پڑھو، لیکن ملے گی وہی جو قسمت میں ہے۔

میرے مرشد شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بہت حسین تھے، اتنے حسین تھے کہ جب امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سبق پڑھاتے تو نظر کی حفاظت کے لیے ان کو پیچھے بٹھایا کرتے تھے، ایک دن چراغ کی روشنی میں عبارت پڑھتے ہوئے جب ان کی داڑھی ہلتے دیکھی، تو فرمایا: ارے بھئی! تمہاری تو داڑھی آگئی، اب سامنے آجاؤ۔

لیکن اتنے حسین شخص کی جب شادی ہوئی تو بیوی ایسی ملی کہ اس کے لیے حسین کا لفظ بولنا جائز نہیں تھا، بس عورت تھی، عورت کا ڈھانچہ اور اسٹرکچر تھا، حسن کا ڈسٹمپر نام کو بھی نہیں تھا، لیکن امام صاحب نے کبھی اس کو طعنہ نہیں دیا کہ میں اتنا حسین ہوں، تو مجھے کہاں سے مل گئی؟ کیوں کہ اللہ والے اپنی بیوی کو دنیا کے تمام حسینوں سے زیادہ حسین سمجھتے ہیں، کیوں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہمیں ہمارے مولیٰ نے عطا کی ہے۔

حدیث نمبر ۷۵

اِنَّ اَعْظَمَ النِّکَاحِ بَرَکَةً اَیْسَرُہٗ مَؤُنَةً[۲۵۳]

ترجمہ: سب سے برکت والا نکاح وہ ہے جس میں سب سے کم خرچ ہو۔

سب سے برکت والا نکاح کون سا ہے؟

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اِنَّ اَعْظَمَ النِّکَاحِ بَرَکَةً اَیْسَرُہٗ مَؤُنَةً سب سے برکت والا نکاح وہ ہے جس میں خرچ کم ہو اور سادگی ہو۔ بے جا اخراجات میں پیسہ اُڑانے سے بہتر ہے کہ وہی پیسہ بچا کر اپنی بیٹی کو دے دو، داماد کو دے دو، مسجد میں دری بچھوا دو، کسی طالب علم کا خرچہ برداشت کر لو۔ غرض اپنے شیخ سے مشورہ کر کے کسی صحیح مصرف میں لگا دو۔ دعوتِ ولیمہ جو مسنون ہے وہ لڑکے کے لیے ہے جس کے گھر بیوی آتی ہے، مگر آج اُلٹا معاملہ ہے، لڑکی والا بھی لڑکے کے ہمراہ آنے والے سینکڑوں باراتیوں کے کھلانے پلانے پر لاکھوں روپے خرچ کرتا ہے، جس کی پانچ لڑکیاں ہیں وہ چھ لاکھ کا انتظام سوچتا ہے اور پھر

---

۲۵۳ هذا حديث عائشة رضى الله عنها أن رسول الله صلى الله عليه و سلم قال: أَعْظَمُ النِّكَاحِ بَرَكَةً أَيسَرُها مَؤُنَةً. أخرجه أحمد فى مسنده: ۹۲/۶، برقم (۲۴۵۸۳)، دار الكتب العلمية. و البيهقى فى شعب الإيمان: ۲۵۴/۵، برقم (۶۵۶۶)، دار الكتب العلمية

اس کی وجہ سے چوری کرتا ہے، ڈاکہ مارتا ہے، رشوت لیتا ہے اور لڑکے والوں پر بھی اتنی بڑی دعوتِ ولیمہ کرنا ضروری نہیں کہ شامیانہ لگے، دس ہزار آدمی آئیں اور لاکھوں روپے کھلانے میں خرچ ہوں، پانچ آدمی سے بھی ولیمہ ہو سکتا ہے، اگر کسی خاندان والے کو کوئی نہ بلائے تو اس کو شکایت کا حق نہیں ہے۔

صحابہ کرام اور اکابر کے نکاح میں سادگی

کراچی تو بہت بڑا شہر ہے، مدینہ شریف کی چھوٹی سی بستی میں سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک صحابی حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی دعوتِ ولیمہ میں نہیں بلایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کپڑے پر خوشبو کا پیلا رنگ لگا دیکھ کر اندازہ لگایا اور پوچھا کہ شاید تم نے نکاح کر لیا؟ لیکن آپ کو ذرا بھی ناگواری نہیں ہوئی کہ تم نے ہمیں دعوتِ ولیمہ میں کیوں نہیں بلایا۔

میرے شیخ شاہ ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم نے ایک بہت بڑے اور معزز خاندان میں اپنی بیٹی دی۔ پروفیسر حکیم عرفان اللہ صاحب مجلسِ شوریٰ دیوبند کے ممبر اور طبیہ کالج علی گڑھ کے بہت بڑے حکیم تھے، حضرت نے ان سے فرمایا کہ تم اپنے بیٹے کو لانا اور ایک بچہ اور لے آنا یعنی علی گڑھ سے ہر دوئی تین آدمی سے زیادہ نہ آئیں، بس اباجان آئیں، بیٹا جو داماد بننے والا ہے اور ایک بچہ اور لا سکتے ہیں، چوتھا آدمی نہیں آئے گا۔ اس کو کہتے ہیں سادگی، لیکن آج کہتے ہیں کہ سادگی اختیار کرنے سے ناک کٹ جائے گی۔ ارے! ناک تو اللہ کے ہاتھ میں ہے، اگر سادگی اختیار کرتے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہماری عزت ہوتی۔

نکاح میں اسراف کا وبال

جب سے اُمت شادی بیاہ کے موقع پر خرافات اور تکلّفات میں مبتلا ہوئی ہے اس وقت سے مقروض ہونے، سودی قرضے اور رشوت لینے جیسی برائیوں میں مبتلا ہوگئی اور ان برائیوں کی جڑ یہی فضول خرچی اور اِسراف ہے۔ جب نکاح کی برکت کم خرچ کرنے میں ہے تو امت برکت کیوں نہیں لیتی، کیوں زیادہ خرچ کرکے اور نام ونمود کرکے برکت سے محروم ہوتی ہے؟

حدیث نمبر ۷۶

ثُمَّ حُبِّبَ اِلَیۡہِ الۡخَلَاءُ[۲۵۴]

ترجمہ: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خلوت محبوب کر دی گئی۔

حدیث حُبِّبَ اِلَیَّ الۡخَلَاءُ پر ایک وجد آفریں علم

حُبِّبَ اِلَیَّ الۡخَلَاءُ[۲۵۵] دال بر محبوبیتِ خلوت ہے اور خلوتِ محضہ محل اعمالِ ولایت ہے کہ مناجات وتاوّہ وتضرع وَرَجُلٌ ذَکَرَ اللہَ خَالِیًا فَفَاضَتۡ عَیۡنَاہُ وغیر ذالک انعامات وثمراتِ قرب محتاج وموقوف بر تخلّی مع الحق ہیں۔ ومثل ذالک وَاصۡبِرۡ نَفۡسَکَ مَعَ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ رَبَّھُمۡ دال بر مشقّتِ نفس فی الجلوت ہے، اگرچہ تبلیغ ودعوت الی اللہ وتزکیۂ نفوسِ عباد وغیر ذالک مِن اعمالِ ضروریہ موقوف ومحتاجِ جلوت ہیں اور بواسطۂ خدمتِ خلق باعث ترقی وقرب ہیں لیکن طبعاً رؤیتِ محبوب بلاواسطہ اَلَذ ہے رؤیت بواسطہ مرآۃ سے وَلِذَالِکَ کَانَتِ الۡخَلۡوَۃُ اَحَبَّ اِلٰی وِلَایَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَالۡجَلۡوَۃُ کَانَتۡ شَاقَّۃً عَلٰی نَفۡسِہٖ عَلَیۡہِ السَّلَامُ کَمَا یَدُلُّ عَلَیۡہِ قَوۡلُہٗ تَعَالٰی وَاصۡبِرۡ نَفۡسَکَ ...الخ۔

(تسہیل از مرتب: بخاری شریف کی حدیث حُبِّبَ اِلَیَّ الۡخَلَاءُ نبوت ملنے سے پہلے مجھے خلوت محبوب کر دی گئی، خلوت محبوبیت پر دلالت کرتی ہے اور خلوت ہی اعمالِ ولایت کا محل ہے کہ مناجات ودعا وآہ وزاری وغیرہ جملہ انعاماتِ قرب خلوت مع الحق ہی پر موقوف ہیں۔ اور اسی طرح آیت وَاصۡبِرۡ نَفۡسَکَ مَعَ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ رَبَّھُمۡ نفس پر جلوت کے شاق ہونے کی دلالت کرتی ہے اگرچہ تبلیغ ودعوت اور بندوں کے نفوس کا تزکیہ وغیرہ جیسے ضروری اعمال جلوت کے محتاج ہیں اور خدمتِ خلق کے واسطے سے ترقی وقرب کا باعث ہیں لیکن عاشق کو طبعاً دیدارِ محبوب بلاواسطہ زیادہ مرغوب والذّ ہوتا ہے بہ نسبت دیدار بواسطہ آئینہ کے اور اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خلوت زیادہ محبوب تھی جیسا کہ حدیثِ مذکور دلالت کرتی ہے اور جلوت آپ پر شاق تھی جیسا کہ آیت وَاصۡبِرۡ نَفۡسَکَ دلالت کرتی ہے۔)

۲۵۴؎ ھذا حدیث عائشۃ رضی اللہ عنھا أنّھا قالَتۡ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِہٖ رَسُوۡلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ مِنَ الۡوَحۡیِ الرُّؤۡیَا الصَّالِحَۃُ فِی النَّوۡمِ فَکَانَ لَا یَرٰی رُؤۡیَا إِلَّا جَاءَتۡ مِثۡلَ فَلَقِ الصُّبۡحِ، ثُمَّ حُبِّبَ إِلَیۡہِ الۡخَلَاءُ ...الخ، أخرجہ البخاری فی صحیحہ :۳/۱، برقم (۳) فی کَیۡفَ کَانَ بَدۡءُ الۡوَحۡیِ إِلٰی رَسُوۡلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ؟ ومسلم فی صحیحہ :۸۸/۱، برقم (۴۲۲)، فی باب بَدۡءِ الۡوَحۡیِ إِلٰی رَسُوۡلِ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم

۲۵۵؎ صحیح البخاری:۲/۱ (۳)، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، المکتبۃ المظھریۃ

نیز یہی آیت وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مؤیّد اور شاہد بھی ہے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد حُبِّبَ اِلَیَّ الْخَلَاءُ کی، حالاں کہ آپ نے اپنے ارشاد پر کوئی دلیل بیان نہ فرمائی تھی، لیکن حق تعالیٰ نے اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے قول حُبِّبَ اِلَیَّ الْخَلَاءُ کو وَاصْبِرْ نَفْسَكَ سے منصوص و مدلل و مُؤیّد بالقرآن فرمادیا، اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ محبوبیت و رفعتِ قرب کا پتا چلتا ہے۔ اس کا لطف اس مثال سے واضح ہو سکتا ہے کہ کوئی عاشق دعویٰ کرے کہ میں خلوت مع المحبوب کو احب سمجھتا ہوں پھر اس کا محبوب اس دعویٰ کی تائید میں دلیل بیان فرمائے، عاشقوں کے لیے یہ مقامِ وجد ہے۔ ذَالِكَ مِمَّا خَصَّنِیَ اللہُ تعَالٰی شَانُہٗ بِلُطْفِہٖ۔

(تسہیل از مرتب: آیت وَاصْبِرْ نَفْسَكَ کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دے رہے ہیں کہ اے نبی! اگرچہ آپ کو خلوت میں ہمارے ساتھ مشغول ہونا مرغوب ہے لیکن صحابہ کو خوشبوئے محمدی میں بسانے کے لیے ان کے درمیان بیٹھنے میں اپنے نفس پر مشقت برداشت کیجیے۔ اس طرح یہ آیت آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد حُبِّبَ اِلَیَّ الْخَلَاءُ کی تائید کرتی ہے حالاں کہ آپ نے اپنے ارشاد پر کوئی دلیل بیان نہیں فرمائی تھی، لیکن اللہ تعالیٰ نے حُبِّبَ اِلَیَّ الْخَلَاءُ کی وَاصْبِرْ نَفْسَكَ سے تائید فرما کر اس کو قرآنِ پاک سے منصوص و مدلل کر دیا، اس سے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ محبوبیت اور مقامِ قرب کی رفعت کا پتا چلتا ہے۔ اس کا لطف اس مثال سے سمجھ میں آسکتا ہے کہ کوئی عاشق دعویٰ کرے کہ میں اپنے محبوب کے ساتھ خلوت کو بہت محبوب رکھتا ہوں پھر اس کا محبوب اس دعویٰ کی تائید میں دلیل بیان فرمائے کہ میرے عاشق کی محبت کی یہ دلیل ہے تو عاشقوں کے لیے یہ مقامِ وجد ہے۔)

اس حدیثِ مذکور اور آیتِ مذکورہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جو لوگ جلوت کے دینی کاموں میں جس قدر مسرور رہتے ہوں اور خلوت میں ذکر و شغل و تصورِ محبوب میں دل اس قدر نہ مسرور ہوتا ہو تو یہ علامت ہے کہ اس شخص کی روح بمصداق داں کہ روحت خوشۂ غیبی ندیدہ ہے مقامِ ولایت اتباعِ سنت کی برکت سے جس قدر مقرب الی النبوت ہوتا جاتا ہے اسی قدر اس کو خلوت الذ اور جلوت اشق ہونے لگتی ہے لیکن تعمیل ارشاد وَاصْبِرْ کے تحت ترکِ جلوت سے بھی احتراز کرتے ہیں کہ اختیارِ جلوت ہی میں بقائے دین بواسطہ مشاورت و اصلاح و دعوۃ الی اللہ موقوف و منحصر ہے وَلَنِعْمَ مَا قَالَ الْعَارِفُ الرُّوْمِیُّ فِیْ ھٰذَا الْمَقَامِ یُؤَیِّدُ ھٰذَا الْحَدِیْثَ۔

بہر ایں کردست منع آں باشکوہ
از تَرَہُّب وز شدن خلوت بکوہ

تانہ گردد فوت ایں نَوْعُ الْتِقَا
کاں نظر بخت است و اکسیر بقا

مشورہ کن از گروہِ صالحاں
بر پیمبر اَمْرُهُمْ شُوْرٰی بداں

یک زماں زیں قبلہ گر ذاہل شوی
سخرۂ ہر قبلۂ باطل شوی

چوں شوی تمیز دہ را نا سپاس
بجہد از تو خطرۂ قبلہ شناس

(تسہیل از مرتب: اس حدیثِ مذکور اور آیتِ مذکورہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جو لوگ جلوت کے دینی کاموں میں تو مسرور رہتے ہیں، لیکن خلوت میں ذکر واذکار سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغول ہونے میں ان کا دل زیادہ مسرور نہیں ہوتا، یہ علامت ہے کہ اس شخص کی روح ابھی مقامِ قرب سے نا آشنا ہے۔ کسی کا مقامِ ولایت اتباعِ سنت کی برکت سے ذوقِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے جس قدر قریب ہوتا جاتا ہے، اسی قدر اس کو خلوت محبوب اور جلوت شاق ہونے لگتی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَاصْبِرْ نَفْسَكَ کی تعمیل میں جلوت کو بھی ترک نہیں کرتے، کیوں کہ دین کی بقاء تبلیغ واصلاح اور دعوت الی اللہ کے ذریعہ جلوت اختیار کرنے ہی پر موقوف ہے۔)

حدیث نمبر ۷۷

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ وَالْعَيْشَ بَعْدَ الْمَوْتِ[۲۵۶]

---

۲۵۶ هذا مختصر من حديث عبد الله بن عمرو بن العاص رضى الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُكثِرُ أَنْ يَدْعُوَ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْأَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ. أخرجه البخارى فى الأدب المفرد: ۱۰۰ برقم (۳۰۷)، دار الكتب العلمية، ولم أجد فى طرق هذا الحديث زيادة "وَالْعَيْشَ بَعْدَ الْمَوْتِ"

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں صحت کا اور پاک دامنی کا اور امانت کا اور اچھے اخلاق کا اور تقدیر پر راضی رہنے کا اور مرنے کے بعد والی زندگی کا۔

حدیثِ صحت کی عجیب تشریح

حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحت کی جو دعا بارگاہِ حق میں عرض کی ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الصِّحَّۃَ وَالْعِفَّۃَ وَالْاَمَانَۃَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ وَالْعَیْشَ بَعْدَ الْمَوْتِ تو اس ترتیب میں خاص علوم ہیں۔ صحت کے بعد ہر لفظ کو صحت سے خاص تعلق ہے۔ ہر مقصد بعد صحت جو مذکور ہے صحت کا موقوف علیہ ہے، چناں چہ صحت کے لیے عفت ضروری ہے، غیر عفیف اکثر بیمار ہو جاتا ہے اور عفت کے لیے امانت ضروری ہے۔ امانتِ چشم و صدر خاص طور سے اہم ہے اور امانت نام ہے مالک کے عطا فرمودہ اعضاء کو اور ان کی قوّتوں کو مالک کی مرضی کے مطابق استعمال کرنا۔ پس امانت کے خلاف استعمال سے صحت کو نقصان اس وجہ سے بھی پہنچتا ہے کہ خیانت معصیت ہے اور ہر معصیت قلب کو بے سکون کرتی ہے اور بے سکونیٔ قلب صحت کو خراب کرتی ہے خواہ کتنی ہی عمدہ غذا کھائے، اسی طرح حسنِ خلق سے صحت کو نفع ہوتا ہے۔ اگر مغلوب الغضب ہو یا مغلوب الشہوت ہو یا بے صبر ہو یا حریص ہو یا قانع نہ ہو یا توکل نہ ہو، تو ہر خلق کی خرابی سے تشویش پیدا ہوتی ہے۔ غضب سے بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے اور عدم توکل و بے صبری سے ضعف ہو کر بلڈ پریشر ضرورت سے زیادہ کم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح رضا بالقدر یعنی فیصلۂ الٰہی پر راضی نہ رہنے سے دل پریشان رہتا ہے جس سے صحت کو نقصان ہوتا ہے، کوئی غذا جسم کو نہیں لگتی، آدمی صاحبِ فراش ہو جاتا ہے اور عیش بعد الموت رضا بالقضاء کے لیے معین ہے، ورنہ آدمی افلاس یا کسی تکلیف میں ہو تو مستقبل اور وطن کی راحت کی امید پر سفر کی صعوبت کا تحمل آسان ہو سکتا ہے۔ حضرت اقدس مولانا شاہ محمد ابرار الحق صاحب (رحمۃ اللہ علیہ) نے اس تقریر کو بہت پسند فرمایا اور ڈاکٹروں کے اجتماع میں احقر سے خطاب کرایا تھا۔

شرحِ حدیث بعنوانِ دِگر

حدیث دعائے صحت کی الہامی تشریح

حدیثِ پاک میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحت کے لیے یوں دعا فرمائی ہے:

أَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْأَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ وَالْعَيْشَ بَعْدَ الْمَوْتِ

یہ بلاغت کلامِ نبوت ہے کہ الفاظ کی اس ترتیب میں خاص علوم ہیں، صحت کے بعد ہر لفظ کو صحت سے خاص تعلق ہے یعنی ہر مقصد بعد صحت جو مذکور ہے صحت کا موقوف علیہ ہے چناں چہ صحت کے لیے عفّت (پاک دامنی) ضروری ہے، غیر عفیف اکثر بیمار ہوجاتا ہے اور عفت کے لیے امانت ضروری ہے اور امانت نام ہے مالک کے عطا فرمودہ اعضاء اور ان کی قوتوں کو مالک کی مرضی کے مطابق استعمال کرنا اور سب سے اہم امانت دو ہیں: (۱) امانتِ چشم، (۲) امانتِ صدر جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں بیان فرمایا ہے يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ اللہ تعالیٰ آنکھوں کی خیانت اور دل کی خیانت سے باخبر ہیں۔ امانت کے خلاف استعمال کو خیانت کہتے ہیں۔ پس جو شخص امین العین اور امین الصدر ہوگا وہ اعضاء کی جملہ قوتوں کو بھی اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق استعمال کرے گا اور امانت کے خلاف استعمال سے صحت کو اس وجہ سے بھی نقصان پہنچتا ہے کہ خیانت معصیت ہے اور ہر معصیت قلب کو بے سکون کرتی ہے اور قلب کی بے سکونی صحت کو خراب کرتی ہے خواہ کتنی ہی عمدہ غذا کھائے اور امانت کے لیے حسنِ خلق ضروری ہے مثلاً جس میں صبر ہوگا وہ شہواتِ خلافِ شریعت کو ترک کرے گا اور قلب و نظر کو خیانت سے بچائے گا۔ پس حسنِ خلق سے بھی صحت کو نفع ہوتا ہے۔ اس کے برعکس اگر مغلوب الغضب ہو یا مغلوب الشہوت ہو یا بے صبر ہو یا حریص ہو قانع نہ ہو یا توکل وغیرہ نہ ہو تو ہر خلق کی خرابی سے تشویش پیدا ہوتی ہے جو مضرِ صحت ہے، مثلاً بے جا غضب سے ہائی بلڈ پریشر ہو کر فالج ہوجاتا ہے۔ اسی طرح عدم توکل اور بے صبری سے ضعف اور دورۂ قلب ہوسکتا ہے اور حسنِ خلق موقوف ہے رضا بالقدر پر کیوں کہ جو تقدیر پر راضی ہوگا وہ مخالف حالات میں بھی راضی برضا رہے گا اور اطمینانِ قلب صحت کے لیے ضروری ہے اور فیصلۂ الٰہی پر راضی نہ ہونے سے دل پریشان رہتا ہے جس سے صحت کو نقصان پہنچتا ہے اور کوئی غذا جسم کو نہیں لگتی، یہاں تک کہ آدمی صاحبِ فراش ہوجاتا ہے اور اس کے بعد العیش بعد الموت جو فرمایا یہ رضا بالقضا کے لیے معین ہے، کیوں کہ جس طرح مستقبل میں وطن کی راحت کی امید پر سفر کی صعوبتوں کا تحمل آسان ہوجاتا ہے اسی طرح وطنِ اصلی کی راحت کی امید پر دنیا کی تکالیف کا تحمل آسان ہوجاتا ہے۔

میرے شیخ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس تقریر کو بہت پسند فرمایا تھا اور بمبئی میں ڈاکٹروں کے اجتماع میں خطاب کرایا تھا۔

حدیث نمبر ۷۸

خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ[۲۵۷]

ترجمہ: تم میں سب سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن پاک سیکھے اور سکھائے۔

احادیث میں مذکور دو عظیم الشان خیر

مندرجہ ذیل تقریر احقر نے بمبئی میں دعوۃ الحق کے ایک جدید مدرسہ تعلیم القرآن کے افتتاح پر بحکم حضرت مرشدنا ہردوئی دامت برکاتہم کی تھی۔ احقر نے عرض کیا تھا کہ حدیثِ پاک میں وارد ہے خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ تم میں بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن پاک سیکھیں اور سکھائیں۔ حاصل یہ کہ قرآن پاک سیکھنے سے خیر نہ ہوگے جب تک سکھاؤ گے بھی نہیں، لیکن قرآن کی تعلیم دینے کے لیے ہر شخص کو موقع کہاں! نہ ہر شخص کے پاس اتنا وقت ہے، نہ تمام خلق اس میں لگ سکتی ہے۔ پس اس کا طریقہ یہ ہے کہ جو تعلیم قرآن دینے والے ہیں ان کے ساتھ تعاون کرنے والا بن جائے، خادمِ معلّمین قرآن بن جائے، اس طرح سے کہ ان کی تنخواہوں کی فکر رکھے، ان کی راحت و فراغت کا خیال رکھے اور تعلیم کے لیے بچوں کو اور ان کے وارثین کو ترغیب دے، قرآن پاک کے مکاتب کی تعمیر میں حصہ لے، تو ان شاء اللہ! یہ بھی عَلَّمَہٗ میں داخل ہو جائے گا۔ حدیث شریف ہے:

خَیْرُکُمْ مَّنْ ذَکَّرَکُمْ بِاللہِ رُؤْیَتُہٗ وَزَادَ فِیْ عِلْمِکُمْ مَنْطِقُہٗ وَرَغَّبَکُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَمَلُہٗ[۲۵۸]

پہلی حدیث میں تعلیم و تعلمِ قرآن کی جو خیر مذکور ہے اس کے ساتھ طلبائے کرام اور اساتذۂ کرام دوسری خیر بھی حاصل کریں کہ ان کو دیکھ کر اللہ یاد آجائے، ان کی وضع قطع سے یہ معلوم ہو کہ یہ اللہ والے لوگ ہیں، ان کی باتوں سے علم میں اضافہ ہو اور ان کے عمل سے آخرت کی رغبت پیدا ہو، چناں چہ ہردوئی کے طلبائے کرام کی وضع قطع ایسی ہے کہ دور ہی سے اللہ والے معلوم ہوتے ہیں، لہٰذا ضروری ہے کہ مدارس کے طلباء کو

[۲۵۷] هذا حديث عثمان بن عفان رضی الله عنه عَنِ النَّبِی صلی الله علیه وسلم قَالَ: خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَه. أخرجه البخاری فی صحیحه: ۷۵۲/۲، برقم (۵۰۲۷)، فی باب خیرکم من تعلم القراٰن وعلمه. و روی عن علی بن أبی طالب قال: قال رسول الله صلی الله علیه و سلم خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَه. أخرجه الترمذی فی سننه: ۱۱۹/۲، برقم (۲۹۰۹)، فی باب ما جاء فی تعلیم القراٰن

[۲۵۸] شعب الایمان للبیهقی: ۴۹/۱۲ (۹۰۰۰)، فَصْلٌ مِنْ هٰذَا الْبَابِ مُجَانَبَة مَنْ لَا یعِینُك عَلٰی طَاعَة الله عَزَّ وَجَلَّ، مکتبة الرشد، الریاض

ادعیۂ مسنونہ کے بعد دوسری ضروری تعلیمات بھی زبانی یاد کرادیں، مثلاً کھانے پینے کی سنتیں اور وضو کی سنتیں وغیرہ اور منوّرات و مظلمات یعنی اخلاقِ حسنہ و اخلاقِ رذیلہ وغیرہ اور جلسوں میں مسلمانوں کی جماعت کے سامنے ان سے زبانی کہلایا جائے تاکہ ان کے کلام سے اُمت کے علم میں اضافہ ہو، چناں چہ ہردوئی کے طلبائے کرام میں اس کا ماشاء اللہ! بہت خوب اہتمام ہے۔

اسی طرح تعدیلِ ارکان سے نماز کی مشق کرائی جائے تاکہ ان کے عمل سے آخرت کی رغبت پیدا ہو چناں چہ ایک اہلِ ثروت نے ہردوئی کے ایک طالب علم کو دیکھ کر جس نے ظہر کی چار سنتیں سات منٹ میں ادا کیں بمبئی سے ہردوئی بذریعۂ تار اپنے بچوں کے داخلہ کی درخواست کی، کیوں کہ وقت کم رہ گیا تھا اور مُدّتِ داخلہ اختتام پر تھی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں کے بچے ایسی عمدہ نماز پڑھتے ہیں وہاں تربیت دینے والے بڑوں کا کیا مقام ہوگا۔

حدیث نمبر ۷۹

اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللہِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللہِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِیَالِہٖ[۲۵۹]

ترجمہ: تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کی عیال ہے اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کی عیال کے ساتھ بھلائی اور احسان کرے۔

حدیث اَلْخَلْقُ عَیَالُ اللہِ...الخ کی ایک جدید اور نادر تشریح

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللہِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللہِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِیَالِہٖ[۲۶۰] مخلوق اللہ کی عیال ہے اور اللہ کے نزدیک سب سے محبوب وہ ہے جو اس کی عیال کے ساتھ بھلائی اور احسان کرتا ہے اور اللہ کی مخلوق میں کسی کو بُری نظر سے دیکھنا یا دل میں اس کے لیے بُرے خیال لانا، بتائیے! کیا یہ مخلوق کے ساتھ احسان ہے؟ اگر کسی کے اہل و عیال کو کوئی بُری نظر سے دیکھے، تو کیا اس کو اچھا لگتا ہے یا اگر اس کا بس چلے تو اس کو کچا چبا جائے گا؟

۲۵۹ هذا حديث عبد الله بن مسعود رضي الله عنه أنه قال: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللهِ، فَأَحَبُّ الْخَلْقِ إِلَى اللهِ مَنْ أَحْسَنَ إِلَى عِيَالِهِ''. أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۴۴/۶، برقم (۷۴۴۸)، دار الكتب العلمية

۲۶۰ مشکوٰة المصابيح: ۴۲۵، باب الشفقة والرحمة، المكتبة القديمية

میرے ایک دوست نے بتایا کہ ایک شخص میری بیٹی کو جو برقعہ میں تھی بار بار دیکھ رہا تھا، تو میرا جی چاہتا تھا کہ اس کو گولی مار دوں، اس لیے کہتا ہوں کہ جو کسی کو بُری نظر سے دیکھتا ہے اس فعل پر اللہ کا شدید غضب نازل ہوتا ہے۔ جب ایک باپ اپنی اولاد کو بُری نظر سے دیکھنے والے کو اپنا دوست نہیں بنا سکتا، تو اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں سے ماں باپ سے زیادہ تعلق ہے وہ ایسے شخص کو اپنا دوست کیسے بنائیں گے؟ چناں چہ جس لمحہ، جس سیکنڈ، جس ساعت میں بد نظری ہوتی ہے، اسی لمحہ اور اسی سیکنڈ میں دل معذب ہو جاتا ہے۔ بد نظری کا نقطۂ آغاز اللہ تعالیٰ کے عذاب کا نقطۂ آغاز ہے، کیوں کہ جیسے ہی نظر ناپاک ہوتی ہے ویسے ہی دل پلید ہو جاتا ہے اور مقامِ لید پر خیال پہنچ جاتا ہے پھر اس کو اللہ کے قرب کی عید کیسے مل سکتی ہے؟ اور اگر توبہ نہیں کرے گا تو ساری زندگی مُعذّب رہے گا۔ اسی لیے حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عشقِ مجازی عذابِ الٰہی ہے۔ وہ انتہائی ظالم گدھا اور بے وقوف ہے، جو غیر اللہ کے نمک پر مرتا ہے وہ عذابِ الٰہی خریدتا ہے۔ دنیا کی مارکیٹ دو قسم کی ہے، اسی دنیا کی مارکیٹ میں لوگ مولیٰ کو یاد کر کے، اشکبار آنکھوں سے گناہوں سے توبہ کر کے ولی اللہ بن رہے ہیں اور جنت خرید رہے ہیں اور اسی دنیا میں بعض لوگ غیر اللہ پر مر کر دوزخ خرید رہے ہیں۔ یہی دنیا ولی اللہ بننے کی مارکیٹ بھی ہے اور دوزخی زندگی خریدنے کی مارکیٹ بھی ہے۔

حدیث نمبر ۸۰

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ[۲۶۱]

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں کہ آپ مجھ سے قیامت کے دن اپنا رخ پھیر لیں۔

ذوقِ عاشقانۂ نبوّت صلی اللہ علیہ وسلم

اگر دوامِ تقویٰ کی نعمت حاصل نہیں ہے تو حُسنِ تقریر اور حُسنِ تحریر اور مخلوق کی تعریف سے دھوکا نہ کھاؤ، کسی کی تعریف سے کیوں مست ہوتے ہو؟ یہ دیکھو کہ ہمارا کوئی لمحہ ایسا تو نہیں ہے جو اللہ کی ناراضگی

۲۶۱ھذا مختصر من حدیث سمرة رضی اللہ عنہ أنہ قال: کَانَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: ''إِذَا صَلّٰی أَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ: اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِی وَبَیْنَ خَطِیْئَتِی کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰھُمَّ أَعُوْذُبِكَ أَنْ تَصُدَّ عَنِّی وَجْھَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، اَللّٰھُمَّ نَقِّنِی عَنْ خَطِیْئَتِی کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الأَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰھُمَّ أَحْیِنِی مُسْلِمًا وَأَمِتْنِی مُسْلِمًا''. أخرجہ الطبرانی فی معجمہ الکبیر: ۲۰۹/۶، برقم (۶۹۰۳)

میں گزرتا ہو؟ اسی غم میں جیو اور اسی غم میں مرو کہ قیامت کے دن اللہ ہم سے خوش ہوگا یا نہیں؟ اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے کہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ قیامت کے دن جب میں آپ کے سامنے کھڑا ہوں تو آپ اپنا چہرہ مجھ سے پھیر لیں۔ یہ دعا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانِ پاکِ نبوی کے ذوقِ عاشقانہ کی غمّاز ہے۔ اگر کسی کے ماں باپ بیٹے کو دیکھ کر اپنا منہ پھیر لیں، تو اس بیٹے کو جو اپنے ماں باپ کا عاشق ہے کس قدر غم ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خوف و غم ہونا ذوقِ عاشقانۂ نبوّت ہے۔

یہ دعا سرورِ عالم سیّد الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک کے خوف کو ظاہر کرتی ہے، باوجود اس کے کہ حق تعالیٰ کی ناراضگی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ممتنع اور محال ہے، جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا رَبِّ لَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ کی تفسیر میں حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ فِیْہِ خَوْفُ الْاَنْبِیَاءِ مَعَ عِصْمَتِھِمْ وَ امْتِنَاعِ الْکُفْرِ عَلَیْھِمْ فَکَیْفَ یَصِحُّ لِغَیْرِھِمْ اَنْ یَّغْتَرَّ بِصَلَاحِہٖ اس دعا میں انبیاء علیہم السلام کے خوف کا ظہور ہے باوجود اس کے کہ انبیاء معصوم ہوتے ہیں اور کفر اُن پر ممتنع اور محال ہے پھر بھی وہ ڈرتے رہتے ہیں اور یہ دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندے جن پر حق تعالیٰ کی جلالت و عظمتِ شان منکشف ہوگئی ان کا یہی حال ہوتا ہے کہ وہ ہر وقت لرزاں و ترساں رہتے ہیں۔ پس غیر نبی کے لیے کیسے جائز ہوگا کہ وہ اپنی صالحیّت کے دھوکے میں مبتلا ہو اور دوسرا نکتہ یہ ہے کہ یہ دعا مانگ کر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمّت کو تعلیم دے دی کہ حق تعالیٰ کی عظمتِ شان کو پہچانو اور قیامت کے دن اللہ کے چہرہ پھیر لینے یعنی ناراضگیٔ حق سے پناہ مانگو۔

لفظ مُبَشِّرًا کے نزول کی حکمت

یہ آیت اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا پر زندگی میں پہلی بار ذہن منتقل ہوا کہ بشارت دینے کے لیے لفظ مبشر آیا ہے، بَشِیْرًا بھی نازل ہوا ہے مگر مبشر میں رحمت کا ظہور زیادہ ہے اور قرآنِ پاک میں اگر ایک جگہ بھی کوئی لفظ مستزاد ہے اور دوسری جگہ اس کا متبادل لفظ آئے جو مستزاد نہ ہو تو اس کے معانی مستزاد سے مقید ہوجائیں گے، اس لیے جہاں بشیر نازل ہوا ہے وہ معنیٰ میں مبشر کے ہوگا۔ قاعدہ ہے اِنَّ کَثْرَۃَ الْمَبَانِیْ تَدُلُّ عَلٰی کَثْرَۃِ الْمَعَانِیْ جب بناء میں حروف زیادہ ہوں گے تو معانی کی کثرت ثابت ہوجاتی ہے، لہٰذا مبشر کے الفاظ کی بناء میں تعدد فرما کر اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ظہور میں تعدد

فرمایا کہ ہماری تبشیر انذار سے زیادہ ہے، اس لیے **مبشر** نازل ہوا ہے کہیں **مُنۡذِّرًا** نازل نہیں ہوا جو دلیل ہے کہ ہماری رحمت زیادہ ہے ڈرانے سے۔ اس کی مؤید یہ حدیثِ قدسی بھی ہے:

سَبَقَتۡ رَحۡمَتِیۡ غَضَبِیۡ وَهُوَ عِنۡدَهٗ فَوۡقَ الۡعَرۡشِ[۲۶۲]

میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی۔ تو لفظ **مُبَشِّرًا** بتاتا ہے کہ ہماری رحمت کی خوشخبری کو انذار پر غالب رکھو، اس لیے مبلّغِ دین کو چاہیے کہ رحمت کی خوشخبری کو زیادہ بیان کرے بہ نسبت ڈرانے کے، ورنہ بعض لوگ زیادہ ڈرانے سے اعتدال سے نکل گئے اور ذہنی مریض ہو گئے۔

حدیث نمبر ۸۱

دُعَاءُ الۡمَرِيۡضِ كَدُعَاءِ الۡمَلٰٓئِكَةِ[۲۶۳]

ترجمہ: مریض کا دعا کرنا ایسے ہی ہے جیسے فرشتوں کا دعا کرنا۔

اسلام کی صداقت کی ایک دلیل

میرے دوستو! اسلام کی صداقت اور اسلام کی عظمت کی ایک دلیل آج بیان کرتا ہوں کہ اسلام سچا مذہب ہے۔ کافر اگر بیمار ہو جائے تو اس کو تو بڈھا ہاؤس میں داخل کر دیتے ہیں جہاں ان کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہوتا، کوئی عزیز و اقارب نہیں ہوتے، بے چارے گھٹ گھٹ کے مر جاتے ہیں۔ بعضوں کو مارفیا کا انجکشن لگا دیتے ہیں، ڈاکٹروں کو کچھ پیسہ دیا کہ بڑے صاحب کو چلتا کرو، خود سے نہیں جاتے تو انہیں چلتا کرو۔ اب اسلام کی سنیے کہ اسلام مریضوں کو کیا کہتا ہے۔ اگر کوئی مریض ہو جائے تو کافر تو اس کو بالکل کنڈم اور ناقابلِ ریفرینڈم سمجھتا ہے یعنی کچھ نہیں سمجھتا، حقیر سمجھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: حدیثِ قدسی ہے کہ قیامت کے دن میرا سوال ہو گا کہ میں بیمار ہوا، تو تم مجھ کو دیکھنے کیوں نہیں آئے؟ بندہ کہے گا کہ اے اللہ! آپ تو بیماری سے پاک ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ جب میرے خاص بندے بیمار ہوئے تھے تو تم دیکھنے کیوں

---

۲۶۲ صحیح البخاری: ۲/۱۱۲۷، باب قوله بل هو قرآن مجید، المکتبة المظهرية

۲۶۳ هذا مختصر من حديث جابر بن عبد الله رضی الله عنه أنه قال: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمۡ عَلٰى مَرِيضٍ فَلۡيُصَافِحۡهُ، وَلۡيَضَعۡ يَدَهُ عَلَى جَبۡهَتِهِ، وَلۡيَسۡأَلۡهُ كَيفَ هوَ، وَلۡيُنۡسِئۡ لَه فِي الۡأَجَلِ، وَيَسۡأَلۡه أَنۡ يَدۡعُوَ لَهمۡ، فَإِنَّ دُعَاءَ الۡمَرِيضِ كَدُعَاءِ الۡمَلَائِكَةِ''. أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان: ۱۲/۷ برقم (۹۲۱۴)، دار الكتب العلمية

نہیں آئے؟ وہیں میں بھی تم کو مل جاتا۔ اسلام نے یہ عزت مریضوں کو بخشی۔ مریض کو ساری دنیا کے لوگ حقیر سمجھتے ہیں، مگر اسلام نے یہ عزت اور شرف بخشا کہ بیمار آدمی کو کوئی حقیر نہ سمجھنے پائے، جو حقیر سمجھے گا وہ احمق ہے، کیوں کہ اس کے پاس اللہ ملے گا، اللہ نے فرمایا کہ اگر تم اس مریض کو دیکھنے آتے تو وہیں تو میں بھی تھا، میں اپنے خاص بندوں کے پاس ہوتا ہوں اور اپنی نعمتِ خاص سے ان کو نوازتا ہوں۔

اب سوال یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ بھئی! وہاں اللہ کا قرب ملتا ہے چلو وہیں بیٹھ جائیں، رات دن وہیں بیٹھے رہیں، قرب کو چھوڑنا کہاں جائز ہے؟ خوب دیر تک بیٹھو تو اسلام نے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمادیا کہ دیر تک نہ بیٹھو، تھوڑے سے قرب پر راضی رہو، وہ قرب لے کر چلے آؤ، وہ قرب ہمیشہ رہے گا، فنا نہیں ہوگا، اللہ کا قرب فنا نہیں ہوتا، اس لیے تھوڑی دیر بیٹھ کر چلے آؤ، کیوں کہ اس کو اگر پیشاب پاخانہ لگ گیا تو مریض کیا کرے گا؟ تمہاری رعایت سے بے چارہ بیٹھا رہے گا اس لیے اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے اور عیادت کی سنت ہے کہ ہلکی پھلکی عیادت کرو، زیادہ دیر مریض کے پاس مت بیٹھو۔ پس اسلام نے مریض کو یہ عزت دی کہ اس کے قرب کو اللہ تعالیٰ نے اپنا قرب بیان کیا کہ میں تمہیں اس مریض کے پاس ملوں گا۔ اب اس کے بعد کوئی مریض کو حقیر سمجھ سکتا ہے؟ جو مریض کو حقیر سمجھے گا تو گویا اللہ کو حقیر سمجھنا لازم آئے گا، اس لیے مریض کو محترم سمجھ کر جائے گا اور دعا کرائے گا کیوں کہ دوسری حدیث میں ہے **دُعَاءُ الْمَرِیْضِ کَدُعَاءِ الْمَلٰٓئِکَۃِ** مریض کی دعا مثل فرشتوں کی دعا کے ہے۔ مریض کی دعا ایسی ہے گویا فرشتے دعا کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مریض کا رُتبہ مثل فرشتوں کے رکھ دیا، مریض کی عظمت بڑھادی کہ جاؤ اس سے دعا کراؤ، اس کی دعا مثل فرشتوں کی دعا کے ہے۔ تو میں نے سمجھا کہ آج تائبؔ صاحب کے دعائیہ اشعار سن کر بعض لوگ ترس کھا کر کہیں رات بھر نہ روئیں کہ ارے! اخترؔ بیمار پڑ گیا۔ ارے! یہ بیماری سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، دعا تو ضرور کرنا چاہیے، دعا پر کوئی اعتراض نہیں، مگر مریض کو اللہ تعالیٰ کے حکم پر راضی رہنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ! جو آپ کا حکم ہے میں اس پر راضی ہوں، مگر جلدی سے آزمایش کی گھڑی گزار دیجیے، آزمایش کو لمبی نہ کیجیے، کیوں کہ ہم ناتواں اور کمزور ہیں اور زیادہ لمبی آزمایش کو برداشت نہیں کرسکتے۔

حدیث نمبر ۸۲

لَا یَکُوْنُ لِاَحَدِکُمْ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ فَیُحْسِنُ اِلَیْهِنَّ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ[۲۶۴]

ترجمہ: اگر تم میں سے کسی کی تین بیٹیاں ہوں یا تین بہنیں ہوں اور وہ ان کی اچھی طرح پرورش کرے تو وہ ضرور جنت میں جائے گا۔

مَنْ کَانَتْ لَهٗ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوْ اِبْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ وَاتَّقَى اللهَ فِیْهِنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ[۲۶۵]

جس کسی کی تین بیٹیاں ہوں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہی ہوں تو وہ ان کی اچھی طرح تربیت کرے اور وہ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرے تو اس کے لیے جنت کی بشارت ہے۔

قرآن وحدیث میں بیٹیوں کی فضیلت

بیٹیاں بہت بڑی نعمت ہیں کیوں کہ ان کی پرورش پر جنت کا وعدہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ **لَا یَکُوْنُ لِاَحَدِکُمْ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ فَیُحْسِنُ اِلَیْهِنَّ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ** کسی کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں پس وہ ان کے ساتھ بھلائی کرے یعنی پرورش کرے، دین سکھائے تو وہ جنت میں داخل ہو گا اور دوسری روایت میں ارشاد ہے **مَنْ کَانَتْ لَهٗ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوْ اِبْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ وَاتَّقَى اللهَ فِیْهِنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ** جس کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہوں ان کی اچھی طرح پرورش کرے اور ان کے ادائے حقوق کے بارے میں اللہ سے ڈرتا رہے، اُس کے لیے جنت واجب ہو گئی اور بعض روایات میں آپ نے تین بیٹیوں

---

۲۶۴ هذا حديث أبي سعيد الخدري رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ ''لَا يَكُونُ لِأَحَدِكُمْ ثَلَاثُ بَنَاتٍ أَوْ ثَلَاثُ أَخَوَاتٍ فَيُحْسِنُ إِلَيهِنَّ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ''. أخرجه الترمذي في سننه (۱۳/۲) برقم (۲۰۳۶) في باب مَا جَاءَ فِي النَّفَقَةِ عَلَى الْبَنَاتِ وَالأَخَوَاتِ

۲۶۵ هذا حديث أبي سعيد الخدري رضي الله عنه أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مَنْ كَانَتْ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوْ اِبْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ وَاتَّقَى اللهَ فِيهِنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ. أخرجه الترمذي في سننه (۱۳/۲) برقم (۱۹۱۶) في باب ما جاء في النفقة على البنات والاخوات

اور دو بیٹیوں کی پرورش پر جنت کی بشارت دی، تو کسی نے عرض کیا کہ اگر کسی کے ایک ہی لڑکی ہے؟ تو آپ نے اس کو بھی جنت کی بشارت دی۔ اگر یہ نعمت نہ ہوتیں تو ان پر جنت کا وعدہ نہ ہوتا۔ معلوم ہوا کہ یہ سبب نزولِ رحمت ہیں، لہٰذا جس کے گھر بیٹیاں پیدا ہوں وہ خوش ہوجائے، ہرگز دل چھوٹا نہ کرے اور ان کو نعمت سمجھے۔ جن کی وجہ سے جنت مل جائے وہ نعمت نہ ہوں گی؟ پس بیٹی پیدا ہونے کی خبر سن کر جس کے چہرہ پر غم آجائے یہ شعارِ کافرانہ ہے یعنی کافروں جیسا کام ہے، کیوں کہ کافر بیٹیوں کی خبر سن کر غمگین ہوجاتے تھے اور زمانۂ جاہلیت میں بیٹیوں کو لعنت سمجھتے تھے کہ داماد ڈھونڈنا پڑے گا اور اپنی سبکی سمجھتے تھے، اسی لیے زندہ دفن کردیتے تھے، ایسے شقی القلب اور جانور تھے۔ اسی کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا:

وَ اِذَا الۡمَوۡءٗدَةُ سُئِلَتۡ ۪ۙ﴿۸﴾ بِاَیِّ ذَنۡۢبٍ قُتِلَتۡ[۲۶۶]

جب زندہ دفن کی جانے والی سے پوچھا جائے گا کہ تجھے کس جرم میں قتل کیا گیا؟ ان بیٹیوں ہی سے تو انسان پیدا ہوتے ہیں، ان کو حقیر سمجھنا علامتِ کافرانہ اختیار کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

یَهَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَهَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ الذُّکُوۡرَ[۲۶۷]

اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے عطا فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں بیٹیوں کو مقدم فرمایا جس سے ان کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ عورت مبارک ہے جس کے پیٹ سے پہلی مرتبہ بیٹی پیدا ہو۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

اِنَّ مِنۡ یُّمۡنِ الۡمَرۡأَةِ تَبۡکِیۡرَهَا بِالۡاُنۡثٰی قَبۡلَ الذَّکَرِ[۲۶۸]

اور روح المعانی میں حضرت قتادہ سے مروی ہے:

مِنۡ یُّمۡنِ الۡمَرۡأَةِ تَبۡکِیۡرُهَا بِاُنۡثٰی[۲۶۹]

لہٰذا بیٹیوں کے پیدا ہونے کی خبر سن کر مسکراؤ اور خوش ہوجاؤ اور سمجھو کہ گھر میں برکت نازل ہوگئی۔ اسلام نے بیٹیوں کو کیا عزت دی ہے، اس لیے بیٹیوں کو نعمتِ عظمیٰ سمجھو، ان ہی سے تو اولیاء اللہ پیدا ہوتے ہیں اور

---

۲۶۶ التکویر: ۸،۹

۲۶۷ الشوریٰ: ۴۹

۲۶۸ تفسیر القرطبی: ۸/۴۸، الشوریٰ (۴۹)، دار الکتب المصریۃ، القاھرۃ

۲۶۹ تفسیر روح المعانی: ۲۵/۵۳، الشوریٰ (۴۹)، دار احیاء التراث العربی، بیروت

سب سے بڑھ کر یہ کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو دونوں عالم میں اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ پیارے ہیں اور وجۂ تخلیقِ کائنات ہیں ان کا نسب آپ کی بیٹی سے چلا۔ اگر بیٹیاں مبارک نہ ہوتیں تو اللہ تعالیٰ اپنے سب سے پیارے نبی کا نسب بیٹی سے نہ چلاتا۔ معلوم ہوا کہ بیٹیاں بہت مبارک ہیں، اس لیے ان کو حقیر نہ سمجھو۔ بیٹے تو بیٹیاں لاتے ہیں اور بیٹیاں بیٹے یعنی داماد لاتی ہیں۔ بعض وقت داماد ایسا لائق مل گیا جو بیٹوں سے بھی زیادہ خدمت گزار نکلا، البتہ اللہ تعالیٰ سے بیٹے کے لیے دعا مانگنے میں کوئی حرج نہیں۔ اس نیت سے بیٹا مانگو کہ اسے عالم اور حافظ بناؤں گا تاکہ وہ اللہ والا بن جائے، دین کا کام کرے اور ہمارے دینی اداروں کو چلائے اور ہمارے لیے صدقۂ جاریہ ہو۔

حدیث نمبر ۸۳

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْۤ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا[۲۷۰]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بہت زیادہ صبر کرنے والا اور بہت زیادہ شکر کرنے والا بنا دیجیے اور مجھے میری نگاہ میں کم تر دکھائیے اور لوگوں کی نگاہوں میں بڑا بنا دیجیے۔

شرح حدیث اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا...الخ

اے اللہ! مجھے صبر عطا فرما کہ ہم نیک اعمال پر قائم رہیں اور مصیبت میں آپ پر اعتراض نہ کریں کہ کیوں ہم کو یہ مصیبت ملی۔ مصیبت سے اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کا درجہ بلند کرتا ہے، گناہوں سے پاک صاف کرتا ہے۔ ماں میل کچیل چھڑاتی ہے تو بچہ چلّاتا ہے، مگر بعد میں چمک جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بعض بندوں کو مصیبت دے کر ان کی خطائیں معاف کرتے ہیں اور صبر کی برکت سے نسبت مع اللہ کا اعلیٰ مقام دے دیتے ہیں اور اَلصَّبْرُ عَنِ الْمَعْصِیَۃِ بھی دیجیے کہ نافرمانی کے تقاضوں کے وقت ہم صابر رہیں اور نافرمانی نہ کریں اور نافرمانی سے بچنے کا غم اُٹھالیں اس کا نام اَلصَّبْرُ عَنِ الْمَعْصِیَۃِ ہے۔ اس دعا میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبر کی اقسامِ ثلاثہ مانگی ہیں:

---

[۲۷۰] ھذا حدیث عبد اللہ بن بردۃ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْۤ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا. أخرجہ البزار فی مسندہ: ۱۰/۳۱۵ برقم (۴۴۳۹)، مکتبۃ العلوم والحکم.

۱)...اَلصَّبْرُ عَلَی الطَّاعَۃِ یعنی نیک اعمال پر قائم رہنا۔

۲)...اَلصَّبْرُ فِی الْمُصِیْبَۃِ مصیبت میں صابر رہنا۔

۳)...اَلصَّبْرُ عَنِ الْمَعْصِیَۃِ گناہوں سے بچنے کی تکلیف اُٹھانا۔

حقیقی شکر کیا ہے؟

آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے ہیں وَاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا[۲۷۱] اور ہمیں آپ کی عطا کردہ نعمت پر شکر کی توفیق دیجیے اور اس کی حقیقت تقویٰ ہے کہ ہم گناہ نہ کریں۔ اصل شکر گزار بندہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناراض نہیں کرتا۔ اس کی دلیل سن لو، میں تصوف بلا دلیل پیش نہیں کرتا۔ لَقَدْ نَصَرَکُمُ اللہُ بِبَدْرٍ اے صحابہ! اللہ تعالیٰ نے جنگِ بدر میں تمہاری مدد کی ہے وَاَنْتُمْ اَذِلَّۃٌ اور تم سخت کمزور تھے فَاتَّقُوا اللہَ پس تم تقویٰ سے رہا کرو اور ہم کو ناراض مت کرو لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ تاکہ تم حقیقی شکر گزار بن جاؤ۔ یہ تھوڑی ہے کہ منتخب بوٹی کھا کر کہہ دیا کہ یا اللہ! تیرا شکر ہے اور گناہ سے باز نہ آئے، اس طرح شکر کا حق ادا نہیں ہوا۔ زبان سے شکر کی سنت تو ادا ہوئی، لیکن جب گناہ سے بچو، نظر بچاؤ عیناً، قلباً و قالباً حسینوں اور نمکینوں سے دور رہو تب سمجھ لو اب شکر حقیقی نصیب ہوا۔ تو وَاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا کے معنیٰ کیا ہے اَیْ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یہ ترجمہ حکیم الامت کا ہے کہ مجھے متقی بنا دیجیے۔ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔ نافرمانی کرنے والا حقیقی شکر گزار نہیں ہے۔ اس کے بعد سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا کہ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا اے اللہ! میری نظر میں آپ مجھ کو چھوٹا دکھائیے اور مخلوق کی نظر میں آپ مجھ کو بڑا دکھائیے، میری نظر میں مجھ کو صغیر رکھیے لیکن بندوں کی نظر میں کبیر کر دیجیے، تاکہ ہم جب کوئی دین کی بات پیش کریں تو وہ سر آنکھوں پر قبول کرلیں۔ اس لیے دین کے خادموں کو یہ دعا ضرور مانگنی چاہیے، کیوں کہ اُمت میں اگر ان کی عزت و قدر و منزلت نہیں ہوگی تو پھر ان کی بات کی اہمیت نہیں ہوگی، لہٰذا جب مخلوق تعریف کرے تو شکر کرو کہ اللہ تعالیٰ نے یہ دعا قبول فرمالی کہ مخلوق میں ہمیں بڑا دِکھا رہا ہے، لیکن اپنے کو بڑا سمجھنا حرام ہے، اس لیے روزانہ اللہ تعالیٰ سے کہو کہ اے اللہ! میں ساری دنیا کے مسلمانوں سے کمتر ہوں فی الحال اور کافروں اور جانوروں سے کمتر ہوں فی المآل، کیوں کہ ابھی معلوم نہیں کہ خاتمہ کس حال پر ہونا مقدّر ہے۔

---

[۲۷۱] مسند البزار: ۳۱۵/۱۰(۴۴۳۹)، مکتبۃ العلوم والحکم، المدینۃ المنورۃ

ہم اپنے کو طرّم خان نہ سمجھیں، خرم خان تو رہو مگر طرّم خان نہ سمجھو وَفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا مخلوق کی نظر میں ہم کو بڑا دکھا دیجیے، لہٰذا جب مخلوق عزت کرے تو شکر ادا کرو کہ یہ دعا قبول ہو گئی۔ تو حسنہ کی چھٹی تفسیر ہے ثنائے خلق کہ مخلوق میں تمہاری تعریف و نیک نامی ہو، لیکن تم اپنی تعریف نہ کرو اور نہ اپنے کو بڑا سمجھو۔ یہ ثنائے خلق حسنہ کی تفسیر ہے، لیکن جو صوفی علمِ دین نہیں جانتا وہ ایسے موقع پر ڈر جاتا ہے کہ میرا تو سب ضایع ہو گیا۔

حدیث نمبر ۸۴

مَنْ کَظَمَ غَیْظًا وَّ ھُوَ یَقْدِرُ عَلٰی اِنْفَاذِہٖ مَلَأَ اللہُ تَعَالٰی قَلْبَہٗ اَمْنًا وَّ اِیْمَانًا[۲۷۲]

ترجمہ: جس شخص نے غصہ کو ضبط کر لیا باوجود یہ کہ وہ غصہ نافذ کرنے پر قدرت رکھتا تھا تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو امن و ایمان سے بھر دے گا۔

یعنی جس شخص کو کسی پر غصہ آگیا اور وہ اس پر پورا غصہ جاری کر سکتا ہے، اس کے لیے کوئی مانع نہیں ہے، لیکن اللہ کے خوف سے اپنے غصہ کو پی جاتا ہے اور معاف کر دیتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو امن و ایمان سے بھر دے گا۔ امن کے معنیٰ ہیں سکون۔ غصہ ضبط کرنے کا یہ انعامِ عظیم ہے۔ بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص غصہ کا تلخ گھونٹ پی لیتا ہے یعنی غصہ کو ضبط کر لیتا ہے تو وہ غصہ سب کا سب نور بن جاتا ہے۔

اور ساتھ ساتھ غصہ کی ایک اور تفسیر بیان کی کہ اپنے دین کی حفاظت کے لیے اور دین کے اجراء کے لیے اور اللہ کے لیے جو غصہ آئے وہ مستثنیٰ ہے، کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو منکرات اور اللہ کی نافرمانی پر اتنا غصہ آتا تھا کہ آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو جاتا تھا کَاَنَّ الرُّمَّانَ عُصِرَ عَلٰی وَجْھِہٖ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جیسے کہ آپ کے چہرۂ مبارک پر انار نچوڑ دیا گیا ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر غصہ آنا ہی چاہیے۔

ایک حدیث میں ہے کہ

۲۷۲ھذا حدیث أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر: ۱۸۰۳/۴، مکتبۃ نزار مصطفی الباز برقم (۸۹۹۷) و عزاہ لابن أبی الدنیا فی ذم الغضب

مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَّهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنْفِذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ اللّٰهُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ مَا شَاءَ[۲۷۳]

جس شخص نے غصہ کو ضبط کر لیا اور حالاں کہ وہ اس کے نافذ کرنے پر قادر تھا، تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو تمام مخلوق کے سامنے بلائیں گے اور اختیار دیں گے کہ جس حور کو چاہے اپنی پسند سے انتخاب کر لے۔

غصہ ضبط کرنے کے بارے میں ایک اور حدیث ہے:

لِيَقُمْ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَجْرٌ فَلَا يَقُوْمُ اِلَّا اِنْسَانٌ عَفَا[۲۷۴]

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ وہ شخص کھڑا ہو جائے جس کا میرے اوپر کوئی حق ہو، پس کوئی شخص کھڑا نہیں ہو گا، مگر وہ جس نے دنیا میں کسی کی خطاؤں کو معاف کیا ہو گا۔

جنہوں نے یہ دولت کمائی ہو گی اور معاف کرنے والا عمل کیا ہو گا، وہ اس دن اللہ تعالیٰ سے اپنا انعام لینے کے لیے کھڑے ہو جائیں گے۔ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث نقل فرماتے ہیں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص یہ بات پسند کرے کہ جنت میں اس کے لیے اونچے محل بنائے جائیں اور اس کے درجات بھی بلند ہو جائیں، اس کو چاہیے کہ جو شخص اس پر ظلم کرے اس کو معاف کر دے اور جو اس کو محروم رکھے اس کو عطا کر دے اور جو اس سے قطع رحمی کرے اس کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔

بعضے خون کے رشتے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے ساتھ لاکھ نیکیاں کرتے رہو، وہ کبھی نیکی کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔ ان کے لیے حکم ہے: صِلْ مَنْ قَطَعَكَ[۲۷۵] وہ تو قطع رحمی کریں مگر آپ ان سے جُڑے

۲۷۳ھ هذا حديث معاذ بن أنس رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى أَنْ يُنْفِذَهٗ، دَعَاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ اللّٰهُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ مَا شَاءَ. أخرجه أبو داؤد في سننه (۳۰۳/۲) برقم (۴۷۷۷) في بَابِ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا

۲۷۴ھ روح المعاني: ۵۸/۳، اٰل عمرٰن (۳۴)، دار احياء التراث العربي، بيروت

۲۷۵ھ هذا مختصر من حديث عقبة بن عامر رضي الله عنه أنه قال لقيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لي: يا عقبة بن عامر صِلْ مَنْ قَطَعَكَ، وَاَعْطِ مَنْ حَرَمَكَ وَاعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَكَ، قال: ثم أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ... الخ اخرجه أحمد في مسنده (۱۸۶/۴، ۱۹۶) دار الكتب العلمية برقم (۱۷۶۴۲، ۱۷۳۴۲). وروى عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "صِلْ مَنْ قَطَعَكَ وَاعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَكَ"، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ بَقِيَ مِنْ بِرِّ وَالِدَيَّ شَيْءٌ بَعْدَ مَوْتِهِمَا؟ قَالَ: "خِلَالٌ الِاسْتِغْفَارُ لَهُمَا، وَإِنْفَاذُ وَصِيَّتِهِمَا، وَإِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا، وَصِلَةُ الرَّحِمِ الَّتِيْ لَا رَحِمَ إِلَّا بِهِمَا". أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۲۲۲/۶ برقم (۷۹۵۸)، دار الكتب العلمية

رہیں اور ان کو معاف کرتے رہیں۔ اس حدیث پاک میں ایسے شخص کے لیے اللہ تعالیٰ نے بزبانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم یہ وعدہ فرمایا کہ جنت میں اس کا شاندار مکان ہوگا اور اس کے درجات بلند ہوں گے۔ البتہ اگر کسی رشتہ دار سے ناقابلِ برداشت مسلسل اذیت پہنچ رہی ہے جس سے دین یا دنیا کا ضرر ہو تو علماء سے مشورہ کریں، اس کے لیے دوسرے احکام ہیں۔ تین حدیثیں غصہ کے بارے میں اور سناتا ہوں۔ پہلی حدیث ہے:

اِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْاِيْمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ[۲۷۶]

ترجمہ: غصہ ایمان کو ایسا خراب اور برباد کردیتا ہے جیسا کہ ایلوا شہد کو خراب کردیتا ہے۔

ایلوا ایک نہایت کڑوی دوا ہے اگر کوئی دور سے بھی کوٹ رہا ہو تو حلق کڑوا ہو جاتا ہے۔ ایک من شہد میں ذرا سا ڈال دیجیے سارا شہد کڑوا ہو جائے گا۔ اسی طرح غصہ ایمان کی مٹھاس اور حلاوت کو کڑوا کردیتا ہے یعنی غصہ والے کو اللہ تعالیٰ کی محبت کا مزہ، عبادت کا مزہ، تلاوت کا مزہ نہیں آئے گا کیوں کہ غصہ نے اس کے ایمان کے کمال اور نور کو خراب کردیا۔ دوسری حدیث ہے:

مَنْ كَفَّ غَضَبَهٗ كَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذَابَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ[۲۷۷]

ترجمہ: جو شخص اپنے غصہ کو روک لے، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنا عذاب اس سے روک لیں گے۔

ظاہر بات ہے کہ غصہ روکنے میں تکلیف ہوتی ہے اور اس نے اللہ کے لیے یہ تکلیف اٹھائی، لہٰذا اس مجاہدہ پر اتنا بڑا انعام ہے۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: كُنْتُ اَضْرِبُ غُلَامًا لِّيْ میں اپنے ایک مملوک غلام کی پٹائی کر رہا تھا فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِيْ صَوْتًا میں نے اپنی پیٹھ کے پیچھے سے ایک آواز سنی۔ وہ کیا آواز تھی؟ اِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ! اَللّٰهُ اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ۔[۲۷۸]

۲۷۶؎ هذا حديث معاوية بن حيدة رضى الله عنه أنه قال: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''إِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْإِيمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ''. أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان: ۳۱۱/۶ برقم (۸۲۹۴)، دار الكتب العلمية

۲۷۷؎ هذا مختصر من حديث أنس بن مالك رضى الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ''مَنْ خَزَنَ لِسَانَهُ سَتَرَ اللهُ عَوْرَتَه، وَمَنْ كَفَّ غَضَبَه كَفَّ اللهُ عَنْه عَذَابَه يَوْمَ الْقِيَامَة، وَمَنِ اعْتَذَرَ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ قَبِلَ عُذْرَه''. أخرجه البيهقى فى شعب الإيمان: ۳۱۵/۶ برقم (۸۳۱۱)، دار الكتب العلمية وأبو يعلى فى مسنده: ۲۶۳/۳، دار الكتب العلمية برقم (۴۳۲۲) وليس فيه لفظ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

۲۷۸؎ هذا مختصر من حديث أبى مسعود البدرى رضى الله عنه أنه قال كُنْتُ أَضْرِبُ غُلَامًا لِى بِالسَّوْطِ فَسَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ خَلْفِى ''اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ'' فَلَمْ أَفْهَمِ الصَّوْتَ مِنَ الْغَضَبِ قَالَ فَلَمَّا دَنَا مِنِّى إِذَا هُوَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا هُوَ يَقُولُ ''اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ

یہ کلامِ نبوت کی بلاغت ہے کہ چند ضمیروں میں دو سطر کا مضمون بیان فرمادیا۔ اگر ہم اردو میں اس کا ترجمہ کریں تو ڈیڑھ دو سطر ہو جائے گی۔ فرمایا کہ اے ابا مسعود! اللہ تعالیٰ کو تجھ پر زیادہ قدرت ہے اس قدرت سے جو تجھ کو اس غلام پر حاصل ہے جس کو تو پیٹ رہا ہے۔ فرماتے ہیں: **فَالْتَفَتُّ** میں نے متوجہ ہو کر دیکھا کہ کہاں سے یہ آواز آئی **فَإِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** وہ تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ یہ آپ کی آواز تھی۔

جی اُٹھے مردے تری آواز سے

یہ آوازِ نبوت تھی جس سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے دل زندہ ہوتے تھے اور امراض کی اصلاح ہو جاتی تھی۔ بس اللہ تعالیٰ نے صحبتِ نبوت کے فیضان کی برکت سے فوراً ہدایت عطا فرمادی۔ اللہ والوں کی صحبت سے قلب میں اعمالِ صالحہ کی ایک زبردست قوت وہمت اور توفیق پیدا ہو جاتی ہے۔ چالیس چالیس سال سے انسان جس گناہ کو چھوڑنے کی طاقت نہ پاتا ہو، اللہ والوں کے پاس چند دن رہ کر دیکھے کہ کیا ہوتا ہے۔

بہت ہی مبارک بندہ ہے وہ جو اللہ والوں سے تعلق کرلے، جو اللہ کے دوستوں سے دوستی کرلے۔ اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ یہ ہمارے، ہماروں کا ہمارا ہے، یہ ہمارے دوستوں کا دوست ہے، لہٰذا اس پر بھی فضل فرمادیتے ہیں اور اس کو بھی اپنا بنالیتے ہیں، اللہ والوں کی صحبت سے تقدیریں بدل جاتی ہیں۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

هُمُ الْجُلَسَآءُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ

اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کے پاس بیٹھنے والا شقی نہیں رہ سکتا، اس کی شقاوت کو سعادت سے اللہ تعالیٰ بدل دیتے ہیں۔ یہ لمبی حدیث ہے، جس کا ایک جُز یہ ہے کہ اللہ والوں کی مجلس میں ایک شخص غیر مخلص تھا وہ وہاں اللہ کے لیے نہیں بیٹھا تھا، کسی ضرورت سے جارہا تھا کہ وہاں بیٹھ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے پوچھا کہ میرے بندے کیا کر رہے تھے؟ اللہ تعالیٰ کو تو سب معلوم ہے، لیکن اپنے بندوں پر فخر ومباہات فرمانے کے لیے پوچھتے ہیں۔ آخری جُز اس لمبی حدیث کا یہ ہے کہ اے فرشتو! گواہ رہنا میں نے ان سب کو بخش دیا۔ فرشتوں نے عرض کیا کہ وہاں ایک بندہ ذکر کے لیے نہیں بیٹھا تھا **اِنَّمَا جَآءَ لِحَاجَةٍ** وہ

اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ'' .قَالَ فَأَلْقَيتُ السَّوْطَ مِنْ يدِى فَقَالَ'' اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ أَنَّ اللهَ أَقْدَرُ عَلَيكَ مِنكَ عَلَى هٰذَا الْغُلَامِ''. قَالَ فَقُلْتُ لَاأَضْرِبُ مَمْلُوكًا بَعْدَه أَبَدًا. أخرجه مسلم فی صحیحه: ۲/۵۱-۵۲، برقم (۴۳۹۹-۴۳۹۶) فی باب صُحْبَةِ الْمَمَالِيكِ وَكَفَّارَةِ مَنْ لَطَمَ عَبْدَه

کسی حاجت سے جارہا تھا، دیکھا کہ کچھ اللہ والے لوگ بیٹھے ہیں وہ بھی بیٹھ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے اس کو بھی بخش دیا، کیوں کہ میں اپنے مقبول بندوں کے پاس بیٹھنے والوں کو محروم نہیں کیا کرتا۔ **هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ** اس کی شرح میں علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اِنَّ جَلِيْسَهُمْ يَنْدَرِجُ مَعَهُمْ فِيْ جَمِيْعِ مَا يَتَفَضَّلُ اللهُ بِهٖ عَلَيْهِمْ[۲۷۹]

اللہ والوں کے پاس بیٹھنے والوں کو اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ مندرج کرلیتا ہے، ان تمام انعامات میں جو اللہ والوں کو عطا کیے جاتے ہیں۔ وجہ کیا ہے؟ آگے مفعول لہٗ بیان ہو رہا ہے **اِكْرَامًا لَّهُمْ** اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کا اکرام فرماتے ہیں۔ جب اولیاء اللہ کی صحبت کا یہ انعام ہے کہ ان کی صحبت کے فیض سے شقاوت سعادت سے تبدیل ہوجاتی ہے اور قلب میں اعمالِ صالحہ کی زبردست ہمت و توفیق عطا ہوجاتی ہے تو صحبتِ نبوت کے فیضان کا کیا عالم ہوگا؟ حالتِ ایمان میں جس پر نبوت کی نگاہ پڑگئی، وہ صحابی ہوگیا اور دنیا کا بڑے سے بڑا ولی بھی ایک ادنیٰ صحابی کے رتبہ کو نہیں پاسکتا۔ چناں چہ صحبتِ نبوت کے فیضان سے حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کو فوراً تنبیہ ہوگئی اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! **هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللهِ** اس غلام کو میں نے اللہ کے لیے آزاد کردیا، اس خطا کی تلافی میں۔ معلوم ہوا کہ خطاؤں کی تلافی بھی ضروری ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ[۲۸۰]

اگر تو ایسا نہ کرتا اور غلام پر یہ رحمت نہ دِکھاتا تو جہنم کی آگ تجھے جھلسادیتی اور جلا کے خاک کردیتی۔ یہ کون ہیں؟ صحابی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے والے ہیں۔ آج کس ظالم کا منہ ہے جو کہے کہ میں اتنا تہجد پڑھتا ہوں، صوفی ہوں، اتنا ذکر و فکر کرتا ہوں، میرے غصہ پر کوئی پکڑ نہیں ہوگی؟ ذرا سوچیے، یہ بات سوچنے کی ہے یا نہیں کہ اپنی عبادت پر اتنا ناز کہ ہم نے تہجد پڑھی ہے، لہٰذا مسلمانوں کو اور بھائیوں کو اور بہنوں کو اور بیویوں کو جس طرح چاہو ستاؤ، کوئی قانون نہیں۔ دیکھیے! صحبت یافتۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کے لیے یہ حکم ہو رہا ہے کہ اگر تم نے رحمت نہ کی تو یاد رکھو قیامت کے دن

---

۲۷۹ فتح الباری: ۱۱/۲۱۳، باب فضل ذکر اللہ تعالیٰ، دار المعرفة، بیروت

۲۸۰ هذا حديث أَبِي مَسْعُودٍ الأَنْصَارِيّ رضى الله عنه أنه قَالَ كُنْتُ أَضْرِبُ غُلَامًا لِي فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِي صَوْتًا ''اعْلَمْ أَبَا مَسْعُودٍ لَلّٰهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ''. فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ يا رَسُولَ اللهِ هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ الله. فَقَالَ ''أَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ أَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ''. أخرجه مسلم في صحيحه: ۲/۵۱، برقم (۴۳۹۸) في باب صُحْبَةِ الْمَمَالِيكِ وَكَفَّارَةِ مَنْ لَطَمَ عَبْدَهُ

دوزخ کی آگ تم کو لپٹ جائے گی۔ اب کس صوفی کا منہ ہے جو یہ کہتا ہے کہ میرا غصہ میرے لیے کچھ مضر نہیں۔ میری تو اتنی عبادت ہے، اتنا وظیفہ پڑھتا ہوں، میرے غصہ پر کوئی پکڑ نہیں ہو گی۔ حضرت ابو مسعود سے زیادہ آپ مقبول ہیں؟ صحابی سے گویا بڑھ گیا نعوذ باللہ! یہ صوفی، جو ایسی باتیں کرتا ہے، یہ گویا دعویٰ کر رہا ہے کہ صحابی سے اس کا درجہ بڑھ گیا۔

میرے دوستو! لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں مصلح کی کیا ضرورت ہے؟ دیکھیے صحابی ہیں حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ، لیکن مُربی و مصلح کی ضرورت پیش آئی کہ نہیں؟ جب حضرت صدیق اکبر کو مربی کی ضرورت تھی جو انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام انسانوں میں سب سے زیادہ افضل ہیں، تو ہم لوگوں کا کیا منہ ہے کہ ہم اپنے کو تربیت کا محتاج نہ سمجھیں؟

آگ جب لگتی ہے تو پانی ہی سے تو بجھتی ہے۔ یہ حدیثوں کے علاج ہیں کہ جس پر غصہ چڑھے وضو کر لے اور اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور بیٹھا ہو تو لیٹ جائے، اس طرح وہ انتقام لینے سے دور ہوتا جارہا ہے، کیوں کہ مارنے کے لیے کھڑے ہو کر دوڑنا آسان تھا اور اب جب بیٹھ گیا تو انتقام سے ایک درجہ دور ہو گیا۔ اب بیٹھ کر دوبارہ اُٹھنے سے تھوڑی سی تو کاہلی لگے گی اور اگر لیٹ گیا تو انتقام سے تین درجہ نیچے آگیا۔ کہے گا کہ لیٹ کر بیٹھوں اور بیٹھ کر کھڑا ہوں اور پھر دوڑوں مارنے کے لیے۔ چلو جانے دو۔

حدیث شریف کی ترتیب دیکھیے کہ کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ، بیٹھے ہو تو لیٹ جاؤ، اس میں حکمتیں پوشیدہ ہیں اور وضو کا بھی حکم فرمادیا تاکہ مزاج ٹھنڈا ہو جائے اور اللہ کے عذاب کو سوچے کہ جتنا غصہ مجھے اس پر آرہا ہے، اگر اللہ تعالیٰ مجھ سے ناراض ہو جائیں تو میرا کہاں ٹھکانہ ہے اور جتنی طاقت مجھے اس پر ہے اس سے زیادہ طاقت و قدرت خدا کو مجھ پر ہے، اس وقت خدا کو یاد کرے، اگر اس وقت خدا یاد نہیں آتا اور غصہ کی حالت میں خدا کا عذاب اور خدا کی پکڑ کسی کو یاد نہیں رہتی اور غصہ والا کہتا بھی یہی ہے کہ صاحب! ہمیں تو کچھ یاد نہیں رہتا، یہی دلیل ہے کہ اس وقت وہ شیطان کے قبضہ میں چلا گیا۔ چاہے سید صاحب ہوں، مولوی صاحب ہوں، صوفی صاحب ہوں، حالتِ غضب میں سوچے کہ ہم کس کے بندے ہیں؟ اللہ تعالیٰ آسمان سے دیکھ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امیدوار تو بنے ہوئے ہیں کہ قیامت کے دن خدا ہمیں اپنی رحمت سے بخش دے لیکن اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر رحم کرنا نہیں آرہا ہے، یہاں ہم بالکل بے ہوش ہو جاتے ہیں کہ کوئی ذرا ستا دے تو بغیر انتقام لیے چین نہیں آتا۔ علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اِنَّ الْوَلِیَّ لَا یَکُوْنُ مُنْتَقِمًا وَّالْمُنْتَقِمَ لَا یَکُوْنُ وَلِیًّا اللہ کا ولی انتقام لینے والا نہیں ہوتا اور انتقام لینے والا اللہ کا ولی نہیں

ہو سکتا۔ جو اللہ کے بندوں پر رحم کرنا نہیں جانتا وہ کس منہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا امیدوار بنتا ہے، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ایک آیت نازل فرمادی کہ اگر تم اپنی مغفرت چاہتے ہو، اگر تم مجھ سے میری رحمت چاہتے ہو تو میرے بندوں کی خطاؤں کو معاف کر دو۔

لیکن اگر کسی سے بار بار غلطی ہو جاتی ہے تو مایوس ہرگز نہ ہو۔ اس کا علاج یہ ہے کہ غصہ اُترنے کے بعد فوراً اس کی تلافی کرے۔

حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نے ایک صاحب کو جو غصہ سے بار بار مغلوب ہو جاتے تھے یہ علاج تحریر فرمایا کہ جب غصہ اُتر جائے تو جس پر غصہ کیا ہے مجمع عام میں اس کے سامنے ہاتھ جوڑیے، اس کے پاؤں پکڑیے بلکہ اس کے جوتے اپنے سر پر رکھیے، ایک دو بار ایسا کرنے سے ہی نفس کو عقل آجائے گی اور پھر یہ غلطی نہیں کرے گا۔

حدیث نمبر ۸۵

اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا وَّخِیَارُکُمْ خِیَارُکُمْ لِنِسَائِھِمْ[۲۸۱]

ترجمہ: سب سے کامل ایمان والا وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں اور تم میں سب سے بہتر لوگ وہ ہیں جن کے برتاؤ اپنی بیویوں کے ساتھ اچھے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ کامل الایمان وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں اور تم میں سب سے بہتر لوگ وہ ہیں جن کے برتاؤ اپنی بیویوں کے ساتھ اچھے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اخلاق کا معیار یہ ہے کہ جس کا سلوک اپنی بیوی کے ساتھ اچھا ہو۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر روح المعانی میں ایک روایت نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شوہر کریم ہوتے ہیں ان پر عورتیں غالب آجاتی ہیں۔ غالب ہونے کے معنیٰ یہ ہیں کہ تیز باتیں کرلیتی ہیں، ناز نخرے دِکھادیتی ہیں، کیوں کہ ان کو ناز دِکھانے کا بھی حق حاصل ہے۔

---

[۲۸۱] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه و سلم اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا وَخِیَارُکُمْ خِیَارُکُمْ لِنِسَائِھِمْ. أخرجه الترمذي في سننه: ۲۱۹/۱، برقم (۱۱۶۲)، في باب ما جاء في حق المرأة على زوجها

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے عائشہ! جب تو مجھ سے خوش ہوتی ہے اور جب روٹھی ہوتی ہے تو مجھے پتا چل جاتا ہے۔ عرض کیا کہ آپ کیسے جان لیتے ہیں؟ فرمایا کہ جب تو مجھ سے خوش رہتی ہے تو کہتی ہے وَرَبِّ مُحَمَّدٍ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رب کی قسم! اور جب روٹھی ہوئی ہوتی ہے تو کہتی ہے وَرَبِّ اِبْرَاهِيْمَ ابراہیم کے رب کی قسم۔[۲۸۲]

معلوم ہوا کہ عورتوں کو تھوڑا سا روٹھنے کا حق ہے، یہ ان کا ناز ہے، لہٰذا اس کی بھی شریعت نے رعایت رکھی ہے۔ دیکھیے حدیث میں فرمایا يَغْلِبْنَ كَرِيْمًا یہ عورتیں غالب آ جاتی ہیں کریم شوہر پر وَيَغْلِبُهُنَّ لَئِيْمٌ اور جو لوگ بد اخلاق ہیں وہ ان پر ڈانٹ ڈپٹ مار پیٹ کر کے غالب آ جاتے ہیں۔

بعضے علاقوں کے بارے میں معلوم ہوا کہ پہلی رات عورت کو رعب میں لانے کے لیے بڑی پٹائی کرتے ہیں۔ استغفر اللہ کیا جہالت اور ظلم ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہدایت دے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: فَاُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ كَرِيْمًا مَّغْلُوْبًا میں محبوب رکھتا ہوں کہ میں کریم رہوں، چاہے مغلوب رہو وَلَا اُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ لَئِيْمًا غَالِبًا اور میں بد اخلاق ہو کر ان پر غلبہ نہیں حاصل کرنا چاہتا۔ اور بخاری شریف کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت مثل ٹیڑھی پسلی کے ہے۔ دیکھیے ٹیڑھی پسلیاں کام دے رہی ہیں یا نہیں؟ ان کو سیدھی کروگے تو ٹوٹ جائیں گی، لہٰذا ان کے ساتھ شفقت محبت اور رحمت سے معاملہ کیا جائے تو زندگی جنت کی ہو جاتی ہے۔

حضرت تھانوی فرماتے ہیں کہ ایک عورت نے سالن میں نمک تیز کر دیا تھا، اس کے شوہر نے اللہ تعالیٰ سے معاملہ کر لیا کہ اے خدا! ہاتھ ہی تو ہے، نمک تیز ہو گیا۔ اگر میری بیٹی نمک تیز کر دیتی تو میں یہی چاہتا کہ داماد اس کو معاف کر دے۔ لہٰذا اے خدا! میں آپ کی رضا کے لیے اس کو جو میری بیوی ہے لیکن آپ کی بندی بھی ہے، اس کی نسبت آپ کے ساتھ بھی ہے، اس کو معاف کرتا ہوں، حضرت تھانوی فرماتے ہیں کہ بے غیرت ہیں وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی سفارش وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ کو رد کرتے ہیں۔ ابھی ایک ڈی آئی جی یا کمشنر سفارش لکھ دے کہ اپنی بیوی کا خیال رکھنا۔ تو بتایئے کہ ہم لوگ کتنا خیال کریں گے؟ اور

---

۲۸۲ هذا حديث روى عن عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: «إِنِّي لَأَعْلَمُ إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً، وَإِذَا كُنْتِ عَلَى غَضْبَى» قَالَتْ: فَقُلْتُ: مِنْ أَيْنَ تَعْرِفُ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: "أَمَّا إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً، فَإِنَّكِ تَقُولِينَ: لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ، وَإِذَا كُنْتِ عَلَى غَضْبَى، قُلْتِ: لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيمَ" قَالَتْ: قُلْتُ: أَجَلْ وَاللهِ يَا رَسُولَ اللهِ، مَا أَهْجُرُ إِلَّا اسْمَكَ، اخرجه البخاری فی صحیحه: ۲/۷۸۷، فی باب غيرة النساء ووجدهن، المكتبة القديمية

اللہ تعالیٰ سفارش نازل فرمارہے ہیں کہ ان سے بھلائی کے ساتھ پیش آؤ۔ یہاں ہمارا کیا معاملہ ہے اور کیا ہونا چاہیے، ہر شخص اپنی حالت پر غور کرلے۔

لہٰذا اس شخص نے دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے معاملہ کرلیا اور بیوی کو معاف کردیا اور اس کو کچھ نہیں کہا۔ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اس کا انتقال ہوگیا، تو ایک بزرگ نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ تمہارے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیا معاملہ کیا؟ اس نے کہا کہ میاں! معاملہ تو بڑا خطرناک تھا۔ بڑے گناہوں کا معاملہ پیش ہوگیا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میری ایک بندی نے جس دن سالن میں نمک تیز کردیا تھا اور تم نے میری اس بندی کی خطا معاف کردی تھی، جاؤ اس کے صلہ میں آج تم کو معاف کرتا ہوں۔

حدیث نمبر ۸۶

مَنْ عَشِقَ وَكَتَمَ وَعَفَّ ثُمَّ مَاتَ فَهُوَ شَهِيْدٌ[۲۸۳]

ترجمہ: جو کسی پر عاشق ہوگیا اور اپنے عشق کو چھپایا اور پاک دامن رہا پھر وہ مر گیا تو وہ شہید ہے۔

حدیث مَنْ عَشِقَ وَكَتَمَ... الخ کی تشریح

اچانک نظر پڑنے سے اگر کسی سے دل لگ گیا تو اس پر صبر کرو، اس پر بھی ظاہر نہ کرو کہ ایک نظر تم پر پڑی تھی اس وقت سے تمہارے لیے دل بے چین ہے۔ عشقِ حرام کا اظہار بھی حرام ہے۔ حدیث شریف میں ہے اور یہ حدیث حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے **التشرّف بمعرفة احاديث التصوّف** میں بھی لکھی ہے کہ **مَنْ عَشِقَ** جو کسی پر عاشق ہوگیا، ایک ہی نظر میں گھائل ہوگیا اور قصداً دیکھا بھی نہیں، کہیں جاتے ہوئے نظر پڑ گئی، نظر ڈالی نہیں بلکہ پڑ گئی مگر ایک ہی نظر میں اسے عشق ہوگیا لیکن **وَكَتَمَ** اس نے اپنے عشق کو چھپایا، نہ خط لکھا، نہ اس کا ہاتھ پکڑا، نہ اس کی گلی میں گیا، نہ آنکھوں سے دوبارہ دیکھا، نہ کانوں سے اس کی بات سنی، نہ اس کی گلیوں کا چکر لگایا کیوں کہ جانتا تھا کہ یہ وہ لعنتی گلیاں ہیں جو اللہ کے عذاب میں مبتلا ہیں، جو ان گلیوں میں گیا اس کو ساری زندگی سر دُھننا پڑے گا، رونا پڑے گا، عذابِ الٰہی

---

[۲۸۳] ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر برقم (۸۸۵۳) عن ابن عباس رضی اللہ عنہما عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم: من عشق وکتم وعف ثم مات فھو شھید

میں مبتلا ہونا پڑے گا۔ یہ گلیاں تو اس قابل بھی نہیں کہ ان کا تذکرہ کیا جائے لیکن کر دیتا ہوں تاکہ ان کی حقیقت معلوم رہے، ورنہ کبھی دھوکا لگ جائے گا کہ شاید یہ گلی والے بھی کوئی اونچا مقام رکھتے ہیں، یہ سب نیچا مقام رکھتے ہیں۔ ارے! جو نیچے مقامات کی تلاش میں رہتے ہیں وہ نیچے لوگ ہیں۔

مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک بدعتی سے مناظرہ ہوا۔ بدعتی نے کہا کہ میں نے آپ کو نیچا دِکھا دیا۔ حضرت مفتی صاحب صدر مفتی دیوبند تھے، فرمایا کہ جی ہاں! ہم نے آپ کا نیچا دیکھ لیا۔ اللہ والوں کی حاضر جوابی ملاحظہ کیجیے۔ سارے مجمع میں شور ہو گیا اور وہ بدعتی ایک ہی جملے سے ہار کے بھاگ گیا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مَنْ عَشِقَ وَکَتَمَ وَعَفَّ ثُمَّ مَاتَ فَھُوَ شَھِیْدٌ کہ جس کو کسی سے عشق ہو گیا اور اس نے اپنے عشق کو چھپایا وَعَفَّ اور پاک دامن رہا، نہ جسم سے حرام لذت لی اور نہ دل میں اس معشوق کا خیال پکایا ثُمَّ مَاتَ پھر اُسی گھٹن اور مجاہدہ میں مر گیا تو وہ شہید ہے۔

شرح حدیث بعنوانِ دِگر

مَنْ عَشِقَ وَکَتَمَ وَعَفَّ فَمَاتَ فَھُوَ شَھِیْدٌ[۲۸۴]

حدیث مَنْ عَشِقَ وَکَتَمَ کی تشریح

اگر کوئی ایسا عاشق مزاج ہے کہ اس کو کسی کا عشق لگ گیا **التشرّف بمعرفۃ احادیث التصوّف** میں بھی یہ حدیث ہے مَنْ عَشِقَ وَکَتَمَ وَعَفَّ جو عاشق ہو گیا اور اپنے عشق کو چھپایا، کسی پر ظاہر نہیں کیا، نہ اُس معشوق سے زبان سے کہا اور نہ ہاتھ سے اشارہ کیا، نہ اس کو خط لکھا کہ میں آپ کے عشق میں بے چین ہوں، اپنے عشق کو دل میں پوشیدہ رکھا وَعَفَّ اور پاک دامن رہا، نہ آنکھوں سے اسے دیکھا اور نہ پاؤں سے اس کے پاس چل کر گیا، نہ ہاتھ سے اس کو چھوا، نہ زبان سے اس سے باتیں کیں، نہ کان سے اس کی باتیں سنیں، پوری ہمت سے کام لیا کہ نہ جسم کو اس کے قریب کیا نہ دل میں اس کا خیال پکایا فَمَاتَ پھر اسی گھٹن اور شدتِ غم سے مر گیا فَھُوَ شَھِیْدٌ تو وہ شہید ہو گا۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلامِ نبوت ہے، لہٰذا جو اس حدیثِ پاک کا مصداق ہو گا وہ یقیناً شہید ہے۔ اس میں کتنی بڑی بشارت ہے ان عاشق مزاجوں کے لیے جو باوجود انتہائی عاشقانہ مزاج کے عفیف اور پاک دامن رہیں۔ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

[۲۸۴] کنز العمال: ۳۷۲/۳ (۷۰۰۰)، حرف العین، منہا العشق، مؤسسۃ الرسالۃ

اے بسا زندہ شہیدے معتمد

اے لوگو! بہت سے آدمی زندہ ہیں مگر شہید ہیں، کیوں کہ اپنی خواہشات کا خون کر دیا ہے۔ بہت سے لوگ زندہ ہیں مگر شہید ہیں، کیوں کہ اللہ کی راہ میں اپنی ناجائز آرزوؤں کا خون پینا سیکھا ہے۔

لہٰذا اللہ تعالیٰ کی محبت میں جو بھی غم آئے اس کو نعمت سمجھو، تاکہ قیامت کے دن کہہ سکو کہ ہم آپ کے راستے میں اتنا غم اٹھا کر آئے ہیں اور گناہ کے تقاضوں کو روکنے میں، چاہے آدھی جان ہو جاؤ چاہے بے جان ہو جاؤ مگر ہمت سے کام لو ''ہمتِ مرداں مددِ خدا'' ہمت سے جو کام لیتا ہے، وہ بڑے سے بڑا گناہ چھوڑنے کی طاقت پا جاتا ہے۔ ہمت سے کام لو، بزدلی اور ہیجڑا پن مت دکھاؤ، اللہ کے سامنے لومڑیانہ چالیں مت چلو، اللہ تعالیٰ باخبر ہے۔ اللہ کے لیے گناہوں کے چھوڑنے میں پوری ہمت صرف کر دو، ان شاء اللہ تعالیٰ گناہوں کو چھوڑنے میں ایسا مزہ آئے گا جو بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں ہوا اور دنیا میں بھی عزت ملے گی، لیکن دنیا کی عزت کے لیے گناہوں کو مت چھوڑو، اللہ کی رضا کے لیے چھوڑو، عزت تو خود کتّی اور خادمہ بن کر آئے گی۔ عزت بھی اللہ والوں کے لیے ہے:

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ[۲۸۵]

مگر عزت کی نیت مت کرو، ربّ العزت کی نیت کرو کہ عزت کا رب مل جائے اور وہ راضی ہو جائے۔

اور غم سے مراد وہ مشقت بھی ہے جو نیک اعمال کرنے میں ہوتی ہے اور یہ بھی غم ہے، جیسے نماز پڑھنے کی مشقت، زکوٰۃ دینے کا غم، حج کی مشقت اور روزوں کی مشقت۔

حدیث نمبر ۸۷

مَنْ طَوَّلَ شَارِبَهٗ عُوْقِبَ بِأَرْبَعَةِ اَشْيَاءَ: لَا يَجِدُ شَفَاعَتِيْ وَلَا يَشْرَبُ مِنْ حَوْضِيْ وَيُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهٖ وَيَبْعَثُ اللهُ اِلَيْهِ الْمُنْكَرَ وَالنَّكِيْرَ فِيْ غَضَبٍ[۲۸۶]

---

۲۸۵ المنافقون:۸

۲۸۶ ذکرہ الشیخ زکریا رحمہ اللہ فی أوجز المسالک: ۲۷۰/۱۴، دار الکتب العلمیۃ/وفی الخمیس: أورد الکرمانی فی مناسکہ إثم تطویل

ترجمہ: جو لمبی مونچھیں رکھے گا اس کو چار قسم کا عذاب دیا جائے گا: وہ میری شفاعت نہیں پائے گا اور نہ وہ میرے حوض کوثر سے پانی پی سکے گا اور اس کو قبر میں عذاب دیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے پاس منکر نکیر کو غصے کی حالت میں بھیجیں گے۔

جو بڑی بڑی مونچھیں رکھے گا قیامت کے دن میری شفاعت نہیں پائے گا، نہ ہی اسے میرے حوضِ کوثر پر آنے دیا جائے گا، قبر میں اس کے پاس منکر نکیر غصہ کی حالت میں بھیجے جائیں گے اور اسے دردناک عذاب دیا جائے گا اور مونچھوں کا حکم یہ ہے کہ اگر بالکل برابر کرلو تو یہ اعلیٰ درجہ ہے اور اگر رکھنی ہی ہے تو کم از کم اوپر والے ہونٹ کا کنارہ کھلا رکھیں تو بھی ان شاء اللہ پاس ہو جائیں گے، لیکن اگر مونچھ اتنی بڑھ گئی کہ اوپر والے ہونٹ کا کنارہ ڈھک گیا تو سمجھ لو پھر اسی وعید کا خطرہ ہے جو حدیث میں وارد ہوئی ہے۔ کچھ لوگ داڑھی کا بچہ جو نیچے والے ہونٹ کے نیچے ہے اسے بھی منڈاتے ہیں، یاد رکھیں اس کا رکھنا بھی واجب ہے، یہ داڑھی کا بچہ ہے، اگر تمہارے بچے کو کوئی قتل کردے تو کیا تم خوش ہوگے؟ کتابوں میں لکھا ہے کہ اس کا منڈانا بھی جائز نہیں ہے، رکھنا ضروری ہے۔ تو داڑھی تینوں طرف سے ایک ایک مشت رکھیں یعنی ایک مشت دائیں طرف سے، ایک مشت سامنے سے اور ایک مشت بائیں طرف سے پھر داڑھی میں تیل لگا کر کنگھی کر کے دیکھو کہ کتنی خوبصورت لگے گی۔

حدیث نمبر ۸۸

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ[۲۸۷]

ترجمہ: اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اتنا فاصلہ کردیجیے جتنا مشرق اور مغرب میں ہے۔

الشوارب و عقوبته فقال: قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ طَوَّلَ شَارِبَهٗ عُوْقِبَ بِأَرْبَعَةِ اَشْیَاءَ لَا یَجِدُ شَفَاعَتِیْ وَلَا یَشْرَبُ مِنْ حَوْضِیْ وَیُعَذَّبُ فِیْ قَبْرِهٖ وَیَبْعَثُ اللهُ اِلَیْهِ الْمُنْکَرَ وَالنَّکِیْرَ فِیْ غَضَبٍ. انتھی

۲۸۷ ھذا مختصر من حدیث أبی ھریرة رضی اللہ عنه أنه قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَسْكُتُ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَةِ إِسْكَاتَةً قَالَ أَحْسِبُهٗ قَالَ هُنَيَّةً فَقُلْتُ بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللهِ إِسْكَاتُكَ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةِ مَا تَقُولُ قَالَ أَقُولُ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ. أخرجه البخاری فی صحیحه: ۱/۱۰۲، برقم (۷۴۴) فی باب مَا يَقْرَءُ بَعْدَ التَّكْبِيرِ. و مسلم فی صحیحه: ۱/۲۱۹، برقم (۱۳۸۲) فی باب مَا يُقَالُ بَيْنَ تَكْبِيرَةِ الإِحْرَامِ وَالْقِرَاءَةِ. أخرجه البخاری فی صحیحه: ۲/۹۴۲، برقم (۶۳۶۸)، فی باب التعوذ من المأثم والمغرم، ومسلم فی صحیحه: ۲/۳۴۷، برقم (۷۰۴۶)، فی باب التَّعَوُّذِ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ وَغَيْرِهَا

دیکھیے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کی کیا بلاغت ہے کہ جتنا مشرق میں جاؤ مغرب دور ہوتا جائے گا اور جتنا مغرب میں جاؤ مشرق دور ہوتا جائے گا۔ مشرق اور مغرب کا فاصلہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں مانگا؟ تاکہ گناہ کرنا محال ہوجائے، چوں کہ مشرق اور مغرب کا ملنا محال ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی مانگا کہ خطاؤں کو ہمارے لیے محال کردیجیے، ایسا ایمان دے دیجیے کہ جان دینا آسان ہوجائے مگر آپ کو ناراض کرنا ناممکن ہوجائے۔ جب زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دھمکی دی کہ اگر میرے ساتھ گناہ نہ کروگے تو تمہیں جیل خانہ میں ڈلوادوں گی، تو حضرت یوسف علیہ السلام کے مقامِ نبوت نے اعلان کیا :

رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَیْهِ[۲۸۸]

اے میرے رب! قید خانہ مجھے زیادہ عزیز ہے اس بات سے کہ میں گناہ کروں۔ تو جب زلیخا نے گناہ کی دعوت دی تو حضرت یوسف علیہ السلام کی جانِ نبوت نے وہاں بیٹھ کر دعا نہیں کی بلکہ وہاں سے فوراً بھاگے، اس لیے گناہ سے فوراً بھاگو۔ گناہ سے بھاگنا نبی کی سنت ہے، اپنے تقویٰ پر ناز نہ کرو، ورنہ بڑے بڑے متقیوں کا منہ شیطان کالا کردیتا ہے۔ گناہ سے اتنا دور بھاگ جاؤ کہ اس کے دائرۂ کشش سے نکل جاؤ، پھر اللہ سے رجوع کرو۔ توبہ کرو اور مدد مانگو، گناہ کے دائرۂ کشش میں نہ رہو، ورنہ گناہ پھر کھینچ لے گا۔ بس گناہ سے توبہ کرو اور گناہوں کو زہرِ قاتل سمجھو، جیسے زہر قتل کردیتا ہے ویسے ہی گناہ تمہارے ایمان کو قتل کردے گا۔

گناہ سے بچنے کا سب سے بڑا انعام یہ ہے کہ اللہ اپنا ولی بنالیتا ہے، ورنہ ہزاروں تہجد، اشراق، اوّابین نفلوں پر نفلیں، رات بھر تلاوت کا نور ایک گناہ تباہ کردیتا ہے۔ بس اللہ کو راضی کرو، قیامت کے دن اللہ ہی کام آئے گا، یہ حسین کام نہیں آئیں گے، حسین مرد ہو یا عورت کچھ دن میں ان پر بڑھاپا آئے گا یا نہیں؟ کیا یہ ہمیشہ حسین رہیں گے؟ آج سولہ سال کی جو لڑکی پاگل کررہی ہے، یہ بڈھی ہونے کے بعد ایسے ہی پاگل کرے گی؟ اسی طرح اگر لڑکے کا حسن کسی کو پاگل کررہا ہے تو جب یہ اسّی برس کا ہوجائے گا، کمر جھک جائے گی، بارہ نمبر کا چشمہ لگ جائے گا تب کیا کروگے اور کہاں جاؤگے؟ اللہ سے ڈرو، جہنم کا پیٹ بھرنے کا سامان نہ کرو، جس کو جوانی میں آج پاگل کی طرح دیکھ رہے ہو لیکن اس کے بڑھاپے میں کیا کرتے ہو۔

میر کا معشوق جب بڈّھا ہوا
بھاگ نکلے میر بڈّھے حسن سے

---

۲۸۸ یوسف: ۳۳

خدا کے لیے منہ کالا کرنے والے اعمال سے بچو، بہت بچو، بہت بچو۔ ان سے عزت نہیں ملتی، خود معشوق یا معشوقہ کی نظر میں آدمی ذلیل ہو جاتا ہے چاہے کتنی بڑی داڑھی ہو اور سفید بھی ہو۔ وہ بھی کہتے ہیں کہ بایزید بسطامی کی شکل میں یہ ننگ یزید کہاں سے آگیا؟ گناہوں میں عزت نہیں ہے، ذلت ہی ذلت ہے اور پریشانی ہی پریشانی ہے۔

حدیث نمبر ۸۹

اَلتَّوَدُّدُ اِلَی النَّاسِ نِصۡفُ الۡعَقۡلِ[۲۸۹]

ترجمہ: لوگوں سے دل نہ چاہتے ہوئے بھی محبت کرنا آدھی عقل ہے۔

اَلتَّوَدُّدُ بابِ تفعّل ہے، بابِ تفعّل میں تکلّف کا خاصہ ہے یعنی اگر دل نہ بھی چاہے تب بھی محبت کرو، دل چاہنے پر محبت کرنا کیا کمال ہے؟ کمال یہ ہے کہ دل نہ چاہے پھر بھی محبت کرو، دوست ہی نہیں دشمن سے بھی بہ تکلف محبت کرو، کیوں کہ دوست سے محبت کرنا کمال نہیں ہے، دشمن سے محبت کرنا کمال ہے کیوں کہ اس سے محبت کرنے کو دل نہیں چاہتا، اس بہ تکلف محبت کرنے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ یہ آدھی عقل ہے یعنی تمام عقل کا اگر آدھا کر دیا جائے تو آدھی عقل اَلتَّوَدُّدُ اِلَی النَّاسِ ہے یعنی لوگوں سے بہ تکلف محبت کرنا۔ باب تفعّل اسی لیے استعمال فرمایا کہ بعض لوگوں سے مناسبت نہیں ہوتی ان سے محبت سے پیش آنے کو جی نہیں چاہتا، مگر ان کو بھی دیکھو تو بہ تکلف کہو کہ آہا! السلام علیکم! بھائی مزاج اچھے ہیں! تودد دین تو ہے ہی دنیا کی بھی راحت ہے، کیوں کہ دل خوش رہتا ہے۔

اَلتَّوَدُّدُ باب تفعّل اس لیے استعمال فرمایا کہ محبت کرنے کو دل نہیں چاہتا پھر بھی اچھے اخلاق سے پیش آتا ہے، مناسبت نہیں ہے وحشت ہوتی ہے، محبت نہیں معلوم ہوتی پھر بھی اللہ کے رسول کا حکم سمجھ کر بہ تکلّف محبت سے پیش آتا ہے، ملاقات ہوتی ہے تو خیر و عافیت معلوم کر لیتا ہے۔ اس لیے دل کے غلام نہ بنو اللہ کے غلام بنو۔ بابِ تفعّل میں تکلف کا خاصہ ہے یعنی بہ تکلف محبت کرو اگرچہ دل نہیں چاہتا اور اِلَی النَّاسِ میں الف لام استغراق کا ہے کہ ساری دنیا کے انسانوں سے محبت کرو یہاں تک کہ کافر سے بھی محبت

---

[۲۸۹] هذا مختصر من أثر ميمون بن مهران رحمه الله تعالى أنه قَالَ: '' التَّوَدُّدُ إِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ، وَحُسْنُ الْمَسْأَلَةِ نِصْفُ الْفِقْهِ، وَرِفْقُكَ فِي مَعِيشَتِكَ يلْقَى نِصْفَ الْمُؤْنَةِ '' أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۴/۵،۱۶۷/۲۵۴ برقم (۲۶۸۶،۶۵۶۷)، دار الكتب العلمية

کرو عقلاً تو دشمنی رکھو کہ یہ میرے اللہ کا دشمن ہے لیکن اس حیثیت سے کہ اللہ کی مخلوق ہے، وہ آئے تو خیر و عافیت پوچھ لو اور اگر تمہارا مہمان ہے تو بادلِ ناخواستہ چائے پانی بھی کر دو تاکہ وہ سمجھے کہ مسلمان ایسے اخلاقِ عالیہ کے ہوتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاقِ عالیہ دیکھو کہ ایک کافر آیا جو اپنی قوم کا سردار تھا، آپ نے اپنی چادر بچھا دی کہ بیٹھو۔ چادرِ نبوت پر ایک کافر بیٹھا ہوا ہے لیکن آپ نے اس کی اس لیے عزت کی کہ اگر وہ اسلام لے آیا تو اس کے اسلام لانے سے اس کی قوم کے بہت سے لوگ مسلمان ہو جائیں گے۔ اَنْزِلُوا النَّاسَ بِقَدْرِ مَنَازِلِهِمْ جس مرتبہ کا آدمی آئے چاہے کافر ہی کیوں نہ ہو اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرو، بظاہر اکرام کرو لیکن دل میں اس کافر کی عزت نہ ہو، دل میں بغض رکھو، یہ اسلام ہے کہ باوجود دل میں بغض ہونے کے اچھے اخلاق سے پیش آنے کا حکم دے رہا ہے تاکہ اس تودد کی برکت سے اسلام پھیلے۔

حدیث اَلتَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی مشکلات حل فرمادیں۔ جس سے دل نہ ملے اس سے بھی محبت کرنے کو آپ نے آدھی عقل فرمایا۔ معلوم ہوا کہ جو بے وقوف ہے وہ مخلوق سے محبت نہیں کرتا اور اس وجہ سے مخلوق کو قابو میں نہیں رکھتا۔ محبت کرنے والے سے سب لوگ قابو میں آجاتے ہیں۔ اگر دل نہیں بدلے گا تو کم از کم نقصان نہیں پہنچائے گا کیوں کہ وہ احسان سے دبا رہے گا، شرم آئے گی کہ لوگ کیا کہیں گے کہ اپنے محسن کے ساتھ بھی بدتمیزی کرتا ہے۔ اس لیے دشمن کے ساتھ بھی محبت کرو۔

حدیث نمبر ۹۰

اِذَا رُأُوْا ذُكِرَ اللهُ [۲۹۰]

ترجمہ: اللہ والے وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ یاد آجائے۔

---

[۲۹۰] هذا مختصر من حديث أسماء بنت يزيد رضي الله عنها أَنَّها سَمِعَتْ رَسُولَ الله صَلَّى الله عَلَيه وسَلَّمَ، يقُولُ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخِيارِكُمْ؟ قَالُوا: بَلٰى، يا رَسُولَ الله، قَالَ: خِيارُكُمُ الَّذِينَ إِذَا رُؤُوا ذُكِرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ. أخرجه ابن ماجة في سننه: ۳۰۳، برقم (۴۱۱۹) في بَاب مَنْ لَا يؤُبَه لَه. و أحمد في مسنده: ۶/۴۸۱، برقم (۲۶۶۸)، دار الكتب العلمية، و روى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ الله عَنْهُمَا قال: قَالَ رَجُلٌ: يا رسولَ الله، من أولياء الله؟ قال: الذين إذا رؤوا ذكر الله. أخرجه البزار في مسنده: ۱۱/۲۵۱، مكتبة العلوم و الحكم برقم (۵۰۳۴). وروى عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ موقوفًا قَالَ: ''إِنَّ مِنَ النَّاسِ مَفَاتِيحَ ذِكْرِ الله إِذَا رُؤُوا ذُكِرَ الله''، أخرجه البيهقي في شعب الإيمان: ۵/۲۹۷، دار الكتب العلمية برقم (۶۷۰۸).

حدیث اِذَا رُأُوْا ذُكِرَ اللهُ کی تشریح

حضرت والا کھانا تناول فرمانے کے بعد ٹہلنے کے لیے مدرسہ کے ہال میں تشریف لائے۔ تھوڑی دیر چہل قدمی فرما کر کرسی پر تشریف فرما ہوئے۔ ایک صاحب کو دیکھ کر مخاطب فرمایا کہ یہ آئسکریم بناتے ہیں، میں ان کی آئسکریم کھا چکا ہوں، ان کو جب دیکھتا ہوں تو آئسکریم یاد آتی ہے تو اللہ والوں کو دیکھ کر اللہ یاد آنے میں کیا اِشکال ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پر ایمان لانا تو فرض ہے، **اِذَا رُأُوْا ذُكِرَ اللهُ**[۲۹۱] اللہ والے وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ یاد آجائے۔ میرے شیخ حضرت پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ ہر چیز اس کے والوں سے ملتی ہے، آلو والے ہیں تو ان سے آلو ملے گا، کباب والے سے کباب ملے گا، امرود والے سے امرود ملے گا، کپڑے والوں سے کپڑا ملے گا، اسی طرح اللہ والوں سے اللہ ملے گا۔ اس کی دلیل قرآن شریف میں ہے:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ[۲۹۲]

اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرکے گناہ چھوڑ کر تم اللہ تعالیٰ کے دوست بن جاؤ لیکن کیسے بنو گے؟ جو میرے دوست ہیں اور جو تقویٰ میں سچے ہیں ان کے پاس رہ پڑو۔ اللہ تعالیٰ بے مثل ہیں، عظیم الشان ہیں، پاک ہیں لیکن اپنے ناپاک بندوں کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا رہے ہیں کہ اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو اور میرے دوست بن جاؤ، کیوں کہ میرے دوست صرف تقویٰ والے ہیں **اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗۤ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ**۔

حدیث نمبر ۹۱

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْئَلُكَ شَوْقًا اِلٰى لِقَآئِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ[۲۹۳]

---

۲۹۱ سنن ابن ماجۃ: ۴۴۰(۴۱۱۹)، باب من لا یؤبہ لہ، المکتبۃ الرحمانیۃ/التشرف بمعرفۃ احادیث التصوف: ۳۱۷

۲۹۲ التوبۃ: ۱۱۹

۲۹۳ هذا دعاء عمار بن ياسر رضی الله عنهما الذی رواه عطاء بن السائب رحمه الله تعالٰی. أخرجه أبو يعلى فی مسنده: ۲/۱۲۸، دار الكتب العلمية برقم (۱۶۲۱) و الحاكم فی المستدرك: ۱/۷۰۵-۷۰۶، دار الكتب العلمية برقم (۱۹۲۳). و روى عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ وَأَمَرَهُ أَنْ يَتَعَاهَدَ أَهْلَهُ فِي كُلِّ صَبَاحٍ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَإِلَيْكَ... الخ أخرجه الحاكم فی المستدرك: ۱/۶۹۷، برقم (۱۹۰۰)، دار الكتب العلمية

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے ملاقات کا شوق مانگتا ہوں، جو مضر نہ ہو اور اس سے کوئی گمراہی کا فتنہ نہ پیدا ہو۔

حدیث شَوْقًا اِلٰی لِقَآئِكَ کی شرح

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی محبت کا غم ہمیشہ گرم رہتا ہے اس کے علاوہ دنیا کے سارے ہنگامے ٹھنڈے پڑ جاتے ہیں۔ آج جو بچہ ہے کل دولہا بنا پھر بابا ہو گیا پھر دادا ہو گیا پھر قبر میں لیٹ گیا۔ سب ہنگامے سرد ہو گئے۔

زیں سبب ہنگامہ ہا شد کُل ھَدَر
باشد ایں ہنگامہ ہر دم گرم تر

بس اللہ تعالیٰ کی محبت کا ہنگامہ ہر دم گرم تر رہتا ہے، باقی سارے ہنگامے فانی ہیں۔ شادی بیاہ کی خوشیاں منائی جا رہی ہیں، پھر بچوں کی پیدائش پر خوشیاں منائی جا رہی ہیں۔ آج خوشیاں منائی جا رہی ہیں کل کو غمی ہو رہی ہے، جن کے ہاتھوں سے آؤ بھگت ہو رہی تھی ان ہی ہاتھوں سے دفن کر رہے ہیں، جس بیوی کے لیے ہر وقت بے چین رہتے تھے اس بیوی کے دانت ٹوٹ گئے اور آنکھوں پر بارہ نمبر کا چشمہ لگ گیا، کمر جھک گئی تو نازُکی اُس کمر کی کہاں گئی؟ بس یہی ہے دنیا یہاں کی ہر چیز فانی ہے۔ اس لیے دنیا دل لگانے کے قابل نہیں ہے۔ ایک وقت ہے کہ بچہ ہوتا ہے پھر جوان ہوتا ہے پھر بابا بن جاتا ہے پھر دادا بن جاتا ہے اور بعض لوگ پردادا بھی ہو جاتے ہیں لیکن ایک دن اللہ سے ملاقات کرنا ہے اس لیے یہ دعا کیجیے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ شَوْقًا اِلٰی لِقَآئِكَ مِنْ غَیْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

یا اللہ! میں آپ سے ملاقات کا شوقِ طلب مانگتا ہوں، یہ مطلوبِ نبوت ہے، دنیا والے مرتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ ہائے میرا مکان! ہائے میری کار! ہائے میری شاندار مرسڈیز! ہائے یہ کون لے گا؟ یہ کہاں جائے گی اور اللہ والے کس طرح مرتے ہیں شَوْقًا اِلٰی لِقَآئِكَ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کی تڑپ لے کر جاتے ہیں۔ مگر وہ طلب ایسی ہے جو مطلوب بشرطِ شئی ہے غَیْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ اللہ تعالیٰ اپنی ملاقات کا شوق دے مگر وہ ایسا ہو جو مضر نہ ہو، ایسا نہ ہو کہ شوق میں ہم بیمار ہو جائیں یا دماغی توازن کھو بیٹھیں۔ ایسا شوق ہو جو ہمارے جسم کو نقصان نہ دے وَلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اور دوسروں کو بھی نقصان نہ دے یعنی اس سے کوئی فتنہ گمراہی کا نہ پیدا ہو اور فتنۂ گمراہی کیسے پیدا ہو گا کہ ہائے میرے اللہ! ہائے میرے اللہ! آپ کہاں ملیں گے اور سب بیوی بچوں اور کاروبار کو چھوڑ کر جنگل کو نکل گئے تو یہ دوسروں کے لیے بھی فتنہ ہے۔ یا غلبۂ شوق میں زیادہ آلودۂ

شوق ہو کر کوئی بدعت ایجاد کر دی جو شریعت میں جائز نہ ہو اور اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہ ہو، مثلاً غلبۂ شوق میں گانے بجانے لگے تو ایسا شوق فتنہ بن گیا، گمراہی کا سبب بن گیا۔ دیکھیے یہ کلامِ نبوت کا اعجاز ہے کہ شوقِ ملاقاتِ الٰہی کو مقید کر دیا کہ ایسا شوق عطا ہو جو ہمارے لیے بھی مضر نہ ہو اور دوسروں کے لیے بھی مضر اور گمراہی کا باعث نہ ہو۔

حدیث نمبر ۹۲

اَلْمَرْاَۃُ کَالضِّلَعِ اِنْ اَقَمْتَھَا کَسَرْتَھَا وَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِھَا اسْتَمْتَعْتَ بِھَا وَفِیْھَا عِوَجٌ[۲۹۴]

ترجمہ: عورت مثل ٹیڑھی پسلی کے ہے، اگر تم اس کو سیدھا کرو گے تو توڑ دو گے اور اگر اسی حالت میں اس سے نفع اٹھاتے رہو گے تو نفع اٹھالو گے دراں حالیکہ وہ ٹیڑھاپن اس میں باقی رہے۔

بیویوں کے ساتھ نرمی کیجیے

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ عورت پسلی کی طرح ٹیڑھی ہے اگر اسے سیدھا کرنے کی کوشش کی تو ٹوٹ جائے گی اور اگر اس سے ٹیڑھے پن کے ساتھ فائدہ اٹھایا تو فائدہ پہنچائے گی۔ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اپنی بیوی کو مار مار کر سیدھی کر دیں گے، جو اپنی بیوی کو مار مار کر سیدھی کرتا ہے اس کو چاہیے کہ پہلے اپنی پسلی سیدھی کرے، اگر لوگ ہسپتال میں جاکر اپنی پسلی سیدھی کرائیں گے تو ٹوٹ جائے گی یا نہیں؟ آج کتنے گھر اِن ہی لڑائیوں کی وجہ سے برباد ہو گئے۔ اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اپنی بیوی کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ، کچھ لوگ دوستوں کے ساتھ تو خوب ہنستے بولتے ہیں مگر جب بیوی کے پاس پہنچتے ہیں تو آنکھیں لال ہوتی ہیں، فرعون بنے ہوتے ہیں جبکہ کچھ لوگ بایزید بسطامی بنے آنکھیں بند کیے تسبیح پڑھتے ہوئے گھر میں داخل ہوتے ہیں، دونوں عمل سنت کے خلاف ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر میں تشریف لاتے تو مسکراتے ہوئے آتے اور فرماتی ہیں۔

---

[۲۹۴] هذا حديث أبي هريرة رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: اَلْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ إِنْ أَقَمْتَها كَسَرْتَها وَإِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِها اسْتَمْتَعْتَ بِها وَفِيها عِوَجٌ. أخرجه البخاري في صحيحه: ۲/۷۷۹، برقم (۵۱۸۴)، في باب الْمُدَارَاة مَعَ النِّسَاءِ. و مسلم في صحيحه: ۱/۴۷۵، برقم (۳۷۱۷) في باب الْوَصِيَة بِالنِّسَاءِ

لَنَا شَمْسٌ وَّ لِلْاٰفَاقِ شَمْسٌ
وَشَمْسِیْ خَیْرٌ مِّنْ شَمْسِ السَّمَاءِ

فَاِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ بَعْدَ فَجْرٍ
وَشَمْسِیْ طَالِعٌ بَعْدَ الْعِشَاءِ

یہ کس کا شعر ہے؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ اور ہم سب کی ماں ہیں، یہ اُن کا شعر ہے کہ ایک سورج میرا ہے اور ایک سورج آسمان کا ہے، میرا سورج آسمان کے سورج سے افضل و بہتر ہے یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، کیوں کہ آسمان کا سورج فجر کے بعد نکلتا ہے اور میرا سورج عشاء کی نماز کے بعد طلوع ہوتا ہے۔

حدیث نمبر ۹۳

اَلتَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِنَابَةُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ[۲۹۵]

ترجمہ: (اللہ تعالیٰ جس کی ہدایت کا ارادہ فرماتے ہیں تو) اس کا دل دنیا سے اُچاٹ ہو جاتا ہے اور وہ آخرت کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور موت کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کر لیتا ہے۔

شرحِ صدر کی علامات

اللہ تعالیٰ جس کی ہدایت کا ارادہ کرتا ہے اور اپنا نور اس کے دل میں ڈالتا ہے تو اس پر تین علامات ظاہر ہو جاتی ہیں: نمبر ۱۔ اَلتَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ دنیا سے اس کا دل اُچاٹ ہو جاتا ہے، سب حسین مردہ

۲۹۵ هذا حديث عبد الله بن مسعود رضى الله عنه أنه قَالَ: تَلَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: ''فَمَنْ يُرِدِ اللهُ أَنْ يَهدِيَه يَشْرَحْ صَدْرَه لِلإِسْلَامِ'' فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ النُّورَ إِذَا دَخَلَ الصَّدْرَ انْفَسَحَ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ هَلْ لِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ يُعْرَفُ؟ قَالَ: نَعَمْ۔ اَلتَّجَافِي عَنْ دَارِ الْغُرُورِ، وَالإِنَابَةُ إِلَى دَارِ الْخُلُودِ، وَالاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُولِه. أخرجه الحاكم فى المستدرك: ۳۴۶/۴، برقم (۷۸۶۳)، دار الكتب العلمية

نظر آتے ہیں، کتنی ہی خوبصورت عورتیں سامنے ہوں سمجھتا ہے کہ سب قبر میں جانے والی ہیں، ساری دنیا اس کو مُردار نظر آتی ہے، دنیا دھوکے کا گھر ہے، جب قبر میں جنازہ اُترتا ہے تو کسی کی بیوی ساتھ جاتی ہے؟ کاروبار، موٹر، ٹیلی فون کیا قبر کے اندر جاتا ہے؟ اس لیے اس کا دل سمجھ جاتا ہے کہ یہ سب چند روز کے دوست ہیں، زمین کے نیچے میرا اللہ ہی کام آئے گا، اس لیے وہ اللہ تعالیٰ کی محبت کو اپنے اوپر بیوی بچوں سے بھی زیادہ غالب رکھتا ہے، کاروبار سے بھی زیادہ غالب رکھتا ہے، موٹر اور کار سے بھی زیادہ غالب رکھتا ہے اور ساری دنیا، ساری کائنات بلکہ سورج اور چاند سے بھی رُوکش ہو جاتا ہے۔

خدا کی یاد میں بیٹھے جو سب سے بے غرض ہو کر
تو اپنا بوریا بھی پھر ہمیں تختِ سلیماں تھا

اور ؎

تمنّا ہے کہ اب کوئی جگہ ایسی کہیں ہوتی
اکیلے بیٹھے رہتے یاد ان کی دل نشیں ہوتی

ستاروں کو یہ حسرت ہے کہ وہ ہوتے مرے آنسو
تمنّا کہکشاں کو ہے کہ میری آستیں ہوتی

دِکھاتے ہم تمہیں اپنے تڑپنے کا مزہ لیکن
جو عالَم بے فلک ہوتا جو دنیا بے زمیں ہوتی

جب ہم اللہ تعالیٰ کی یاد میں تڑپ کر اوپر جاتے ہیں تو ہم کو آسمان روکتا ہے، نیچے تڑپ کے آتے ہیں تو زمین روکتی ہے۔ ایک اللہ والے کا شعر ہے ؎

نہیں کرتے ہیں وعدہ دید کا وہ حشر سے پہلے
دلِ بے تاب کی ضد ہے ابھی ہوتی یہیں ہوتی

اہل اللہ سے بدگمانی کرنے والو! سن لو کہ خواجہ صاحب کیا فرماتے ہیں، اس سے پتا چلتا ہے کہ اللہ والوں کی زندگی کس طرح گزرتی ہے۔

پتا چلتا کہ غم میں زندگی کیوں کر گزرتی ہے
ترے قالب میں کچھ دن کو مری جانِ حزیں ہوتی

کسی اللہ والے کی جان تمہارے جسم میں ڈال دی جائے تب پتا چلے گا کہ وہ کتنی تلوار کھاتے ہیں، ہر گناہ سے بچتے ہیں، اللہ کے لیے ہر وقت غم اُٹھاتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ شہیدوں کے ساتھ اُٹھائے جائیں گے۔ جو عورتوں سے نظر بچائے گا، برے برے گندے تقاضوں کا خون کرے گا، بری خواہش پر اللہ کے حکم کا چاقو چلائے گا وہ قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ اُٹھایا جائے گا، کافر سے لڑ کر گردن پر جو تلوار چلتی ہے اس خون کو دنیا دیکھتی ہے، لیکن جو اندر ہی اندر تقویٰ کے لیے اپنی بری خواہشات کا خون کر رہے ہیں اس خون کو صرف اللہ دیکھتا ہے۔ دیکھو تفسیر بیان القرآن میں ہے کہ سالکین اور جہادِ اکبر یعنی نفس کا مقابلہ کر کے جو لوگ گناہ چھوڑتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو شہیدوں کے ساتھ اُٹھائے گا۔

شرحِ صدر یعنی سینہ کھلنے کی دوسری علامت ہے کہ اَلْاِنَابَۃُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ ہندو سادھو بھی اَلتَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ پر عمل کر لیتا ہے، مگر آخرت کی طرف وہ متوجہ نہیں ہوتا اس لیے دوسری شرط لگادی وَالْاِنَابَۃُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ اس کو ہر وقت آخرت کی یاد رہتی ہے جیسے اگر مچھلی پانی سے نکالی جائے تو اسے ہر وقت پانی ہی کی یاد رہتی ہے ایسے ہی اُنہیں بھی ہر وقت آخرت کی یاد رہتی ہے۔ اور شرحِ صدر کی آخری علامت ہے وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِہٖ موت کے آنے سے پہلے قضا نماز اور قضا روزے ادا کر لیتے ہیں، زکوٰۃ کا بقایا دے دیتے ہیں، اپنی فائل درست رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

نہ جانے بلالے پیا کس گھڑی
تو رہ جائے تکتی کھڑی کی کھڑی

حدیث نمبر ۹۴

یَا مَنْ لَّا تَضُرُّہُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُہُ الْمَغْفِرَۃُ فَاغْفِرْلِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ وَھَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ[۲۹۶]

---

۲۹۶ هذا دعاء أبي بكر الساسي الواعظ رواه البيهقي في شعب الإيمان: ۵/۴۶۵، دار الكتب العلمية برقم (۷۳۰۵) قال أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الله

ترجمہ: اے وہ ذات جس کو (ہمارے) گناہوں سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا! اور نہ ہی اس کی مغفرت میں کمی ہوتی ہے، پس میری مغفرت فرمادیجیے جس سے آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا اور مجھے عطا فرمادیجیے جس کی آپ کے ہاں کمی نہیں ہوتی۔

حدیث یَا مَنْ لَّا تَضُرُّہُ الذُّنُوْبُ کی انوکھی شرح

دعا مانگنے کا حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ [۲۹۷]

مجھ سے مانگو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ لَّمْ یَسْأَلِ اللہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ [۲۹۸]

جو اللہ تعالیٰ سے نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے۔ اس لیے خوب مانگو، بغیر مانگے نعمتوں کا انتظار نہ کرو جیسے کوئی کریم کہے کہ میری کھڑکی کو کھٹکھٹاؤ تو میں عطا کروں گا۔ پھر اگر کوئی نہیں کھٹکھٹاتا تو یہ نعمت کی ناقدری ہے اور کریم سے استغناء ہے پھر محروم رہے تو کیا تعجب ہے؟ اور اس اعتبار سے ایک مثال اللہ تعالیٰ نے ابھی دل میں عطا فرمائی کہ جیسے اس زمانہ میں کارڈ ملتا ہے کہ بینک میں ڈالو اور پیسہ لے لو ایسے ہی دعا کا کارڈ ڈالو اور قبولیت کا پیسہ لے لو۔

اور یہ بھی نہ سوچو کہ ہم تو بہت گناہ گار ہیں، ہماری دعا کیسے قبول ہوگی؟ بس ایک بار دل سے خوب توبہ کرکے پھر گناہوں کو یاد بھی نہ کرو کہ ہمارا پالا ارحم الراحمین سے ہے، اس کی رحمت سے امید رکھو، گناہوں کو اور گناہوں کی تباہ کاریوں کو یاد نہ کرو کہ۔

مصر بودیم و یکے دیوار ماند

الحَافِظُ، سَمِعْتُ أَبَا أَحْمَدَ مُحَمَّدَ بْنَ أَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ السَّاسِي الْوَاعِظَ، يقُولُ فِي دُعَاءِهٖ: ''يا مَنْ لَا تَضُرُّہُ الذُّنُوبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِي مَا لَا يضُرُّكَ وَأَعْطِنِي مَا لَا ينْقُصُكَ''، و أخرجه أيضًا أبو بكر الدينوري المالكي في المجالسة: ۶/۹۰-۹۱، دار ابن حزم، برقم (۲۴۱۴) قال حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَبِيبٍ، نا أَبُو حُذَيفَةَ، عَنْ سُفْيانَ الثَّوْرِي؛ قَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللہُ عَنْهُ كَانَ يدْعُو: اللهمَّ إِنَّ ذُنُوبِي لا تَضُرُّكَ، وَإِنَّ رَحْمَتَكَ إِيايَ لا تَنْقُصُكَ؛ فَاغْفِرْ لِي مَا لا يضُرُّكَ وَأَعْطِنِي مَا لا ينْقُصُكَ

۲۹۷ المؤمن: ۶۰

۲۹۸ جامع الترمذی: ۵/۴۵۶، باب منه، شركة مكتبة و مطبعة مصطفى البابي الحلبي، مصر

ہم دین کا ایک شہر تھے، گناہوں سے ہم نے پورے شہر کو تباہ کرلیا، اب ہم صرف ایک دیوار رہ گئے۔ اے اللہ! اگر یہ دیوار بھی گر گئی تو ہمارا کوئی ٹھکانہ نہ ہوگا لیکن میں کہتا ہوں کہ اگر شیطان وہ دیوار بھی گرادے تو اے اللہ! آپ دوبارہ شہر آباد کرسکتے ہیں۔ شیطان کی منتہائے تخریب کو آپ اپنے ارادۂ تعمیر کے نقطۂ آغاز سے درست فرماسکتے ہیں لہٰذا مایوس نہ ہو، اُن کی چوکھٹ باقی ہے ہماری پیشانی باقی ہے، ان کا در باقی ہے ہمارا سر باقی ہے ؎

بڑھ کے مقدر آزما سر بھی ہے سنگِ در بھی ہے

اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ **یَا مَنْ لَّا تَضُرُّہُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُہُ الْمَغْفِرَۃُ فَاغْفِرْلِیْ مَا لَا یَضُرُّکَ وَھَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُکَ** پکارنے کا کیا پیارا انداز ہے اور پکارنے والا بھی کیسا پیارا ہے اور جس کو پکارا جارہا ہے وہ بھی کیسا پیارا ہے کہ پیاروں کا پیارا ہے۔ اے وہ ذات جو اپنی ذات وصفات میں غیر محدود ہے! اس لیے ہمارے گناہ آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے کیوں کہ نقصان ہمیشہ محدود میں ہوتا ہے، غیر محدود میں نقصان نہیں ہوتا اور ہمارے گناہ خواہ کتنی ہی اکثریت میں ہوں محدود ہیں کیوں کہ ان پر عدد کا اطلاق ہوسکتا ہے اور جس چیز پر عدد کا اطلاق ہوجائے وہ معدود ہے اور ہر معدود محدود ہے اور غیر محدود معدود نہیں ہوسکتا؟ کیوں کہ اس پر عدد کا اطلاق اور فٹنگ نہیں ہوسکتی۔ پس ہمارے محدود گناہ آپ کی عظمتِ غیر محدود کو کیسے نقصان پہنچا سکتے ہیں کیوں کہ ہماری طاقت محدود آپ کی طاقت غیر محدود تک پہنچ بھی نہیں سکتی جبکہ آپ کی ایک ادنیٰ مخلوق سورج پر اگر ساری دنیا مل کر تھوکے تو تھوک الٹا ان کے منہ پر آئے گا، سورج کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ جب آپ کی مخلوق کا یہ حال ہے تو آپ کی شان تو فہم وادراک سے بالاتر ہے **فَسُبْحَانَ اللہِ وَ تَعَالٰی شَانُہٗ عُلُوًّا کَبِیْرًا** اور مضارع استعمال فرمایا کہ حالاً نہ استقبالاً ہمارے گناہ آپ کو مطلق نقصان رساں نہیں ہوسکتے اور **اَلذُّنُوْبُ** میں الف لام استغراق کا ہے کہ گناہ کا کوئی فرد اس سے خارج نہیں یعنی گناہ کے جملہ انواع واقسام آپ کو ذرّہ برابر نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

وَلَا تَنْقُصُہُ الْمَغْفِرَۃُ اور اے وہ ذات جو ہمارے گناہوں کی محدود اکثریت کو اگر معاف فرمادے تو اس کے غیر محدود خزانۂ مغفرت میں کوئی کمی نہیں آسکتی! اور "لا" داخل ہونا دلیل ہے کہ مغفرت لامحدود ہے، یہاں بھی عدد فٹ نہیں ہوسکتا کیوں کہ کمی اور نقصان مستلزم ہے عدد کو اور معدود مستلزم ہے محدود کو جیسے اگر کسی جھیل میں نو کروڑ ٹن پانی ہے اور اس میں سے دس ہزار ٹن پانی نکال لیا تو کہتے ہیں کہ جھیل میں پانی کم ہوگیا۔ تو جس طرح کسی چیز پر عدد کا فٹ ہوجانا دلیل ہے کہ وہ محدود ہے اسی طرح جس چیز پر منفی اور مائنس لگ جائے وہ بھی محدود ہے، غیر محدود پر کمی کا اطلاق نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کی

صفتِ مغفرت پر نہ عدد فٹ ہو سکتا ہے، نہ منفی اور مائنس اور کمی کا اطلاق ہو سکتا ہے کیوں کہ غیر محدود ہے۔ اسی طرح حق تعالیٰ کی جملہ صفات غیر محدود ہیں مثلاً صفتِ رزّاقیت۔ جب بابا آدم علیہ السلام اور مائی حوا علیہا السلام دنیا میں آئے تو روئے زمین پر دو انسان تھے اور ان کے لیے چار روٹیوں کا اللہ تعالیٰ انتظام فرماتے تھے اور آج اربہا ارب آدمی ہیں اور سب کو رزق مل رہا ہے اور ہر زمانے میں رزق کی کوئی کمی نہیں ہوئی اس لیے فیملی پلاننگ والے بے وقوف ہیں جو رزق کی کمی کے ڈر سے آبادی کم کرنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں دو بچے سب سے اچھے۔ یہ سب احمق ہیں۔ جب سے دنیا قائم ہے اللہ تعالیٰ سب کو رزق دے رہے ہیں۔ فرماتے ہیں:

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ[۲۹۹]

تمہارا رزق آسمانوں میں ہے۔ تو چوں کہ اللہ تعالیٰ کی ہر صفت غیر محدود ہے اور ہماری ہر صفت محدود ہے، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے ہیں فَاغْفِرْلِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ اے اللہ! ہمارے گناہ اگرچہ کثیر ہیں لیکن محدود ہیں اور آپ کی ذات غیر محدود ہے۔ پس ہمارے گناہوں کی محدود اکثریت آپ کی غیر محدود ذات کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتی لہٰذا ہمارے ان گناہوں کو بخش دیجیے جو آپ کو نقصان پہنچانے کی قدرت نہیں رکھتے۔ وَهَبْ لِيْ مَا لَا يَنْقُصُكَ اور ہمیں اپنی وہ مغفرت بخش دیجیے جو غیر محدود ہے اور ہمارے محدود گناہوں کو بخشنے سے جس میں کوئی کمی نہیں آتی۔

لیکن شیطان گناہوں کو اللہ تعالیٰ کے خزانۂ مغفرت سے بڑا دکھا کر مایوس کرتا ہے کہ تم تو گناہوں کی آلودگیوں اور گندگیوں میں مبتلا ہو، تم اللہ کے قرب کی فالودگیوں کو کیسے پا سکتے ہو، تم اللہ کے راستے کے قابل ہی نہیں ہو حالاں کہ اللہ تعالیٰ کے غیر محدود راستہ و منازل و مسالک کے قابل کون ہو سکتا ہے؟ قابل تو وہی ہو سکتا ہے جو غیر محدود ہو اور اللہ کے سوا کوئی غیر محدود نہیں۔ انبیاء بھی محدود ہیں اور مخلوق ہیں، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

وَمَا عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ[۳۰۰]

اَيْ مَا عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ اے اللہ! ہم آپ کو پہچان نہ سکے، جیسا کہ آپ کو پہچاننے کا حق تھا اور آپ کی عبادت نہ کر سکے جیسا کہ آپ کی عبادت کا حق تھا، کیوں کہ آپ کا نبی بھی مخلوق ہے اس لیے محدود ہے

[۲۹۹] الذّٰریٰت: ۲۲

[۳۰۰] اخرجہ علی المتقی فی کنز العمال: ۱۰/۳۶۵ (۲۹۰۲۲)، فی کتاب العظمۃ من قسم الاقوال، مؤسسۃ الرسالۃ

اور محدود غیر محدود ذات کی معرفت وعبادت کا حق کیسے ادا کر سکتا ہے۔ پس اللہ کے راستے کے قابل کون ہو سکتا ہے؟ اللہ کا راستہ اللہ تعالیٰ کے کرم اور ان کے جذب سے طے ہوتا ہے۔

یہ کرم ہے اُن کا اختر جو پڑا ہے ان کے در پر
کوئی زخم ہے جگر پر غمِ شام ہے سحر پر
مری زندگی کا منظر ذرا دیکھنا سنبھل کر
مرا غم خوشی سے بہتر مرا خار گل سے خوشتر
مری شب قمر سے انور غمِ دل ہے دل کا رہبر
غمِ رہنما کا منظر
ذرا دیکھنا سنبھل کر

لہٰذا ہرگز مایوس نہ ہوں، یہ راستہ مایوسی کا نہیں ہے، امیدوں کے سینکڑوں آفتاب یہاں روشن ہیں۔ جس دن جذب عطا ہو گا آپ اپنے ارادوں کی پستیوں، ہمتوں کی بربادیوں اور گناہوں کی تباہ کاریوں کو بھول جائیں گے۔ پھر آپ کو خود تعجب ہو گا کہ یہ مجھے کیا ہو رہا ہے کہ دنیا بھر کی دلکشیاں اور رنگینیاں مجھے اپنی طرف نہیں کھینچ پا رہی ہیں۔ غیر محدود طاقت کا کھینچا ہوا سارے عالم کی محدود طاقت اور محدود جذب اور محدود دلکشیوں سے کیسے کھنچ سکتا ہے۔ جذب جاذب کے اختیار میں ہے مجذوب کے اختیار میں نہیں ہے، کھینچے ہوئے کے اختیار میں کھنچنا نہیں ہوتا لہٰذا یہ نہ کسی اور طرف کھنچ سکتا ہے اور نہ کسی اور کو اپنی طرف کھینچ سکتا ہے۔ اللہ کا کھینچا ہوا اللہ ہی کا ہو کر رہتا ہے۔ بس کوشش کرو، اللہ کا ہونے کے لیے جان کی بازی لگا دو اور رو رو کے اللہ کا جذب مانگو۔

کیسی ہی حالت ہو، اللہ تعالیٰ سے امید لگائے رہو۔ ناامیدی اسی لیے کفر ہے کہ اس شخص نے حق تعالیٰ کی غیر محدود ذات وصفات کو اپنی احمقانہ عقل کے دائرہ میں محدود سمجھ کر عظمت غیر محدود کی ناقدری کی اور حق تعالیٰ کے دائرۂ مغفرت کی غیر محدودیت کو اپنے محدود گناہوں کی اکثریت سے چیلنج کیا کہ میرے محدود گناہوں کی اکثریت کو معاف کرنے پر آپ کی مغفرت نَعُوْذُبِاللّٰہِ قاصر ہے، حالاں کہ ہر محدود اپنی اکثریت کے باوجود غیر محدود کے سامنے اقلیت میں ہوتا ہے اور دنیا کے بین الاقوامی اصولوں کے مطابق بھی کسی اقلیت کو حق نہیں کہ اکثریت کو چیلنج کرے، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ناامیدی کو کفر قرار دیا کہ یہ شخص اپنے

گناہوں کی محدود اکثریت سے اللہ تعالیٰ کی غیر محدود صفتِ مغفرت کو للکار رہا ہے اور غیر محدود مغفرت کو اپنے محدود گناہوں کے لیے ناکافی سمجھ رہا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ **لَا تَقْنَطُوْا** فرمارہے ہیں اور میرے شیخ شاہ عبدالغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ ناامیدی کو کفر قرار دینے میں بھی حق تعالیٰ کی انتہائی رحمت پوشیدہ ہے کہ ڈرا دھمکا کر اور دوزخ کا ڈنڈا دکھا کر اپنی رحمت کا امیدوار بنارہے ہیں جیسے بچہ اگر باپ سے ناامید ہو کر بھاگنے لگے تو باپ اس کو پکڑ کر کہتا ہے کہ نالائق! کہاں بھاگتا ہے میں تیرا باپ ہوں، مجھ سے کیوں ناامید ہوتا ہے۔ اگر ناامید ہوا تو میں ڈنڈے سے تیری پٹائی کروں گا۔ پس حق تعالیٰ فرمارہے ہیں کہ خبردار میری رحمت سے مایوس نہ ہونا ورنہ دوزخ میں ڈال دوں گا۔ بتاؤ کیا یہ رحمت نہیں ہے؟ اگر سزا دینے میں اللہ تعالیٰ کو دلچسپی ہوتی تو ناامیدی کو کفر قرار نہ دیتے بلکہ فرماتے کہ اچھا مرنے دو، مجھے کیا سب کو دوزخ میں ڈال دوں گا، لیکن ناامیدی کو کفر قرار دے کر اللہ تعالیٰ نے بندوں کو اپنی رحمتِ بے پایاں سے نوازا ہے۔

حدیث نمبر ۹۵

اِذَا مُدِحَ الْمُؤْمِنُ فِیْ وَجْھِہٖ رَبَا الْاِیْمَانُ فِیْ قَلْبِہٖ[۳۰۱]

ترجمہ: جب کسی مؤمنِ کامل کے منہ پر اس کی تعریف کی جاتی ہے تو اس کا ایمان اور بڑھ جاتا ہے۔

مولانا رومی کی مولانا حسام الدین سے محبت

جیسے مولانا حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے پیارے خلیفہ تھے، ساری مثنوی ان ہی کی لکھی ہوئی ہے، مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ پر اشعار وارِد ہوتے جاتے تھے اور مولانا حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے جاتے تھے۔ مولانا اپنے اس لائق مرید کے بارے میں فرمارہے ہیں؎

اے حسام الدیں ضیائے ذوالجلال
میل می جو شد مرا سوئے مقال

---

۳۰۱ هذا حديث أسامة بن زيد رضى الله عنه الذى رواه عنه خلاد بن السائب رحمه الله قال: دَخَلْتُ عَلَى أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فَمَدَحَنِي فِي وَجْهِي، فَقَالَ: إِنَّه حَمَلَنِي أَنْ أَمْدَحَكَ فِي وَجْهِكَ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يقُولُ: إِذَا مُدِحَ الْمُؤْمِنُ فِي وَجْهِه رَبَا الْإِيمَانُ فِي قَلْبِه. اخرجه الحاكم فى المستدرك: ۳/۶۹۰، برقم (۶۵۳۵)، دار الكتب العلمية

پیر اپنے مرید کی تعریف کر رہا ہے کہ اے حسام الدین! تم اللہ تعالیٰ کی روشنی ہو، مثنوی کے لیے مجھے جوش آرہا ہے، کاغذ قلم لاؤ اور مثنوی لکھو۔ تو پیر اپنے مرید کی تعریف کر رہا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ حدیثِ پاک میں تو منہ پر تعریف کرنے کی ممانعت آئی ہے، اس کو اچھی طرح سمجھ لو کہ ہر تعریف قابلِ ممانعت نہیں ہوتی، حدیث پاک ہے کہ **اِذَا مُدِحَ الْمُؤْمِنُ فِیْ وَجْهِهٖ رَبَا الْاِیْمَانُ فِیْ قَلْبِهٖ** جب مومنِ کامل کے منہ پر اس کی تعریف ہوتی ہے، تو اس کا ایمان اور بڑھ جاتا ہے کہ یہ ہماری نہیں اللہ تعالیٰ کی تعریف ہے، اگر کوئی مٹی کے برتن کی تعریف کر رہا ہے، تو حقیقت میں یہ اُس کی تعریف ہے جس نے اِسے بنایا ہے۔ تو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

مدحِ توحیف است در زندانیاں
گویم اندر مجمع روحانیاں

یہ زندانی لوگ، یہ تیرے پیر بھائی جو نفس کے قیدی ہیں، جن کی ابھی اِصلاح نہیں ہوئی، یہ حسد میں گرفتار ہیں، جب میں تیری تعریف کرتا ہوں تو یہ حسد سے جل کر خاک ہو جاتے ہیں، ان کے چہرے سیاہ ہو جاتے ہیں، یہ کہتے ہیں کہ پیر صاحب کو کیا ہو گیا کہ یہ حسام الدین کو بہت زیادہ مانتے ہیں، حسد کے بیمار تیرے پیر بھائیوں کو افسوس ہوتا ہے کہ میں تیری تعریف کیوں کرتا ہوں؟ اب میں روحانیوں کی مجلس تلاش کروں گا اور ان کے سامنے تیری تعریف کروں گا۔ ایران کے لوگ اللہ والے صوفیاء کو ''روحانی'' کہتے تھے، یہ سینکڑوں سال پرانی اِصطلاح ہے۔

حدیث نمبر ۹۶

اَلْاِثْمُ مَا حَاكَ فِیْ صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ یَّطَّلِعَ عَلَیْهِ النَّاسُ[۳۰۲]

ترجمہ: گناہ وہ ہے جس سے تمہارے دل میں کھٹک پیدا ہو جائے اور تم کو یہ بات ناگوار ہو کہ لوگ اس کو نہ جان لیں۔

۳۰۲؎ هذا مختصر من حديث النواس بن سمعان رضی الله عنه أنه قال سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْبِرِّ وَالإِثْمِ فَقَالَ ''الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالإِثْمُ مَا حَاكَ فِی صَدْرِكَ وَكَرِهتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيهِ النَّاسُ'' أخرجه مسلم فی صحيحه: ۳۱۴/۲، برقم (۶۶۸۰)، فی باب تَفْسِيرِ الْبِرِّ وَالإِثْمِ

ازروئے حدیثِ پاک گناہ کی دو علامات

اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے مَنْ عَمِلَ صَالِحًا کی شرط لگائی ہے کہ نیک عمل کرے گا اور صالح عمل کرے گا، اچھا عمل کیا ہے؟ جس سے ہم خوش ہوں اور بُرا عمل کیا ہے جس سے ہم ناراض ہوں، اس کے لیے آپ کو کنزالدقائق پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، یہی فارمولا اور تھرمامیٹر رکھ لو جب کوئی عمل کرو تو اپنے دل سے پوچھ لو کہ یہ عمل اچھا ہے یا بُرا؟ اور یہ آپ کا دل بتادے گا کیوں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے گناہ کی دو دلیل اور دو علامات ارشاد فرمادیں:

۱)... اَلْاِثْمُ مَا حَاكَ فِیْ صَدْرِكَ گناہ کی حقیقت یہ ہے کہ تمہارے دل میں کھٹک پیدا ہوجائے، دل میں تردد پیدا ہوجائے کہ میں کیا کررہا ہوں، کسی گناہ سے گناہ گار خود بھی مطمئن نہیں ہوتا، اسی لیے گناہ کرنے کے بعد وہ شرمندگی میں مبتلا ہوجاتا ہے، یہ شرمندہ ہونا دلیل ہے کہ ہم سے گناہ ہوگیا۔ کوئی آدمی نیک کام کرکے کبھی شرمندہ نہیں ہوتا، نماز پڑھ کے، تلاوت کرکے، کسی اللہ والے سے ملاقات کرکے، عمرہ کرکے یا حج کرکے، کسی کو شرمندگی ہوتی ہے؟ تو شرمندگی کا ہونا اور دل میں کھٹک ہونا ایک علامت ہوگئی۔

۲)... وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ اور دوسری علامت ہے کہ تم کو یہ بات ناگوار ہو کہ کوئی تمہارے گناہ کو نہ جان لے، اب ہر طرف دیکھ رہا ہے کہ کوئی دیکھ نہ لے کوئی جان جائے اور کسی کے دیکھنے سے اپنے گناہ کو کیوں چھپا رہا ہے؟ تاکہ وہ جان نہ جائے کہ صورت ہم چنیں اور ہم چناں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے گناہ کی دو علامات بتادیں، گناہ کا جو کام بھی کرے گا ان دو علامات سے اس کا خروج نہیں ہوگا، گناہ کے لیے یہ دو علامات لازمی ہیں، چاہے صورت بگاڑو چاہے سیرت۔

حدیث نمبر ۹۷

كَلِمَتَانِ حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ، خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ، سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ [۳۰۳]

---

۳۰۳ هذا حديث أبي هريرة رضى الله عنه أنه قَالَ : قَالَ النَّبِى صلى الله عليه وسلم كَلِمَتَانِ حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ خَفِيفَتَانِ عَلَى

ترجمہ: دو کلمے اللہ تعالیٰ کو نہایت محبوب ہیں، زبان پر ہلکے ہیں، ترازو میں بھاری ہیں۔ وہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ہیں۔

بخاری شریف کی آخری حدیث کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ کی انوکھی تشریح

اخلاقِ رذیلہ کی اصلاح، مخلوق میں محبوبیت یعنی ثنائے خلق اور مخلوق کی نگاہوں میں عظمت، یہ تین نعمتیں اس حدیث سے ثابت ہوں گی جو بخاری شریف کی آخری حدیث ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ دو کلمے اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہیں۔ اس میں ایک اِشکال پیدا ہوتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ جیسی عظیم الشان ذات کو محبوب ہیں تو وہ کلمے بہت بھاری ہوں گے، کوئی لمباچوڑا وظیفہ ہوگا۔ اس لیے آگے فرمایا کہ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ اللہ کو پیارے تو ہیں مگر یہ نہیں دیکھا کہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی کس صفت کی طرف نسبت کی ہے؟ صفتِ رحمٰن لائے ہیں یعنی شانِ رحمت کی وجہ سے یہ کلمے محبوب ہیں، شانِ رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ پرچہ آسان کردیں لہٰذا یہ کلمے بھاری نہیں زبان پر ہلکے ہیں کیوں کہ بوجہ حق تعالیٰ کی رحمت کے یہ کلمے اللہ کے یہاں محبوب ہیں اس لیے خَفِیْفَتَانِ ہیں یعنی ہلکے ہیں، کوئی مضمون ان میں مشکل نہیں۔ لیکن ایک اِشکال پھر پیدا ہوتا ہے کہ جب زبان پر ہلکے ہیں تو قیامت کے دن کہیں ترازو میں بھی ہلکے نہ ہوجائیں تو جواب دے دیا کہ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ ترازو میں بہت بھاری ہوں گے۔ دفعِ دخلِ مقدر ہر جملہ کے اندر موجود ہے کہ یہ کلمے کیوں محبوب ہیں؟ رحمٰن کا لفظ بتارہا ہے کہ بوجہ شانِ رحمت کے، اور زبان پر ہلکے کیوں ہیں؟ بتقاضائے شانِ رحمت کے کہ بندوں کو پڑھنے میں مشکل نہ ہو لیکن اِشکال ہوتا تھا کہ جب زبان پر ہلکے ہیں تو میزان میں بھی کہیں ہلکے نہ پڑ جائیں، تو ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ سے اسے دفع کردیا۔

اس کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ کا ترجمہ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ سُبْحَانَ اللّٰہِ کے معنیٰ کیا ہیں؟ اَیْ اُسَبِّحُ اللّٰہَ عَنِ النَّقَائِصِ کُلِّھَا میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں تمام نقائص سے، لیکن نقائص سے پاکی بیان کرنا یہ جامع نہیں ہے، صرف مانع ہے اور کلامِ نبوت جامع ومانع ہوتا ہے لہٰذا سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اگلے جملہ سے اس کو جامع فرما

اللِّسَانِ ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ سُبْحَانَ اللہ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللہ الْعَظِیْمِ. أخرجه البخاری فی صحیحه: ۲/۱۱۲۸-۱۱۲۹، برقم (۵۶۳)، فی بَابِ قَوْلِ اللہ تَعَالٰی: ''وَنَضَعُ الْمَوَازِینَ الْقِسْطَ''. وَأَنَّ أَعْمَالَ بَنِی اٰدَمَ وَقَوْلَھُمْ یوزَنُ

دیا وَ بِحَمۡدِہٖ اَیۡ مُشۡتَمِلًا بِالۡمَحَامِدِ کُلِّھَا میں اس طرح سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں کہ تمام خوبیوں کو بھی یہ شامل ہو۔ اگر کوئی بادشاہ کی تعریف اس طرح کرے کہ اس ملک کا بادشاہ کانا نہیں ہے، لنگڑا بھی نہیں ہے، لولا بھی نہیں ہے تو کیا یہ تعریف جامع ہے؟ نقائص سے تو بری کر دیا لیکن جب یہ کہو گے کہ دیانت و امانت کے ساتھ حکومت کرنا جانتا ہے، عادل بھی ہے، رحم دل بھی ہے تو یہ تعریف جامع ہو گی۔ پس اللہ تعالیٰ کی تعریف میں خالی سُبۡحَانَ اللّٰہِ کافی نہیں جب تک اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ بھی نہ کہے یعنی وہ تمام نقائص سے پاک ہے اور تمام تعریفیں اس کے لیے خاص ہیں سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ کا عربی میں کیا ترجمہ ہوا؟ اَیۡ اُسَبِّحُ اللّٰہَ عَنِ النَّقَائِصِ کُلِّھَا مُشۡتَمِلًا بِالۡمَحَامِدِ کُلِّھَا یہ ترجمہ علامہ ابن حجر عسقلانی نے کیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں تمام نقائص سے جو مشتمل ہے تمام محامد اور تعریفوں پر اور مولانا رومی سُبۡحَانَ اللّٰہِ کے بارے میں حکایۃً عن الحق فرماتے ہیں۔

من نہ گردم پاک از تسبیح شاں
پاک ہم ایشاں شوند و درفشاں

یعنی جب بندہ سُبۡحَانَ اللّٰہ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں تو پاک ہوں ہی، تمہارے سُبۡحَانَ اللّٰہ کہنے سے میں پاک نہیں ہوتا بلکہ روئے زمین پر جو سُبۡحَانَ اللّٰہ پڑھتے ہیں، میری پاکی بیان کرتے ہیں، میں اپنی پاکی بیان کرنے کے صدقے میں اور سُبۡحَانَ اللّٰہ کہنے کے طفیل و برکت سے ان کو ایک انعام دیتا ہوں کہ ان کو پاک کر دیتا ہوں۔

مذکورہ حدیث کے متعلق ایک منفرد علمِ عظیم

اس حدیث شریف کے پڑھنے والے کو تین نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملیں گی۔ تو سنیے سُبۡحَانَ اللّٰہِ کہنے سے کیا ملے گا؟ ان شاء اللہ اخلاق کی پاکیزگی عطا ہو گی اور بِحَمۡدِہٖ سے کیا ملے گا؟ جو اللہ تعالیٰ کی حمد و تعریف کرتا ہے اللہ تعالیٰ مخلوق میں اس کو محمود کرتے ہیں۔ جو حامد ہوتا ہے حق تعالیٰ اس کو دلوں میں محمود کر دیتا ہے یعنی مخلوق کی زبان پر اس کی تعریف اللہ تعالیٰ جاری کر دیتا ہے، لیکن بندہ کو اس طرف توجہ کرنے کی ضرورت نہیں کہ یہ غیر اللہ ہے۔ مخلوق میں محمود اور پیارا ہونے کے لیے اللہ کو نہ چاہو، اللہ کے لیے اللہ کو چاہو، آپ اس کی فکر ہی نہ کریں بس ان کے ہو جاؤ۔

نہیں ہوں کسی کا تو کیوں ہوں کسی کا

اُن ہی کا اُن ہی کا ہوا جارہا ہوں

اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ ثنائے خلق کی دولت آپ کو دے دیں، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے یہ دعا سکھادی کہ حَسَنَۃً ہم سے مانگو، تمہارے اختیار میں نہیں ہے کہ نیک بیوی تم کو مل جائے، تمہارے اختیار میں نہیں ہے کہ نیک اولاد تم کو مل جائے، تمہارے اختیار میں نہیں ہے کہ مخلوق تمہاری تعریف کرے، بلکہ جو اپنے منہ میاں مٹھو بنتا ہے اس کی اور تذلیل ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے حَسَنَۃً مانگو، اللہ جب دے گا تب اصلی چیز ملے گی اور غیب سے ملے گی اور بے خطر ہوگی۔ جب اللہ تعالیٰ نعمت دیتا ہے تو نعمت کی اور نعمت پانے والے کی حفاظت بھی اپنے ذمہ لے لیتا ہے اور جو اپنی تعریف خود کرتا ہے اور بلا مانگے بلا دعا جو کام کرتا ہے وہ کام اچھا نہیں ہوتا۔ تو بحمدہ سے کیا ملے گا؟ آپ محمود ہوجائیں گے۔ چوں کہ بِحَمْدِہٖ سے آپ حامد ہوئے اور جب حامد ہوئے تو اللہ تعالیٰ اس حمد کی برکت سے آپ کو محمود کردے گا یعنی ثنائے خلق کی نعمت سے اور حَسَنَۃً کی دولت سے مالا مال کردے گا۔

اور آگے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا کہ پڑھو سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ اس کا اصطلاحی ترجمہ سن لو اَیْ اُسَبِّحُ اللہَ عَنِ النَّقَائِصِ کُلِّھَا عَلٰی حَسْبِ شَانِ عَظْمَتِہٖ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں تمام نقائص سے اس کی شانِ عظمت کے شایانِ شان۔ تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جَزَآءً وِّفَاقًا [۳۰۴] اللہ تعالیٰ کی جزا موافقِ عمل ہے یعنی اللہ تعالیٰ عمل کے موافق جزا دیتا ہے۔ تو تم جب اللہ تعالیٰ کی عظمتِ شان بیان کرو گے، تو اللہ تعالیٰ اس کے صدقے میں تمہاری عظمتیں دوسرے بندوں کے دلوں میں ڈال دے گا مگر یہ نیت نہ کرو کہ ہم بندوں کے دلوں میں عظیم ہوجائیں، اسی لیے سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ دعا سکھائی:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا

اے اللہ! مجھے میری نظر میں صغیر فرما مگر بندوں کی نظر میں مجھے حقیر نہ فرما، بندوں کی نظر میں مجھے کبیر کر دے، کیوں کہ اگر دوسرے حقیر سمجھیں گے تو مجھ سے دین کیسے سیکھیں گے؟ معلوم ہوا کہ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا کی دعا مانگنا تو جائز ہے لیکن عظیم بننے کی نیت کرنا جائز نہیں ہے۔ کوئی عمل اس نیت سے نہ کرو کہ ہم مخلوق کی نظر میں کبیر ہوجائیں اور مخلوق ہماری خوب عزت کرے بلکہ ہمیں اللہ مخلوق کی نظر میں بڑا اس لیے دِکھائے تاکہ جب ہم ان کو دین کی بات پیش کریں تو بوجہ عظمت کے ہماری بات ان کو قبول کرنا

۳۰۴؎ النبا:۲۶

آسان ہو۔ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا کی دعا کا مقصد اپنی ذات کے لیے اور دنیوی عزت کے لیے بڑائی مانگنا نہیں ہے۔ اگر دنیوی عزت کی نیت ہے تو وہی عمل طلبِ جاہ اور ریا ہو جائے گا۔ نیت پر ہر عمل کا دار و مدار ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دنیوی عزت و جاہ کی نیت نہیں سکھائی، بلکہ یہ سکھایا کہ اے اللہ! آپ اپنے بندوں میں مجھے بڑا تو دکھایئے مگر ایک شرط سے کہ جب آپ مجھے لوگوں کی نظر میں بڑا دکھائیں تو میری نظر میں مجھے چھوٹا دکھایئے، پہلے آپ مجھے میری نظر میں مٹا دیجیے۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا مانگا تا کہ اللہ تعالیٰ مجھے میری نگاہوں میں حقیر رکھے تا کہ جب اللہ تعالیٰ مجھے فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا بنائیں اور جب لوگوں کی طرف سے مجھے عظمتیں ملیں تو اس کَبِیْرًا کا ضرر مجھے نہ پہنچے۔ یہاں فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا دافعِ ضرر ہے فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا کا تا کہ جب مخلوق کی نظر میں آپ مجھے بڑا دِکھائیں تو میں اپنی نظر میں پہلے ہی حقیر ہو چکا ہوں کیوں کہ جب اپنی نظر میں حقیر ہوں گا تو مخلوق کی تعریف میں آکر اپنے کو بڑا نہیں سمجھوں گا اور مردود ہونے سے بچ جاؤں گا کیوں کہ شیطان اپنے کو بڑا سمجھنے ہی سے مردود ہوا۔ پس اگر آپ نے کبیر بننے کی نیت کرلی تو صغیر بننے کی جو دعا ہے وہ رائیگاں ہوگئی۔ آپ تو اس کبیر بننے کے شوق میں خود ہی کبیر ہوگئے اسی لیے پہلا جملہ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا ہے۔ معلوم ہوا کہ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا وہی ہوں گے جو فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا ہوں گے، اپنی نگاہوں میں جب ہم حقیر ہوں گے تب اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے بندوں کی نگاہوں میں ہمیں کبیر کرے گا اگر کبیر بننے کی نیت کر لی کہ نماز اس لیے پڑھو، امامت اس لیے کرو کہ ہماری خوب تعریف ہو، مخلوق ہمارے ہاتھ پاؤں چومے، ہماری خوب عزت ہو تو یہ تو اپنے نفس کے لیے کبیر بنا پہلے ہی ہو گیا اسی لیے تواضع پر رفعت کا ثمرہ جو ہے اس کے بیچ میں لِلّٰہِ لگا ہوا ہے، مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ جو اللہ کے لیے تواضع اختیار کرے گا اس کے لیے ہے رَفَعَهُ اللّٰهُ کہ اللہ اس کو بلندی دے گا لیکن جو اس نیت سے تواضع کرے اور سب کی جوتیاں سیدھی کرے تا کہ اللہ تعالیٰ مجھے بلندی دے دے تو اس کو رَفَعَهُ اللّٰهُ نہیں ملے گا کیوں کہ یہ لِلّٰہِ نہیں رہا۔ یہ بیچ میں لِلّٰہِ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے داخل فرمایا کہ تواضع اللہ کے لیے ہو، ثمرہ پر نظر نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ تواضع کے صلہ میں ہمیں بلندی دے دے۔ بلندی کے لیے تواضع نہ کرو، اللہ کا حکم سمجھ کر کرو۔ رفعت کی نسبت اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف کی کہ اللہ تعالیٰ اس کو بلندی دے گا جو اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع کرے گا مگر جو رفعت کی نیت سے تواضع کرے گا تو اس کی تواضع قبول ہی نہیں ہوگی کیوں کہ یہ تواضع لِلّٰہِ نہیں ہے۔ لام تخصیص کے لیے ہے کہ تواضع اللہ کے لیے خاص کرو، اپنے نفس کو مٹاؤ پھر جو چاہے اللہ دے دے۔ مزدوری

کرو لیکن مزدوری کی اُجرت اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دو جو چاہے آپ دے دیں۔ ہم رفعت کی نیت نہیں کرتے۔ آپ کی رضا کی نیت کرتے ہیں۔ ثمرہ تو ملے گا مگر بعض ثمرات ایسے ہیں کہ نیّات سے وہ خراب ہو جاتے ہیں یعنی بری نیت سے۔ بعض ثمرات ایسے ہیں کہ اگر ان کی نیت کر لی جائے تو نیت لِلّٰہِ نہیں رہے گی۔ مَنْ تَوَاضَعَ کے بیچ میں لِلّٰہِ اس لیے داخل کیا تاکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کے سامنے دب جاؤ، اپنے کو اللہ کے سامنے مٹادو کہ ہم کچھ نہیں ہیں تو ساری نعمتیں حاصل ہو جائیں گی۔ سبحان اللہ سے تزکیۂ اخلاق نصیب ہو گا اور بِحَمْدِہٖ سے آپ کو ثنائے خلق یعنی حَسَنَۃً کی تفسیر مل جائے گی اور عظیم کی برکت سے اللہ تعالیٰ آپ کو عظیم فرمائیں گے مگر عظمت کی نیت نہ کرنا، اپنے کو مٹادو۔

میرے شیخ فرماتے تھے کہ حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کہ حضرت! تصوف کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ آپ جیسے عالم فاضل کو مجھ جیسا طالب علم کیا بتا سکتا ہے لیکن جو اپنے بڑوں سے سنا ہے اسی کی تکرار کرتا ہوں کہ تصوف نام ہے اپنے کو مٹا دینے کا۔ اس کو مولانا رومی نے فرمایا کہ دیکھو چاند کا نور ذاتی نہیں ہے، سورج کے نور سے مستنیر ہے یعنی قمر مستنیر اور شمس منیر ہے، چاند مستفید ہے اور سورج مفید ہے لیکن ایسا کب ہوتا ہے؟ جب زمین کا گولا بیچ سے ہٹ جائے تب چودہ تاریخ کا چاند روشن ہو گا۔ جتنا جتنا زمین کا گولا آتا ہے چاند اندھیرا ہوتا جاتا ہے ایسے ہی جس کے نفس کا گولا جتنا اللہ اور دل کے درمیان آتا ہے اتنا ہی نفسانیت اور اخلاقِ رذیلہ سے اس کا دل اندھیرا ہوتا چلا جاتا ہے۔ جس کے دل کے اور اللہ کے درمیان میں پورا نفس آگیا اس کا دل بالکل اندھیرا ہو گیا اور جس نے نفس کو پورا مٹا دیا اس کا دل بدرِ منیر کی طرح روشن ہو گیا۔ پھر اس کی تقریر میں بھی نورِ کامل ہو گا اور اس کی تحریر میں بھی نورِ کامل ہو گا اور اس کے لباس میں بھی نورِ کامل ہو گا اور جو شخص جتنا نفس نہیں مٹائے گا اس کے دل کا اتنا حصہ اندھیرا ہو گا مثلاً بارہ آنے مٹایا اور چار آنے نہیں مٹایا تو چار آنے اندھیرا رہے گا اس کی تقریر میں، تحریر میں، قلم میں اور زبان میں۔ بس میں نے اپنے بڑوں سے جو سنا تھا وہ آپ کو سنا دیا، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

اب دعا کرو کہ جتنے حافظ ہوئے ان کو اللہ تعالیٰ عالم بھی بنا دے اور جتنے عالم ہیں ان کو باعمل بنا دے اور اختر کو، میری اولاد و ذرّیات کو، میرے احبابِ حاضرین کو، احبابِ غائبین کو، میرے طلبائے کرام کو، میرے حفاظِ کرام کو، ہمارے علمائے کرام کو، ہمارے اساتذہ کرام کو اور حاضرین عوام میں کسی کو محروم نہ فرما، ہم سب کو دنیا و آخرت دونوں جہاں دے دے، ہم سب کو اپنا دردِ دل بخش دے، اپنی محبت دے دے۔ اے اللہ! اولیاء اللہ کی نسبت نصیب فرما دے۔ ہم سب کو اپنا مقبول اور اپنا محبوب بنا لے۔

حدیث نمبر ۹۸

كَانَ يُحَدِّثُنَا وَكُنَّا نُحَدِّثُهٗ وَإِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ كَاَنَّهٗ لَمْ يَعْرِفْنَا وَلَمْ نَعْرِفْهُ[۳۰۵]

ترجمہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم سے گفتگو کرتے تھے اور ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گفتگو کرتے تھے اور جس وقت اذان کی آواز سنائی دی تو گویا کہ آپ ہمیں پہچانتے نہیں اور نہ ہم آپ کو پہچانتے۔

كَانَ يُحَدِّثُنَا وَكُنَّا نُحَدِّثُهٗ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم سے گفتگو کرتے تھے اور ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرتے تھے اِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ كَاَنَّهٗ لَمْ يَعْرِفْنَا وَلَمْ نَعْرِفْهُ جہاں اذان کی آواز آئی تو جیسے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں پہچانتے بھی نہیں تھے۔ یہ ہے حلال نعمت کی سنّت کہ حلال نعمت سے بھی اتنا دل نہ لگاؤ کہ نعمت دینے والے کی عبادت میں خلل پیدا ہو جائے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بھی ایسا قوی ایمان عطا ہوا کہ فرماتی ہیں وَلَمْ نَعْرِفْهُ ہمیں بھی ایسا لگتا تھا کہ اللہ کی عظمت کے سامنے گویا ہم بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں پہچانتے تھے۔

(اس کے بعد حضرت والا زید مجد ھم نے فرمایا:) ''لہٰذا ایک مرتبہ تہجد میں کئی کئی پارے تلاوت کرنے کے بعد جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روحِ مبارک حق تعالیٰ کے قربِ عظیم سے مشرف تھی اس حالت میں حضرت عائشہ صدیقہ پہنچ گئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! فرمایا: مَنْ اَنْتِ؟ تم کون ہو؟ عرض کیا! اَنَا عَائِشَةُ میں عائشہ ہوں۔ فرمایا: مَنْ عَائِشَةُ عائشہ کون؟ عرض کیا: بِنْتُ اَبِیْ بَكْرٍ ابو بکر کی بیٹی، فرمایا: مَنْ اَبُوْ بَكْرٍ کون ابو بکر؟ عرض کیا: اِبْنُ اَبِیْ قُحَافَةَ میرے دادا ابو قحافہ کے بیٹے، فرمایا: مَنْ اَبُوْ قُحَافَةَ ابو قحافہ کون ہے؟ میں نہیں جانتا۔ حضرت عائشہ صدیقہ خوفزدہ ہو کر واپس ہو گئیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس مقامِ عروج سے جب آپ کی روحِ مبارک کو اُمت کی خدمت کے لیے نزول بخشا تا کہ

---

۳۰۵ ذکرہ الغزالی فی الإحیاء فی کتاب أسرار الصلاۃ ومهماتها وقال أبو الفضل العراقی فی المغنی عن حمل الأسفار: ۱/۱۵۰: ۳۹۹، حدیث عائشة کان رسول الله كَانَ يُحَدِّثُنَا وَكُنَّا نُحَدِّثُهٗ وَإِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ كَاَنَّهٗ لَمْ يَعْرِفْنَا وَلَمْ نَعْرِفْهُ الأزدی فی الضعفاء من حدیث سوید بن غفلة مرسلًا کان النبی إذا سمع الأذان کأنه لا یعرف أحدًا من الناس، وذکرہ التاج السبکی فی کتابه أحادیث الإحیاء التی لا أصل لها: ۱/۵

زمین والوں کو پیغامِ نبوت پہنچایا جائے تو حضرت عائشہ صدیقہ نے سب واقعہ سنایا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اے عائشہ! لِیۡ مَعَ اللہِ وَقۡتٌ[۳۰۶] میرے اور میرے اللہ کے درمیان کچھ خاص اوقات ہوتے ہیں جہاں کوئی فرشتہ بھی پر نہیں مار سکتا۔ میں اس وقت اللہ کے قرب کے اس مقام پر تھا جہاں جبرئیل علیہ السلام بھی نہیں جاسکتے۔"

اس مقامِ قرب کو اللہ کے ایک ولی نے اس طرح تعبیر کیا ہے ؎

نمودِ جلوۂ بے رنگ سے ہوش اس قدر گم ہیں
کہ پہچانی ہوئی صورت بھی پہچانی نہیں جاتی

یہ حدیث بالکل صحیح ہے۔ محدثِ عظیم ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اس کی توثیق کی ہے۔

(احقر راقم الحروف عرض کرتا ہے کہ حضرت مرشدی عارف باللہ مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم فداہ ابی و امی نے اس واقعہ کو معارفِ مثنوی کے آخر میں اپنی فارسی مثنوی میں نظم فرمایا ہے جس کا ایک ایک شعر الہامی ہے، قارئین کی نشاطِ طبع کے لیے ان میں سے صرف چار شعر مع ترجمہ پیش کرتا ہوں ؎

مصطفیٰ فرمود بشنو عائشہ
روح ما ز افلاک باشد فائقہ

سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے عائشہ! سنو! اس وقت میری روح ہفت افلاک سے آگے غایتِ قربِ خداوندی سے مشرف تھی۔

آں تجلی آں زماں حق می نمود
اندریں تن شمۂ ہوشے نبود

---

۳۰۶ قال الملا علی القاری فی الأسرار المرفوعة:۲۹۱/۱ برقم (۳۹۲)، المکتب الإسلامی حدیث لی مع اللہ وقت لا یسع فیہ ملك مقرب ولا نبی مرسل یذکرہ الصوفیة کثیرا وھو رسالة فی القشیری لکن بلفظ لی وقت لا یسعنی فیہ غیر ربی قلت: ویؤخذ منہ أنہ أراد بالملك المقرب جبریل وبالنبی المرسل نفسہ الجلیل وفیہ إیماء إلی مقام الإستغراق باللقاء المعبر عنہ بالسکر والمحو والفناء، وقال فی المصنوع: ۱۵۱، مکتبة المطبوعات الإسلامیة- برقم (۲۵۹)، حدیث ''لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملك مقرب ولا نبی مرسل'' من کلام بعض الصوفیة ولیس بحدیث

نوٹ: مذکورہ حدیث بسیار تلاش کے بعد بھی نہ مل سکی، لیکن اس حدیث کو حضرت مولانا عبد الغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ بکثرت بیان فرمایا کرتے تھے، جو جامع المعقول والمنقول تھے اور جن کو حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے دارالعلوم دیوبند کی صدارت کی پیشکش کی، چناں چہ قارئین کے استفادہ کے لیے اس حدیث کو نقل کیا جارہا ہے۔ اگر کسی کو اس کا حوالہ ملے تو ادارے کو مطلع فرماکر عند اللہ ماجور ہوں۔

اس وقت میری روح ایسی قوی تجلی کا مشاہدہ کر رہی تھی کہ میرے عناصرِ بدن ہوش و حواس کو قابو میں نہ رکھ سکے۔

دید جانم آں تجلی آں زماں
جبرئیلے را تحمل نیست زاں

میری روح وہ تجلیاتِ خداوندی دیکھ رہی تھی کہ جس کا تحمل جبرئیل علیہ السلام بھی نہیں کر سکتے۔

جانِ ما چو لذّتِ حق را چشید
عقلِ مادر عائشہ شد نا رسید

میری روح اس وقت تجلیاتِ قرب کی ایسی لذت چکھ رہی تھی کہ میرے عقل و ہوش عائشہ کو پہچاننے سے قاصر ہو گئے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقاماتِ قرب کا کیا کہنا ہے کہ آپ تو سید الانبیاء ہیں، اس اُمت کے غلاموں میں یہ شان ہے کہ میرے مرشد شاہ عبد الغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کئی کئی گھنٹے عبادت کرتے تھے۔ ایک بار میرے پیر بھائی ماسٹر عین الحق صاحب حضرت! والا کی خدمت میں ایک ضروری کاغذ پر دستخط کرانے کے لیے حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حضرت اس کاغذ پر دستخط کر دیجیے۔ حضرت رات کے تین بجے کے اُٹھے ہوئے، تہجد کی بارہ رکعات اور سجدہ میں دیر تک رونا پھر بارہ تسبیحات پھر فجر کی نماز کے بعد تلاوت، مناجاتِ مقبول، قصیدہ بردہ شریف اور اللہ کے نام میں مست۔ میرے شیخ کی عبادت عاشقانہ عبادت تھی، زاہدانہ عبادت نہیں تھی۔ آہ و فغاں کے ساتھ عبادت کرتے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے کئی وقت کا بھوکا کباب بریانی کھا رہا ہے اور ہر دس بیس آیت کے بعد اللہ کا نعرہ اس زور سے مارتے تھے کہ مسجد ہل جاتی تھی۔ حضرت نے آنکھ بند کر کے بہت سوچا کہ میرا کیا نام ہے۔ جب یاد نہیں آیا تو ان ہی سے پوچھا کہ میرا کیا نام ہے؟ پوربی زبان کا یہ شعر حضرت کی اس حالت کا ترجمان تھا۔

پس من مور لبد گئے توں ہیں
سمرن نام بسر گئے موں ہیں

اے خدا! میرا دل آپ سے ایسا چپک گیا کہ اے میرے محبوب! مجھے اپنا نام بھی یاد نہیں آ رہا ہے۔ اپنا ہی نام پوچھنے پر ماسٹر عین الحق صاحب کو ہنسی آگئی۔ حضرت نے ڈانٹ کر فرمایا کہ بتاتے کیوں نہیں ہو؟ تب انہوں

نے کہا کہ حضرت! آپ کا نام عبد الغنی ہے۔ حضرت نے دستخط کیے اور یہ ڈر کے مارے وہاں سے بھاگ گئے۔

اللہ تعالیٰ کا احسان و کرم ہے کہ اختر کو سترہ سال تک ایسے شیخ کی صحبت و خدمت عطا فرمائی، جس کو بارہ مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور ایک مرتبہ ایسی زیارت نصیب ہوئی کہ مجھ سے فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک آنکھوں کے لال لال ڈورے بھی خواب میں دیکھے اور خواب ہی میں پوچھا کہ اے اللہ کے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)! کیا عبد الغنی نے آپ کو خوب دیکھ لیا؟ ارشاد ہوا کہ ہاں، عبد الغنی! تم نے اپنے اللہ کے رسول کو آج خوب دیکھ لیا۔ حضرت کو دیکھنے ہی سے لگتا تھا کہ یہ شخص اپنے وقت کا شمس الدین تبریزی ہے۔

یاد ایّامے کہ درمے خانہ منزل داشتم
جامِ مے در دست و جاناں در مقابل داشتم

وہ دن یاد آتے ہیں کہ شیخ کے اس مے خانۂ محبت میں اختر بھی مقیم تھا۔ اللہ کی شرابِ محبت کا پیالہ ہاتھ میں اور میرا شیخ میرے سامنے ہوتا تھا۔

دیدۂ اشک بار یدہ

لذّتِ قربِ ندامت گریۂ زاری میں ہے
قرب کیا جانے جو دیدہ اشک باریدہ نہیں

جس کو استغفار کی توفیق حاصل ہوگئی
پھر نہیں جائز یہ کہنا کہ وہ بخشیدہ نہیں

اخترؔ

آشیاں سے نہ محروم کر باغباں

آشیاں سے نہ محروم کر باغباں
تجھ پہ رحمت کرے خالقِ دو جہاں

بجلیوں سے بچاتا ہے ربِّ جہاں
ایک تدبیر کمزور ہے آشیاں

چشمِ تر خوں فشاں آہ سوئے سماں
ہیں مرے دردِ دل کے یہ سب ترجماں

کیا یہ شمس و قمر یہ زمیں آسماں
اپنے خالق کا دیتے نہیں ہیں نشاں

کیا جہاں میں نمودار خود ہو گئے؟
ہر وجود اپنے موجد کا خود ہے نشاں

ہستی انساں کی خالق پہ شاہد ہے خود
تیرے اندر ہے وہ خالقِ دو جہاں

ہو کے مخلوق خالق کا منکر بنے
اس حماقت پہ ہے لعنتِ دو جہاں

یہ صدا سن لو اختر کی اے دوستو
خالقِ جاں پہ کر دو فدا اپنی جاں

عالمِ شباب

وہ عالمِ شباب کہ طوفاں کہیں جسے
سیلاب کی زد میں تھی مرے عشق کی بستی
محفوظ جوانی تھی مری شیخ کے صدقے
گو حُسن کی دولت تھی مرے سامنے سستی
آنکھوں میں وہ نشّہ تھا کہ توبہ مری توبہ
اور حُسن کے گلشن میں جوانی تھی مہکتی
ہر خونِ تمنّا سے مِلا دردِ دل مجھے
ایمان کے پھولوں کی تھی رنگت بھی نکھرتی
زینت سے بے نیاز تھی وہ میری جوانی
صُورت تھی مری زُلفِ پریشاں سے سنورتی
آئی نظر جو چشمِ بصیرت مری کھُلتی
دُنیائے حُسن تھی مری آنکھوں میں سسکتی
اختر نے جب اُلٹ دیا خواہش کا سیلِ آب
منزل مری جانب کو چلی آئی مچلتی

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا شمار اپنے زمانے کے صفِ اوّل کے اولیاء اللہ میں ہوتا تھا۔ حضرت اقدس نے اپنے اکابر کے طریق پر رہتے ہوئے تصوف کو قرآن پاک اور احادیث مبارکہ کے تابع رکھا۔ آپ کے تمام ارشادات قرآن وحدیث کے روشن دلائل سے منوّر ہیں۔ دنیا بھر کے علماء کرام کو آپ نے اپنے طرزِ بیان سے متحیر ومبہوت کر رکھا تھا۔ اسی لیے بڑے بڑے علماء کرام کی عرصے سے یہ خواہش تھی کہ آپ نے اپنے بیانات وملفوظات میں جہاں جہاں قرآن پاک اور احادیث مبارکہ کے علوم ومعارف بیان فرمائے ہیں اگر انہیں ایک جگہ جمع کردیا جائے تو یہ امت کے لیے ایسا نادر ونایاب اور نفع بخش کام ہوگا جس کا نفع ہر خاص وعام کو حاصل ہوگا کیوں کہ یہ الہامی مضامین کتابوں میں نہیں ملتے۔

زیرِ نظر کتاب ''خزائن الحدیث'' عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ان ہی الہامی مضامین پر مشتمل ہے جو آپ نے قرآن پاک کے علوم کی شرح کرتے ہوئے امت کی اصلاح، تزکیہ اور اخلاقِ حسنہ کے لیے زندگی بھر بیان فرمائے۔ حضرت اقدس کے ان بیانات، ملفوظات اور مواعظ حسنہ نے دنیا بھر کے قلوبِ انسانی میں محبتِ الٰہیہ کی وہ آگ لگائی جو نہ صرف بھٹکے ہوئے لاکھوں انسانوں کو راہِ ہدایت پر لے آئی بلکہ انہیں دوسروں کے لیے بھی مشعلِ راہ ہدایت بنادیا۔

www.khanqah.org